هٰذَا بَلٰغٌ لِّلنَّاسِ

اللہ کا پیغام انسانوں کے نام

رِیَاضُ القُرآن

مع فضائل قرآن کریم

7 Line سطری

نہایت ہی سادہ اور آسان زبان میں قرآن مجید کی ترجمانی

اس قرآن میں ہر سورت سے پہلے الگ الگ قسم کے

رسم الخط میں بسم اللہ الرحمن الرحیم جمع کیے گئے ہیں

ان شاء اللہ یہ ترجمانی اللہ سے بہت ہی قریب کردے گی۔

قرآن پاک سے بڑا سچا اور مخلص استاذ اس دنیا میں اور کوئی نہیں ہوسکتا۔

اللہ کی رضا کا طالب

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِينَ

محمد یونس

ابن حضرت مولانا

محمد عمر صاحب

پالنپوریؒ

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

نَحْمَدُہٗ وَنُصَلِّی عَلٰی رَسُوْلِہِ الْکَرِیْمِ، اَمَّا بَعْدُ!

جس طرح ہم اپنی ضرورت کی کوئی چیز جب خریدتے ہیں تو اس چیز کو درست طور پر استعمال کرنے کے اصول پر مرتب کوئی نہ کوئی مختصر یا مفصل کتابچہ ضرور دیا جاتا ہے، تاکہ اس چیز سے استفادہ کرنے میں سہولت ہو اور کسی قسم کی پریشانی کا سامنا نہ کرنا پڑے۔

اس کائنات میں اربوں کھربوں کی تعداد میں پھیلی مخلوقات میں سے سب سے زیادہ اہمیت والی مخلوق انسان ہے جسے اشرف المخلوقات کہا جاتا ہے، اور اس کے اہم ہونے کی وجہ سے اس کو اپنی زندگی گزارنے کے لیے بھی اہم مقصد دیا گیا کہ تمہاری تخلیق کا مقصد رب کریم کی عبادت کے سوا کچھ نہیں:

"وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ"

(ذاریات: ۵۶) اور اس مقصد کو حاصل کیسے کرنا ہے یہ سکھانے کے لیے ایک ایسی کتاب دی گئی جو انسان کے ہر قدم پر اس کی رہنمائی کرتی ہے، ایک ایسی کتاب جس کا ہر حرف اپنے

اندر ایک نور اور جس کا ہر لفظ اپنے اندر ایک معنیٰ لیے ہوئے ہے، اس کی تلاوت عبادت افضل ترین عبادت، اس کو پڑھنے پڑھانے والا دنیا کا بہترین انسان، ایک ایسی کتاب کہ جو اسے یاد کرلے وہ نہ صرف خود جنت کا حق دار ہو جائے بلکہ دوسروں کی شفاعت کا رتبہ حاصل کرلے، ایسی کتاب کہ روز قیامت اس کے یاد کرنے والے سے کہا جائے کہ پڑھتا جا اور جنت کے درجات چڑھتا جا! وہ بابرکت و باعظمت کلام کوئی اور نہیں بلکہ یہی قرآن پاک ہے۔

اس قرآن کی کیا تعریف کی جائے کہ یہ قرآن اللہ کا کلام ہے، دو جہاں کے خالق و مخلوق کے مالک کا شاہی فرمان ہے، سارے فرشتوں کے سردار حضرت جبرئیل علیہ السلام جنہیں اللہ تعالیٰ نے امین کے لقب سے نوازا ہے، اُن کے واسطے سے دنیا میں آیا ہے اور تمام نبیوں کے سردار حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم جنہیں ان کے دشمنوں اور مخالفوں نے بھی ''صادق'' اور ''امین'' مانا ہے، اُن کے ذریعے ہم نے اور سارے عالم نے پایا ہے۔

اللہ تعالیٰ نے ''اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَاِنَّا لَهٗ

لَحٰفِظُوْنَ ''(الحجر: ۹) کا اعلان فرما کر خود اس قرآن کی حفاظت کرنے کا وعدہ فرمایا ہے۔

اس قرآن میں کس کے لیے رہبری نہیں ہے؟ ہر ایک کے لیے ہے، نبی اور رسول کے لیے بھی، صحابہ وصحابیات کے لیے بھی، بادشاہوں اور حاکموں کے لیے بھی، رعایا اور محکوموں کے لیے بھی، عالموں کے لیے بھی اور عوام کے لیے بھی، مال داروں کے لیے بھی اور غریبوں کے لیے بھی، مَردوں کے لیے بھی اور عورتوں کے لیے بھی، جوانوں کے لیے بھی اور بوڑھوں کے لیے بھی، شہریوں کے لیے بھی اور دیہاتیوں کے لیے بھی، جو نعمتوں میں کھیل رہے ہیں اُن کے لیے بھی اور جو مصیبتوں کو جھیل رہے ہیں اُن کے لیے بھی، یہاں تک کہ بچوں کے لیے بھی اور جن و انس کے لیے بھی۔

خطاب کہیں رسولوں سے ہے، کہیں مؤمنین سے، کہیں عام انسانوں سے، کہیں یہود سے، کہیں کفار سے، کہیں دیگر اہلِ کتاب سے، کہیں اُن سے جو گناہوں میں ڈوبے ہوئے ہیں، کہیں اُن سے جو امیدیں تک کھو چکے ہیں۔

کیسے پیارے اللہ ہیں! سب کا بھلا چاہنے والے، سب کو اپنی آغوشِ رحمت میں لینے کو تیار، پھر بھی کوئی کان نہ دھرے تو کس کا قصور ہے؟ خود ہی قصوروار ہے اور خود ہی محروم ہے۔

اپنے اِس کلام کے ذریعے اللہ تعالیٰ اپنے بندوں سے باتیں کرتے ہیں، اُن کی مصیبتوں میں اُن کی ڈھارس بندھاتے ہیں، اُن کی حیرانیوں میں اُن کی رہبری فرماتے ہیں، اُن کو اپنی سیدھی راہ سُجھاتے ہیں، اُن کو نفع دینے والی باتوں کا پتہ بتاتے ہیں، اُن کے نقصان کی چیزوں سے اُنہیں ہوشیار کرتے ہیں، کہیں غیب کی باتوں سے پردہ اُٹھاتے ہیں، کہیں کائنات میں پھیلی اپنی نشانیاں دِکھلاتے ہیں، کبھی نافرمانوں کے انجام سے آگاہ کرتے ہیں، کبھی فرماں برداروں کے احوال سناتے ہیں، اُخروی زندگی کی کامیابی کے راز بتاتے ہیں، دنیوی زندگی کی کامیابی کے گُر سکھاتے ہیں۔

سُننے والا بندہ ہے سُنانے والے اللہ ہیں، خالق ہیں، مالک ہیں، رازق ہیں، رب ہیں، علیم ہیں، خبیر ہیں، سب کچھ جاننے والے ہیں، ہر چیز کی خبر رکھنے والے ہیں، کچھ ہے جو اُن کے علم

سے باہر ہو؟ کچھ ہے جو اُن کے بس میں نہ ہو؟ سب اُن کے علم میں ہے، سب کچھ اُن کی گرفت میں ہے، ایسے علیم وخبیر رب، ایسے قوی وقدیر اللہ، اپنے ضعیف وناتواں بندے سے مخاطب ہیں، اللہ اکبر! کبریائی کی شان ہے، اللہ مہربان ہے، سنا رہا ہے، سنوار رہا ہے، رمضان کی تراویح میں، روزانہ کی نمازوں میں، تفسیر کے درسوں میں، مدرسوں کی کلاسوں میں، تعلیم کے حلقوں میں، ہر ایک کی خود کی تلاوت میں۔

دھیان ہو، استحضار ہو تو کیا کیفیت بنے، کیسی خوشی حاصل ہو، کیسی اندھیریاں چھٹیں، کتنا نور حاصل ہو، کیسا سرور نصیب ہو، میرا عظمت والا پاک اللہ مجھ جیسے حقیر اور گندے بندے سے مخاطب ہے۔

یہ بات نہ معلوم کہاں سے مشہور ہوگئی کہ قرآن کا ترجمہ نہ پڑھنا ورنہ گمراہ ہو جاؤ گے؛ حالانکہ ترجمہ پڑھ کر تو کوئی گمراہ نہیں ہوتا، خود اپنی عقل سے بات کا مطلب نکالنے سے ہوسکتا ہے؛ اس لیے جو بات سمجھ میں نہ آئے اپنی مسجد کے امام یا کسی مستند عالم سے پوچھ کر سمجھی جائے یا کوئی معتبر تفسیر دیکھ لیں۔

عربی کے بعد دینی علوم کا سب سے زیادہ ذخیرہ اردو میں ہے؛ اس لیے اردو سے اچھی واقفیت اس زمانے میں بہت ضروری ہے، حضرت مولانا اسعد اللہ صاحبؒ (جو حضرت تھانویؒ کے خلیفہ اور مدرسہ مظاہر علوم سہارنپور کے ناظم تھے) نے ایک موقع پر فرمایا: ''اردو کا سیکھنا بھی عبادت ہے سکھانا بھی عبادت ہے، پڑھنا بھی عبادت ہے لکھنا بھی عبادت ہے؛ کیونکہ ہمارا دینی سرمایہ اردو میں ہی زیادہ ہے''، لہٰذا اردو کی تعلیم اس زمانے کے بڑی ضرورت ہے، قرآن شریف کے ترجمے بہت ہوئے ہیں اور بڑے بڑے علماء نے کیے ہیں؛ لیکن موجودہ ووقت میں اردو کی واقفیت اتنی کم ہوگئی ہے کہ عوام الناس اُن ترجموں سے خاطر خواہ فائدہ نہیں اٹھا پا رہے ہیں، اس بات کو سامنے رکھ کر بندے نے ایک کوشش کی ہے، جو نیا ترجمہ نہیں ہے بلکہ متقدمین ومتاخرین کے مختلف تراجم کو سامنے رکھ کر قرآن پاک کی آسان ترجمانی ہے۔

اس ترجمانی کے ذریعہ موجودہ زمانے کے عوام بھی اور اسکولوں اور کالجوں کے پڑھے ہوئے وہ لوگ بھی جو عربی وفارسی

سے واقفیت نہیں رکھتے آسانی کے ساتھ سمجھ سکیں کہ اپنے کلام کے ذریعے ہمارا رب ہم سے کیا کہتا ہے، کیسے ہم اُس کی رضا و خوشنودی حاصل کر سکتے ہیں، اور کیوں کر ہم دنیا و آخرت میں کامیاب ہو سکتے ہیں۔

اللہ کو اپنا کلام محبوب ہے، بلا سمجھے بھی پڑھا جائے تو موجبِ تقرب ہے، پھر سمجھ کر پڑھا جائے گا تو کتنا قرب دلائے گا، یہ مالک کا کلام ہے، "مَلِكُ الْكَلَام" ہے۔

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ اس قرآن کو اپنے اوپر لازم سمجھو؛ کیونکہ یہ اللہ کا دسترخوان ہے، اللہ تعالیٰ کے اس دسترخوان سے ہر ایک کو ضرور لینا چاہیے، اور علم تو سیکھنے سے ہی حاصل ہوتا ہے۔ (حیاۃ الصحابہ: ۲۵۹/۳)

لیکن اس قرآن سے زیادہ سے زیادہ فائدہ اسی وقت اٹھایا جا سکتا ہے جب کہ قرآن کے حقوق کو ملحوظ رکھا جائے، بہت سارے مفسرین نے اپنی تفاسیر کے مقدمات میں قرآن کے حقوق اور تلاوت قرآن کے آداب بہت تفصیل سے بیان کیے ہیں، بندہ ان سب کو نقل کرنے کے بجائے چند نہایت اہم امور

کی جانب توجہ دلانا ضروری سمجھتا ہے:

☆ بغیر وضوء کے مصحف کو ہاتھ نہ لگائیں۔

☆ قرآن پاک سے فائدے کا حاصل ہونا اس کی عظمت سے جڑا ہوا ہے، جتنی زیادہ عظمت ہوگی اتنا زیادہ فائدہ حاصل ہوگا، باطنی عظمت یہ ہے کہ دل میں بہت زیادہ احترام ہو اور عزت ہو، جب کہ ظاہری عظمت یہ ہے کہ اسے اونچی جگہ رکھا جائے، اس کی طرف پیٹھ نہ کی جائے، اس سے زیادہ اونچی جگہ خود نہ بیٹھا جائے، جس طرح خود کے لیے نئے کپڑے لائے جاتے ہیں اسی طرح قرآن پاک کے لیے بھی جزدان بنانے کا اہتمام ہو، الغرض ہر ممکن کوشش کی جائے کہ قرآن پاک کی عظمت میں کوئی کمی نہ آنے پائے۔

☆ تلاوت کے دوران عام طور پر لوگ انگلی پر تھوک لگا کر ورق پلٹتے ہیں، یہ نہایت ہی بے ادبی کی بات اور قرآن کی شان میں بہت بڑی گستاخی ہے، اس سے پرہیز کرنا چاہیے۔

☆ قرآن پاک کو صاف ستھرا رکھنے کا اہتمام کریں ؛ کیونکہ گھروں میں رکھے قرآن پر جمی ہوئی دھول دل پر جمی ہوئی سیاہی کو ظاہر کرتی ہے۔

☆ قرآن کو سمجھ کر اس پر عمل کرنے کی کوشش کریں، اور یہ یاد رکھیں کہ دوسروں کی زندگی کو جہنم بنا کر سجدوں میں جنت مانگا نہیں کرتے۔

اگرچہ ابتداء ہی سے پورے قرآن مجید کی ترجمانی کا ارادہ تھا؛ لیکن چونکہ آخر کے دو پاروں کی سورتیں نمازوں میں زیادہ پڑھی جاتی ہیں، اُن میں اکثر شروع زمانے میں نازل ہوئی ہیں، ایمانیات اور دعوت سے بھری ہوئی ہیں، نیز چونکہ یہ سورتیں چھوٹی ہونے کی وجہ سے ان کا ترجمہ یاد رکھنا آسان بھی ہوتا ہے اور نماز میں ان کے معانی کے دھیان سے جی لگنے کی امید بھی زیادہ ہوتی ہے، اس لیے شروعات میں ان دو پاروں کا ترجمہ کیا گیا جو بحمد اللہ شائع ہو چکے ہیں، اس کی ایک وجہ یہ بھی تھی کہ مجھے یاد ہے کہ ایک مرتبہ حضرت مولانا سعید احمد خاں صاحب مکیؒ نے بندے کے والد صاحبؒ سے فرمایا تھا کہ مولوی صاحب!

قرآن پاک کے آخری کے دو پارے جو سمجھ کر پڑھ لے، اس کے لیے پورے قرآن کا سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔

اس ترجمانی کو عوام کے لیے بہت زیادہ آسان اور سہل بنانے کے لیے حتی الامکان بہت آسان الفاظ استعمال کرنے کی کوشش کی گئی ہے، اس مقصد کے لیے اسے مسجد میں آس پاس بیٹھنے والے عوام الناس کو سنایا اور سنوایا، پھر اسے گھر کی خواتین کو جو کم تعلیم یافتہ اور گھریلو عورتیں ہوتی ہیں انہیں بھی سنایا، جو بات ان میں سے کسی کی سمجھ میں نہ آئی اسے مزید سہل کر دیا، اب حشر کے میدان میں یہ مت کہنا کہ ہم کو کسی نے قرآن کا ترجمہ آسان کر کے نہیں دیا تھا۔

اس بات میں کوئی شبہ نہیں کہ اس ترجمانی میں جو کچھ خوبی ہے وہ اُن علماء و مفسرین کا فیض ہے جنہوں نے اپنے اپنے دور میں مشقتیں اٹھا کر ترجمہ اور تفسیر پر بڑی محنتیں فرمائی ہیں؛ البتہ چند امور ایسے ہیں جن پر اس ترجمانی میں خاص طور پر توجہ دی گئی ہے، وہ یہ ہیں کہ ہر سورت کے شروع میں اس سورت کی مکمل تفصیل نقل کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے، یعنی اس سورت میں

کتنی آیات ورکوع اور الفاظ وحروف ہیں، نازل ہونے کی جگہ کون سی ہے، ترتیب تلاوت وترتیب نزول کے اعتبار سے کون سے نمبر پر ہے، اس سلسلہ میں الفاظ وحروف کے لیے فہیم الدین صاحب کے ترجمے ''القرآن المبین'' سے اور ترتیب تلاوت و ترتیب نزول کے لیے حسنین مخلوف کی'' صفوۃ البیان'' سے استفادہ کیا گیا ہے۔

مزید یہ کہ قرآن شریف کے متن کے لیے نہایت صاف ستھرا متن استعمال کیا گیا، ترجمہ بھی صاف اور کھلے کھلے الفاظ میں لکھوایا گیا تا کہ پڑھنا آسان ہو، امید ہے کہ عوام و خواص سب ہی اِسے مفید پائیں گے، اور دین کی محنت کرنے والوں کو بھی ایسا مستند ترجمہ حاصل ہوجائے گا جس کی مدد سے اُن کے وعظ وبیان کو عام سے عام آدمی بھی سمجھ سکے گا۔

برصغیر میں عام طور پر تلاوت کے لیے قرآن کے جو نسخے استعمال کیے جاتے ہیں وہ تیرہ سطری ہوتے ہیں چنانچہ تقریباً تمام اردو تراجم بھی تیرہ سطری مصحف کو مدنظر رکھتے ہوئے تیار کیے جاتے ہیں، لیکن حفاظ کرام جوعموماً قرآن پاک کا پندرہ

سطری نسخہ استعمال کرتے ہیں ان کے لیے سہولت اسی میں ہوتی ہے کہ ترجمۂ قرآن پندرہ سطری مصحف کے ساتھ طبع ہو؛ تاکہ تلاوت کے ساتھ ساتھ قرآن مجید کی آیات کا ترجمہ بھی سمجھنے کا موقع مل سکے۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے ترجمے کو حافظی "۱۵ سطری" قرآن کے ساتھ طبع کرنے کا کام قریب الختم ہے اور آخری مراحل میں ہے۔

جس وقت ترجمے کو حافظی قرآن میں لانے کا کام جاری تھا اسی وقت دل میں یہ داعیہ پیدا ہوا کہ بڑی عمر والے اور کمزور نگاہ والے حضرات بھی قرآن کریم کی اس ترجمانی سے فائدہ اُٹھائیں ، لہٰذا ان حضرات کے استفادے کی آسانی کی غرض سے قرآن کریم کے متن اور ترجمے کے الفاظ کو بڑا کرنا ضروری تھا، چنانچہ قرآن کریم کی سائز کو بڑا کرنے کی بجائے ایک صفحے پر سطر کو کم کیا گیا، اس طرح ایک صفحے پر ۷ رسطر رکھ کر قرآن کریم اور ترجمے کے حروف کو بڑا کیا گیا، اب بڑے الفاظ میں قرآن اور ترجمہ پڑھنے کے خواہش مند حضرات کے لیے یہ ۷ رسطری قرآن کریم ترجمے کے ساتھ انڈرائیڈ فون کے لیے

تیار ہے۔

اس ۷ رسطری قرآن میں ایک نئی چیز یہ ہے کہ ہر صفحہ پر نیچے کی جانب قرآن و حدیث کے مضامین کی روشنی میں تیار کردہ نیکیوں پر ابھارنے والے، آخرت کی جانب مائل کرنے والے اور اللہ کے پیغام کو دلوں میں اتارنے والے چھوٹے چھوٹے جملے لکھے گئے ہیں، پورے صفحہ کا ترجمہ اور مضمون یاد رکھنا مشکل ہوسکتا ہے لیکن ایک سطر کو یاد رکھنا اور اس پر عمل کرنا آسان ہے؛ اس لیے آپ جب بھی اس قرآن سے تلاوت کریں تو عمل کی نیت سے ان جملوں کو ضرور پڑھیں۔ نصیحتیں چھپے ہوئے قرآن میں موجود ہیں، موبائل میں نہیں ہیں۔

الحمدللہ اس ترجمہ کو بھی طباعت سے پہلے خود میں نے اور میرے بچوں نے متعدد بار اچھی طرح دیکھا، اجتماعی طور پر اس کی پروف ریڈنگ کی اور پوری کوشش کی گئی کہ کوئی غلطی باقی نہ رہے۔ پھر بھی انسان سے غلطی کا امکان رہتا ہی ہے اس لیے اگر کوئی غلطی نظر آئے تو براہ کرم اطلاع فرمائیں؛ تاکہ اگلی طباعت کے موقع پر اسے درست کرلیا جائے۔

بندہ نے اس ترجمانی کا کام میدانِ عرفات میں عرفہ کے دن سورج غروب ہونے سے پون گھنٹہ قبل ۹/ذوالحجہ ۱۴۳۳ھ بروز بدھ بمطابق ۲۴/اکتوبر ۲۰۱۲ء شروع کیا تھا، اور ۲۰۱۶ء میں اس کی تبییض سے فارغ ہوا، درمیان میں دعوت وتبلیغ کی مناسبت سے ہند و بیرون ہند کے اور خاص طور سے حرمین شریفین کے اسفار ہوتے رہے اور جہاں جانا ہوا تھوڑا بہت کام وہاں بھی کیا گیا، دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ قبول فرمائے اور جن کاموں کے کرنے سے وہ خوش ہوتا ہو ان کے کرنے کی توفیق دے، اور جن کاموں کے کرنے سے وہ ناراض ہوتا ہو ان سے بچنے کی توفیق دے، آمین یارب العالمین۔

ایک اہم وضاحت: علم نبوی اس امت کی مشترکہ میراث ہے؛ لہٰذا امت مسلمہ کے ہر فرد کو بغیر کسی کمی زیادتی کے اس ترجمانی کے طبع کرنے کی اجازت ہے، یہاں تک کہ بندے کی قیامت تک آنے والی اولاد میں سے بھی کوئی اس پر حق نہیں رکھتا ہے کہ وہ اس کے حقوق طبع کا مطالبہ کرے۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِہٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتِ ،

اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آج بتاریخ

۲۱ / جمادی الثانی ۱۴۳۹ھ مطابق ۱۰ / مارچ ۲۰۱۸ء

بمقام مدینہ منورہ، مسجد نبوی علی صاحبہا الف الف صلاۃ وتحیۃ

میں روضۂ اطہر کے قریب

۷ رسطری قرآنِ کریم

مسمّٰی ب ’’ریاض القرآن مع فضائل قرآن کریم‘‘

کے آخری صفحات پر نظر ڈالی گئی۔

اللہ تعالیٰ اپنے فضل وکرم سے قبول فرمائے

اور تمام معاونین اور ہم سب کے لیے ذخیرۂ آخرت بنائے۔

آمین یارب العالمین ....

اللہ کی رضا کا طالب

محمد یونس ابن حضرت مولانا محمد عمر صاحب پالن پوریؒ

۱۰ / مارچ ۲۰۱۸ء

(۱) فضائل قرآن

۱) تم میں سب سے بہتر وہ شخص ہے جو قرآن شریف کو سیکھے اور سکھائے۔[بخاری]

۲) اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جس شخص کو قرآن شریف کی مشغولی کی وجہ سے ذکر کرنے اور دعائیں مانگنے کی فرصت نہیں ملتی ، میں اُس کو سب دعائیں مانگنے والوں سے زیادہ عطا فرماتا ہوں۔[ترمذی]

۳) اللہ تعالیٰ شانہٗ کے کلام کو سب کلاموں پر ایسی فضیلت حاصل ہے جیسے خود اللہ تعالیٰ شانہٗ کو تمام مخلوق پر۔[ترمذی]

۴) قرآن کا ماہر (جس کو قرآن اچھی طرح یاد ہو اور وہ اُس کو خوب پڑھتا ہو) ان فرشتوں کے ساتھ ہوگا جو (قرآن کو) لکھنے والے ہیں اور نیکوکار ہیں۔[مسلم]

۵) جو شخص قرآن شریف کو اٹکتا ہوا پڑھتا ہے اور اُس میں دقّت اٹھاتا ہے اُس کے لیے دوگنا اجر ہے۔[مسلم]

٦) جو مسلمان قرآن پڑھتا ہے، اُس کی مثال سنترہ کی سی ہے کہ اُس کی خوشبو بھی عمدہ ہوتی ہے اور مزہ بھی لذیذ ہوتا ہے۔ [مسلم]

۷) اللہ تعالیٰ اس کتاب یعنی قرآن شریف کی وجہ سے کتنے ہی لوگوں کو (دنیا و آخرت میں) بلند کرتا ہے اور کتنے ہی لوگوں کو پست اور ذلیل کرتا ہے۔ [مسلم]

۸) (قیامت کے دن) حافظ قرآن سے کہا جائے گا کہ قرآن شریف پڑھتا جا اور جنت کے درجوں پر چڑھتا جا اور ٹھہر ٹھہر کر پڑھ جیسا کہ تو دنیا میں ٹھہر ٹھہر کر پڑھتا تھا۔ [ابوداؤد]

۹) جو شخص قرآن کا ایک حرف پڑھے اس کے لیے اس حرف کے بدلے ایک نیکی ہے اور ایک نیکی کا اجر ۱۰ نیکی کے برابر ملتا ہے۔ [ترمذی]

۱۰) جو شخص قرآن پڑھے اور اُس پر عمل کرے اُس کے والدین کو قیامت کے دن ایک تاج پہنایا جائے گا، جس کی روشنی دنیا کے آفتاب کی روشنی سے بھی زیادہ ہوگی۔ [ابوداؤد]

۱۱) جس شخص نے قرآن پڑھا اور پھر اُس کو یاد کیا اور اُس کے حلال کو حلال جانا اور حرام کو حرام، تو اللہ تعالیٰ اسے جنت میں داخل فرمادیں گے۔ [ترمذی]

۱۲) جس شخص نے قرآن پڑھا اور پھر اس کو یاد کیا اور اس کے حلال کو حلال جانا اور حرام کو حرام، تو اللہ تعالیٰ اس کے گھرانے میں ایسے ۱۰ر آدمیوں کے بارے میں اُس کی شفاعت قبول فرمائیں گے جن کے لیے جہنم واجب ہو چکی ہوگی۔ [ترمذی]

۱۳) حضور صلی اللہ علیہ وسلم کا ارشاد ہے کہ قرآن شریف کو سیکھو پھر اُس کو پڑھو۔ [ترمذی]

۱۴) جو شخص قرآن شریف سیکھ کر پڑھتا ہے اور تہجد میں بھی اُس کو پڑھتا رہتا ہے، اُس کی مثال مشک سے بھری تھیلی کی سی ہے کہ اُس کی خوشبو تمام مکان میں پھیلتی رہتی ہے۔ [ترمذی]

۱۵) جس شخص نے قرآن سیکھا پھر اس سے بے خبر ہو گیا، اس کی مثال اس مشک کی تھیلی کی سی ہے جس کا منہ بند کر دیا گیا ہو۔ [ترمذی]

۱۶) جس شخص کے دل میں قرآن شریف کا کوئی حصہ بھی محفوظ نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے۔[ترمذی]

۱۷) جیسے مکان کی رونق و آبادی رہنے والے سے ہوتی ہے، ایسے ہی انسان کے دل کی رونق و آبادی قرآن کریم کو یاد رکھنے سے ہے۔[ترمذی]

۱۸) قرآن پاک کی تلاوت کرنا دلوں کے زنگ کو دور کرتا ہے۔[شعب الایمان]

۱۹) وہ گھر جس میں قرآن پاک کی تلاوت کی جاتی ہو وہ گھر آسمان والوں (فرشتوں) کے لیے ایسا چمکتا ہے جیسا کہ دنیا میں بسنے والوں کے لیے ستارے چمکتے ہیں۔[شعب الایمان]

۲۰) تلاوت قرآن کا اہتمام کیا کرو کہ یہ دنیا میں تمہارے لیے نور اور آخرت میں ذخیرہ ہے۔[معجم کبیر]

۲۱) جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہو کر تلاوت قرآن پاک اور اس کا دور کرتے ہیں، ان پر سکینہ نازل ہوتی ہے۔[مسلم]

۲۲) جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہو کر

تلاوت قرآن پاک اور اس کا دور کرتے ہیں، رحمت الٰہی ان کو ڈھانپ لیتی ہے۔[مسلم]

۲۳) جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہو کر تلاوت قرآن پاک اور اس کا دور کرتے ہیں، ملائکۂ رحمت ان کو گھیر لیتے ہیں۔[مسلم]

۲۴) جو لوگ اللہ کے گھروں میں سے کسی ایک گھر میں جمع ہو کر تلاوت قرآن پاک اور اس کا دور کرتے ہیں، حق تعالیٰ شانہٗ ملائکہ کی مجلس میں اُن کا ذکر فرماتے ہیں۔[مسلم]

۲۵) تم لوگ کلام پاک (جو خود حق سبحانہ سے نکلا ہے) کے ذریعے اللہ کا وہ قرب حاصل کر سکتے ہو جو کسی اور چیز سے حاصل نہیں کر سکتے۔[حاکم]

۲۶) قرآن والے اللہ تعالیٰ کے اہل تعلق ہیں اور خاص لوگوں میں سے ہیں۔[ابن ماجہ]

۲۷) اللہ تعالیٰ قاری کی آواز کی طرف اُس شخص سے زیادہ کان لگاتے ہیں جو اپنی باندی کا گانا سن رہا ہو۔[ابن ماجہ]

۲۸) جو شخص ایک آیت کلام اللہ کی سنے اس کے لیے دوگنا نیکی

لکھی جاتی ہے اور جو تلاوت کرے اس کے لیے قیامت کے دن نور ہوگا۔[احمد]

۲۹) کلام اللہ کو بلند آواز سے پڑھنے والا کھلم کھلا صدقہ کرنے والے کے مشابہ ہے اور آہستہ پڑھنے والا چھپ کر صدقہ کرنے والے کے مانند ہے۔[ترمذی]

۳۰) قرآن پاک ایسا شفیع ہے جس کی شفاعت قبول کی گئی اور ایسا جھگڑالو ہے جس کا جھگڑا تسلیم کرلیا گیا۔[حاکم]

۳۱) جو شخص قرآن پاک کو اپنے آگے رکھے (اس کی پیروی کرے) اس کو یہ جنت کی طرف کھینچتا ہے اور جو اس کو پس پشت ڈال دے (اس کی پیروی نہ کرے) اس کو جہنم میں گرادیتا ہے۔[حاکم]

۳۲) قرآن شریف بندے کے لیے شفاعت کرتا ہے، کہتا ہے کہ اے اللہ! میں نے اِسے رات میں سونے سے روکا، میری شفاعت قبول کیجیے، پس اُس کی شفاعت قبول کی جاتی ہے۔[حاکم]

۳۳) حافظ قرآن کے لیے مناسب نہیں کہ غصہ کرنے والوں

کے ساتھ غصہ سے پیش آئے یا جاہلوں کے ساتھ جہالت کرے کہ وہ اپنے اندر اللہ کا کلام لیے ہوئے ہے۔[حاکم]

۳۴) جس نے کلام اللہ شریف پڑھا اس نے علوم نبوت کو اپنی پسلیوں کے درمیان (دل) میں لے لیا۔[حاکم]

۳۵) جس نے اللہ کے واسطے قرآن پڑھا، اسے قیامت کا خوف دامن گیر نہ ہوگا اور نہ اسے حساب کتاب دینا ہوگا اور مخلوق جب تک حساب سے فارغ ہو وہ مشک کے ٹیلوں پر تفریح کریں گے۔[المعجم الاوسط]

۳۶) حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا کہ اے ابوذر! اگر تم صبح کو جا کر ایک آیت کلام اللہ شریف کی سیکھ لو تو نوافل کی ۱۰۰ ر رکعت سے افضل ہے۔[ابن ماجہ]

۳۷) جو شخص ۱۰ ر آیتوں کی تلاوت کسی رات میں کرے، تو اس رات اس کا شمار غافلین میں نہیں ہوگا۔[حاکم]

۳۸) جو شخص ۱۰۰ ر آیات کی تلاوت کسی رات میں کرے، وہ اس رات میں قانتین (فرماں برداروں) میں لکھا جائے

گا۔[حاکم]

۳۹) بلاشبہ قرآن اللہ تعالیٰ کی طرف سے (نازل کردہ) دسترخوان ہے، لہٰذا جتنا تم سے ہوسکتا ہے اتنا زیادہ اس سے فائدہ اُٹھاؤ۔[حاکم]

۴۰) اللہ کی کتاب (قرآن مجید) سب سے بہتر کلام ہے۔ [مسلم]

۴۱) اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: ہم نے قرآن پاک کو یاد کرنے اور سمجھنے کے لیے آسان کردیا، ہے کوئی یاد کرنے والا اور سوچنے سمجھنے والا۔[سورۂ قمر]

۴۲) اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ قرآن میں لوگوں کے ہر اختلاف کا حل موجود ہے۔[سورۂ بقرہ]

۴۳) قرآن مجید کو اپنی آواز سے (تجوید کی رعایت کے ساتھ) مزین کرو۔[ابوداؤد]

۴۴) جس قوم نے قرآن پر عمل کیا اور اس کے مطابق زندگی گزاری اسے ہمیشہ سربلندی عطا ہوتی ہے۔[دارمی]

۴۵) جس قوم نے قرآن پر عمل نہ کیا اور اسے ترک کردیا وہ

ذلت وخواری میں ڈھکیل دی جاتی ہے۔[دارمی]

۴۶)جو شخص اللہ کی کتاب کو پڑھے گا اور اس پر عمل کرے گا وہ قیامت کے قریب ہر فتنے سے محفوظ رہے گا۔[دارمی]

۴۷)اللہ کی کتاب میں تم سے پہلوں کی خبریں ہیں اور تمہارے بعد والوں کی بھی (تاکہ تم عبرت حاصل کرسکو۔)[دارمی]

۴۸)اس میں تمہارے درمیان پیدا ہونے والے اختلافات کا حل ہے کہ اس پر عمل پیرا رہنے سے اختلافات نہیں ہوں گے۔[دارمی]

۴۹) یہ اللہ کی کتاب حق اور باطل کے درمیان فیصلہ کرنے والی کتاب ہے۔[دارمی]

۵۰) جس نے یہ خیال کیا کہ اس کو کتاب اللہ کی ضرورت نہیں یا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اسے سب کچھ آتا ہے تو وہ دنیا و آخرت دونوں میں تباہ وبرباد ہوگا۔[دارمی]

۵۱) قرآن، اللہ کی رسی ہے (اسے تھام کر رکھنے والا اللہ سے جڑا رہے گا، کیوں کہ اِس رسی کا دوسرا اِسرا اللہ کے ہاتھ میں ہے۔)[دارمی]

۵۲) جو شخص قرآن کو دیکھ کر پڑھنے کا عادی ہوتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کو اس کی آنکھوں سے فائدہ اٹھانے کا موقع دیتا ہے، جب تک دنیا میں رہے۔ [فضائل القرآن للرازی]

۵۳) جس شخص نے قرآن کریم پڑھا، پھر اسے غفلت کی وجہ سے بھلا دیا، تو وہ قیامت کے دن اللہ تعالیٰ سے اس حال میں ملاقات کرے گا، کہ اُس کا ہاتھ یا کوئی عضو کٹا ہوا ہوگا۔ [ابوداؤد]

۵۴) جو شخص قرآن کی ایک آیت سننے کے لیے بھی کان لگا دے، اُس کے لیے ایسی نیکی لکھی جاتی ہے جو بڑھتی چلی جاتی ہے۔ [احمد]

۵۵) جو شخص کسی آیت کو پڑھے، وہ آیت اس شخص کے لیے قیامت کے دن ایک نور ہوگی۔ [احمد]

۵۶) قرآن کریم کی تلاوت کیا کرو، اس لیے کہ قیامت کے دن یہ اپنے ساتھی (تلاوت کرنے والے) کی شفاعت کرے گا۔ [احمد]

۵۷) میری امت کے لیے فخر کی چیز قرآن مجید ہے۔ [حلیۃ الاولیاء]

۵۸) اپنے گھروں کو (ان میں اللہ کا ذکر، کلام اللہ کی تلاوت اور عبادت نہ کرکے) قبرستان نہ بناؤ۔ [مسلم]

۵۹) جو مسلمان بھی بستر پر جا کر قرآن کریم کی کوئی سی بھی سورت پڑھ لیتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کے لیے ایک فرشتہ مقرر فرما دیتے ہیں، پھر جب بھی وہ بیدار ہو اس کے بیدار ہونے تک کوئی تکلیف دہ چیز اس کے قریب بھی نہیں آتی۔[ترمذی]

۶۰) جو شخص کسی رات دس آیات کی تلاوت کرے اس کے لیے ایک قنطار (بارہ ہزار دراہم یا دنانیر کے وزن کے برابر ثواب) لکھا جاتا ہے۔[طبرانی]

۶۱) جس شخص کے دل میں قرآن کریم کا کوئی حصہ نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے۔[ترمذی]

۶۲) جیسے مکان کی رونق و آبادی رہنے والے سے ہے، ایسے ہی انسان کے دل کی رونق و آبادی قرآن کریم کو یاد رکھنے سے ہے۔[ترمذی]

۶۳) قرآن شریف والے، وہ اللہ والے اور اس کے خاص لوگ ہیں۔[احمد]

۶۴) تم اپنے لیے شفا کی دو چیزوں؛ شہد اور قرآن کو لازم پکڑ لو۔[ابن ماجہ]

(۲) سورتوں کے فضائل

۱) سورۂ فاتحہ رتبے کے اعتبار سے قرآن کی سب سے بڑی سورت ہے۔ [بخاری]

۲) سورۂ فاتحہ میں ہر بیماری سے شفا ہے۔ [دارمی]

۳) جس گھر میں سورۂ بقرہ پڑھی جاتی ہے، شیطان اس گھر سے یقیناً بھاگ جاتا ہے۔ [مسلم]

۴) سورۂ بقرہ کو پڑھا کرو، اس کو حاصل کرنا اور پڑھنا برکت کا سبب ہے۔ [مسلم]

۵) سورۂ بقرہ کو پڑھا کرو، اس کو چھوڑ بیٹھنا خسارہ اور حسرت کا باعث ہے، اور ناکارہ لوگوں کو اس کو پڑھنے کی قدرت نہیں ہوتی۔ [مسلم]

۶) جو شخص سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں کسی رات میں پڑھ لے، تو یہ دونوں آیتیں اس کے لیے کافی ہو جائیں گی (ہر برائی سے محفوظ رہے گا، تہجد کے قائم مقام ہو جائی گی)۔ [بخاری]

۷) سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں جس مکان میں تین رات

تک پڑھی جاتی رہیں، شیطان اس کے نزدیک بھی نہیں آتا۔[احمد]

۸) دو چمکتی ہوئی اور روشن سورتیں؛ سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھا کرو، اس لیے کہ یہ دونوں سورتیں اس طرح آئیں گی گویا وہ دو بادل ہیں۔[مسلم]

۹) سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران، اپنے پڑھنے والوں کو بخشوانے کے لیے اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کرتی ہوں گی۔[مسلم]

۱۰) آیۃ الکرسی اللہ کی کتاب کی ثواب کے لحاظ سے سب سے بڑی آیت ہے۔[مسلم]

۱۱) جس مال پر اس آیت الکرسی کو پڑھ کر دم کرو گے یا لکھ کر (مال میں) رکھ دو گے، تو شیطان اس مال کے قریب بھی نہ آئے گا۔ [ابن حبان]

۱۲) اولاد پر اس آیت الکرسی کو پڑھ کر دم کرو گے یا بچہ کے گلے میں ڈال دو گے، تو شیطان اولاد کے قریب بھی نہ آئے گا۔[ابن حبان]

۱۳) جو شخص سونے کے لیے بستر پر آئے اور آیت الکرسی پڑھ لے تو اللہ کی طرف سے ایک حفاظت کرنے والا متعین ہوتا ہے اور شیطان اس کے قریب بھی نہیں جاتا۔[بخاری]

۱۴) دو چمکتی ہوئی اور روشن سورتیں؛ سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران پڑھا کرو، اس لیے کہ یہ دونوں سورتیں اس طرح آئیں گی گویا وہ دو بادل ہیں۔[مسلم]

۱۵) سورۂ بقرہ اور سورۂ آل عمران، اپنے پڑھنے والوں کو بخشوانے کے لیے اللہ تعالیٰ سے جھگڑا کرتی ہوں گی۔[مسلم]

۱۶) جو شخص جمعہ کی رات میں سورۂ کہف پڑھ لیتا ہے، اس کے لیے اس کی جگہ اور خانۂ کعبہ کے درمیان ایک نور روشنی بخشار رہتا ہے۔[حاکم]

۱۷) جو شخص جمعہ کے دن سورۂ کہف پڑھ لیتا ہے، اس کے لیے اس جمعہ سے آنے والے جمعہ کے درمیان (پورے ہفتے) ایک نور روشنی بخشار رہتا ہے۔[دارمی]

۱۸) جس شخص نے سورۂ کہف کی پہلی دس آیتیں حفظ کر لیں (اور پابندی سے پڑھتا رہا) وہ دجال کے فتنے سے بچا دیا

جائے گا۔[مسلم]

۱۹) جس شخص نے سورۂ کہف کی آخری دس آیتیں حفظ کرلیں (اور پابندی سے پڑھتا رہا) وہ دجال کے فتنے سے بچادیا جائے گا۔[مسلم]

۲۰) جو شخص دجال کو پالے (یعنی اس کے سامنے ظاہر ہو جائے) اس کو چاہیے کہ وہ سورۂ کہف کی ابتدائی دس آیتیں اس کے منہ پر پڑھ دے۔[ابوداؤد]

۲۱) رسول اللہ ﷺ اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک الٓمٓ سجدہ اور تَبَارَکَ الَّذِیْ بِیَدِہِ الْمُلْک نہ پڑھ لیتے۔[ترمذی]

۲۲) جو شخص کسی بھی رات سورۂ حٰمٓ الدخان پڑھتا ہے، تو صبح تک ستّر ہزار فرشتے اس کے لیے استغفار کرتے ہیں۔[ترمذی]

۲۳) یقیناً ہر چیز کا دل ہوتا ہے، قرآن کریم کا دل سورۂ یٰسٓ ہے، اور جو شخص سورۂ یٰسٓ پڑھے گا اللہ سبحانہ وتعالیٰ اس کے پڑھنے پر دس مرتبہ قرآن کریم پڑھنے کا ثواب لکھ دیں گے۔[ترمذی]

۲۴) سورۂ یٰس قرآن کریم کا دل ہے، جو شخص بھی اس کو محض اللہ کی خوشنودی اور آخرت میں ثواب پانے کے لیے پڑھا کرے، اس کی ضرور مغفرت کر دی جائے گی اور اس کو مرنے والوں پر (نزع کے وقت) پڑھا کرو۔[نسائی، ابن ماجہ، ابن حبان]

۲۵) جس نے اللہ کی رضا کے لیے رات میں سورۂ یٰس پڑھی، اس کی مغفرت کر دی جاتی ہے۔[ابن حبان]

۲۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص شروع دن میں آیۃ الکرسی اور سورۂ مؤمن کی پہلی تین آیتیں: حٰمٓ سے اِلَیۡہِ الۡمَصِیۡرُ تک پڑھ لے تو شام تک اور شام کو پڑھ لے تو صبح تک ہر برائی اور تکلیف سے محفوظ رہے گا۔[ترمذی]

۲۷) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: آج رات مجھ پر ایسی سورت نازل ہوئی ہے جو مجھے ان تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے جن پر سورج طلوع ہوتا ہے (تمام دنیا سے)، پھر آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اِنَّا فَتَحۡنَا لَکَ فَتۡحًا مُّبِیۡنًا تلاوت فرمائی۔[بخاری]

۲۸) جس شخص نے ہر رات سورۂ واقعہ پڑھی اس پر فقر نہیں آئے گا۔[شعب الایمان]

۲۹) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کی قسم! سورۂ انعام کو پہنچانے کے لیے اتنے فرشتے آئے ہیں کہ ان کے ہجوم سے آسمان کے کنارے ڈھک گئے۔[حصن حصین]

۳۰) رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرا جی چاہتا ہے کہ سورۂ ملک ہر مؤمن کے دل میں ہو۔ (یعنی ہر مسلمان اس کو ضرور یاد کرلے اور پابندی سے پڑھا کرے)۔[حاکم]

۳۱) تَبَارَكَ الَّذِیْ کی تیس آیتیں انھیں پڑھنے والے آدمی کی مسلسل سفارش کرتی رہتی ہیں یہاں تک کہ اس کی مغفرت کردی جاتی ہے۔[نسائی]

۳۲) رسول اللہ ﷺ اس وقت تک نہیں سوتے تھے جب تک الٓمّٓ سجدہ اور تَبَارَكَ الَّذِیْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ نہ پڑھ لیتے۔[ترمذی]

۳۳) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ یہ سورت قبر کے عذاب کو روکنے والی ہے، تورات میں اس کا نام

سورۂ ملک ہے، جس شخص نے اس کو کسی رات میں پڑھا اس نے بہت زیادہ ثواب کمایا۔[حاکم]

۳۴)سورۂ ملک اللہ تعالیٰ کے عذاب سے روکنے والی ہے اور قبر کے عذاب سے نجات دلانے والی ہے۔[ترمذی]

۳۵) رسول اللہ ﷺ ظہر اور عصر کی نماز میں وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ اور وَ السَّمَآءِ وَ الطَّارِقِ اوران جیسی سورتیں پڑھا کرتے تھے۔[ابوداوٗد]

۳۶)رسول اللہ ﷺ عشاء کی نماز میں سورۂ شمس اور اس جیسی سورتیں پڑھا کرتے تھے۔[ترمذی]

۳۷)رسول اللہ ﷺ جمعہ کی نماز میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى اور هَلْ اَتٰكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ پڑھا کرتے تھے۔[ابوداوٗد]

۳۸)رسول اللہ ﷺ وتر کی پہلی رکعت میں سَبِّحِ اسْمَ رَبِّكَ الْاَعْلٰى اور دوسری رکعت میں قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ اور تیسری رکعت میں قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَد پڑھتے تھے۔[نسائی]

۳۹) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم جمعہ کے دن فجر کی نماز میں سورۂ سجدہ اور سورۂ دھر پڑھا کرتے تھے۔ [بخاری]

۴۰) سورۂ زلزال قرآن کریم کے نصف حصے کے برابر ہے۔ [ترمذی]

۴۱) اَلْهٰكُمُ التَّكَاثُرُ کا ثواب ایک ہزار آیتوں کے برابر ہے۔ [مستدرک]

۴۲) قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پڑھنے کے بعد بغیر کسی سے بات کیے ہوئے سوجایا کرو، کیوں کہ اس سورت میں شرک سے براءت ہے۔ [ابوداؤد]

۴۳) جو شخص رات میں سوتے وقت سورۂ قُلْ يٰاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ پوری پڑھے تو وہ شرک سے بری ہوگا۔ [ترمذی]

۴۴) سورۂ کافرون قرآن کے چوتھائی حصے کے برابر ہے۔ [ترمذی]

۴۵) اِذَا جَآءَ نَصْرُ اللّٰهِ قرآن پاک کا چوتھائی ہے۔ [شعب الایمان]

۴۶) قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ قرآن پاک کے تہائی حصے کے

برابر ہے۔[ترمذی]

۴۷)رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: صبح وشام ''سورۂ اخلاص اور معوذتین (سورۂ فلق اور سورۂ ناس)'' تین مرتبہ پڑھ لیا کرو، تم ہر چیز کے شر سے محفوظ ہو جاؤ گے۔[ترمذی]

(۳) رَبَّنَا اور دیگر آیتیں اور دعائیں

۱) یہ اللہ تعالیٰ کی سکھائی ہوئی خاص دعا ہے، اللہ تعالیٰ سے ہدایت طلب کرنے کے لیے اِن الفاظ میں دعا کرنی چاہیے۔[سورۂ فاتحہ:۵]

۲) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، جہالت سے بچنے کے لیے اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ بقرہ:۶۷]

۳) برکت اور امن کے لیے حضرت ابراہیم علیہ السلام کی یہ دعا ہے۔[سورۂ بقرہ:۱۲۶]

۴) حضرت ابراہیم اور اسماعیل علیہما السلام نے بیت اللہ کی تعمیر کے وقت یہ دعا مانگی ہے، لہٰذا نیک اعمال کے بعد قبولیت کے لیے اِس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ بقرہ:۱۲۷]

۵) یہ بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے؛ اللہ تعالیٰ کی وفاداری اور فرمانبرداری کا حق ادا کرنے کی توفیق اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے مانگنی چاہیے، اس دعا کو بھی پڑھتے رہنا چاہیے۔ [سورۂ بقرہ:۱۲۸]

۶) صبر کرنے والوں کی صفت یہ ہے کہ رنج وغم اور مصیبت کے وقت وہ اس دعا کا اہتمام کرتے ہیں، لہٰذا اگر ایسے حالات ہو تو ہمیں بھی اس کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ بقرہ:۱۵۶][مسلم]

۷) اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے صبر کرنے والوں کی خاص صفت بیان فرمائی ہے، لہٰذا جب کوئی مصیبت پہنچے یا اُس کی خبر آئے تو یہ دعا ضرور پڑھنی چاہیے۔

[سورۂ بقرہ:۱۵۶]

۸) اس دعا میں انسان کے تمام دینی اور دنیوی مقاصد آجاتے ہیں، اسی وجہ سے رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم یہ دعا کثرت سے مانگا کرتے تھے، لہٰذا ہمیں بھی چاہیے کہ یہ دعا کثرت سے مانگا کریں۔ [سورۂ بقرہ:۲۰۱]

۹) یہ ایمان اور اعمال صالحہ پر جمے ہوئے مؤمنین کی دعا ہے، لہٰذا جب کبھی مخالف حالات پیش آئیں، صبر واستقامت اور اللہ کی مدد حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ بقرہ:۲۵۰]

۱۰) یہ دو آیتیں شب معراج میں رسول اللہ ﷺ کو بطور خاص تحفہ میں دی گئیں تھیں، یہ دو آیتیں جس گھر میں پڑھی جاتی ہیں، تین دن تک شیطان اس گھر کے پاس نہیں آتا۔ [ترمذی:۲۸۲۸] (سورۂ بقرہ کی آخری دو آیتیں)

۱۱) حق پرستوں کا ایک کمال یہ ہے کہ ان لوگوں کو دین پر قائم رہنے کی فکر ہر دم لگی رہتی ہے، وہ ہمیشہ اپنے اللہ سے استقامت کی دعا مانگتے ہیں، حضور ﷺ بھی ہمیشہ استقامت کی دعا مانگا کرتے تھے، ہم تو اس کے زیادہ محتاج ہیں، لہٰذا دین پر قائم رہنے اور دین پر استقامت کے لیے اِس دعا کو پڑھتے رہنا چاہیے۔

[سورۂ آل عمران:۸]

۱۲) یہ متقیوں کی دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی اپنے گناہوں کی معافی

اور دوزخ کی آگ سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کیجیے۔[سورۂ آل عمران:۱۶]

۱۳) حضرت زکریا علیہ السلام نے نیک اولاد اِن الفاظ میں مانگی تھی، جس کو قبول فرما کر اللہ تعالیٰ نے حضرت یحیی علیہ السلام عطا فرمائے تھے، لہٰذا نیک اولاد کے حصول کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ آل عمران:۳۸]

۱۴) حضرت زکریا علیہ السلام نے حضرت مریم علیہا السلام کے یہاں اللہ کی قدرت کے غیر معمولی کرشمے دیکھ کر اپنے لیے اولاد کی دعا اِن الفاظ میں مانگی تھی، لہٰذا بے اولادوں کو اِس دعا کا خوب اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ آل عمران:۳۸]

۱۵) یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے مخلص ساتھیوں کی دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی اپنا شمار کامل مؤمنین میں کروانے کے لیے اللہ تعالیٰ سے یہ دعا مانگنی چاہیے۔[سورۂ آل عمران:۵۳]

۱۶) دین کی سربلندی کی خاطر حضرات انبیاء کرام کا ساتھ دینے والوں کی ایک عظیم الشان صفت یہ ہے کہ وہ اپنی بے مثال قربانی کے ساتھ ساتھ یہ دعائیں بھی کرتے ہیں،

لہٰذا ہمیں بھی اپنے گناہوں کی بخشش، دنیا میں فتح و کامیابی اور آخرت میں اللہ کی رضامندی اور جنت پانے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ آل عمران: ۱۴۷]

۱۷) دشمن سے مقابلے اور اس کے لیے ہونے والے سفر کے دوران صحابہ کی زبان پر مسلسل یہ کلمات تھے، لہٰذا جب تمھیں غم و پریشانی لاحق ہو اور حالات تنگ اور پریشان کن ہوں تو یہ دعا کثرت سے پڑھا کرو۔[ابوداؤد]

[سورۂ آل عمران: ۱۷۳]

۱۸) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے دعا ہے، لہٰذا اِس آیت کو پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے جہنم کے عذاب سے حفاظت طلب کریں۔[سورۂ آل عمران: ۱۹۱]

۱۹) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے درخواست ہے، چنانچہ میدان حشر کی رسوائی سے بچنے کے لیے اِس دعا کو اہتمام سے پڑھیں۔[سورۂ آل عمران: ۱۹۲]

۲۰) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے درخواست ہے، لہٰذا بڑے گناہوں کی معافی اور نیک لوگوں میں شامل

ہونے کے لیے اِس دعا کو زیادہ سے زیادہ پڑھیں۔

[سورۂ آل عمران: ۱۹۳]

۲۱) یہ عقلمندوں (ایمان والوں) کی اللہ سے درخواست ہے، چنانچہ اللہ تعالیٰ کے حضرات انبیاء کرام کے ذریعے کیے ہوئے جنت کے وعدے کو حاصل کرنے اور قیامت کی رسوائی سے بچنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کریں۔

[سورۂ آل عمران: ۱۹۴]

۲۲) یہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خاص دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی آسمانی نعمتوں کے حصول اور روزی میں برکت کے لیے اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ مائدہ: ۱۱۴]

۲۳) یہ حضرت آدم وحوا علیہا السلام کی خاص دعا ہے، لہٰذا اپنے گناہوں کی معافی اور اللہ کی مہربانیوں کو طلب کرنے کے لیے اِس دعا کا خوب اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ اعراف: ۲۳]

۲۴) جنتیوں کی نگاہیں جب دوزخیوں پر پڑیں گی تو اللہ کے عذاب سے ڈر کر یہ دعا کرنے لگیں گے، لہٰذا اللہ تعالیٰ کے عذاب سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا خاص اہتمام

کرنا چاہیے۔[سورۂ اعراف:۴۷]

۲۵) یہ حضرت شعیب علیہ السلام کی مانگی ہوئی دعا ہے، لہٰذا جب حق وباطل گڈمڈ ہو گیا ہو اور حق سمجھ میں نہ آتا ہو تو ایسے موقع پر اس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ اعراف:۸۹]

۲۶) جادوگر جب اللہ اور حضرت موسیٰ علیہ السلام پر ایمان لے آئے تو فرعون نے بوکھلا کر انھیں سزا دینے کا اعلان کر دیا، اس وقت فرعون کے جادوگروں نے یہ دعا کی ہے، لہٰذا دشمنانِ اسلام کی طرف سے ہونے والی زیادتیوں کے وقت اللہ تعالیٰ سے اِس طرح دعا کرنی چاہیے۔[سورۂ اعراف:۱۲۶]

۲۷) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، اپنے لیے اور اپنے بھائی کے لیے حصول مغفرت ورحمت کی دعا ان الفاظ میں کرنی چاہیے۔[سورۂ اعراف:۱۵۱]

۲۸) یہ دعا حضرت موسیٰ علیہ السلام نے کوہِ طور پر جاتے ہوئے پڑھی تھی، لہٰذا اللہ سے رحم وکرم طلب کرنے اور دنیا وآخرت کی نیک حالی کے لیے اِس دعا (اَنْتَ وَلِیُّنَا

سے اِنَّا هُدْنَا اِلَيْكَ تک) کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ اعراف:۱۵۵،۱۵۶]

۲۹) جو اس دعا کو ہر صبح و شام سات مرتبہ پڑھے گا تو اللہ تعالیٰ اس کو دنیا اور آخرت کی مصیبتوں اور رنج و غم سے نجات دے گا۔

[عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی][سورۂ توبہ:۱۲۹]

۳۰) قرآن کریم سراسر ہدایت و نصیحت ہے اور دلوں کی (ظاہری اور باطنی) بیماریوں کے لیے شفا ہے، لہٰذا قرآن کریم کے احکامات پر عمل کر کے روحانی بیماریوں کا اور سورتوں اور آیتوں کو پڑھ کر جسمانی بیماریوں کا علاج کرنا چاہیے۔ [سورۂ یونس:۵۷]

۳۱) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی قوم کی دعا ہے، لہٰذا ظالموں کے ظلم سے چھٹکارہ پانے کے لیے اور اُن سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ یونس:۸۵،۸۶]

۳۲) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی خاص دعا ہے، عفو و درگذر

کے لیے یہ دعا مانگنی چاہیے۔ [سورۂ ہود: ۴۷]

۳۳) یہ حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا ہے، جو شخص یہ چاہے کہ اُس کا خاتمہ ایمان پر ہو اور اُس کا حشر نیک لوگوں سے ساتھ ہو تو اُس کو اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ یوسف: ۱۰۱]

۳۴) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی خاص دعا ہے، اپنے لیے اور اپنی اولاد کے لیے نماز کا اہتمام اور اور دعا کی قبولیت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ ابراہیم: ۴۰]

۳۵) یہ بھی حضرت ابراہیم علیہ السلام کی ایک جامع دعا ہے، اِلحاح وزاری کے ساتھ اپنی، اپنے والدین اور تمام امتِ مسلمہ کے لیے یہ دعا کرنی چاہیے۔ [سورۂ ابراہیم: ۴۱]

۳۶) والدین کے لیے اِس دعا کا بطور خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ بنی اسرائیل: ۲۴]

۳۶) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہجرت کے وقت یہ دعا پڑھی تھی، لہٰذا مجبوری کی وجہ سے کسی جگہ منتقل ہونا پڑے تو اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ بنی اسرائیل: ۸۰]

۳۷) قرآن کریم (جسمانی اور روحانی) ہر بیماری کے لیے شفا اور رحمت ہے، لہٰذا قرآن کریم کے احکامات پر عمل کر کے روحانی بیماریوں کا اور سورتوں اور آیتوں کو پڑھ کر جسمانی بیماریوں کا علاج کرنا چاہیے۔ [سورۂ بنی اسرائیل: ۸۲]

۳۸) عبدالمطلب کی اولاد میں کسی کے یہاں جب کوئی بچہ زبان کھولنے کے قابل ہوتا تو رسول اللہ ﷺ اسے یہ آیت (سورۂ بنی اسرائیل: ۱۱۱) سکھا دیتے تھے۔

[عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی]

۳۹) رسول اللہ ﷺ نے حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کو بیماری اور تنگ دستی کی حالت میں دیکھا تو آپ ﷺ نے ان کو تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ کے ساتھ اس آیت (سورۂ بنی اسرائیل: ۱۱۱) کو پڑھنے کا مشورہ دیا، چنانچہ کچھ دنوں بعد آپ ﷺ نے انھیں اچھے حال میں پایا۔ [عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی]

۴۰) یہ عزت دلانے والی آیت ہے۔

[سورۂ بنی اسرائیل: ۱۱۱][احمد]

۴۱) یہ اصحابِ کہف کی مانگی ہوئی خاص دعا ہے، بے دین حکمرانوں سے حفاظت کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ کہف:۱۰]

۴۲) اپنے دین کی حفاظت کی خاطر غار میں پناہ لینے والوں (اصحاب کہف) کی یہ خاص دعا ہے، لہٰذا ہمیں بھی اپنے دینی اور دنیوی کاموں کی درستی اور دینی و دنیوی مقاصد کے اسباب حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ کہف:۱۰]

۴۳) دین دار غریب نے مالدار بے دین کو نصیحت کرتے ہوئے بڑا زبردست جملہ کہا ہے، حدیث شریف میں ہے کہ جو شخص مَاشَآءَ اللّٰهُ لَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰه پڑھ لیا کرے، تو سوائے موت کے اپنے اہل وعیال اور مال میں کوئی آفت نہیں دیکھے گا۔

[سورۂ کہف:۳۹][طبرانی اوسط:۴۴۱۲]

۴۴) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی بہت خاص دعا ہے، دل کو روشن کرنے اور زبان میں قوت پیدا کرنے اور لکنت

(ہکلا پن) دور کرنے کے لیے اِس دعا کو خوب پڑھیں۔

[سورۂ طٰہٰ: ۲۵ تا ۲۸]

۴۵) جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا کو قبر میں رکھا تو پڑھا: مِنْهَا خَلَقْنٰكُمْ وَفِيْهَا نُعِيْدُكُمْ وَ مِنْهَا نُخْرِجُكُمْ تَارَةً اُخْرٰى۔

[احمد: ۲۲۱۸۷] سورۂ طٰہٰ: ۵۵

۴۶) یہ ایک جامع دعا ہے، جس کی تلقین اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو فرمائی ہے، لہٰذا ہمیں بھی علم میں اضافے اور سمجھنے کی توفیق کو حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ طٰہٰ: ۱۱۴]

۴۷) جو مسلمان بندہ کسی مشکل معاملہ میں اِن کلمات کے ذریعے (جن کے ذریعے حضرت یونس علیہ السلام نے مچھلی کے پیٹ میں اللہ تعالیٰ کو پکارا تھا) دعا کرے، تو اللہ تعالیٰ اُس کی دعا ضرور قبول فرماتے ہیں۔ [ترمذی: ۳۵۰۵] سورۂ انبیاء: ۸۷

۴۸) یہ حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی کے پیٹ میں مانگی ہوئی

دعا ہے، لہٰذا جو مسلمان اپنے کسی مقصد کے لیے اِن کلمات کے ساتھ دعا کرے گا، اللہ تعالیٰ اُس کو قبول فرمائیں گے۔ [ترمذی:۳۵۰۵][سورۂ انبیاء:۸۷]

۴۹) یہ حضرت یونس علیہ السلام کی مچھلی کے پیٹ میں مانگی ہوئی دعا ہے، لہٰذا جب کوئی بیماری، مصیبت یا آزمائش میں مبتلا ہو جائیں تو اِس دعا کو زیادہ سے زیادہ پڑھنا چاہیے۔

[سورۂ انبیاء:۸۷]

۵۰) یہ حضرت زکریا علیہ السلام کی خاص دعا ہے، حصول اولاد کے لیے اس دعا کا خاص اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ انبیاء:۸۹]

۵۱) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو جب بھی جنگ کے حالات پیش آتے تو ان الفاظ میں دعا فرماتے، لہٰذا ہمیں بھی اللہ تعالیٰ سے فتح ونصرت اور انصاف اِن الفاظ میں طلب کرنا چاہیے۔

[سورۂ انبیاء:۱۱۲]

۵۲) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی عذاب الٰہی سے نجات کے بعد کی خاص دعا ہے، اللہ تعالیٰ سے خیر و عافیت ان الفاظ

میں طلب کرنی چاہیے۔[سورۂ مؤمنون:۲۹]

۵۳) یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی دعا ہے، ظالمین سے براءت کے لیے اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ مؤمنون:۹۴]

۵۴) اللہ تعالیٰ نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو یہ دعا تلقین فرمائی ہے، لہٰذا شیطان کے مکر وفریب سے بچنے کے لیے اس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ مؤمنون:۹۷،۹۸]

۵۵) محشر میں ایمان والوں کی دعا اِس طرح ہوگی، لہٰذا ہمیں بھی دنیا میں اللہ سے گناہوں کی معافی اور رحمت کی طلب میں رہنا چاہیے اور اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ مؤمنون:۱۰۹]

۵۶) حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے ایک بے ہوش کے کان میں یہ آیت پڑھی اور دم کیا تو وہ ہوش میں آ گیا تو آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے اس واقعہ کو سننے کے بعد فرمایا کہ (یہ آیات اتنی وزنی ہیں کہ) اگر کوئی شخص پورے یقین کے ساتھ اس کو پڑھ کر پہاڑ پر دم کر دے تو وہ بھی اپنی جگہ سے ہٹ جائے۔

[عمل الیوم واللیلۃ لابن السنی][سورۂ مؤمنون:۱۱۵ تا ۱۱۸]

۵۷)اس آیت میں آپ ﷺ اللہ تعالیٰ سے شکایت فرما رہے ہیں کہ میری قوم (ایمان والوں) نے قرآن کریم کی تلاوت نہ کر کے اور اس پر عمل نہ کر کے قرآن کریم کو پس پشت ڈال دیا ہے، ہمیں قرآن کریم کی تلاوت کا اہتمام کرنا چاہیے اور زندگی بھر اس کے احکامات پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔[سورۂ فرقان:۳۰]

۵۸)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جس شخص نے قرآن پڑھا، مگر پھر اس کو بند کر کے گھر میں معلق کر دیا، نہ اس کی تلاوت کی پابندی کی، نہ اس کے احکام میں غور کیا، قرآن اس کے گلے میں پڑا ہوا آئے گا اور اللہ تعالیٰ کی بارگاہ میں شکایت کرے گا کہ آپ کے اس بندے نے مجھے چھوڑ دیا تھا، اب آپ میرے اور اس کے معاملے کا فیصلہ فرما دیجیے۔ [تفسیر قرطبی] لہٰذا ہمیں قرآن کریم کی تلاوت کا اہتمام کرنا چاہیے اور زندگی بھر اس کے احکامات پر عمل پیرا ہونا چاہیے۔[سورۂ فرقان:۳۰]

۵۹) یہ اللہ تعالیٰ کے خاص بندوں کی صفت ہے کہ وہ اللہ تعالیٰ سے جہنم کے عذاب سے حفاظت طلب کرتے رہتے ہیں، ہمیں بھی اِس طرح دعا مانگنا چاہیے۔ [سورۂ فرقان:۶۵]

۶۰) اللہ تعالیٰ نے اپنے خاص بندوں کی دعا کا تذکرہ فرمایا ہے کہ وہ یہ دعا مانگا کرتے ہیں، لہٰذا اپنے اہل وعیال کو اپنی آنکھوں کی ٹھنڈک بنانے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ فرقان:۷۴]

۶۱) حکمت، صلاح وتقویٰ، سچی ناموری اور جنت حاصل کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ شعراء:۸۳ تا ۸۵]

۶۲) یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا اپنے آپ کو اور اپنی اولاد کو بُرے لوگوں کی صحبت اور میل جول سے بچانے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ شعراء:۱۶۹]

۶۳) یہ حضرت سلیمان علیہ السلام کی بہت ہی جامع دعا ہے، اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ اللہ کے شکر گذار بندوں میں

بنیں اور آپ کو نیک اعمال کی توفیق عطا ہو اور آپ کی اولاد نیک اور فرماں بردار بنے تو اِس دعا کا اہتمام کریں۔
[سورۂ نمل:١٩]

٦٤) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا اللہ تعالیٰ سے اس طرح مغفرت طلب کرنی چاہیے۔[سورۂ قصص:١٦]

٦٥) یہ حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا اسلام اور مسلمانوں کے دشمنوں کی طرف سے مشکلات اور پریشانیوں کا سامنا ہو، تو اُس وقت اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ قصص:٢١]

٦٦) یہ حضرت لوط علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا فتنہ وفساد پھیلانے والوں کے خلاف اللہ کی مدد طلب کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔[سورۂ عنکبوت:٣٠]

٦٧) یہ حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا ہے، لہٰذا نیک اور صالح اولاد کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔
[سورۂ صافات:١٠٠]

٦٨) یہ عرشِ الٰہی کو اٹھانے والے فرشتوں کی دعا ہے ایمان

والوں کے لیے، لہٰذا اللہ کی رحمت، مغفرت، صراط مستقیم پر چلنے کی توفیق، گناہوں سے حفاظت، جنت میں داخلے کے لیے ہمیں بھی اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ مؤمن: ۷، ۸، ۹]

۶۹) یہ فرعون کے خاندان کے مؤمن شخص کی دعا ہے، جب پریشان کُن حالات ہوں تو اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔

[سورۂ مؤمن: ۴۴]

۷۰) رسول اللہ ﷺ جب سفر کے ارادے سے نکلتے اور سواری پر بیٹھ جاتے تو تین مرتبہ ''اَللّٰہُ اَکْبَر'' فرماتے اور یہ دعا پڑھتے اور پھر سفر کی دوسری دعائیں پڑھتے۔

[ترمذی: ۳۴۴۷][سورۂ زخرف: ۱۳، ۱۴]

۷۱) اگر آپ چاہتے ہیں کہ آپ کی اولاد نیک اور فرماں بردار بنے تو اِس دعا کا اہتمام کریں۔ [سورۂ احقاف: ۱۵]

۷۲) دل سے ایمان والوں کے لیے کینہ کپٹ اور بغض و عداوت کو ختم کرنے کے لیے اِس دعا کا اہتمام کرنا چاہیے۔ [سورۂ حشر: ۱۰]

۷۳) اللہ تعالیٰ سے نورِ ایمانی اِس انداز میں مانگنا چاہیے۔
[سورۂ تحریم:۸]

۷۴) یہ فرعون کی بیوی آسیہ کی دعا ہے، لہٰذا جنت کے حصول اور اللہ کے باغی، نافرمان اور ظالم لوگوں سے چھٹکارے کے لیے یہ دعا مانگنی چاہیے۔[سورۂ تحریم:۱۱]

۷۵) یہ حضرت نوح علیہ السلام کی دعا ہے، ان الفاظ میں اپنے لیے، اپنے والدین کے لیے اور تمام ایمان والوں کے لیے مغفرت طلب کرنی چاہیے۔[سورۂ نوح:۲۸]

(۴) آیات سجدہ

۱) جب آدم کا بیٹا آیتِ سجدہ کی تلاوت کرتا ہے تو شیطان روتا ہوا دور بھاگتا ہے اور کہتا ہے: ہائے میری ہلاکت و بربادی! انسان کو سجدے کا حکم دیا گیا، اُس نے سجدہ کیا تو جنت کا مستحق ہو گیا اور مجھے سجدے کا حکم کیا گیا، میں نے سجدہ نہیں کیا، چنانچہ میں جہنم کا حق دار ہوا۔[مسلم]

۲) رسول اللہ ﷺ رات کو قرآن کے سجدوں میں یہ تسبیح پڑھتے تھے: ’’سَجَدَ وَجْهِيَ لِلَّذِيْ خَلَقَهٗ وَ شَقَّ

سَمْعَهٗ وَ بَصَرَهٗ بِحَوْلِه وَ قُوَّتِهٖ فَتَبَارَكَ اللّٰهُ أَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ''۔

ترجمہ: میرے منہ نے اُس ذات کو سجدہ کیا جس نے اُسے پیدا کیا، اور اپنی قوت وقدرت سے کان اور آنکھیں بنائی، بڑی شان ہے اللہ کی جو سارے کاریگروں سے بڑھ کر کاریگر ہے۔[حاکم]

۳) رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے تلاوت کے سجدوں میں یہ بھی دعا پڑھی ہے:'' اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ بِهَا عِنْدَكَ اَجْرًا، وَ ضَعْ عَنِّيْ بِهَا وِزْرًا، وَاجْعَلْهَا لِيْ عِنْدَكَ ذُخْرًا، وَ تَقَبَّلْهَا مِنِّيْ كَمَا تَقَبَّلْتَهَا مِنْ عَبْدِكَ دَاوٗدَ''۔

ترجمہ: اے اللہ! اس سجدے کے عوض میرے لیے ثواب لکھ دیجیے اور گناہ معاف کر دیجیے اور آپ کے پاس اِسے ذخیرہ بنا دیجیے اور جیسے آپ نے حضرت داؤد علیہ السلام کا سجدہ قبول فرمایا، اُسی طرح میرا سجدہ بھی قبول فرمائیے۔[ترمذی]

(۵) حدیث وقرآن سے ماخوذ تذکیری جملے

۱) قرآن پاک کو اور اُس کی تعلیمات کو جس طرح ہو سکے اور جتنا ہو سکے پھیلاؤ۔ [ترمذی]

۲) اگر آپ اپنے گھر میں خیر و برکت چاہتے ہیں تو اپنے گھر میں کثرت سے قرآن پڑھیے۔ [مسلم]

۳) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہ دلیل ہے اس بات کی کہ اللہ آپ کو یاد کر رہا ہے۔ [سورۂ بقرہ:۱۵۲]

۴) جن گھروں میں کلام پاک کی تلاوت کی جاتی ہے، وہ مکانات آسمان والوں کے لیے ایسے چمکتے ہیں جیسا کہ زمین والوں کے لیے آسمان پر ستارے چمکتے ہیں۔

[شعب الایمان]

۵) آپ قرآن کریم پڑھیے، اِس سے آپ کے دل کی بے چینی دور ہوگی۔ [سورۂ رعد:۲۸]

۶) آپ قرآن کریم پڑھیے، اِس سے آپ کو سکونِ قلب نصیب ہوگا۔ [سورۂ رعد:۲۸]

۷) آپ قرآن کریم پڑھ رہے ہیں، اللہ تعالیٰ آپ کا تذکرہ فرشتوں کی مجلس میں کر رہا ہے۔ [مسلم]

۸) قرآن، اللہ کا کلام ہے، آپ اُسے پڑھنا سیکھیں اور صحیح قرآن پڑھیں۔[سورۂ مزمل:۴]

۹) جو لوگ ہر وقت اللہ کے پاک کلام میں مشغول رہتے ہیں، اللہ کے خاص لوگوں میں اُن کا شمار ہوتا ہے۔[ابن ماجہ]

۱۰) اللہ تعالیٰ اُس شخص کی تلاوت غور سے سنتے ہیں، جو حروف کی صحیح ادائیگی کے ساتھ اچھی طرح، اچھی آواز میں قرآن کی تلاوت کرتا ہے۔[ابن ماجہ]

۱۱) قرآن پاک کی تلاوت اس طرح کرو جس طرح تلاوت کرنے کا حق ہے، یہ ایمان والا ہونے کی علامت ہے۔
[سورۂ بقرہ:۱۲۱]

۱۲) کلام پاک کی عظمت دل میں رکھ کر پڑھیے کہ یہ بادشاہوں کے بادشاہ کا کلام ہے۔[سورۂ حجر:۹]

۱۳) تلاوت سے پہلے مسواک کر کے منہ صاف کر لیجیے۔[ابن ماجہ]

۱۴) وضو کے بعد نہایت وقار کے ساتھ قبلہ رو ہو کر اس طرح پڑھیے کہ گویا حق تعالیٰ شانہ کو کلام پاک سنا رہے ہیں۔
[الفتاوی الولوالجیۃ]

۱۵) آپ اللہ کا شکر ادا کیجیے کہ آپ کے ہاتھ میں اللہ کا پیغام ہے۔[ترمذی]

۱۶) آپ اللہ کا شکر ادا کیجیے کہ آپ کے ہاتھ میں اللہ کی مضبوط رسّی ہے۔[ترمذی]

۱۷) قرآن کریم اس خیال کے ساتھ پڑھیے کہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ میرا تعلق مضبوط ہو رہا ہے۔[ترمذی]

۱۸) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ کی مخلوق آپ کے لیے دعائے مغفرت کر رہی ہے۔[ترمذی]

۱۹) آپ قرآن کریم کی تلاوت کر رہے ہیں اور فرشتے آپ کے لیے رحمت کی دعائیں کر رہے ہیں۔[مسلم]

۲۰) آپ قرآن کریم پڑھ رہے ہیں، اپنے آپ کو گناہوں سے بچائیں، ورنہ قرآن آپ کی شکایت کرے گا۔

[سورۂ فرقان:۳۰]

۲۱) یہ قرآن آپ کو جنت کا لباس دلوائے گا، اس لیے اُس کے آداب کی رعایت کے ساتھ خوب تلاوت کریں۔

[ترمذی]

۲۲) یہ قرآن آپ کو کرامت کا تاج پہنوائے گا، اس لیے اُس کے آداب کی رعایت کے ساتھ خوب تلاوت کریں۔

[ترمذی]

۲۳) یہ قرآن آپ کو اللہ تعالیٰ کی رضامندی دلوانے والا ہے اور آخرت میں اللہ کی رضامندی سے بڑھ کر اور کیا چیز ہو سکتی ہے! [ترمذی]

۲۴) قرآن کریم میں خاموش فتنوں کا علاج بھی موجود ہے۔

[ترمذی]

۲۵) اگر آپ اللہ تعالیٰ کو اپنی طرف متوجہ کرنا چاہتے ہو تو کثرت سے قرآن کریم کی تلاوت کریں۔ [ابن ماجہ]

۲۶) اگر آپ کو عذاب قبر کا خوف ہے تو سورۂ ملک کی تلاوت میں عذاب قبر سے نجات ہے۔ [ترمذی]

۲۷) آپ قرآن پڑھیے، آپ کی غفلت دور ہو گی۔ [احمد]

۲۸) اے اللہ! قرآن کریم کو ہمارے دلوں کی بہار بنا دیجیے۔

[احمد]

۲۹) اے اللہ! قرآن کریم کو ہمارے دلوں کا نور بنا دیجیے۔

[احمد]

۳۰) اے اللہ! قرآن کریم کے ذریعے ہمارے رنج وغم کو دور فرمادیجیے۔[احمد]

۳۱) آپ اللہ کا کلام پڑھ رہے ہو، تلاوت کے دوران دنیوی باتیں نہ کرو۔[بخاری]

۳۲) قرآن کریم کو مضبوطی سے تھام لو، یہ فتنوں سے بچاؤ کا ذریعہ ہے۔[ترمذی]

۳۳) قرآن کریم یاد بھی کریں کہ جس کے دل میں قرآن کریم کا کوئی حصہ نہیں وہ ویران گھر کی طرح ہے۔[ترمذی]

۳۴) اگر آپ اپنے گھر میں خیر و برکت چاہتے ہیں تو گھر میں کثرت سے تلاوت کریں۔[مسلم]

۳۵) اگر آپ چاہتے ہیں کہ شیاطین آپ کے گھر سے نکل جائیں، تو گھر میں قرآن بہت پڑھیے۔[مسلم]

۳۶) سارے فتنوں کا علاج قرآن کریم میں ہے۔[ترمذی]

۳۷) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کو یاد کر رہا ہے۔
[سورۂ بقرہ:۱۵۲]

۳۸) قرآن میں آپ کی ساری بیماریوں سے شفا ہے۔
[سورۂ بنی اسرائیل:۸۲]

۳۹) قرآن میں آپ کی ساری بیماریوں کا علاج ہے۔
[سورۂ بنی اسرائیل:۸۲]

۴۰) قرآن کریم میں آپ کا تذکرہ بھی موجود ہے۔
[سورۂ انبیاء:۱۰]

۴۲) قرآن پڑھنے والے کو اللہ تعالیٰ دعا مانگنے والے سے زیادہ عطا فرماتے ہیں۔[ترمذی]

۴۳) ایک حافظ قرآن دس آدمیوں کو جنت میں لے جائے گا، لہٰذا اپنے بچوں کو حافظ قرآن بنائیے۔[ترمذی]

۴۴) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کے ساتھ ہے، غم مت کیجیے۔[احمد]

۴۵) قرآن کی فضیلت ایسی ہے، جیسے اللہ کو ساری مخلوق پر فضیلت حاصل ہے۔[ترمذی]

۴۶) یہ ذہن میں رکھیے کہ گنہگار کے لیے قرآن اللہ تعالیٰ سے شکوہ شکایت کرتا ہے۔[سورۂ فرقان:۳۰]

۴۷) قرآن کریم پڑھیے؛ اس سے آسمانوں میں آپ کا تذکرہ ہوگا اور زمین میں آپ کے لیے نور کا سبب ہوگا۔
[صحیح ابن حبان]

۴۸) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کو یاد کر رہا ہے۔
[سورۂ بقرہ:۱۵۲]

۴۹) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کا قرآن سن رہا ہے۔
[ابن ماجہ]

۵۰) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، فرشتے آپ کا قرآن سن رہے ہیں۔[مسلم]

۵۱) قرآن کریم دیکھ کر پڑھیے، آپ کی آنکھوں کی بیماریاں دور ہوں گی۔[فضائل القرآن للرازی]

۵۲) قرآن کریم اس خیال کے ساتھ پڑھیے کہ میرے دل کا زنگ دور ہو رہا ہے۔[شعب الایمان]

۵۳) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہی نیکیاں باقی رہنے والی ہیں۔[سورۂ کہف:۴۶]

۵۴) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کو دیکھ رہا ہے۔
[سورۂ فجر:۱۴]

۵۵) جس سے اللہ خوش ہوتا ہے، اس کو قرآن پڑھنے کی توفیق ملتی ہے، اس لیے اللہ کا شکر ادا کیجیے۔[احمد]

۵۶) صفحہ پلٹنے کے لیے حتی الامکان بایاں ہاتھ استعمال مت

کیجیے۔[نسائی]

۵۷) قرآن کریم کے کاغذات بھی اللہ کی پاکی بیان کر رہے ہیں، یہ دھیان میں رکھیے۔[سورۂ اسراء: ۴۴]

۵۸) اللہ کا وعدہ ہے کہ جو بھی نیک کام کرو گے، اللہ اُس کا اجر ضائع نہیں کرے گا، آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کا اجر ضائع نہیں کرے گا۔[سورۂ ہود: ۱۱۵]

۵۹) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کو خوش ہونا چاہیے، یہ ایمان کی علامت ہے۔[احمد]

۶۰) قرآن پر عمل کیجیے؛ یہ قرآن اللہ کے دربار میں آپ کے لیے سفارش کرے گا۔[احمد]

۶۱) یہ قرآن اللہ سے آپ کو راضی کرا دے گا۔[ترمذی]

۶۲) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کے (چھوٹے چھوٹے) گناہ معاف ہو رہے ہیں۔[سورۂ ہود: ۱۱۴]

۶۳) اگر طبیعت میں سستی ہو تو آپ آرام کر لیجیے، تاکہ قرآن کریم غفلت سے نہ پڑھا جائے۔[شرح السنۃ للبغوی]

۶۴) آپ اللہ کا شکر ادا کیجیے کہ صبح ہوتے ہی اللہ آپ کو قرآن پڑھنے کی توفیق دے دیتا ہے۔[سورۂ ابراہیم: ۷]

۶۵) قرآن پر عمل کیجیے؛ یہ قرآن آخرت میں آپ کے درجات بلند کرائے گا۔[ابوداؤد]

۶۶) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، قرآن قیامت کے دن آپ کی سفارش کرے گا۔[احمد]

۶۷) قرآن کا ورق پلٹنے کے لیے تھوک مت لگائیے، یہ بہت ہی بڑی بے ادبی ہے۔

۶۸) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کئی فرشتوں کے درمیان بیٹھیں ہیں، اِس دھیان کے ساتھ پڑھیں۔[مسلم]

۶۹) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہ قرآن قبر میں آپ کا ساتھی ہوگا۔[احمد]

۷۰) دنیا اور آخرت میں ترقی چاہتے ہو تو قرآن کے ساتھ اپنا رشتہ جوڑیے۔[سورۂ علق:۳]

۷۱) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، آپ کو اللہ کا قرب حاصل ہو رہا ہے، یہ ذہن میں رکھیے۔[بخاری]

۷۲) اللہ تعالیٰ قرآن کریم پڑھنے والے اور اُس پر عمل کرنے والے کی ذمہ داری لیتا ہے کہ اس کو دنیا میں گمراہ نہ کرے گا اور نہ آخرت میں محروم کرے گا۔[ترمذی]

۷۳) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، یہ دلیل ہے کہ اللہ آپ سے محبت کر رہا ہے اور آپ کے لیے بھلائی چاہتا ہے۔

[ترمذی]

۷۴) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ کے ساتھ ہے۔

[بخاری]

۷۵) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ سے بہت خوش ہو رہا ہے، یہ ذہن میں رکھ کر پڑھیے۔ [ترمذی]

۷۶) اپنے بچوں کو بھی ناظرۂ قرآن سکھاؤ، آپ کے اگلے اور پچھلے گناہ معاف ہو جائیں گے۔

۷۷) قرآن کی طرف دیکھنے سے بھی نیکیاں ملتی ہیں، اِس دھیان سے قرآن کی طرف دیکھیے۔

۷۸) تعجب ہے اس شخص پر، جو قرآن کو پڑھتا ہے، چومتا ہے، آنکھوں سے لگاتا ہے، سینے سے لگاتا ہے، لیکن یہ جاننے کی کوشش نہیں کرتا کہ اس میں کیا لکھا ہے!!!

۷۹) قرآن کریم اس خیال کے ساتھ پڑھیے کہ میری روحانیت میں ترقی ہو رہی ہے۔

۸۰) افسوس ہے اس بات پر کہ سب سے زیادہ بغیر سمجھے پڑھی

جانے والی کتاب قرآن کریم ہے، اس لیے آپ قرآن
کریم سمجھ کر پڑھنے کی کوشش کریں۔

۸۱) بہت مبارک ہیں وہ آنکھیں، جو قرآن کی طرف دیکھیں۔

۸۲) بہت مبارک ہے وہ زبان، جو قرآن پڑھے۔

۸۳) قرآن، انسانیت کے نام اللہ کا پیغام ہے، صرف
مسلمانوں کے لیے نہیں ہے!

۸۴) مرتے ہی لوگ آپ کو چھوڑ دیں گے، لیکن قرآن آپ کو
نہیں چھوڑے گا۔

۸۵) آپ کی زندگی کا بہترین وقت وہ ہے، جس میں آپ
قرآن پڑھ رہے ہوں۔

۸۶) آپ قرآن پڑھ رہے ہیں، اللہ آپ سے بات کر رہا ہے،
اِس دھیان سے پڑھیں۔

۸۷) پہلے لوگ قرآن کریم کو اللہ کا فرمان سمجھتے تھے، رات بھر اُس
میں غور وفکر کرتے تھے اور دن میں اُس پر عمل کرتے تھے۔

۸۸) قرآن کریم کی زیادہ سے زیادہ تلاوت کیجیے، اِس کی
برکت سے آپ کا حافظہ بھی قوی ہوگا۔

۸۹) قرآن بغیر سمجھے پڑھنا گویا اللہ کو سنانا ہے، اور سمجھ کر پڑھنا
گویا کہ اللہ کی سننا ہے۔

ایک اہم فتویٰ

سوال: کیا ہمارے برادران وطن اور غیر مسلم بھائیوں کو قرآن شریف یا قرآن شریف کا ترجمہ دینا جائز ہے؟

الجواب: کتب فتاویٰ میں یہ بات موجود ہے کہ اگر کسی غیر مسلم بھائی کے بارے میں اس بات کا یقین اور ظن غالب ہو کہ وہ قرآن شریف کا مکمل احترام کرے گا اور اس سے ہدایت حاصل کرنے کی کوشش کرے گا، اور وہ ہمارا غیر مسلم بھائی ہم سے سچی طلب کے ساتھ قرآن کریم طلب کر رہا ہے اور اس سے کسی قسم کے فتنے وفساد کا اندیشہ نہیں ہے تو ایسے شخص کو قرآن شریف یا قرآن شریف کا ترجمہ دینا جائز ہے، کوئی حرج کی بات نہیں ہے، مگر ہمارے غیر مسلم بھائی کو سمجھا دیا جائے کہ وہ اچھی طرح سے نہا کر یا منہ دھو کر صاف ستھرا ہونے کی حالت میں قرآن شریف کو ہاتھ لگائے۔ قرآن شریف کا مکمل طریقے پر ادب واحترام کرے۔ اس کی بے ادبی ہرگز نہ کرے، قرآن شریف اونچی جگہ پر رکھے، قرآن شریف یا ترجمہ پڑھتے وقت رحل یا کسی صاف ستھری چیز پر رکھ کر پڑھے۔

نوٹ: ہمارے عام غیر مسلم بھائیوں میں بلا وجہ بغیر طلب کئے ہوئے قرآن شریف تقسیم کرنے میں بے ادبی کا سخت خطرہ ہے، اس سے احتراز لازم ہے۔

فقط والسلام اعلم بالصواب

ذات کے معاملہ میں دستور کے مطابق کریں اُس کا تم پر کوئی اِلزام نہیں، اور اللہ

عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۲۴۰﴾ وَلِلْمُطَلَّقٰتِ مَتَاعٌۢ

زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿۲۴۰﴾ اور طلاق دی ہوئی عورتوں کو بھی

بِالْمَعْرُوْفِ ۗ حَقًّا عَلَى الْمُتَّقِيْنَ ﴿۲۴۱﴾

دستور کے مطابق خرچ دینا ہے، یہ لازم ہے پرہیز گاروں کے لیے ﴿۲۴۱﴾

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ

اِس طرح اللہ تمہارے لیے اپنے احکام کھول کھول کر بیان کرتا ہے، تاکہ

ع ٣١ ١٥ تَعْقِلُوْنَ ﴿٢٤٢﴾ ع اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ خَرَجُوْا

تم سمجھو (٢٤٢) کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جو بھاگ کھڑے ہوئے

مِنْ دِيَارِهِمْ وَهُمْ اُلُوْفٌ حَذَرَ الْمَوْتِ ص

اپنے گھروں سے موت کے ڈر سے، حالانکہ وہ ہزاروں کی تعداد میں تھے،

فَقَالَ لَهُمُ اللّٰهُ مُوْتُوْا قف ثُمَّ اَحْيَاهُمْ ط

تو اللہ نے اُن سے کہا کہ مَرجاؤ ، پھر اُنہیں زندہ کیا ،

اِنَّ اللّٰهَ لَذُوْ فَضْلٍ عَلَى النَّاسِ وَلٰكِنَّ

بے شک اللہ لوگوں پر بڑا ہی فضل کرنے والا ہے

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٢٤٣﴾ وَقَاتِلُوْا

مگر بہت سارے لوگ شکر نہیں کرتے (٢٤٣) اور

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاعْلَمُوْٓا اَنَّ اللّٰهَ

اللہ کی راہ میں لڑو ، اور جان لو کہ اللہ

سَمِيۡعٌ عَلِيۡمٌ ﴿۲۴۴﴾ مَنۡ ذَا الَّذِىۡ

سُننے والا ، جاننے والا ہے ﴿۲۴۴﴾ کون ہے جو

يُقۡرِضُ اللّٰهَ قَرۡضًا حَسَنًا فَيُضٰعِفَهٗ

اللہ کو قرض دے اچھے طریقے پر کہ اللہ اُس کو بڑھا کر

لَهٗۤ اَضۡعَافًا كَثِيۡرَةً ‌ؕ وَاللّٰهُ يَقۡبِضُ

اُس کے لیے کئی گُنا کر دے، اور اللہ ہی تنگی بھی پیدا کرتا ہے

وَيَبۡصُۜطُ ۖ وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿۲۴۵﴾ اَلَمۡ تَرَ

اور کُشادگی بھی، اور تم سب اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿۲۴۵﴾ کیا تم نے

اِلَى الۡمَلَاِ مِنۡۢ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ

بنی اسرائیل کے سرداروں کو نہیں دیکھا

مِنۡۢ بَعۡدِ مُوۡسٰى‌ۘ اِذۡ قَالُوۡا لِنَبِىٍّ

موسیٰ (علیہ السلام) کے بعد، جب کہ اُنہوں نے اپنے نبی سے کہا

وقف لازم

لَّهُمُ ابۡعَثۡ لَنَا مَلِكًا نُّقَاتِلۡ

کہ ہمارے لیے ایک بادشاہ مقرّر کر دیجیے؛ تاکہ ہم اللہ کی راہ میں

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ قَالَ هَلْ عَسَيْتُمْ

لڑیں ، نبی نے جواب دیا : کہیں ایسا نہ ہو کہ

اِنْ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ اَلَّا تُقَاتِلُوْا ؕ

تم کو حکم دے دیا جائے لڑائی کا اُس وقت تم نہ لڑو ،

قَالُوْا وَمَا لَنَآ اَلَّا نُقَاتِلَ فِيْ سَبِيْلِ

اُنہوں نے کہا کہ یہ کیسے ہوسکتا ہے کہ ہم نہ لڑیں اللہ کی

اللّٰهِ وَقَدْ اُخْرِجْنَا مِنْ دِيَارِنَا وَاَبْنَآئِنَا ؕ

راہ میں حالانکہ ہم کو اپنے گھروں سے نکال دیا گیا ہے اور اپنے بچوں سے جُدا

فَلَمَّا كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقِتَالُ تَوَلَّوْا

کر دیا گیا ہے، پھر جب اُن کو لڑائی کا حکم ہوا تو سب پیچھے ہٹ گئے

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ

سوائے تھوڑے لوگوں کے ، اور اللہ ظالموں کو

بِالظّٰلِمِيْنَ ﴿۲۴۶﴾ وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ

خوب جانتا ہے ﴿۲۴۶﴾ اور اُن کے نبی نے اُن سے کہا :

اِنَّ اللّٰہَ قَدۡ بَعَثَ لَکُمۡ طَالُوۡتَ مَلِکًا ؕ

اللہ نے ''طالوت'' کو تمہارے لیے بادشاہ مقرّر کیا ہے ،

قَالُوۡۤا اَنّٰی یَکُوۡنُ لَہُ الۡمُلۡکُ عَلَیۡنَا

اُنہوں نے کہا کہ اُس کو ہمارے اوپر بادشاہی کیسے مِل سکتی ہے

وَنَحۡنُ اَحَقُّ بِالۡمُلۡکِ مِنۡہُ وَلَمۡ یُؤۡتَ

حالانکہ ہم اُس کے مقابلہ میں بادشاہت کے زیادہ حق دار ہیں، اور

سَعَۃً مِّنَ الۡمَالِ ؕ قَالَ اِنَّ اللّٰہَ اصۡطَفٰىہُ

اُس کو تو زیادہ دولت بھی حاصل نہیں، نبی نے کہا: اللہ نے تمہارے

عَلَیۡکُمۡ وَزَادَہٗ بَسۡطَۃً فِی الۡعِلۡمِ

مقابلہ میں اُس کو چُنا ہے اور علم اور جسم میں اُس کو زیادتی

وَالۡجِسۡمِ ؕ وَاللّٰہُ یُؤۡتِیۡ مُلۡکَہٗ مَنۡ

دی ہے ، اور اللہ اپنی سلطنت جس کو چاہتا ہے

یَّشَآءُ ؕ وَاللّٰہُ وَاسِعٌ عَلِیۡمٌ ﴿۲۴۷﴾

دیتا ہے ، اللہ بڑی وُسعت والا ، جاننے والا ہے ﴿۲۴۷﴾

وَقَالَ لَهُمْ نَبِيُّهُمْ اِنَّ اٰيَةَ مُلْكِهٖٓ

اور اُن کے نبی نے اُن سے کہا: اُس (طالوت) کے بادشاہ ہونے کی نشانی یہ ہے

اَنْ يَّاْتِيَكُمُ التَّابُوْتُ فِيْهِ سَكِيْنَةٌ

کہ تمہارے پاس وہ صندوق آجائے گا جس میں تمہارے رب کی طرف

مِّنْ رَّبِّكُمْ وَبَقِيَّةٌ مِّمَّا تَرَكَ

سے تمہارے لیے تسکین (کا سامان) ہے اور آلِ موسیٰ اور آلِ ہارون

اٰلُ مُوْسٰى وَاٰلُ هٰرُوْنَ تَحْمِلُهُ

کی چھوڑی ہوئی یادگاریں ہیں، اُس (صندوق) کو فرشتے

الْمَلٰٓئِكَةُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لَّكُمْ اِنْ

اُٹھائے ہوئے ہوں گے، اِس میں تمہارے لیے بڑی نشانی ہے اگر

كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۲۴۸ ع فَلَمَّا فَصَلَ ع ۳۲ ۲ ۱۶

تم یقین رکھنے والے ہو (۲۴۸) پھر جب نکلے

طَالُوْتُ بِالْجُنُوْدِ ۙ قَالَ اِنَّ اللّٰهَ

طالوت فوجوں کو لے کر تو اُنہوں نے کہا: اللہ

مُبْتَلِيْكُمْ بِنَهَرٍ ۚ فَمَنْ شَرِبَ

تم کو ایک ندی کے ذریعے آزمانے والا ہے، پس جس نے اُس کا

مِنْهُ فَلَيْسَ مِنِّيْ ۚ وَمَنْ لَّمْ

پانی پیا وہ میرا ساتھی نہیں رہے گا ، اور جس نے

يَطْعَمْهُ فَاِنَّهٗ مِنِّيْٓ اِلَّا مَنِ اغْتَرَفَ

اُس کو نہ چکھا وہ میرا ساتھی ہوگا، مگر یہ کہ کوئی ایک آدھ چلّو

غُرْفَةًۢ بِيَدِهٖ ۚ فَشَرِبُوْا مِنْهُ

بھر لے اپنے ہاتھ سے، تو اُنہوں نے اُس میں سے خوب پی لیا

اِلَّا قَلِيْلًا مِّنْهُمْ ۭ فَلَمَّا جَاوَزَهٗ

سوائے تھوڑے آدمیوں کے، پھر جب طالوت اور جو اُس کے

هُوَ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مَعَهٗ ۙ

ساتھ ایمان پر قائم رہے تھے دریا پار کر چکے

قَالُوْا لَا طَاقَةَ لَنَا الْيَوْمَ بِجَالُوْتَ

تو اُن لوگوں نے کہا کہ آج ہم کو "جالوت" اور اُس کی

وَجُنُوْدِهٖ ؕ قَالَ الَّذِیْنَ یَظُنُّوْنَ اَنَّهُمْ

فوجوں سے لڑنے کی طاقت نہیں، جو لوگ یہ جانتے تھے کہ وہ

مُّلٰقُوا اللّٰهِ ۙ كَمْ مِّنْ فِئَةٍ قَلِیْلَةٍ

اللہ سے ملنے والے ہیں انہوں نے کہا: کتنی ہی بار چھوٹی جماعتیں

غَلَبَتْ فِئَةً كَثِیْرَةًۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

اللہ کے حکم سے بڑی جماعتوں پر غالب آئی ہیں، اور اللہ

مَعَ الصّٰبِرِیْنَ ﴿٢٤٩﴾ وَلَمَّا بَرَزُوْا لِجَالُوْتَ

تو صبر کرنے والوں کے ساتھ ہے ﴿٢٤٩﴾ اور جب جالوت اور اُس کی فوجوں سے

وَجُنُوْدِهٖ قَالُوْا رَبَّنَاۤ اَفْرِغْ عَلَیْنَا

اُن کا سامنا ہوا تو اُنہوں نے کہا: اے ہمارے (پیارے) رب! ہم پر صبر

صَبْرًا وَّثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا

ڈال دیجیے اور ہمارے قدموں کو جما دیجیے اور ان کافروں کے مقابلے میں

عَلَی الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ ﴿٢٥٠﴾ؕ فَهَزَمُوْهُمْ

ہماری مدد فرمائیے ﴿٢٥٠﴾ پھر (اس طرح) اُنہوں نے اللہ کے حکم

بِاِذْنِ اللّٰهِ ۛ قف وَقَتَلَ دَاوٗدُ جَالُوْتَ

سے اُن کو شکست دی اور داوٗد (علیہ السلام) نے جالوت کو قتل کر دیا،

وَاٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ وَالْحِكْمَةَ وَعَلَّمَهٗ

اور اللہ نے داوٗد (علیہ السلام) کو بادشاہت اور دانائی عطا کی اور جن چیزوں

مِمَّا يَشَآءُ ؕ وَلَوْ لَا دَفْعُ اللّٰهِ النَّاسَ

کا چاہا علم بخشا، اور اگر اللہ بعض لوگوں کو

بَعْضَهُمْ بِبَعْضٍ لَّفَسَدَتِ الْاَرْضُ

بعض لوگوں سے دبایا نہ کرے تو زمین فساد سے بھر جائے،

وَلٰكِنَّ اللّٰهَ ذُوْ فَضْلٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۲۵۱﴾

مگر اللہ دنیا والوں پر بڑا فضل فرمانے والا ہے ﴿۲۵۱﴾

تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ

یہ اللہ کی آیتیں ہیں جو ہم آپ کو سناتے ہیں

بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۲۵۲﴾

ٹھیک ٹھیک، اور بے شک آپ پیغمبروں میں سے ہو ﴿۲۵۲﴾

وقف لازم
الجزء (۳)

تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ

اُن پیغمبروں میں سے بعض کو ہم نے بعض پر فضیلت دی،

مِنْهُمْ مَّنْ كَلَّمَ اللّٰهُ وَرَفَعَ بَعْضَهُمْ

اُن میں سے بعض سے اللہ نے کلام کیا اور بعض کے

دَرَجٰتٍ ؕ وَاٰتَيْنَا عِيْسَى ابْنَ مَرْيَمَ

درجات بلند کیے، اور ہم نے عیسیٰ بن مریم (علیہ السلام) کو کھلی

الْبَيِّنٰتِ وَاَيَّدْنٰهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ ؕ وَلَوْ

نشانیاں دیں، اور ہم نے اُن کی مدد کی روح القدس

شَآءَ اللّٰهُ مَا اقْتَتَلَ الَّذِيْنَ مِنْۢ

(جبرئیل علیہ السلام) سے، اگر اللہ چاہتا تو آپس میں نہ لڑتے اُن

بَعْدِهِمْ مِّنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَتْهُمُ

کے بعد آنے والے بعد اِس کے کہ اُن کے پاس کھلی نشانیاں

الْبَيِّنٰتُ وَلٰكِنِ اخْتَلَفُوْا فَمِنْهُمْ مَّنْ

آچکیں، مگر اُنہوں نے اختلاف کیا، پھر اُن میں سے کوئی

اٰمَنَ وَمِنْهُمْ مَّنْ كَفَرَ ؕ وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ

ایمان لایا اور کسی نے انکار کیا، اور اگر اللہ چاہتا

مَا اقْتَتَلُوْا ۫ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَفْعَلُ مَا

تو وہ نہ لڑتے ، مگر اللہ کرتا ہے جو وہ چاہتا

يُرِيْدُ ﴿۲۵۳﴾ؑ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْۤا اَنْفِقُوْا ۳۳ع ۵ ۱

ہے ﴿۲۵۳﴾ اے ایمان والو! خرچ کرو اُن چیزوں میں سے جو ہم

مِمَّا رَزَقْنٰكُمْ مِّنْ قَبْلِ اَنْ يَّاْتِىَ يَوْمٌ

نے تم کو دی ہے اُس دن کے آنے سے پہلے جس میں نہ خرید و

لَّا بَيْعٌ فِيْهِ وَلَا خُلَّةٌ وَّلَا شَفَاعَةٌ ؕ

فروخت ہوگی اور نہ دوستی کام آئے گی اور نہ ہی سفارش، اور جو

وَالْكٰفِرُوْنَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿۲۵۴﴾ اَللّٰهُ احتیاط

منکر ہیں وہی ظلم کرنے والے ہیں ﴿۲۵۴﴾ اللہ وہ ہے کہ اُس کے

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَۚ اَلْحَىُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ

سوا کوئی معبود نہیں، وہ زندہ ہے، سب کا تھامنے والا ہے، اُسے نہ اُونگھ

سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ؕ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

آتی ہے اور نہ ہی نیند، اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں اور

وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ

زمین میں ہے، کون ہے جو اُس کے پاس اُس کی اجازت کے

عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ؕ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ

بغیر سفارش کرے، وہ جانتا ہے جو کچھ اُن کے آگے ہے اور جو

اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ

کچھ اُن کے پیچھے ہے، اور وہ کسی چیز کو جان نہیں سکتے اُس کے

بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ

علم میں سے مگر جو وہ چاہے، اُس کی حکومت چھائی ہوئی ہے

كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَئُوْدُهٗ

آسمانوں اور زمین پر، اور اُس پر بھاری نہیں ہے زمین و آسمان

حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿٢٥٥﴾

کی حفاظت کرنا، اور وہی ہے بلند مرتبہ والا، عظمتوں والا ﴿٢٥٥﴾

لَاۤ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۣۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ

دین کے معاملہ میں کوئی زبردستی نہیں ، ہدایت الگ ہو

مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ

چکی ہے گمراہی سے ، پس جس شخص نے شیطان کا انکار کیا

وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ

اور اللہ پر ایمان لایا اُس نے مضبوط حلقہ پکڑ لیا

الْوُثْقٰى ۚ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ

جو ٹوٹنے والا نہیں ، اور اللہ سُننے والا ، جاننے والا

عَلِيْمٌ ﴿٢٥٦﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

ہے ﴿٢٥٦﴾ اللہ دوست ہے ایمان والوں کا ، وہ اُن کو

يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ

اندھیروں سے نکال کر اُجالے کی طرف لاتا ہے ،

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗـــُٔــھُمُ الطَّاغُوْتُ

اور جن لوگوں نے انکار کیا اُن کے دوست شیطان ہیں

يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ؕ

جو اُن کو اُجالے سے نکال کر اندھیروں کی طرف لے جاتے ہیں، یہ

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿٢٥٧﴾ ع ٣٤ ٢

آگ میں جانے والے لوگ ہیں، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٥٧﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِىْ حَآجَّ اِبْرٰهٖمَ فِىْ

کیا تم نے اُس کو نہیں دیکھا جس نے ابراہیم (علیہ السلام) سے بحث کی

رَبِّهٖٓ اَنْ اٰتٰىهُ اللّٰهُ الْمُلْكَ ۘ اِذْ قَالَ وقف لازم

اُن کے رب کے بارے میں اِس وجہ سے کہ اللہ نے اُن کو سلطنت

اِبْرٰهٖمُ رَبِّىَ الَّذِىْ يُحْىٖ وَيُمِيْتُ ۙ قَالَ

دی تھی، جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ میرا رب وہ ہے جو زندہ کرتا

اَنَا اُحْىٖ وَاُمِيْتُ ؕ قَالَ اِبْرٰهٖمُ فَاِنَّ

ہے اور مارتا ہے، اُس نے کہا کہ میں بھی زندہ کرتا ہوں اور مارتا

اللّٰهَ يَاْتِىْ بِالشَّمْسِ مِنَ الْمَشْرِقِ

ہوں، ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: اللہ سورج کو مشرق سے نکالتا ہے،

فَأْتِ بِهَا مِنَ الْمَغْرِبِ فَبُهِتَ الَّذِیْ

تو اُس کو مغرب سے نکال دے، تب وہ منکر لاجواب

كَفَرَ ؕ وَاللّٰهُ لَا یَهْدِی الْقَوْمَ الظّٰلِمِیْنَ ۚ ﴿۲۵۸﴾

ہوگیا، اور اللہ ظالم لوگوں کو راہ نہیں دِکھاتا ﴿۲۵۸﴾

اَوْ كَالَّذِیْ مَرَّ عَلٰى قَرْیَةٍ وَّهِیَ خَاوِیَةٌ

یا جیسے وہ شخص جس کا گزر ایک ایسی بستی پر سے ہوا جو اپنی چھتوں کے بَل

عَلٰى عُرُوْشِهَا ۚ قَالَ اَنّٰى یُحْیٖ هٰذِهِ

گری پڑی تھی، اُس نے کہا: اللہ کس طرح اِس بستی کو ہلاک ہوجانے کے

اللّٰهُ بَعْدَ مَوْتِهَا ۚ فَاَمَاتَهُ اللّٰهُ مِائَةَ

بعد دوبارہ زندہ کرے گا؟ پس اللہ نے سَو برس تک کے لیے اُسے موت

عَامٍ ثُمَّ بَعَثَهٗ ؕ قَالَ كَمْ لَبِثْتَ ؕ قَالَ

دے دی پھر اُس کو زندہ کیا، اللہ نے پوچھا: تم کتنی دیر اِس حالت میں

لَبِثْتُ یَوْمًا اَوْ بَعْضَ یَوْمٍ ؕ قَالَ بَلْ

رہے؟ اُس نے کہا: ایک دن یا ایک دن کا کچھ حصّہ، اللہ نے کہا: نہیں؛ بلکہ

لَّبِثْتَ مِائَةَ عَامٍ فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ

تم سو۱۰۰ برس رہے ہو، اب تم اپنے کھانے اور پینے کی چیزوں کو دیکھو کہ

وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ۚ وَانْظُرْ اِلٰى

وہ سڑی نہیں ہیں اور ذرا دیکھو اپنے گدھے کو، اور تا کہ ہم تم کو لوگوں

حِمَارِكَ قف وَلِنَجْعَلَكَ اٰيَةً لِّلنَّاسِ وَانْظُرْ

کے لیے نشانی بنا دیں، اور ہڈیوں کو بھی دیکھو کہ کس طرح ہم اُن کا

اِلَى الْعِظَامِ كَيْفَ نُنْشِزُهَا ثُمَّ نَكْسُوْهَا

ڈھانچہ کھڑا کرتے ہیں پھر اُن پر گوشت چڑھاتے ہیں، پس جب

لَحْمًا ط فَلَمَّا تَبَيَّنَ لَهٗ ۙ قَالَ اَعْلَمُ اَنَّ

اُس پر واضح ہو گیا تو کہنے لگا: میں جانتا ہوں کہ بے شک اللہ ہر چیز

اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٥٩﴾ وَاِذْ قَالَ

پر قدرت رکھتا ہے ﴿٢٥٩﴾ اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے

اِبْرٰهٖمُ رَبِّ اَرِنِيْ كَيْفَ تُحْيِ الْمَوْتٰى ط

(پیارے) رب! مجھ کو دکھائیے کہ آپ کس طرح مُردوں کو زندہ فرمائیں گے؟

قَالَ اَوَلَمْ تُؤْمِنْ ؕ قَالَ بَلٰى وَلٰكِنْ

اللہ نے کہا: کیا تم یقین نہیں رکھتے؟ ابراہیم نے کہا: کیوں نہیں،

لِّيَطْمَىِٕنَّ قَلْبِىْ ؕ قَالَ فَخُذْ اَرْبَعَةً

مگر صِرف اِس لیے کہ میرے دل کو اطمینان ہو جائے، فرمایا کہ تم

مِّنَ الطَّيْرِ فَصُرْهُنَّ اِلَيْكَ ثُمَّ اجْعَلْ

چار پرندے لو اور اُن کو اپنے سے مانوس کرلو، پھر اُن میں سے ہر

عَلٰى كُلِّ جَبَلٍ مِّنْهُنَّ جُزْءًا ثُمَّ ادْعُهُنَّ

ایک کے کچھ حصّے کو الگ الگ پہاڑی پر رکھ دو، پھر اُن کو بُلاؤ، وہ

يَاْتِيْنَكَ سَعْيًا ؕ وَاعْلَمْ اَنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ

تمہارے پاس دوڑتے ہوئے چلے آئیں گے، اور جان لو کہ اللہ

حَكِيْمٌ ع ﴿٢٦٠﴾ مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ ٣٥ ع ٤ ٢

زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿٢٦٠﴾ جو لوگ اپنے مال اللہ کی راہ

اَمْوَالَهُمْ فِىْ سَبِيْلِ اللّٰهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ

میں خرچ کرتے ہیں اُن کی مثال ایسی ہے جیسے ایک دانہ ہو

اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ

جس سے سات بالیاں پیدا ہوں ، ہر بالی میں سَو دانے

مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللّٰهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ

ہوں ، اور اللہ بڑھاتا ہے جس کے لیے چاہتا ہے ، اور اللہ

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦١﴾ اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ

وُسعت والا ، جاننے والا ہے ﴿٢٦١﴾ جو لوگ اپنے مال اللہ کی

اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ثُمَّ لَا يُتْبِعُوْنَ

راہ میں خرچ کرتے ہیں پھر خرچ کرنے کے بعد نہ احسان

مَآ اَنْفَقُوْا مَنًّا وَّلَآ اَذًى ۙ لَّهُمْ اَجْرُهُمْ

رکھتے ہیں اور نہ تکلیف پہونچاتے ہیں ، اُن کے لیے اُن کے

عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ

رب کے پاس اُن کا اجر ہے ، اور اُن کے لیے نہ کوئی ڈر ہے اور

يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٦٢﴾ قَوْلٌ مَّعْرُوْفٌ وَّمَغْفِرَةٌ

نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٢٦٢﴾ مناسب بات کہہ دینا اور درگزر کرنا

احتیاط ←

خَيْرٌ مِّنْ صَدَقَةٍ يَّتْبَعُهَآ اَذًى ؕ وَاللّٰهُ

اُس صدقے سے بہتر ہے جس کے بعد ستانا ہو، اور اللہ

غَنِيٌّ حَلِيْمٌ ﴿٢٦٣﴾ يٰۤاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

بے نیاز ہے، بُردبار ہے ﴿٢٦٣﴾ اے ایمان والو! احسان رکھ کر

لَا تُبْطِلُوْا صَدَقٰتِكُمْ بِالْمَنِّ وَالْاَذٰى ۙ

اور ستا کر اپنے صدقے کو ضائع نہ کرو، اُس انسان کی طرح

كَالَّذِيْ يُنْفِقُ مَالَهٗ رِئَآءَ النَّاسِ

جو اپنا مال دِکھاوے کے لیے خرچ کرتا ہے اور اللہ پر

وَلَا يُؤْمِنُ بِاللّٰهِ وَالْيَوْمِ الْاٰخِرِ ؕ فَمَثَلُهٗ

اور آخرت کے دن پر ایمان نہیں رکھتا، پس اُس کی مثال ایسی

كَمَثَلِ صَفْوَانٍ عَلَيْهِ تُرَابٌ فَاَصَابَهٗ

ہے جیسے ایک چٹان ہو جس پر کچھ مٹّی ہو، پھر اُس پر زور کی

وَابِلٌ فَتَرَكَهٗ صَلْدًا ؕ لَا يَقْدِرُوْنَ

بارش پڑے اور اُس کو بالکل صاف کر دے، ایسے لوگوں کو

عَلٰی شَیۡءٍ مِّمَّا کَسَبُوۡا ؕ وَاللّٰہُ لَا یَہۡدِی
اپنی کمائی کچھ بھی ہاتھ نہ لگے گی ، اور اللہ منکر لوگوں

الۡقَوۡمَ الۡکٰفِرِیۡنَ ﴿۲۶۴﴾ وَمَثَلُ الَّذِیۡنَ
کو راہ نہیں دکھاتا ﴿۲۶۴﴾ اور اُن لوگوں کی مثال

یُنۡفِقُوۡنَ اَمۡوَالَہُمُ ابۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِ
جو اپنے مالوں کو اللہ کی رضا چاہنے کے لیے اور اپنے آپ

اللّٰہِ وَتَثۡبِیۡتًا مِّنۡ اَنۡفُسِہِمۡ کَمَثَلِ جَنَّۃٍۭ
میں مضبوطی کے لیے خرچ کرتے ہیں ایک باغ کی طرح ہے جو

بِرَبۡوَۃٍ اَصَابَہَا وَابِلٌ فَاٰتَتۡ اُکُلَہَا
بلندی پر ہو کہ اُس پر زور کی بارش پڑے تو وہ دوگنا پھل دے،

ضِعۡفَیۡنِ ۚ فَاِنۡ لَّمۡ یُصِبۡہَا وَابِلٌ فَطَلٌّ ؕ
اور اگر بارش زور کی نہ پڑے تو ہلکی پھوار بھی کافی ہے، اور جو

وَاللّٰہُ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِیۡرٌ ﴿۲۶۵﴾ اَیَوَدُّ
کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کو دیکھ رہا ہے ﴿۲۶۵﴾ کیا تم میں سے کوئی

اَحَدُكُمْ اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ جَنَّةٌ مِّنْ نَّخِيْلٍ

یہ پسند کرتا ہے کہ اُس کے پاس کھجوروں اور انگوروں

وَّاَعْنَابٍ تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ

کا ایک باغ ہو، اُس کے نیچے سے نہریں بہہ رہی ہوں،

لَهٗ فِيْهَا مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ ۙ وَاَصَابَهُ

اُس میں اُس کے لیے ہر قسم کے پھل ہوں، اور وہ بوڑھا

الْكِبَرُ وَلَهٗ ذُرِّيَّةٌ ضُعَفَآءُ ۖ فَاَصَابَهَآ

ہو جائے اور اُس کے بچّے ابھی کمزور ہوں، تب اُس باغ

اِعْصَارٌ فِيْهِ نَارٌ فَاحْتَرَقَتْ ۗ كَذٰلِكَ

پر ایک بگولہ آئے جس میں آگ ہو پس وہ باغ جل

يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ لَعَلَّكُمْ

جائے، اِس طرح اللہ تمہارے لیے کھول کر نشانیاں بیان

تَتَفَكَّرُوْنَ ﴿٢٦٦﴾ ع يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا ٣٦

کرتا ہے؛ تا کہ تم غور کرو ﴿٢٦٦﴾ اے ایمان والو!

اَنْفِقُوْا مِنْ طَيِّبٰتِ مَا كَسَبْتُمْ وَمِمَّآ

خرچ کرو عمدہ چیزوں کو اپنی کمائی میں سے اور اُس میں سے

اَخْرَجْنَا لَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ ۪ وَلَا تَيَمَّمُوا

جو ہم نے تمہارے لیے زمین سے پیدا کیا ہے، اور خراب چیز

الْخَبِيْثَ مِنْهُ تُنْفِقُوْنَ وَلَسْتُمْ

کا ارادہ نہ کرو کہ اُس میں سے خرچ کرو؛ حالانکہ تم کبھی اُس کو

بِاٰخِذِيْهِ اِلَّآ اَنْ تُغْمِضُوْا فِيْهِ ؕ وَاعْلَمُوْٓا

لینے والے نہیں مگر یہ کہ تم اُس سے آنکھیں پھیر لو، اور جان لو

اَنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ حَمِيْدٌ ﴿٢٦٧﴾ اَلشَّيْطٰنُ

کہ اللہ بے نیاز ہے، خوبیوں والا ہے ﴿٢٦٧﴾ شیطان

يَعِدُكُمُ الْفَقْرَ وَيَاْمُرُكُمْ بِالْفَحْشَآءِ ۚ

تم کو محتاجی سے ڈراتا ہے اور بُری بات کی تلقین کرتا ہے،

وَاللّٰهُ يَعِدُكُمْ مَّغْفِرَةً مِّنْهُ وَفَضْلًا ؕ

اور اللہ تم سے وعدہ کرتا ہے اپنی بخشش کا اور فضل کا،

وَاللّٰهُ وَاسِعٌ عَلِيۡمٌ ﴿٢٦٨﴾ يُّؤۡتِى الۡحِكۡمَةَ

اور اللہ وسعت والا ہے، جاننے والا ہے ﴿٢٦٨﴾ وہ جس کو چاہتا

مَنۡ يَّشَآءُ ۚ وَمَنۡ يُّؤۡتَ الۡحِكۡمَةَ

ہے حکمت دے دیتا ہے، اور جس کو حکمت ملی اُس کو

فَقَدۡ اُوۡتِىَ خَيۡرًا كَثِيۡرًا ؕ وَمَا يَذَّكَّرُ

یقیناً بہت بڑی دولت مل گئی، اور نصیحت وہی حاصل

اِلَّاۤ اُولُوا الۡاَلۡبَابِ ﴿٢٦٩﴾ وَمَاۤ اَنۡفَقۡتُمۡ

کرتے ہیں جو عقل والے ہیں ﴿٢٦٩﴾ اور جو کچھ تم خرچ

مِّنۡ نَّفَقَةٍ اَوۡ نَذَرۡتُمۡ مِّنۡ نَّذۡرٍ فَاِنَّ

کرتے ہو یا جو منّت تم مانتے ہو اُس کو اللہ

اللّٰهَ يَعۡلَمُهٗ ؕ وَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ اَنۡصَارٍ ﴿٢٧٠﴾

جانتا ہے، اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ﴿٢٧٠﴾

اِنۡ تُبۡدُوا الصَّدَقٰتِ فَنِعِمَّا هِىَ ۚ وَاِنۡ

اگر تم اپنے صدقات ظاہر کرکے دو تب بھی اچھا ہے، اور اگر

تُخْفُوْهَا وَتُؤْتُوْهَا الْفُقَرَآءَ فَهُوَ خَيْرٌ

تم اُنہیں چھپا کر محتاجوں کو دو تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر

لَّكُمْ ؕ وَيُكَفِّرُ عَنْكُمْ مِّنْ سَيِّاٰتِكُمْ ؕ

ہے ، اور اللہ تمہارے گناہوں کو دور کر دے گا ،

وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ خَبِيْرٌ ﴿۲۷۱﴾ لَيْسَ

اور اللہ تمہارے کاموں سے واقف ہے ﴿۲۷۱﴾ اُن کو ہدایت

عَلَيْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ يَهْدِيْ

پر لانا آپ کے ذِمّے نہیں ؛ بلکہ اللہ جس کو چاہتا ہے اُس کو

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

ہدایت دیتا ہے، اور جو مال تم خرچ کرو گے اپنے ہی لیے کرو

فَلِاَنْفُسِكُمْ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْنَ اِلَّا ابْتِغَآءَ

گے ، اور تم نہ خرچ کرو مگر اللہ کی رضا چاہنے کے لیے ،

وَجْهِ اللّٰهِ ؕ وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ يُّوَفَّ

اور تم جو مال خرچ کرو گے وہ تم کو پورا دے دیا جائے گا ،

اِلَيْكُمْ وَاَنْتُمْ لَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٢﴾ لِلْفُقَرَآءِ

اور تمہارے لیے اُس میں کمی نہ کی جائے گی ﴿٢٧٢﴾ صدقات اُن

الَّذِيْنَ اُحْصِرُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ

حاجت مندوں کے لیے ہیں جو اللہ کی راہ میں

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ ضَرْبًا فِي الْاَرْضِ ز

گھر گئے ہوں، زمین میں دوڑ دھوپ نہیں کرسکتے،

يَحْسَبُهُمُ الْجَاهِلُ اَغْنِيَآءَ مِنَ التَّعَفُّفِ ج

ناواقف آدمی اُن کو مالدار خیال کرتا ہے اُن کے نہ مانگنے کی

تَعْرِفُهُمْ بِسِيْمٰهُمْ ج لَا يَسْـَٔلُوْنَ

وجہ سے، تم اُن کو اُن کی صورت سے پہچان سکتے ہو، وہ لوگوں

النَّاسَ اِلْحَافًا ط وَمَا تُنْفِقُوْا مِنْ خَيْرٍ

سے چمٹ کر نہیں مانگتے، اور جو کچھ مال تم خرچ کروگے

فَاِنَّ اللّٰهَ بِهٖ عَلِيْمٌ ﴿٢٧٣﴾ ع اَلَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ ع ٣٧ ۷ ۵

اللہ اُسے خوب جاننے والا ہے ﴿٢٧٣﴾ جو لوگ اپنے مالوں کو

اَمْوَالَهُمْ بِالَّيْلِ وَالنَّهَارِ سِرًّا وَّعَلَانِيَةً

رات اور دن میں، چھپ چھپا کر اور کھلے عام خرچ کرتے

فَلَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

ہیں اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس اجر ہے، اور اُن پر

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٤﴾ اَلَّذِيْنَ

وقف منزل

نہ کوئی خوف ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٢٧٤﴾ جو لوگ

يَاْكُلُوْنَ الرِّبٰوا لَا يَقُوْمُوْنَ اِلَّا كَمَا

سُود کھاتے ہیں وہ (قیامت میں) نہ اُٹھیں گے مگر اُس شخص

يَقُوْمُ الَّذِيْ يَتَخَبَّطُهُ الشَّيْطٰنُ مِنَ

کی مانند جس کو شیطان نے چھو کر پاگل بنا دیا ہو، یہ اِس لیے

الْمَسِّ ؕ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْٓا اِنَّمَا الْبَيْعُ

کہ اُنہوں نے کہا کہ تجارت کرنا بھی ویسا ہی ہے جیسا سُود

مِثْلُ الرِّبٰوا ۘ وَاَحَلَّ اللّٰهُ الْبَيْعَ وَحَرَّمَ

وقف لازم

لینا؛ حالانکہ اللہ نے تجارت کو حلال ٹھہرایا ہے اور سُود کو

الرِّبٰوا ؕ فَمَنۡ جَآءَهٗ مَوۡعِظَةٌ مِّنۡ رَّبِّهٖ

حرام کیا ہے، پھر جس شخص کے پاس اُس کے رب کی طرف سے

فَانۡتَهٰى فَلَهٗ مَا سَلَفَ ؕ وَاَمۡرُهٗۤ اِلَى

نصیحت پہونچی اور وہ باز آ گیا تو جو کچھ وہ لے چکا وہ اُس کے لیے

اللّٰهِ ؕ وَمَنۡ عَادَ فَاُولٰٓئِكَ اَصۡحٰبُ النَّارِ ۚ

ہے، اور اُس کا معاملہ اللہ کے حوالے ہے، اور جو شخص پھر وہی کرے

هُمۡ فِيۡهَا خٰلِدُوۡنَ ﴿٢٧٥﴾ يَمۡحَقُ اللّٰهُ الرِّبٰوا

تو وہی لوگ دوزخی ہیں، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿٢٧٥﴾ اللہ سود کو

وَيُرۡبِى الصَّدَقٰتِ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ كُلَّ

گھٹاتا ہے اور صدقات کو بڑھاتا ہے، اور اللہ پسند نہیں کرتا

كَفَّارٍ اَثِيۡمٍ ﴿٢٧٦﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا

ناشکروں کو، گنہ گاروں کو ﴿٢٧٦﴾ بے شک جو لوگ ایمان لائے

الصّٰلِحٰتِ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتَوُا الزَّكٰوةَ

اور نیک عمل کیے اور نماز کی پابندی کی اور زکوٰۃ ادا کی،

لَهُمْ اَجْرُهُمْ عِنْدَ رَبِّهِمْ ۚ وَلَا خَوْفٌ

اُن کے لیے اُن کا اجر ہے اُن کے رب کے پاس، اُن کے

عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿٢٧٧﴾ يٰٓاَيُّهَا

لیے نہ کوئی اندیشہ ہے اور نہ وہ غمگین ہوں گے ﴿٢٧٧﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوا اللّٰهَ وَذَرُوْا مَا بَقِيَ

ایمان والو ! اللہ سے ڈرو اور جو سُود باقی رہ گیا ہے

مِنَ الرِّبٰوٓا اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٢٧٨﴾ فَاِنْ

اُس کو چھوڑ دو ، اگر تم مؤمن ہو ﴿٢٧٨﴾ اگر تم نے ایسا

لَّمْ تَفْعَلُوْا فَاْذَنُوْا بِحَرْبٍ مِّنَ اللّٰهِ

نہیں کیا تو اللہ اور اُس کے رسول کی طرف سے لڑائی کے

وَرَسُوْلِهٖ ۚ وَاِنْ تُبْتُمْ فَلَكُمْ رُءُوْسُ

لیے تیّار ہوجاؤ ، اور اگر تم توبہ کرلو تو اصل رقم کے تم

اَمْوَالِكُمْ ۚ لَا تَظْلِمُوْنَ وَلَا تُظْلَمُوْنَ ﴿٢٧٩﴾

حقدار ہو، نہ تم کسی پر ظلم کرو اور نہ تم پر ظلم کیا جائے ﴿٢٧٩﴾

وَاِنْ كَانَ ذُوْ عُسْرَةٍ فَنَظِرَةٌ اِلٰى
اور اگر کوئی شخص تنگی میں ہے تو اُس کی آسانی تک مہلت

مَيْسَرَةٍ ؕ وَاَنْ تَصَدَّقُوْا خَيْرٌ لَّكُمْ اِنْ
دو، اور اگر معاف کردو تو یہ تمہارے لیے زیادہ بہتر ہے،

كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨٠﴾ وَاتَّقُوْا يَوْمًا تُرْجَعُوْنَ
اگر تم جانتے ہو ﴿٢٨٠﴾ اور اُس دن سے ڈرو جس دن تم

فِيْهِ اِلَى اللّٰهِ ۗ ثُمَّ تُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ مَّا
اللہ کی طرف لوٹائے جاؤ گے، پھر ہر شخص کو اُس کا کیا ہوا

كَسَبَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿٢٨١﴾ يٰٓاَيُّهَا ع ٣٨ ٨
پورا پورا مِل جائے گا، اور اُن پر ظلم نہ ہوگا ﴿٢٨١﴾ اے

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اِذَا تَدَايَنْتُمْ بِدَيْنٍ
ایمان والو! جب تم کسی مقرّرہ مُدّت کے لیے اُدھار

اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى فَاكْتُبُوْهُ ؕ وَلْيَكْتُبْ
کا لین دین کرو تو اُس کو لکھ لیا کرو، اور اُس کو لکھے

بَّيۡنَكُمۡ كَاتِبٌۢ بِالۡعَدۡلِ‌ ۖ وَلَا يَاۡبَ كَاتِبٌ

تمہارے درمیان کوئی لکھنے والا انصاف کے ساتھ، اور لکھنے

اَنۡ يَّكۡتُبَ كَمَا عَلَّمَهُ اللّٰهُ فَلۡيَكۡتُبۡ‌ ۚ

والا لکھنے سے انکار نہ کرے، جیسا اللہ نے اُس کو سکھا یا اُسی

وَلۡيُمۡلِلِ الَّذِىۡ عَلَيۡهِ الۡحَـقُّ وَلۡيَتَّقِ

طرح اُس کو چاہیے کہ لکھ دے، اور وہ شخص لکھوائے جس پر حق

اللّٰهَ رَبَّهٗ وَلَا يَبۡخَسۡ مِنۡهُ شَيۡـــًٔا‌ ؕ

آتا ہے، اور وہ ڈرے اللہ سے جو اُس کا رب ہے اور اُس

فَاِنۡ كَانَ الَّذِىۡ عَلَيۡهِ الۡحَـقُّ سَفِيۡهًا

میں کوئی کمی نہ کرے، پھر اگر وہ شخص جس پر حق نکلتا ہے ناسمجھ

اَوۡ ضَعِيۡفًا اَوۡ لَا يَسۡتَطِيۡعُ اَنۡ

ہو یا کمزور ہو یا خود لکھوانے کی قدرت نہ رکھتا ہو تو

يُّمِلَّ هُوَ فَلۡيُمۡلِلۡ وَلِيُّهٗ بِالۡعَدۡلِ‌ؕ

چاہیے کہ اُس کا ذمّہ دار انصاف کے ساتھ لکھوادے،

وَاسْتَشْهِدُوْا شَهِيْدَيْنِ مِنْ رِّجَالِكُمْ ۚ

اور اپنے مردوں میں سے دو آدمیوں کو گواہ کرلو، اور اگر دو مرد

فَاِنْ لَّمْ يَكُوْنَا رَجُلَيْنِ فَرَجُلٌ

نہ ہوں تو پھر ایک مرد اور دو عورتیں ہوں اُن لوگوں میں سے

وَّامْرَاَتٰنِ مِمَّنْ تَرْضَوْنَ مِنَ الشُّهَدَآءِ

جن کو تم پسند کرتے ہو گواہوں میں سے؛ تاکہ اگر ایک عورت

اَنْ تَضِلَّ اِحْدٰىهُمَا فَتُذَكِّرَ اِحْدٰىهُمَا

بھول جائے تو اُن میں کی ایک عورت دوسری کو یاد دلا دے،

الْاُخْرٰى ؕ وَلَا يَاْبَ الشُّهَدَآءُ اِذَا مَا دُعُوْا ؕ

اور گواہ انکار نہ کرے جب وہ بلائے جائیں، اور معاملہ کی

وَلَا تَسْـَٔمُوْٓا اَنْ تَكْتُبُوْهُ صَغِيْرًا اَوْ كَبِيْرًا

مدت لکھنے میں سُستی نہ کرو چاہے وہ چھوٹا ہو یا بڑا،

اِلٰٓى اَجَلِهٖ ؕ ذٰلِكُمْ اَقْسَطُ عِنْدَ اللّٰهِ وَاَقْوَمُ

یہ لکھ لینا اللہ کے نزدیک زیادہ انصاف کا طریقہ ہے

لِلشَّهَادَةِ وَاَدْنٰۤى اَلَّا تَرْتَابُوْۤا اِلَّاۤ اَنْ

اور گواہی کو زیادہ درست رکھنے والا ہے، اور زیادہ قریب ہے

تَكُوْنَ تِجَارَةً حَاضِرَةً تُدِيْرُوْنَهَا بَيْنَكُمْ

اس کے کہ تم شبہ میں نہ پڑ جاؤ، لیکن اگر کوئی سودا ہاتھوں ہاتھ ہو

فَلَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَلَّا تَكْتُبُوْهَا ؕ

جس کا تم آپس میں لین دین کیا کرتے ہو تو تم پر کوئی الزام نہیں

وَاَشْهِدُوْۤا اِذَا تَبَايَعْتُمْ ۪ وَلَا يُضَآرَّ

کہ تم اُس کو نہ لکھو، مگر جب یہ سودا کرو تو گواہ بنا لیا کرو، اور کسی

كَاتِبٌ وَّلَا شَهِيْدٌ ؕ۬ وَاِنْ تَفْعَلُوْا

لکھنے والے کو یا گواہ کو تکلیف نہ پہونچائی جائے، اور اگر ایسا

فَاِنَّهٗ فُسُوْقٌۢ بِكُمْ ؕ وَاتَّقُوا اللّٰهَ ؕ

کرو گے تو یہ تمہارے لیے گناہ کی بات ہوگی، اور اللہ سے ڈرو،

وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿٢٨٢﴾

اللہ تم کو سکھاتا ہے، اور اللہ ہر چیز کا جاننے والا ہے ﴿٢٨٢﴾

وَاِنْ كُنْتُمْ عَلٰى سَفَرٍ وَّلَمْ تَجِدُوْا

اور اگر تم سفر میں ہو اور کوئی لکھنے والا نہ پاؤ تو رَہن رکھنے کی

كَاتِبًا فَرِهٰنٌ مَّقْبُوْضَةٌ ؕ فَاِنْ اَمِنَ

چیزیں قبضہ میں دے دی جائیں ، اور اگر ایک دوسرے کا

بَعْضُكُمْ بَعْضًا فَلْيُؤَدِّ الَّذِی

اعتبار کرتے ہو تو چاہیے کہ جس پر اعتبار کیا گیا وہ امانت کو

اؤْتُمِنَ اَمَانَتَهٗ وَلْيَتَّقِ اللّٰهَ رَبَّهٗ ؕ

ادا کردے اور اللہ سے ڈرے جو اُس کا رب ہے ،

وَلَا تَكْتُمُوا الشَّهَادَةَ ؕ وَمَنْ يَّكْتُمْهَا

اور گواہی کو نہ چھپاؤ ، اور جو شخص گواہی چھپائے گا

فَاِنَّهٗۤ اٰثِمٌ قَلْبُهٗ ؕ وَاللّٰهُ بِمَا تَعْمَلُوْنَ

اُس کا دل گناہ گار ہوگا ، اور جو کچھ تم کرتے ہو اللہ اُس کو

عَلِيْمٌ ﴿۲۸۳﴾ ع لِلّٰهِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی ع ۳۹ ۲ ۷

جاننے والا ہے ﴿۲۸۳﴾ اللہ ہی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے

الْاَرْضِ ؕ وَاِنْ تُبْدُوْا مَا فِيْٓ اَنْفُسِكُمْ
اور جو زمین میں ہے، تم اپنے دل کی باتوں کو ظاہر کرو یا

اَوْ تُخْفُوْهُ يُحَاسِبْكُمْ بِهِ اللّٰهُ ؕ فَيَغْفِرُ
چھپاؤ اللہ تم سے اُن کا حساب لے گا، پھر جس کو

لِمَنْ يَّشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَنْ يَّشَآءُ ؕ
چاہے گا بخشے گا اور جس کو چاہے گا سزا دے گا، اور اللہ

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۸۴﴾ اٰمَنَ
ہر چیز پر قدرت والا ہے ﴿۲۸۴﴾ رسول ایمان لائے ہیں اُس پر جو

الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ
اُن کے رب کی طرف سے اُن پر اُترا ہے اور مسلمان بھی اُس

رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ
پر ایمان لائے ہیں، سب ایمان لائے ہیں اللہ پر، اور اُس کے

وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۟ لَا نُفَرِّقُ
فرشتوں پر، اور اُس کی کتابوں پر، اور اُس کے رسولوں پر، ہم اُس کے

بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۟ وَقَالُوْا

رسولوں میں سے کسی کے درمیان فرق نہیں کرتے، اور وہ کہتے ہیں کہ ہم

سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ٛ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا

نے سنا اور فرماں برداری کی، ہم آپ کی بخشش چاہتے ہیں، اور اے

وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿٢٨٥﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ

ہمارے (پیارے) رب! لوٹنا تو آپ ہی کی طرف ہے ﴿٢٨٥﴾ اللہ کسی پر

نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتْ

ذمہ داری نہیں ڈالتا مگر اُس کی طاقت کے مطابق ہی، اُس کو ملے گا وہی جو

وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ

اُس نے کمایا اور اُس پر پڑے گا وہی جو اُس نے کیا، اے ہمارے

اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا

(پیارے) پروردگار! ہمیں نہ پکڑیں اگر ہم بھول جائیں یا غلطی کر جائیں،

وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ

اے ہمارے رب! ہم پر بوجھ نہ ڈالیے جس طرح آپ نے بوجھ ڈالا تھا

عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا

ہم سے اگلے لوگوں پر ، اے ہمارے (پیارے) رب !

وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ

ہم سے وہ نہ اُٹھوایئے جس کی طاقت ہم کو نہیں ہے، اور درگزر

عَنَّا ۥ وقفة وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وقفة وَارْحَمْنَا ۥ وقفة

فرمایئے ہم سے، اور ہم کو بخش دیجیے اور ہم پر رحم فرمایئے، آپ

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ

ہی ہمارے کارساز ہیں، پس انکار کرنے والوں کے مقابلہ میں

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٢٨٦﴾ ع

ہماری مدد کیجیے ﴿٢٨٦﴾

ع ٤٠ ٨

سورۂ آلِ عمران مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (٢٠٠) آیتیں اور (٢٠) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٩) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٣) نمبر پر ہے اور سورۂ انفال کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (٣٤٨٠) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٤٥٢٠) حروف ہیں

الٓمّٓ ﴿١﴾ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ

الٓمّٓ ﴿١﴾ اللہ وہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں ، زندہ

الْقَيُّوْمُ ۭ ﴿٢﴾ نَزَّلَ عَلَيْكَ الْكِتٰبَ بِالْحَقِّ
اور سب کا تھامنے والا ہے ﴿٢﴾ اُس نے تم پر کتاب اُتاری حق کے
مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ وَاَنْزَلَ التَّوْرٰىةَ
ساتھ، سچّا کرنے والی اُس چیز کو جو اُس کے آگے ہے اور اُس نے
وَالْاِنْجِيْلَ ﴿٣﴾ مِنْ قَبْلُ هُدًى لِّلنَّاسِ
تورات اور اِنجیل اُتاری ﴿٣﴾ اِس سے پہلے لوگوں کی ہدایت کے
وَاَنْزَلَ الْفُرْقَانَ ۬ اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا
لیے اور اللہ ہی نے یہ فرق کرنے والی کتاب اُتاری، بے شک جن
بِاٰيٰتِ اللّٰهِ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۭ وَاللّٰهُ
لوگوں نے اللہ کی نشانیوں کا انکار کیا اُن کے لیے سخت عذاب ہے،
عَزِيْزٌ ذُو انْتِقَامٍ ﴿٤﴾ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَخْفٰى
اور اللہ زبردست ہے، بدلہ لینے والا ہے ﴿٤﴾ بے شک اللہ سے کوئی
عَلَيْهِ شَيْءٌ فِي الْاَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاۗءِ ۭ ﴿٥﴾
چیز چھپی ہوئی نہیں، نہ زمین میں اور نہ آسمان میں ﴿٥﴾

هُوَ الَّذِيْ يُصَوِّرُكُمْ فِي الْاَرْحَامِ كَيْفَ
وہی ہے جو تمہاری صورت بناتا ہے ماں کے پیٹ میں جس

يَشَآءُ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
طرح چاہتا ہے، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زبردست

الْحَكِيْمُ ۝٦ هُوَ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلَيْكَ
ہے، حکمت والا ہے ۝٦ وہی ہے جس نے تمہارے اوپر

الْكِتٰبَ مِنْهُ اٰيٰتٌ مُّحْكَمٰتٌ هُنَّ اُمُّ
کتاب اُتاری، اُس میں بعض آیتیں صاف صاف ہیں، وہ

الْكِتٰبِ وَاُخَرُ مُتَشٰبِهٰتٌ ؕ فَاَمَّا الَّذِيْنَ
کتاب کی اصل ہیں، اور دوسری آیتیں ''متشابہ'' ہیں، پس جن

فِيْ قُلُوْبِهِمْ زَيْغٌ فَيَتَّبِعُوْنَ مَا تَشَابَهَ
کے دلوں میں ٹیڑھا پن ہے وہ متشابہ آیتوں کے پیچھے پڑ جاتے

مِنْهُ ابْتِغَآءَ الْفِتْنَةِ وَابْتِغَآءَ تَاْوِيْلِهٖ ۚ ۖ
ہیں، فتنے کی غرض سے اور اُس کے مطلب کی تلاش میں؛

وقف النبی صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم

وَمَا يَعْلَمُ تَاْوِيْلَهٗٓ اِلَّا اللّٰهُ ۘ وَالرّٰسِخُوْنَ
حالانکہ اُن کا مطلب کوئی نہیں جانتا اللہ کے سوا، اور جو لوگ پختہ علم

فِي الْعِلْمِ يَقُوْلُوْنَ اٰمَنَّا بِهٖ ۙ كُلٌّ مِّنْ
والے ہیں وہ کہتے ہیں کہ ہم اُس پر ایمان لائے، سب ہمارے

عِنْدِ رَبِّنَا ۚ وَمَا يَذَّكَّرُ اِلَّآ اُولُوا
رب کی طرف سے ہے، اور نصیحت وہی لوگ قبول کرتے ہیں جو

الْاَلْبَابِ ﴿٧﴾ رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ
عقل والے ہیں ﴿٧﴾ اے ہمارے (پیارے) رب! ہمارے دلوں کو

اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ
نہ پھیرئیے جب کہ آپ ہم کو ہدایت دے چکے، اور ہم کو اپنے پاس سے

رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ رَبَّنَآ
رحمت دیجیے، بے شک آپ ہی سب کچھ دینے والے ہیں ﴿٨﴾ اے ہمارے

اِنَّكَ جَامِعُ النَّاسِ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ
(پیارے) پروردگار! آپ جمع کرنے والے ہیں لوگوں کو ایک دن جس میں کوئی شبہ

ع ۱ ۹ ۹

فِيْهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُخْلِفُ الْمِيْعَادَ ۹

نہیں، بے شک اللہ وعدے کے خلاف نہیں کرتا ۹

اِنَّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ تُغْنِيَ عَنْھُمْ

بے شک جن لوگوں نے انکار کیا، اُن کے مال اور اُن کی اولاد

اَمْوَالُھُمْ وَلَآ اَوْلَادُھُمْ مِّنَ اللّٰهِ شَـيْـــًٔا ۭ

اللہ کے مقابلہ میں اُن کے کچھ بھی کام نہ آئیں گے، اور یہی لوگ

وَاُولٰۗىِٕكَ ھُمْ وَقُوْدُ النَّارِ ۱۰ۙ كَدَاْبِ

آگ کا ایندھن ہوں گے ۱۰ اُن کا انجام ویسا ہی ہوگا جیسا

اٰلِ فِرْعَوْنَ ۙ وَالَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۭ

فرعون والوں کا اور اُن سے پہلے والوں کا ہُوا، اُنہوں نے ہماری

كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا ۚ فَاَخَذَھُمُ اللّٰهُ بِذُنُوْبِهِمْ ۭ

نشانیوں کو جھٹلایا، اُس پر اللہ نے اُن کے گناہوں کے باعث اُن کو

وَاللّٰهُ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ۱۱ قُلْ لِّلَّذِيْنَ

پکڑ لیا، اور اللہ سخت سزا دینے والا ہے ۱۱ انکار کرنے والوں

كَفَرُوْا سَتُغْلَبُوْنَ وَتُحْشَرُوْنَ اِلٰى

سے کہہ دیجیے کہ بہت جلد تم مغلوب کیے جاؤ گے اور جہنّم کی طرف جمع

جَهَنَّمَ ؕ وَبِئْسَ الْمِهَادُ ﴿۱۲﴾ قَدْ كَانَ

کر کے لے جائے جاؤ گے، اور جہنّم بہت بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۱۲﴾ بے شک

لَكُمْ اٰيَةٌ فِيْ فِئَتَيْنِ الْتَقَتَا ؕ فِئَةٌ

تمہارے لیے نشانی ہے اُن دو گروہوں میں جن کا (بدر میں) آمنا

تُقَاتِلُ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَاُخْرٰى كَافِرَةٌ

سامنا ہوا، ایک گروہ اللہ کی راہ میں لڑ رہا تھا، اور دوسرا منکر تھا، یہ منکر

يَّرَوْنَهُمْ مِّثْلَيْهِمْ رَاْيَ الْعَيْنِ ؕ وَاللّٰهُ

کُھلی آنکھوں سے اُن ایمان والوں کو دو گُنا دیکھ رہے تھے، اور اللہ جس

يُؤَيِّدُ بِنَصْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

کو چاہتا ہے اپنی مدد کے ذریعے طاقت دے دیتا ہے، بے شک اِس

لَعِبْرَةً لِّاُولِي الْاَبْصَارِ ﴿۱۳﴾ زُيِّنَ لِلنَّاسِ

میں آنکھوں والوں کے لیے بڑا سبق ہے ﴿۱۳﴾ لوگوں کے لیے خوش نُما

حُبُّ الشَّهَوٰتِ مِنَ النِّسَآءِ وَالْبَنِيْنَ
کر دی گئی ہے خواہشوں کی محبت ، عورتیں اور بیٹے ،

وَالْقَنَاطِيْرِ الْمُقَنْطَرَةِ مِنَ الذَّهَبِ
سونے اور چاندی کے ڈھیر ، نشان لگے ہوئے

وَالْفِضَّةِ وَالْخَيْلِ الْمُسَوَّمَةِ وَالْاَنْعَامِ
گھوڑے، اور جانور اور کھیتی ، یہ سب

وَالْحَرْثِ ؕ ذٰلِكَ مَتَاعُ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ
دنیوی زندگی کے سامان ہیں، اور اللہ کے

وَاللّٰهُ عِنْدَهٗ حُسْنُ الْمَاٰبِ ﴿۱۴﴾ قُلْ
پاس اچھا ٹھکانہ ہے ﴿۱۴﴾ (اے نبی) کہہ دیجیے کہ

اَؤُنَبِّئُكُمْ بِخَيْرٍ مِّنْ ذٰلِكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ
کیا میں تم کو بتاؤں اُس سے بہتر چیز، اُن لوگوں کے لیے

اتَّقَوْا عِنْدَ رَبِّهِمْ جَنّٰتٌ تَجْرِيْ مِنْ
جو ڈرتے ہیں اُن کے رب کے پاس باغات ہیں جن کے نیچے

تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا وَاَزْوَاجٌ

نہریں جاری ہوں گی، وہ اُن میں ہمیشہ رہیں گے، اور صاف ستھری

مُّطَهَّرَةٌ وَّرِضْوَانٌ مِّنَ اللّٰهِ ؕ وَاللّٰهُ

بیویاں ہوں گی اور اللہ کی رضامندی ہوگی، اور اللہ اپنے بندوں کو خوب

بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ۚ ﴿١٥﴾ اَلَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ

دیکھنے والا ہے ﴿١٥﴾ جو کہتے ہیں: اے ہمارے پروردگار! ہم یقیناً ایمان

رَبَّنَآ اِنَّنَآ اٰمَنَّا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَقِنَا

لے آئے، پس آپ ہمارے گناہوں کو معاف فرما دیجیے اور ہمیں آگ

عَذَابَ النَّارِ ۚ ﴿١٦﴾ اَلصّٰبِرِيْنَ وَالصّٰدِقِيْنَ

کے عذاب سے بچا لیجیے ﴿١٦﴾ وہ صبر کرنے والے ہیں اور سچے ہیں،

وَالْقٰنِتِيْنَ وَالْمُنْفِقِيْنَ وَالْمُسْتَغْفِرِيْنَ

فرمانبردار ہیں اور خرچ کرنے والے ہیں اور رات کے اخیر حصے

بِالْاَسْحَارِ ﴿١٧﴾ شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

میں مغفرت مانگنے والے ہیں ﴿١٧﴾ اللہ کی گواہی ہے اور فرشتوں کی

النصف

هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًۢا
اور اہلِ علم کی کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ قائم رکھنے

بِالْقِسْطِ ؕ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ
والا ہے انصاف کا، اُس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ زبردست

الْحَكِيْمُ ؕ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ
ہے، حکمت والا ہے ﴿۱۸﴾ (قابلِ قبول) دین تو اللہ کے

الْاِسْلَامُ ۣ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا
نزدیک صرف اسلام ہی ہے، اور اہلِ کتاب نے اختلاف

الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ
نہیں کیا مگر بعد اِس کے کہ اُن کو صحیح علم پہونچ چکا تھا

بَغْيًۢا بَيْنَهُمْ ؕ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ
آپس کی ضد کی وجہ سے، اور جو کوئی انکار کرے اللہ کی

فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ﴿۱۹﴾ فَاِنْ
آیتوں کا تو اللہ یقیناً جلد حساب لینے والا ہے ﴿۱۹﴾ پھر اگر

حَآجُّوْكَ فَقُلْ اَسْلَمْتُ وَجْهِیَ لِلّٰهِ

وہ آپ سے جھگڑیں تو کہہ دیں کہ میں تو اپنا رُخ اللہ کی طرف کر چکا اور

وَمَنِ اتَّبَعَنِ ؕ وَقُلْ لِّلَّذِیْنَ اُوْتُوا

جو میرے پیرو ہیں وہ بھی، اور اہلِ کتاب سے اور اَن پڑھوں سے

الْكِتٰبَ وَالْاُمِّیّٖنَ ءَاَسْلَمْتُمْ ؕ فَاِنْ

پوچھیے کہ کیا تم بھی اِسی طرح اسلام لاتے ہو، پس اگر وہ اسلام لے

اَسْلَمُوْا فَقَدِ اهْتَدَوْا ۚ وَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا

آئیں تو اُنھوں نے راہ پالی، اور اگر وہ پھر جائیں تو آپ کے ذمے

عَلَیْكَ الْبَلٰغُ ؕ وَاللّٰهُ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ ع ﴿٢٠﴾ ع ٢ / ١٠

صرف پہونچا دینا ہے، اور اللہ اپنے بندوں کو خوب دیکھنے والا ہے ﴿٢٠﴾

اِنَّ الَّذِیْنَ یَكْفُرُوْنَ بِاٰیٰتِ اللّٰهِ

بے شک جو لوگ اللہ کی نشانیوں کا انکار کرتے ہیں

وَیَقْتُلُوْنَ النَّبِیّٖنَ بِغَیْرِ حَقٍّ ۙ وَّیَقْتُلُوْنَ

اور پیغمبروں کو ناحق قتل کرتے ہیں اور اُن لوگوں کو

الَّذِيْنَ يَاْمُرُوْنَ بِالْقِسْطِ مِنَ النَّاسِ ۙ
مار ڈالتے ہیں جو لوگوں میں سے انصاف کی دعوت لے کر اُٹھتے

فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ اَلِيْمٍ ﴿٢١﴾ اُولٰٓئِكَ
ہیں، تو آپ اُن کو ایک دردناک سزا کی خوش خبری دے دیں ﴿٢١﴾

الَّذِيْنَ حَبِطَتْ اَعْمَالُهُمْ فِي الدُّنْيَا
یہی وہ لوگ ہیں جن کے اعمال دنیا

وَالْاٰخِرَةِ ۡ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٢٢﴾
اور آخرت میں ضائع ہو گئے اور اُن کا کوئی مددگار نہیں ﴿٢٢﴾

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ اُوْتُوْا نَصِيْبًا مِّنَ
کیا تم نے اُن لوگوں کو نہیں دیکھا جن کو اللہ کی کتاب کا ایک حصّہ

الْكِتٰبِ يُدْعَوْنَ اِلٰى كِتٰبِ اللّٰهِ لِيَحْكُمَ
دیا گیا تھا، اُن کو اللہ کی کتاب کی طرف بُلایا جا رہا ہے تا کہ وہ اُن

بَيْنَهُمْ ثُمَّ يَتَوَلّٰى فَرِيْقٌ مِّنْهُمْ
کے درمیان فیصلہ کرے، پھر اُن میں کا ایک گروہ منھ پھیر لیتا ہے

وَهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿۲۳﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمْ قَالُوْا

بے رُخی کرتے ہوئے ﴿۲۳﴾ یہ اِس لیے ہے کہ اُن کا کہنا ہے کہ ہم کو ہرگز

لَنْ تَمَسَّنَا النَّارُ اِلَّآ اَيَّامًا مَّعْدُوْدٰتٍ ص

آگ نہ چھوئے گی مگر گنتی کے چند دن، اور اُن کی بنائی ہوئی باتوں نے

وَّغَرَّهُمْ فِيْ دِيْنِهِمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۲۴﴾

اُن کو اُن کے دین کے بارے میں دھوکے میں ڈال رکھا ہے ﴿۲۴﴾

فَكَيْفَ اِذَا جَمَعْنٰهُمْ لِيَوْمٍ لَّا رَيْبَ

پھر اُس وقت کیا ہوگا جب ہم اُن کو جمع کریں گے اُس دن جس کے آنے میں

فِيْهِ قف وَوُفِّيَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّا كَسَبَتْ

کوئی شک نہیں، اور ہر شخص کو جو کچھ اُس نے کیا ہے اُس کا پورا پورا بدلہ دیا جائے

وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ

گا، اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے گا ﴿۲۵﴾ (اے نبی) آپ کہیے کہ اے اللہ! آپ سلطنت

الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ

کے مالک ہیں، آپ جسے چاہیں سلطنت سے نوازیں اور جس سے چاہیں

الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ
سلطنت چھین لیں، اور آپ جسے چاہیں عزّت دیں اور جسے

وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ
چاہیں ذلیل کردیں، آپ ہی کے ہاتھ میں ہیں سب بھلائی،

اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ تُوْلِجُ
بے شک آپ ہر چیز پر قادر ہیں ﴿۲۶﴾ آپ ہی رات

الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۫
کو دن میں داخل کرتے ہیں اور دن کو رات میں داخل کرتے

وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ
ہیں، اور آپ ہی بے جان سے جاندار کو پیدا کرتے ہیں اور

الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۫ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ
جاندار سے بے جان کو نکالتے ہیں، اور آپ جسے چاہتے ہیں

بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿۲۷﴾ لَا يَتَّخِذِ الْمُؤْمِنُوْنَ
بے حساب رزق عطا فرماتے ہیں ﴿۲۷﴾ مسلمانوں کو چاہیے کہ

الْكٰفِرِيْنَ اَوْلِيَآءَ مِنْ دُوْنِ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ

مسلمانوں کو چھوڑ کر کافروں کو دوست نہ بنائیں ،

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ فَلَيْسَ مِنَ اللّٰهِ

اور جو شخص ایسا کرے گا تو اللہ سے اُس کا کوئی تعلّق نہیں ،

فِيْ شَيْءٍ اِلَّآ اَنْ تَتَّقُوْا مِنْهُمْ تُقٰىةً ؕ

مگر ایسی حالت میں کہ تم اُن سے بچاؤ کرنا چاہو ، اور

وَيُحَذِّرُكُمُ اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ

اللہ تمہیں ڈراتا ہے اپنی ذات سے ، اور اللہ ہی کی طرف

الْمَصِيْرُ ﴿٢٨﴾ قُلْ اِنْ تُخْفُوْا مَا فِيْ

لوٹنا ہے ﴿٢٨﴾ (اے نبی) کہہ دیں کہ جو کچھ تمہارے سینوں

صُدُوْرِكُمْ اَوْ تُبْدُوْهُ يَعْلَمْهُ اللّٰهُ ؕ

میں ہے اُس کو چھپائے رکھو یا ظاہر کردو اللہ اُس کو جانتا ہے، اور

وَيَعْلَمُ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ

وہ جانتا ہے جو کچھ آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٢٩﴾ يَوْمَ تَجِدُ
اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿٢٩﴾ جس دن ہر شخص

كُلُّ نَفْسٍ مَّا عَمِلَتْ مِنْ خَيْرٍ مُّحْضَرًا ۚ
اپنی کی ہوئی نیکی کو اپنے سامنے موجود پائے گا، اور جو بُرائی کی

وَّمَا عَمِلَتْ مِنْ سُوْٓءٍ ۚ تَوَدُّ لَوْ اَنَّ
ہوگی اُس کو بھی، اُس دن ہر شخص یہ تمنّا کرے گا کہ کاش! ابھی یہ

بَيْنَهَا وَبَيْنَهٗٓ اَمَدًا ۢ بَعِيْدًا ؕ وَيُحَذِّرُكُمُ
دن اُس سے بہت دور ہوتا، اور اللہ تم کو ڈراتا ہے

اللّٰهُ نَفْسَهٗ ؕ وَاللّٰهُ رَءُوْفٌ ۢ بِالْعِبَادِ ﴿٣٠﴾ ع
اپنی ذات سے، اور اللہ اپنے بندوں پر بہت مہربان ہے ﴿٣٠﴾

قُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِىْ
(اے نبی) کہیے کہ اگر تم اللہ سے محبت کرتے ہو تو میری پیروی کرو، اللہ

يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ
بھی تم سے محبت کرے گا اور تمہارے گناہوں کو معاف کر دے گا،

معانقة ٢ ع ٣ ١٠

وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ﴿۳۱﴾ قُلْ اَطِیْعُوا اللّٰهَ
اور اللہ بڑا معاف کرنے والا، بڑا مہربان ہے ﴿۳۱﴾ کہہ دیں کہ اللہ کی

وَالرَّسُوْلَ ۚ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ لَا یُحِبُّ
اطاعت کرو اور رسول کی، پھر اگر وہ منہ پھیر لیں تو اللہ بھی کافروں کو

الْكٰفِرِیْنَ ﴿۳۲﴾ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰۤی اٰدَمَ وَنُوْحًا
دوست نہیں رکھتا ﴿۳۲﴾ بے شک اللہ نے آدم (علیہ السلام) کو اور نوح کو اور آلِ

وَّاٰلَ اِبْرٰهِیْمَ وَاٰلَ عِمْرٰنَ عَلَی الْعٰلَمِیْنَ ﴿۳۳﴾ لا
ابراہیم کو اور آلِ عمران (علیہم السلام) کو پوری دنیا کے اوپر منتخب کر لیا ہے ﴿۳۳﴾

ذُرِّیَّةًۢ بَعْضُهَا مِنْۢ بَعْضٍ ؕ وَاللّٰهُ سَمِیْعٌ
یہ سب ایک دوسرے کی اولاد ہیں، اور اللہ سننے والا، جاننے والا

عَلِیْمٌ ﴿۳۴﴾ ج اِذْ قَالَتِ امْرَاَتُ عِمْرٰنَ رَبِّ
ہے ﴿۳۴﴾ جب عمران کی بیوی نے کہا: اے میرے رب! میں نے منّت مانی

اِنِّیْ نَذَرْتُ لَكَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا
آپ کے لیے کہ جو اولاد میرے پیٹ میں ہے اُسے آزاد رکھا جائے گا،

فَتَقَبَّلْ مِنِّيْ ۚ اِنَّكَ اَنْتَ السَّمِيْعُ

پس آپ میری جانب سے قبول فرمالیں ، بے شک آپ سُننے

الْعَلِيْمُ ﴿۳۵﴾ فَلَمَّا وَضَعَتْهَا قَالَتْ رَبِّ

والے، جاننے والے ہیں ﴿۳۵﴾ پھر جب اُس نے جنا تو اُس نے کہا:

اِنِّيْ وَضَعْتُهَآ اُنْثٰى ؕ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

اے میرے رب! میں نے تو لڑکی کو جنم دیا ہے، اور اللہ خوب جانتا

وَضَعَتْ ؕ وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْاُنْثٰى ۚ

ہے کہ اُس نے کیا جنم دیا ہے، اور یہ کہ لڑکا نہیں ہوتا ہے لڑکی کے

وَاِنِّيْ سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَاِنِّيْٓ اُعِيْذُهَا بِكَ

مانند، اور میں نے اُس کا نام "مریم" رکھا ہے اور میں اُس کو اور اُس کی

وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۳۶﴾

اولاد کو شیطان مردود سے آپ کی پناہ میں دیتی ہوں ﴿۳۶﴾

فَتَقَبَّلَهَا رَبُّهَا بِقَبُوْلٍ حَسَنٍ وَّاَنْۢبَتَهَا

پس اُس کے رب نے اُس کو اچھی طرح سے قبول کیا اور اُس کو عمدہ طریقہ

نَبَاتًا حَسَنًا ۙ وَّكَفَّلَهَا زَكَرِيَّا ۚ كُلَّمَا

سے پروان چڑھایا اور زکریا (علیہ السلام) کو اُس کا سرپرست بنا دیا، جب

دَخَلَ عَلَيْهَا زَكَرِيَّا الْمِحْرَابَ ۙ وَجَدَ

کبھی زکریا (علیہ السلام) اُس کے پاس کمرے میں آتے تو اُس کے پاس

عِنْدَهَا رِزْقًا ۚ قَالَ يٰمَرْيَمُ اَنّٰى لَكِ

رزق موجود پاتے، اُنہوں نے پوچھا کہ اے مریم! یہ سب چیزیں

هٰذَا ۭ قَالَتْ هُوَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ ۭ اِنَّ

تمہیں کہاں سے ملتی ہیں؟ مریم نے کہا: یہ اللہ کے پاس سے آتی ہیں،

اللّٰهَ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَاۗءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ ﴿٣٧﴾

بے شک اللہ جس کو چاہتا ہے بے حساب رزق دے دیتا ہے ﴿٣٧﴾

هُنَالِكَ دَعَا زَكَرِيَّا رَبَّهٗ ۚ قَالَ رَبِّ

اُس وقت زکریا (علیہ السلام) نے اپنے پروردگار سے دعا مانگی، اُنہوں نے کہا: اے

هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً ۚ

میرے (پیارے) رب! مجھے اپنے پاس سے پاکیزہ اولاد عطا فرمائیے،

اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ۳۸ فَنَادَتْهُ

بے شک آپ ہی دعاؤں کو سننے والے ہیں ۳۸ پھر فرشتوں نے اُنہیں

الْمَلٰٓئِكَةُ وَهُوَ قَآئِمٌ يُّصَلِّيْ فِي الْمِحْرَابِ ۙ

آواز دی جب کہ وہ کمرے میں کھڑے نماز پڑھ رہے تھے کہ اللہ تمہیں

اَنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكَ بِيَحْيٰى مُصَدِّقًا ۢ

یحییٰ کی خوش خبری دیتے ہیں، جو اللہ کے کلمے کی تصدیق کرنے والے

بِكَلِمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَسَيِّدًا وَّحَصُوْرًا

ہوں گے اور سردار ہوں گے اور اپنے نفس کو روکنے والے ہوں گے اور

وَّنَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ۳۹ قَالَ رَبِّ

نبی ہوں گے نیک لوگوں میں سے ۳۹ زکریا (علیہ السلام) نے کہا: اے

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ غُلٰمٌ وَّقَدْ بَلَغَنِيَ الْكِبَرُ

میرے پروردگار! مجھے لڑکا کیسے ہوگا حالانکہ میں تو بوڑھا ہو چکا ہوں اور

وَامْرَاَتِيْ عَاقِرٌ ؕ قَالَ كَذٰلِكَ اللّٰهُ يَفْعَلُ

میری بیوی بانجھ ہے، (اللہ نے) فرمایا کہ اسی طرح اللہ کر دیتا ہے

مَا يَشَآءُ ﴿٤٠﴾ قَالَ رَبِّ اجْعَلْ لِّيْٓ اٰيَةً ؕ

جو وہ چاہتا ہے ﴿٤٠﴾ زکریا (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب! میرے لیے

قَالَ اٰيَتُكَ اَلَّا تُكَلِّمَ النَّاسَ ثَلٰثَةَ اَيَّامٍ

کوئی نشانی مقرر فرمادیں، (اللہ نے) فرمایا کہ تمہارے لیے نشانی یہ ہے کہ

اِلَّا رَمْزًا ؕ وَاذْكُرْ رَّبَّكَ كَثِيْرًا وَّسَبِّحْ

تم تین دن تک لوگوں سے بات نہیں کرسکو گے مگر اشارے سے، اور اپنے

بِالْعَشِيِّ وَالْاِبْكَارِ ﴿٤١﴾ ع وَاِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ ع ١١ ١٢

رب کو کثرت سے یاد کرتے رہو اور صبح وشام اُسی کی تسبیح کرو ﴿٤١﴾ اور (اُس

يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ اصْطَفٰىكِ وَطَهَّرَكِ

وقت کو یاد کریں) جب فرشتوں نے کہا: اے مریم! اللہ نے تمہیں چن لیا اور

وَاصْطَفٰىكِ عَلٰى نِسَآءِ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٤٢﴾

تم کو پاک کیا اور تم کو دنیا بھر کی عورتوں کے مقابلہ منتخب کرلیا ہے ﴿٤٢﴾

يٰمَرْيَمُ اقْنُتِيْ لِرَبِّكِ وَاسْجُدِيْ وَارْكَعِيْ

اے مریم! اپنے رب کی فرماں برداری کرو اور سجدہ کرو اور رکوع کرنے والوں

مَعَ الرّٰكِعِيْنَ ﴿٤٣﴾ ذٰلِكَ مِنْ اَنْۢبَآءِ
کے ساتھ رکوع کرو ﴿٤٣﴾ یہ غیب کی باتیں ہیں جو ہم تم کو وحی کے

الْغَيْبِ نُوْحِيْهِ اِلَيْكَ ؕ وَمَا كُنْتَ
ذریعہ بتارہے ہیں، اور تم اُن کے پاس موجود نہ تھے جب وہ

لَدَيْهِمْ اِذْ يُلْقُوْنَ اَقْلَامَهُمْ اَيُّهُمْ
اپنے (نام پیش کرنے کے لیے) قلم ڈال رہے تھے کہ کون مریم

يَكْفُلُ مَرْيَمَ ۠ وَمَا كُنْتَ لَدَيْهِمْ
کی سرپرستی کرے گا، اور نہ تم اُس وقت اُن کے پاس موجود

اِذْ يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٤٤﴾ اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ
تھے جب وہ آپس میں بحث کر رہے تھے ﴿٤٤﴾ جب فرشتوں نے

يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ ۖۗ
کہا: اے مریم! اللہ تمہیں خوش خبری دیتے ہیں اپنی طرف سے

اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ
ایک کلمے کی ، اُس کا نام مسیح عیسی ابن مریم ہوگا ،

وَجِيْهًا فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ

وہ دنیا اور آخرت میں مرتبے والا ہوگا اور اللہ کے قریبی بندوں میں

الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَيُكَلِّمُ النَّاسَ فِي الْمَهْدِ

سے ہوگا ﴿۴۵﴾ وہ لوگوں سے باتیں کرے گا جب جھولے میں ہوگا اور

وَكَهْلًا وَّمِنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالَتْ رَبِّ

جب پوری عمر کا ہوگا، اور وہ نیک بندوں میں سے ہوگا ﴿۴۶﴾ مریم نے

اَنّٰى يَكُوْنُ لِيْ وَلَدٌ وَّلَمْ يَمْسَسْنِيْ بَشَرٌ ؕ

کہا: اے میرے (پیارے) رب! میرے یہاں لڑکا کیسے ہوگا جب

قَالَ كَذٰلِكِ اللّٰهُ يَخْلُقُ مَا يَشَآءُ ؕ

کہ کسی مرد نے مجھے ہاتھ تک نہیں لگایا ہے، (اللہ نے فرمایا) اِسی طرح

اِذَا قَضٰٓى اَمْرًا فَاِنَّمَا يَقُوْلُ لَهٗ كُنْ

اللہ پیدا کرتا ہے جو چاہتا ہے، جب وہ کسی کام کا فیصلہ کرلیتا ہے تو اُس

فَيَكُوْنُ ﴿۴۷﴾ وَيُعَلِّمُهُ الْكِتٰبَ وَالْحِكْمَةَ

کو کہتا ہے ہوجا پس وہ ہوجاتا ہے ﴿۴۷﴾ اور اللہ اُس کو کتاب اور حکمت

وَالتَّوْرٰىةَ وَالْاِنْجِيْلَ ۚ ﴿٤٨﴾ وَرَسُوْلًا اِلٰى

اور توراۃ اور انجیل سکھائے گا ﴿٤٨﴾ اور وہ رسول ہوں گے بنی اسرائیل

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ۙ۬ اَنِّيْ قَدْ جِئْتُكُمْ بِاٰيَةٍ

کی طرف کہ میں تمہارے پاس نشانی لے کر آیا ہوں تمہارے رب کی

مِّنْ رَّبِّكُمْ ۙ اَنِّيْٓ اَخْلُقُ لَكُمْ مِّنَ الطِّيْنِ

طرف سے، کہ میں تمہارے لیے مٹی سے پرندے جیسی صورت بناتا

كَهَيْـَٔةِ الطَّيْرِ فَاَنْفُخُ فِيْهِ فَيَكُوْنُ

ہوں پھر اُس میں پھونک مارتا ہوں تو وہ اللہ کے حکم سے سچ مچ کا پرندہ

طَيْرًاۢ بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ وَاُبْرِئُ الْاَكْمَهَ

بن جاتا ہے، اور میں اللہ کے حکم سے پیدائشی اندھے اور کوڑھی

وَالْاَبْرَصَ وَاُحْيِ الْمَوْتٰى بِاِذْنِ اللّٰهِ ۚ

کو اچھا کرتا ہوں اور اللہ ہی کے حکم سے مُردے کو زندہ کرتا ہوں،

وَاُنَبِّئُكُمْ بِمَا تَاْكُلُوْنَ وَمَا تَدَّخِرُوْنَ ۙ

اور میں تم کو بتاتا ہوں کہ تم کیا کھاتے ہو اور کیا جمع کر کے رکھتے ہو

فِیْ بُیُوْتِكُمْ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لَّكُمْ

اپنے گھروں میں، بے شک اس میں تمہارے لیے بڑی نشانی ہے اگر تم

اِنْ كُنْتُمْ مُّؤْمِنِیْنَ ۚ ﴿٤٩﴾ وَمُصَدِّقًا لِّمَا

ایمان رکھتے ہو ﴿٤٩﴾ اور میں تصدیق کرنے والا ہوں مجھ سے پہلے آنے

بَیْنَ یَدَیَّ مِنَ التَّوْرٰىةِ وَلِاُحِلَّ لَكُمْ

والی کتاب تورات کی ، اور تاکہ اُن بعض چیزوں کو تمہارے لیے حلال

بَعْضَ الَّذِیْ حُرِّمَ عَلَیْكُمْ وَجِئْتُكُمْ

ٹھہراؤں جو تم پر حرام کردی گئی ہیں، اور میں تمہارے پاس تمہارے رب کی

بِاٰیَةٍ مِّنْ رَّبِّكُمْ ۫ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِیْعُوْنِ ﴿٥٠﴾

طرف سے نشانی لے کر آیا ہوں، پس تم اللہ سے ڈرو اور میری اطاعت کرو ﴿٥٠﴾

اِنَّ اللّٰهَ رَبِّیْ وَرَبُّكُمْ فَاعْبُدُوْهُ ؕ هٰذَا

بے شک اللہ میرا بھی رب ہے اور تمہارا بھی، پس اُسی کی عبادت

صِرَاطٌ مُّسْتَقِیْمٌ ﴿٥١﴾ فَلَمَّاۤ اَحَسَّ عِیْسٰى

کرو، یہی سیدھی راہ ہے ﴿٥١﴾ پھر جب عیسیٰ (علیہ السلام) نے محسوس کیا

مِنْهُمُ الْكُفْرَ قَالَ مَنْ اَنْصَارِیْۤ اِلَى اللّٰهِ ؕ

اُن کی جانب سے کفر کو تو کہا کہ کون میرا مددگار بنتا ہے اللہ کی راہ

قَالَ الْحَوَارِیُّوْنَ نَحْنُ اَنْصَارُ اللّٰهِ ۚ

میں، حَوارِیوں نے کہا: ہم ہیں اللہ کے مددگار، ہم ایمان لائے

اٰمَنَّا بِاللّٰهِ ۚ وَاشْهَدْ بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿۵۲﴾

ہیں اللہ پر اور آپ گواہ رہیے کہ ہم فرماں بردار ہیں ﴿۵۲﴾

رَبَّنَاۤ اٰمَنَّا بِمَاۤ اَنْزَلْتَ وَاتَّبَعْنَا الرَّسُوْلَ

اے ہمارے رب! ہم ایمان لائے اُس پر جو آپ نے اُتارا اور ہم نے رسول کی پیروی کی، پس

فَاكْتُبْنَا مَعَ الشّٰهِدِیْنَ ﴿۵۳﴾ وَمَكَرُوْا

آپ ہمیں لکھ دیں گواہی دینے والوں میں سے ﴿۵۳﴾ اور اُن لوگوں نے خُفیہ تدبیر کی اور اللہ نے

وَمَكَرَ اللّٰهُ ؕ وَاللّٰهُ خَیْرُ الْمٰكِرِیْنَ ﴿۵۴﴾ ع

بھی (اُن کے جواب میں) خُفیہ تدبیر کی، اور اللہ سب سے بڑھ کر تدبیر کرنے والا ہے ﴿۵۴﴾

اِذْ قَالَ اللّٰهُ یٰعِیْسٰۤی اِنِّیْ مُتَوَفِّیْكَ

جب اللہ نے کہا کہ اے عیسیٰ! میں تم کو واپس لینے والا ہوں

وَرَافِعُكَ اِلَيَّ وَمُطَهِّرُكَ مِنَ الَّذِيْنَ

اور تمہیں اپنی طرف اُٹھا لینے والا ہوں اور جن لوگوں نے انکار کیا ہے اُن

كَفَرُوْا وَجَاعِلُ الَّذِيْنَ اتَّبَعُوْكَ فَوْقَ

سے تمہیں پاک کرنے والا ہوں اور جو تمہارے پیرو ہیں اُن کو قیامت

الَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اِلٰى يَوْمِ الْقِيٰمَةِ ۚ ثُمَّ

تک اُن لوگوں پر غالب کرنے والا ہوں جنہوں نے تمہارا انکار کیا، پھر

اِلَيَّ مَرْجِعُكُمْ فَاَحْكُمُ بَيْنَكُمْ فِيْمَا

میری طرف ہی ہوگی تم سب کی واپسی، پس میں تمہارے درمیان فیصلہ

كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٥٥﴾ فَاَمَّا الَّذِيْنَ

کروں گا اُن چیزوں کے بارے میں جن میں تم جھگڑتے تھے ﴿٥٥﴾ پھر جو

كَفَرُوْا فَاُعَذِّبُهُمْ عَذَابًا شَدِيْدًا فِي

لوگ منکر ہوئے اُن کو میں نہایت سخت عذاب دوں گا

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ ۫ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿٥٦﴾

دنیا میں اور آخرت میں اور اُن کا کوئی مددگار نہ ہوگا ﴿٥٦﴾

وَاَمَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

اور جو لوگ ایمان لائے اور نیک کام کیے اللہ اُنہیں اُن

فَيُوَفِّيْهِمْ اُجُوْرَهُمْ ؕ وَاللّٰهُ لَا يُحِبُّ

کا پورا اجر دے گا، اور اللہ ظالموں کو دوست نہیں

الظّٰلِمِيْنَ ﴿۵۷﴾ ذٰلِكَ نَتْلُوْهُ عَلَيْكَ مِنَ

رکھتا ﴿۵۷﴾ یہ ہم تم کو پڑھ کر سناتے ہیں اپنی آیتیں اور

الْاٰيٰتِ وَالذِّكْرِ الْحَكِيْمِ ﴿۵۸﴾ اِنَّ مَثَلَ

حکمت سے بھری باتیں ﴿۵۸﴾ بے شک عیسیٰ کی مثال

عِيْسٰى عِنْدَ اللّٰهِ كَمَثَلِ اٰدَمَ ؕ خَلَقَهٗ

اللہ کے نزدیک آدم کی سی ہے، اللہ نے اُن کو

مِنْ تُرَابٍ ثُمَّ قَالَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۵۹﴾

مٹی سے بنایا، پھر اُن سے کہا کہ ہو جاؤ تو وہ ہو گئے ﴿۵۹﴾

اَلْحَقُّ مِنْ رَّبِّكَ فَلَا تَكُنْ مِّنَ

یہ حق بات ہے آپ کے رب کی جانب سے، پس آپ نہ بنیں

الْمُمْتَرِيْنَ ۝٦٠ فَمَنْ حَآجَّكَ فِيْهِ
شک کرنے والوں میں سے ۝٦٠ پھر جو آپ سے اِس

مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَكَ مِنَ الْعِلْمِ فَقُلْ
بارے میں بحث کرے بعد اِس کے کہ آپ کے پاس علم

تَعَالَوْا نَدْعُ اَبْنَآءَنَا وَاَبْنَآءَكُمْ
آچکا ہے تو اُن سے کہہ دیجیے کہ آؤ ہم بلائیں اپنے بیٹوں کو

وَنِسَآءَنَا وَنِسَآءَكُمْ وَاَنْفُسَنَا
اور تمہارے بیٹوں کو، اور اپنی عورتوں کو اور تمہاری عورتوں

وَاَنْفُسَكُمْ ۣ ثُمَّ نَبْتَهِلْ فَنَجْعَلْ
کو، اور ہم اور تم خود بھی جمع ہو جائیں پھر ہم سب روئیں

لَّعْنَتَ اللّٰهِ عَلَى الْكٰذِبِيْنَ ۝٦١ اِنَّ هٰذَا
دھوئیں، اور جو جھوٹا ہو اُس پر اللہ کی لعنت بھیجیں ۝٦١ بے

لَهُوَ الْقَصَصُ الْحَقُّ ۚ وَمَا مِنْ اِلٰهٍ
شک یہ سچّا بیان ہے، اور اللہ کے سوا

اِلَّا اللّٰهُ ؕ وَاِنَّ اللّٰهَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

کوئی معبود نہیں ، اور اللہ ہی زبردست ہے ، حکمت والا

الْحَكِيْمُ ﴿٦٢﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّ اللّٰهَ

ہے ﴿٦٢﴾ پھر اگر وہ منہ پھیر لیں تو اللہ فساد پھیلانے والوں کو

ع ٦ ٩ ١٤

عَلِيْمٌۢ بِالْمُفْسِدِيْنَ ﴿٦٣﴾ قُلْ يٰٓاَهْلَ

جاننے والا ہے ﴿٦٣﴾ (اے نبی) کہہ دیجیے کہ اہلِ کتاب ! آؤ

الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا

ایک ایسی بات کی طرف جو ہمارے اور تمہارے درمیان برابر

وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ

ہے، وہ یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اُس کے

بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا

ساتھ کسی کو شریک نہ ٹھہرائیں، اور ہم میں سے کوئی کسی دوسرے

اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ فَاِنْ تَوَلَّوْا

کو اللہ کے سوا رب نہ بنائے ، پھر اگر وہ اِس سے منہ موڑ لیں

فَقُولُوا اشْهَدُوا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ ﴿٦٤﴾

تو کہہ دو کہ تم گواہ رہنا کہ ہم فرماں بردار ہیں ﴿٦٤﴾

يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ لِمَ تُحَآجُّوْنَ فِيٓ

اے اہلِ کتاب! تم ابراہیم (علیہ السلام) کے بارے میں

يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿٣٦﴾ قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ

کے لیے مہلت دے جس دن لوگ اُٹھائے جائیں گے ﴿٣٦﴾ اللہ نے کہا

الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٣٧﴾ لا اِلٰى يَوْمِ الْوَقْتِ

کہ تجھے مہلت ہے ﴿٣٧﴾ اُس مقرر وقت کے

الْمَعْلُوْمِ ﴿٣٨﴾ قَالَ رَبِّ بِمَآ اَغْوَيْتَنِيْ

دن تک ﴿٣٨﴾ ابلیس نے کہا: اے میرے رب! جیسا تو نے مجھ کو گمراہ کیا ہے

لَاُزَيِّنَنَّ لَهُمْ فِي الْاَرْضِ وَلَاُغْوِيَنَّهُمْ

اُسی طرح میں زمین میں اُن کے لیے مزیّن کروں گا اور سب کو

اَجْمَعِيْنَ ﴿٣٩﴾ اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ

گمراہ کردوں گا ﴿٣٩﴾ سوائے اُس کے جو تیرے چُنے ہوئے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ قَالَ هٰذَا صِرَاطٌ عَلَيَّ

بندے ہیں ﴿٤٠﴾ اللہ نے فرمایا: یہ ایک سیدھا راستہ ہے جو مجھ

مُسْتَقِيْمٌ ﴿٤١﴾ اِنَّ عِبَادِيْ لَيْسَ لَكَ

تک پہونچتا ہے ﴿٤١﴾ بے شک جو میرے بندے ہیں اُن پر تیرا

عَلَيْهِمْ سُلْطٰنٌ اِلَّا مَنِ اتَّبَعَكَ مِنَ

زور نہیں چلے گا سوائے اُن کے جو گمراہوں میں سے تیری

الْغٰوِيْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنَّ جَهَنَّمَ لَمَوْعِدُهُمْ

پیروی کریں ﴿٤٢﴾ اور اُن سب کے لیے جہنم کا

اَجْمَعِيْنَ ﴿٤٣﴾ لَهَا سَبْعَةُ اَبْوَابٍ ؕ

وعدہ ہے ﴿٤٣﴾ اُس کے سات دروازے ہیں ،

ع ۳ ۱۹ ۴

لِكُلِّ بَابٍ مِّنْهُمْ جُزْءٌ مَّقْسُوْمٌ ع ۴۴

ہر دروازے کے لیے اُن لوگوں کے الگ الگ حصّے ہیں ۴۴

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ط ۴۵

بے شک ڈرنے والے باغوں اور چشموں میں ہوں گے ۴۵

اُدْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ اٰمِنِيْنَ ۴۶ وَنَزَعْنَا

داخل ہو جاؤ اُن میں سلامتی اور امن کے ساتھ ۴۶ اور اُن کے

مَا فِيْ صُدُوْرِهِمْ مِّنْ غِلٍّ اِخْوَانًا عَلٰى

دِلوں میں جو کچھ رنجش و کینہ تھا ہم سب کچھ نکال دیں گے، وہ بھائی بھائی بنے

سُرُرٍ مُّتَقٰبِلِيْنَ ۴۷ لَا يَمَسُّهُمْ فِيْهَا

ہوئے ایک دوسرے کے آمنے سامنے تختوں پر بیٹھے ہوں گے ۴۷ وہاں اُن کو

نَصَبٌ وَّمَا هُمْ مِّنْهَا بِمُخْرَجِيْنَ ۴۸

کوئی تکلیف نہیں پہونچے گی اور نہ وہ وہاں سے نکالے جائیں گے ۴۸

نَبِّئْ عِبَادِيْٓ اَنِّيْٓ اَنَا الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ لا ۴۹

میرے بندوں کو خبر دے دیجیے کہ میں بخشنے والا، رحمت والا ہوں ۴۹

وَاَنَّ عَذَابِيْ هُوَ الْعَذَابُ الْاَلِيْمُ ۵۰

اور میری سزا درد ناک سزا ہے ۵۰

وقف لازم

وَنَبِّئْهُمْ عَنْ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ ۵۱

اور اُن کو ابراہیم (علیہ السلام) کے مہمانوں سے آگاہ کیجیے ۵۱

اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ

جب وہ اُس کے پاس آئے پھر اُنہوں سے سلام کیا، ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا

اِنَّا مِنْكُمْ وَجِلُوْنَ ۵۲ قَالُوْا لَا تَوْجَلْ

کہ ہمیں تو تم سے ڈر لگ رہا ہے ۵۲ اُنہوں نے کہا: ڈریے مت، ہم تو آپ

اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ عَلِيْمٍ ۵۳ قَالَ

کو ایک لڑکے کی بشارت دیتے ہیں جو بڑا عالم ہوگا ۵۳ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: کیا

اَبَشَّرْتُمُوْنِيْ عَلٰٓى اَنْ مَّسَّنِيَ الْكِبَرُ

تم اِس بڑھاپے میں مجھ کو اولاد کی بشارت دیتے ہو، پس تم کس چیز کی بشارت مجھ کو

فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ ۵۴ قَالُوْا بَشَّرْنٰكَ

دے رہے ہو؟ ۵۴ اُنہوں نے کہا: ہم آپ کو حق کے ساتھ بشارت دیتے ہیں،

بِالْحَقِّ فَلَا تَكُنْ مِّنَ الْقٰنِطِيْنَ ﴿٥٥﴾

پس آپ نااُمید ہونے والوں میں سے نہ بنیں ﴿٥٥﴾

قَالَ وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ

ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ اپنے رب کی رحمت سے گمراہوں کے سوا اور

اِلَّا الضَّآلُّوْنَ ﴿٥٦﴾ قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ

کون نااُمید ہوسکتا ہے ﴿٥٦﴾ کہا کہ اے بھیجے ہوئے فرشتو! اب

اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿٥٧﴾ قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ

تمہارا کیا کام ہے؟ ﴿٥٧﴾ اُنہوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم کی

اِلٰى قَوْمٍ مُّجْرِمِيْنَ ﴿٥٨﴾ اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ

طرف بھیجے گئے ہیں ﴿٥٨﴾ مگر لوط (علیہ السلام) کے گھر والے

اِنَّا لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٥٩﴾ اِلَّا امْرَاَتَهٗ

کہ ہم اُن سب کو بچالیں گے ﴿٥٩﴾ سوائے اُن کی بیوی کے کہ

قَدَّرْنَآ ۙ اِنَّهَا لَمِنَ الْغٰبِرِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا ع ٤

ہم نے اندازہ کرلیا ہے کہ وہ ضرور مجرم لوگوں میں رہ جائے گی ﴿٦٠﴾ پھر جب

جَآءَ اٰلَ لُوْطِ ۣالْمُرْسَلُوْنَ ﴿۶۱﴾ۙ قَالَ

بھیجے ہوئے فرشتے لوط (علیہ السلام) کے خاندان والوں کے پاس آئے ﴿۶۱﴾ اُنہوں

اِنَّكُمْ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿۶۲﴾ قَالُوْا بَلْ

نے کہا کہ تم لوگ اجنبی معلوم ہوتے ہو ﴿۶۲﴾ اُنہوں نے کہا: نہیں؛

جِئْنٰكَ بِمَا كَانُوْا فِيْهِ يَمْتَرُوْنَ ﴿۶۳﴾

بلکہ ہم آپ کے پاس وہ چیز لے کر آئے ہیں جس میں یہ لوگ شک کرتے ہیں ﴿۶۳﴾

وَاَتَيْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاِنَّا لَصٰدِقُوْنَ ﴿۶۴﴾

اور ہم آپ کے پاس حق کے ساتھ آئے ہیں اور ہم بالکل سچے ہیں ﴿۶۴﴾

فَاَسْرِ بِاَهْلِكَ بِقِطْعٍ مِّنَ الَّيْلِ

اب آپ اپنے خاندان سمیت اِس رات کے کسی حصے میں چل دیجیے اور

وَاتَّبِعْ اَدْبَارَهُمْ وَلَا يَلْتَفِتْ مِنْكُمْ اَحَدٌ

آپ اُن کے پیچھے رہنا، اور (خبردار) تم میں کوئی پیچھے مُڑ کر نہ دیکھے اور

وَّامْضُوْا حَيْثُ تُؤْمَرُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَقَضَيْنَآ

جہاں کا تمہیں حکم کیا جارہا ہے وہاں چلے جانا ﴿۶۵﴾ اور ہم نے لوط (علیہ السلام)

اِلَيۡهِ ذٰلِكَ الۡاَمۡرَ اَنَّ دَابِرَ هٰٓؤُلَاۤءِ

کے پاس یہ حکم بھیجا کہ صبح ہوتے ہی اِن لوگوں

مَقۡطُوۡعٌ مُّصۡبِحِيۡنَ ﴿۶۶﴾ وَجَآءَ اَهۡلُ

کی جڑ کٹ جائے گی ﴿۶۶﴾ اور شہر کے لوگ

الۡمَدِيۡنَةِ يَسۡتَبۡشِرُوۡنَ ﴿۶۷﴾ قَالَ اِنَّ

خوش ہو کر آئے ﴿۶۷﴾ لوط (علیہ السلام) نے کہا: یہ لوگ

هٰٓؤُلَاۤءِ ضَيۡفِىۡ فَلَا تَفۡضَحُوۡنِ ۙ﴿۶۸﴾ وَاتَّقُوا

میرے مہمان ہیں پس تم لوگ مجھ کو رُسوا نہ کرو ﴿۶۸﴾ اور تم اللہ سے ڈرو

اللّٰهَ وَلَا تُخۡزُوۡنِ ﴿۶۹﴾ قَالُوۡۤا اَوَلَمۡ نَنۡهَكَ

اور مجھ کو ذلیل نہ کرو ﴿۶۹﴾ اُنہوں نے کہا: کیا ہم نے تم کو دنیا بھر

عَنِ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۷۰﴾ قَالَ هٰٓؤُلَاۤءِ بَنٰتِىۡۤ

کے لوگوں سے منع نہیں کر دیا ﴿۷۰﴾ اُس نے کہا: یہ میری بیٹیاں

اِنۡ كُنۡتُمۡ فٰعِلِيۡنَ ؕ﴿۷۱﴾ لَعَمۡرُكَ

ہیں اگر تم کو کرنا ہی ہے ﴿۷۱﴾ آپ کی جان کی قسم!

اِنَّهُمْ لَفِیْ سَكْرَتِهِمْ یَعْمَهُوْنَ ﴿۷۲﴾

وہ تو اپنے نشے میں چور تھے ﴿۷۲﴾

فَاَخَذَتْهُمُ الصَّیْحَةُ مُشْرِقِیْنَ ﴿۷۳﴾ لا

پس سورج نکلتے اُنہیں ایک بڑی زور کی آواز نے پکڑ لیا ﴿۷۳﴾

فَجَعَلْنَا عَالِیَهَا سَافِلَهَا وَ اَمْطَرْنَا

بالآخر ہم نے اُس شہر کو اُلٹ پلٹ کر دیا

عَلَیْهِمْ حِجَارَةً مِّنْ سِجِّیْلٍ ﴿۷۴﴾ ط

اور اُن لوگوں پر کنکروالے پتھر برسائے ﴿۷۴﴾

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّلْمُتَوَسِّمِیْنَ ﴿۷۵﴾

بے شک اِس میں نشانیاں ہیں دھیان کرنے والوں کے لیے ﴿۷۵﴾

وَ اِنَّهَا لَبِسَبِیْلٍ مُّقِیْمٍ ﴿۷۶﴾ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

اور یہ بستی ایک سیدھی راہ پر واقع ہے ﴿۷۶﴾ بے شک اِس

لَاٰیَةً لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ﴿۷۷﴾ ط وَ اِنْ كَانَ اَصْحٰبُ

میں نشانی ہے ایمان والوں کے لیے ﴿۷۷﴾ اور ایکہ والے

وقف لازم

اِلَّا یْكَةِ لَظٰلِمِیْنَ ﴿۷۸﴾ فَانْتَقَمْنَا مِنْهُمْ ۘ

یقیناً ظالم لوگ تھے ﴿۷۸﴾ پس ہم نے اُن سے (بھی) انتقام لیا،

وَاِنَّهُمَا لَبِاِمَامٍ مُّبِیْنٍ ﴿۷۹﴾ؕ ۵ ع ۱۹ ۵ وَلَقَدْ

اور یہ دونوں بستیاں کھلے راستے پر واقع ہیں ﴿۷۹﴾ اور

كَذَّبَ اَصْحٰبُ الْحِجْرِ الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۸۰﴾ۙ

حجر والوں نے بھی رسولوں کو جھٹلایا ﴿۸۰﴾

وَ اٰتَیْنٰهُمْ اٰیٰتِنَا فَكَانُوْا عَنْهَا

اور ہم نے اُن کو اپنی نشانیاں دیں مگر وہ اُن سے

مُعْرِضِیْنَ ﴿۸۱﴾ۙ وَكَانُوْا یَنْحِتُوْنَ مِنَ

منھ پھیرتے رہے ﴿۸۱﴾ اور وہ پہاڑوں کو کاٹ کر

الْجِبَالِ بُیُوْتًا اٰمِنِیْنَ ﴿۸۲﴾ فَاَخَذَتْهُمُ

اُن میں گھر بناتے تھے کہ امن میں رہیں ﴿۸۲﴾ پس اُن کو صبح کے

الصَّیْحَةُ مُصْبِحِیْنَ ﴿۸۳﴾ۙ فَمَاۤ اَغْنٰى

وقت سخت آواز نے پکڑ لیا ﴿۸۳﴾ پس اُن کا کیا ہوا

عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ۘ ﴿۸۴﴾
اُن کے کچھ کام نہ آیا ﴿۸۴﴾

وَمَا خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَمَا
اور ہم نے آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے

بَيْنَهُمَاۤ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّ السَّاعَةَ
درمیان ہے حکمت کے بغیر نہیں بنایا ، اور یقیناً قیامت

لَاٰتِيَةٌ فَاصْفَحِ الصَّفْحَ الْجَمِيْلَ ﴿۸۵﴾
آنے والی ہے پس آپ خوبی کے ساتھ درگزر کیجیے ﴿۸۵﴾

اِنَّ رَبَّكَ هُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِيْمُ ﴿۸۶﴾
بے شک آپ کا رب ہی سب کا خالق ہے، جاننے والا ہے ﴿۸۶﴾

وَلَقَدْ اٰتَيْنٰكَ سَبْعًا مِّنَ الْمَثَانِيْ
اور یقیناً ہم نے آپ کو سات آیتیں دے رکھی ہیں کہ دُہرائی جاتی ہیں

وَالْقُرْاٰنَ الْعَظِيْمَ ﴿۸۷﴾ لَا تَمُدَّنَّ
اور عظمت والا قرآن بھی دے رکھا ہے ﴿۸۷﴾ اُس دُنیوی سامان کی طرف

عَيۡنَيۡكَ اِلٰى مَا مَتَّعۡنَا بِهٖۤ اَزۡوَاجًا

آنکھ اُٹھا کر نہ دیکھیں جو ہم نے اُن میں سے مختلف لوگوں کو دیا

مِّنۡهُمۡ وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَاخۡفِضۡ

ہے اور اُن پر غم نہ کریں ، اور ایمان والوں پر اپنی

جَنَاحَكَ لِلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ﴿۸۸﴾ وَقُلۡ اِنِّىۡۤ اَنَا

شفقت کے بازو جھکا دیجیے ﴿۸۸﴾ اور کہیے کہ میں ایک

النَّذِيۡرُ الۡمُبِيۡنُ ﴿۸۹﴾ ۚ كَمَاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَى

کُھلا ہوا ڈرانے والا ہوں ﴿۸۹﴾ اِسی طرح ہم نے تقسیم کرنے

الۡمُقۡتَسِمِيۡنَ ﴿۹۰﴾ ۙ الَّذِيۡنَ جَعَلُوا الۡقُرۡاٰنَ

والوں پر بھی اُتارا تھا ﴿۹۰﴾ جنھوں نے (اپنے) قرآن کے

عِضِيۡنَ ﴿۹۱﴾ فَوَرَبِّكَ لَنَسۡـئَلَنَّهُمۡ

ٹکڑے ٹکڑے کر دیے ﴿۹۱﴾ پس آپ کے رب کی قسم! ہم اُن

اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۹۲﴾ ۙ عَمَّا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۹۳﴾

سب سے ضرور پوچھیں گے ﴿۹۲﴾ جو کچھ وہ کرتے تھے ﴿۹۳﴾

رکوع

فَاصْدَعْ بِمَا تُؤْمَرُ وَ اَعْرِضْ

پس جس چیز کا آپ کو حکم مِلا ہے اُس کو کھول کر سُنا دیجیے اور

عَنِ الْمُشْرِكِيْنَ ﴿۹۴﴾ اِنَّا كَفَيْنٰكَ

مُشرکوں سے اعراض کیجیے ﴿۹۴﴾ ہم آپ کی طرف سے اِن مذاق

الْمُسْتَهْزِءِيْنَ ﴿۹۵﴾ الَّذِيْنَ يَجْعَلُوْنَ

اُڑانے والوں کے لیے کافی ہیں ﴿۹۵﴾ جو اللہ کے ساتھ دوسرے

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۚ فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿۹۶﴾

معبود کو شریک کرتے ہیں پس جلد ہی وہ جان لیں گے ﴿۹۶﴾

وَلَقَدْ نَعْلَمُ اَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ

اور ہم جانتے ہیں کہ جو کچھ وہ کہتے ہیں اُس سے آپ کا دِل

بِمَا يَقُوْلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ

تنگ ہوتا ہے ﴿۹۷﴾ پس آپ اپنے رب کی حمد کے ساتھ اُس کی تسبیح کیجیے

وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَ ﴿۹۸﴾ وَاعْبُدْ

اور سجدہ کرنے والوں میں سے بن جایئے ﴿۹۸﴾ اور اپنے رب کی

رَبَّكَ حَتّٰى يَاْتِيَكَ الْيَقِيْنُ ﴿٩٩﴾ ع ٢ ع ٢٠ ٦

عبادت کرتے رہیے یہاں تک کہ آپ کو موت آ جائے ﴿٩٩﴾

(سورہ نحل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر اخیر کی تین آیتیں مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (١٢٨) آیتیں اور (١٦) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٧٠) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (١٦) نمبر پر ہے اور سورہ کہف کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٢٨٤٠) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (٧٧٠٧) حروف ہیں

اَتٰۤى اَمْرُ اللّٰهِ فَلَا تَسْتَعْجِلُوْهُ ؕ

آ گیا اللہ کا فیصلہ پس اُس کی جلدی نہ کرو ،

سُبْحٰنَهٗ وَتَعٰلٰى عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿١﴾

وہ پاک ہے اور برتر ہے اُس سے جس کو وہ شریک ٹھہراتے ہیں ﴿١﴾

يُنَزِّلُ الْمَلٰٓئِكَةَ بِالرُّوْحِ مِنْ اَمْرِهٖ

وہ فرشتوں کو اپنے حکم سے روح کے ساتھ اُتارتا ہے اپنے

عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖٓ اَنْ اَنْذِرُوْٓا

بندوں میں سے جس پر چاہتا ہے کہ لوگوں کو خبردار کر دو کہ

اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنَا فَاتَّقُوْنِ ﴿٢﴾

میرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، پس تم مجھ سے ڈرو ﴿٢﴾

خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ بِالۡحَقِّ ؕ تَعٰلٰى

اُس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ پیدا کیا ہے، وہ برتر

عَمَّا يُشۡرِكُوۡنَ ﴿۳﴾ خَلَقَ الۡاِنۡسَانَ

ہے اُس شرک سے جو وہ کر رہے ہیں ﴿۳﴾ اُس نے انسان کو

مِنۡ نُّطۡفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيۡمٌ مُّبِيۡنٌ ﴿۴﴾

ایک بوند سے بنایا، پھر وہ یکا یک کھلّم کھلّا جھگڑنے لگا ﴿۴﴾

وَالۡاَنۡعَامَ خَلَقَهَا ۚ لَـكُمۡ فِيۡهَا دِفۡءٌ

اور اُس نے چوپایوں کو بنایا اُن میں تمہارے لیے پوشاک بھی ہے اور خوراک

وَّمَنَافِعُ وَمِنۡهَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿۵﴾ وَلَـكُمۡ

بھی اور دوسرے فائدے بھی، اور اُن میں سے تم کھاتے بھی ہو ﴿۵﴾ اور اُن

فِيۡهَا جَمَالٌ حِيۡنَ تُرِيۡحُوۡنَ وَحِيۡنَ

میں تمہارے لیے رونق ہے جب کہ شام کے وقت اُن کو لاتے ہو اور جب

تَسۡرَحُوۡنَ ﴿۶﴾ ۖ وَتَحۡمِلُ اَثۡقَالَـكُمۡ اِلٰى

صبح کے وقت چھوڑتے ہو ﴿۶﴾ اور وہ تمہارے بوجھ

بَلَدٍ لَّمۡ تَكُوۡنُوۡا بٰلِغِيۡهِ اِلَّا بِشِقِّ

ایسے مقامات تک پہونچاتے ہیں جہاں تم سخت محنت کے بغیر نہیں پہونچ

الۡاَنۡفُسِ ؕ اِنَّ رَبَّكُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ۙ ﴿۷﴾

سکتے تھے، بے شک تمہارا رب بڑا مہربان، رحم کرنے والا ہے ﴿۷﴾

وَّالۡخَيۡلَ وَالۡبِغَالَ وَالۡحَمِيۡرَ لِتَرۡكَبُوۡهَا

اور اُس نے گھوڑے اور خچر اور گدھے پیدا کیے؛ تا کہ تم اُن پر سوار ہو اور

وَزِيۡنَةً ؕ وَيَخۡلُقُ مَا لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۸﴾

زینت کے لیے بھی، اور وہ ایسی چیزیں پیدا کرتا ہے جو تم نہیں جانتے ﴿۸﴾

وَعَلَى اللّٰهِ قَصۡدُ السَّبِيۡلِ وَمِنۡهَا

اور اللہ تک پہونچتی ہے سیدھی راہ ،

جَآئِرٌ ؕ وَلَوۡ شَآءَ لَهَدٰٮكُمۡ

اور بعض راستے ٹیڑھے بھی ہیں، اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو

اَجۡمَعِيۡنَ ﴿۹﴾ ع هُوَ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ ع ٩ ٧

ہدایت دے دیتا ﴿۹﴾ وہی ہے جس نے آسمان سے

السَّمَآءِ مَآءً لَّكُمْ مِّنْهُ شَرَابٌ
پانی اُتارا جس سے تم پیتے ہو اور اُسی سے

وَّمِنْهُ شَجَرٌ فِيْهِ تُسِيْمُوْنَ ﴿۱۰﴾
درخت پیدا ہوتے ہیں جن میں تم چَراتے ہو ﴿۱۰﴾

يُنْبِتُ لَكُمْ بِهِ الزَّرْعَ وَالزَّيْتُوْنَ
وہ اُسی سے تمہارے لیے کھیتی اور زیتون

وَالنَّخِيْلَ وَالْاَعْنَابَ وَمِنْ كُلِّ
اور کھجور اور انگور اور ہر قِسم کے

الثَّمَرٰتِ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ
پھل اُگاتا ہے، بے شک اِس کے اندر نشانی ہے اُن لوگوں کے

يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿۱۱﴾ وَسَخَّرَ لَكُمُ الَّيْلَ
لیے جو غور کرتے ہیں ﴿۱۱﴾ اور اُس نے تمہارے کام میں لگا دیا

وَالنَّهَارَ ۙ وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ ؕ وَالنُّجُوْمُ
رات کو اور دن کو اور سورج اور چاند کو ، اور ستارے بھی

مُسَخَّرٰتٌۢ بِاَمْرِهٖ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ

اُس کے حکم کے تابع ہیں ، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں

لَاٰیٰتٍ لِّقَوْمٍ یَّعْقِلُوْنَ ۙ﴿۱۲﴾ وَ مَا ذَرَاَ

عقل مند لوگوں کے لیے ﴿۱۲﴾ اور زمین میں

لَكُمْ فِی الْاَرْضِ مُخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ ؕ

جو چیزیں مختلف قِسم کی تمہارے لیے پھیلائیں ،

اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ لَاٰیَةً لِّقَوْمٍ یَّذَّكَّرُوْنَ ﴿۱۳﴾

بے شک اِس میں نشانی ہے اُن لوگوں کے لیے جو سبق حاصل کریں ﴿۱۳﴾

وَ هُوَ الَّذِیْ سَخَّرَ الْبَحْرَ لِتَاْكُلُوْا مِنْهُ

اور وہی ہے جس نے سمندر کو تمہارے کام میں لگا دیا ؛ تا کہ تم

لَحْمًا طَرِیًّا وَّ تَسْتَخْرِجُوْا مِنْهُ حِلْیَةً

اُس میں سے تازہ گوشت کھاؤ اور اُس سے زیور نکالو

تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَ تَرَى الْفُلْكَ مَوَاخِرَ

جس کو تم پہنتے ہو ، اور تم کشتیوں کو دیکھتے ہو کہ

فِيهِ وَلِتَبْتَغُوا مِنْ فَضْلِهِ وَلَعَلَّكُمْ

اُس میں چیرتی ہوئی چلتی ہیں اور تاکہ تم اُس کا فضل تلاش کرو اور

تَشْكُرُونَ ﴿١٤﴾ وَأَلْقَىٰ فِي الْأَرْضِ

تاکہ تم شکر کرو ﴿١٤﴾ اور اُس نے زمین میں پہاڑ رکھ دیے ؛

رَوَاسِيَ أَنْ تَمِيدَ بِكُمْ وَأَنْهَارًا وَسُبُلًا

تاکہ وہ تم کو لے کر ڈگمگانے نہ لگے اور اُس نے نہریں اور راستے

لَعَلَّكُمْ تَهْتَدُونَ ﴿١٥﴾ وَعَلَامَاتٍ ۚ وَبِالنَّجْمِ

بنائے تاکہ تم راہ پاؤ ﴿١٥﴾ اور بہت سی دوسری علامتیں بھی ہیں، اور لوگ

هُمْ يَهْتَدُونَ ﴿١٦﴾ أَفَمَنْ يَخْلُقُ

تاروں سے بھی راستہ معلوم کرتے ہیں ﴿١٦﴾ پھر کیا جو پیدا کرتا ہے وہ

كَمَنْ لَا يَخْلُقُ ۗ أَفَلَا تَذَكَّرُونَ ﴿١٧﴾

برابر ہے اُس کے جو کچھ پیدا نہیں کرسکتا، کیا تم سوچتے نہیں ﴿١٧﴾

وَإِنْ تَعُدُّوا نِعْمَةَ اللَّهِ لَا تُحْصُوهَا ۗ

اگر تم اللہ کی نعمتوں کو گنو تو تم اُن کو گن نہ سکو گے ،

اِنَّ اللّٰهَ لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۸﴾ وَاللّٰهُ

بے شک اللہ بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۱۸﴾ اور اللہ جانتا ہے

يَعۡلَمُ مَا تُسِرُّوۡنَ وَمَا تُعۡلِنُوۡنَ ﴿۱۹﴾

جو کچھ تم چھپاتے ہو اور جو کچھ تم ظاہر کرتے ہو ﴿۱۹﴾

وَالَّذِيۡنَ يَدۡعُوۡنَ مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ

اور جن کو لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں وہ کسی چیز کو

لَا يَخۡلُقُوۡنَ شَيۡـًٔا وَّهُمۡ يُخۡلَقُوۡنَ ﴿۲۰﴾ؕ

پیدا نہیں کر سکتے اور وہ خود پیدا کیے ہوئے ہیں ﴿۲۰﴾

اَمۡوَاتٌ غَيۡرُ اَحۡيَآءٍ ۚ وَمَا يَشۡعُرُوۡنَ ۙ

وہ مُردہ ہیں جن میں جان نہیں ، اور وہ نہیں جانتے کہ وہ کب

اَيَّانَ يُبۡعَثُوۡنَ ﴿۲۱﴾ ع اِلٰهُكُمۡ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ ع ۲ ۱۲ ۸

اُٹھائے جائیں گے ﴿۲۱﴾ تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے

فَالَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ قُلُوۡبُهُمۡ

مگر جو لوگ آخرت پر ایمان نہیں رکھتے اُن کے دِل

مُّنْكِرَةٌ وَّهُمْ مُّسْتَكْبِرُوْنَ ﴿۲۲﴾ لَا جَرَمَ

منکر ہیں اور وہ تکبر کرتے ہیں ﴿۲۲﴾ اللہ یقیناً

اَنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ؕ

جانتا ہے جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ وہ ظاہر کرتے ہیں،

اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ ﴿۲۳﴾ وَاِذَا

بے شک وہ تکبّر کرنے والوں کو پسند نہیں کرتا ﴿۲۳﴾ اور جب اُن

قِيْلَ لَهُمْ مَّاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ۙ قَالُوْٓا

سے کہا جائے کہ تمہارے رب نے کیا چیز اُتاری تو کہتے ہیں کہ

اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿۲۴﴾ ۙ لِيَحْمِلُوْٓا

اگلے لوگوں کی کہانیاں ہیں ﴿۲۴﴾ تاکہ وہ قیامت کے

اَوْزَارَهُمْ كَامِلَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۙ وَمِنْ

دن اپنے بوجھ بھی پورے اُٹھائیں اور اُن لوگوں کے

اَوْزَارِ الَّذِيْنَ يُضِلُّوْنَهُمْ بِغَيْرِ

بوجھ بھی جن کو وہ بغیر علم کے گمراہ کر رہے ہیں،

عِلۡمٍ ؕ اَلَا سَآءَ مَا يَزِرُوۡنَ ﴿٢٥﴾ ع قَدۡ

یاد رکھو! بہت بُرا ہے وہ بوجھ جس کو وہ اُٹھا رہے ہیں ﴿٢٥﴾ اُن سے

مَكَرَ الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِهِمۡ فَاَتَى اللّٰهُ

پہلے لوگوں نے بھی مکر کیا تھا (آخر) اللہ نے اُن (کے منصوبوں)

بُنۡيَانَهُمۡ مِّنَ الۡقَوَاعِدِ فَخَرَّ عَلَيۡهِمُ

کی عمارتوں کو جڑوں سے اُکھاڑ دیا اور اُن (کے سروں) پر

السَّقۡفُ مِنۡ فَوۡقِهِمۡ وَاَتٰٮهُمُ الۡعَذَابُ

(اُن کی) چھتیں اوپر سے گر پڑیں اور اُن کے پاس عذاب

مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ﴿٢٦﴾ ثُمَّ

وہاں سے آ گیا جہاں کا اُنہیں وہم و گمان بھی نہ تھا ﴿٢٦﴾ پھر

يَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يُخۡزِيۡهِمۡ وَيَقُوۡلُ اَيۡنَ

قیامت کے دن اللہ اُن کو رُسوا کرے گا اور کہے گا کہ میرے وہ

شُرَكَآءِىَ الَّذِيۡنَ كُنۡتُمۡ تُشَآقُّوۡنَ

شریک کہاں ہیں جن کے لیے تم جھگڑا کیا کرتے تھے،

فِيهِمْ ؕ قَالَ الَّذِينَ أُوتُوا الْعِلْمَ
جن کو علم دیا گیا تھا وہ کہیں گے

إِنَّ الْخِزْيَ الْيَوْمَ وَالسُّوٓءَ عَلَى
کہ آج رُسوائی اور عذاب ہے

الْكٰفِرِينَ ﴿٢٧﴾ الَّذِينَ تَتَوَفّٰهُمُ
کافروں پر ﴿٢٧﴾ وہ جو اپنی جانوں پر ظلم کرتے ہیں

الْمَلٰٓئِكَةُ ظَالِمِيٓ أَنْفُسِهِمْ ۖ فَأَلْقَوُا
فرشتے جب اُن کی جان قبض کرنے لگتے ہیں

السَّلَمَ مَا كُنَّا نَعْمَلُ مِنْ سُوٓءٍ ؕ
اُس وقت وہ جھک جاتے ہیں کہ ہم بُرائی نہیں کرتے ہیں،

بَلٰٓى إِنَّ اللّٰهَ عَلِيمٌۢ بِمَا كُنْتُمْ
کیوں نہیں! اللہ تعالیٰ خوب جاننے والا ہے جو کچھ تم

تَعْمَلُونَ ﴿٢٨﴾ فَادْخُلُوٓا أَبْوَابَ جَهَنَّمَ
کرتے تھے ﴿٢٨﴾ اب جہنم کے دروازوں میں داخل ہو جاؤ

خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ؕ فَلَبِئْسَ مَثْوَى

اُس میں ہمیشہ ہمیشہ رہو ، پس کیسا بُرا ٹھکانہ ہے

الْمُتَكَبِّرِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَقِيْلَ لِلَّذِيْنَ اتَّقَوْا

تکبّر کرنے والوں کا ﴿٢٩﴾ اور جو تقوے والے ہیں اُن سے کہا گیا

مَاذَآ اَنْزَلَ رَبُّكُمْ ؕ قَالُوْا خَيْرًا ؕ

کہ تمہارے رب نے کیا چیز اُتاری ہے تو اُنہوں نے کہا کہ

لِلَّذِيْنَ اَحْسَنُوْا فِيْ هٰذِهِ الدُّنْيَا

نیک بات ، جن لوگوں نے بھلائی کی اُن کے لیے

حَسَنَةٌ ؕ وَلَدَارُ الْاٰخِرَةِ خَيْرٌ ؕ

اِس دنیا میں بھی بھلائی ہے اور آخرت کا گھر بہتر ہے ،

وَلَنِعْمَ دَارُ الْمُتَّقِيْنَ ﴿٣٠﴾ جَنّٰتُ عَدْنٍ

اور کیا خوب گھر ہے تقوے والوں کا ﴿٣٠﴾ ہمیشہ رہنے کے باغات

يَّدْخُلُوْنَهَا تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا

ہیں جن میں وہ داخل ہوں گے ، اُن کے نیچے سے نہریں

الْاَنْهٰرُ لَهُمْ فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ ؕ

جاری ہوں گی، اُن کے لیے وہاں سب کچھ ہوگا جو وہ چاہیں گے،

كَذٰلِكَ يَجْزِى اللّٰهُ الْمُتَّقِيْنَ ۙ ﴿۳۱﴾

اللہ پرہیزگاروں کو ایسا ہی بدلہ دے گا ﴿۳۱﴾

الَّذِيْنَ تَتَوَفّٰىهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ طَيِّبِيْنَ ۙ

جن کی روح فرشتے اِس حالت میں قبض کرتے ہیں کہ وہ پاک ہیں،

يَقُوْلُوْنَ سَلٰمٌ عَلَيْكُمُ ۙ ادْخُلُوا

فرشتے کہتے ہیں: تم پر سلامتی ہو، جنّت میں داخل ہو جاؤ

الْجَنَّةَ بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۳۲﴾ هَلْ

اپنے اعمال کے بدلے میں ﴿۳۲﴾ کیا یہ لوگ اِس کے

يَنْظُرُوْنَ اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ الْمَلٰٓئِكَةُ

منتظر ہیں کہ اُن کے پاس فرشتے آئیں

اَوْ يَاْتِيَ اَمْرُ رَبِّكَ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ

یا آپ کے رب کا حکم آ جائے، ایسا ہی اِن سے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ؕ وَمَا ظَلَمَهُمُ

پہلے والوں نے کیا ، اور اللہ نے اُن پر ظلم

اللّٰهُ وَلٰكِنْ كَانُوْٓا اَنْفُسَهُمْ يَظْلِمُوْنَ ﴿٣٣﴾

نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی اپنے اوپر ظلم کر رہے تھے ﴿٣٣﴾

فَاَصَابَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا عَمِلُوْا وَحَاقَ

پھر اُن کو اُن کے بُرے کام کی سزائیں مِلیں اور جس چیز کا

بِهِمْ مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿٣٤﴾ ع

وہ مذاق اُڑاتے تھے اُس نے اُن کو گھیر لیا ﴿٣٤﴾

وَقَالَ الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا لَوْ شَآءَ اللّٰهُ مَا

اور جن لوگوں نے شرک کیا وہ کہتے ہیں کہ اگر اللہ چاہتا تو

عَبَدْنَا مِنْ دُوْنِهٖ مِنْ شَيْءٍ نَّحْنُ

ہم اُس کے سِوا کسی چیز کی عبادت نہ کرتے نہ ہم اور نہ ہمارے

وَلَآ اٰبَآؤُنَا وَلَا حَرَّمْنَا مِنْ دُوْنِهٖ

باپ دادا ، اور نہ ہم اُس کے بغیر کسی چیز کو حرام ٹھہراتے ،

ع ۴ ۹ ۱۰

مِنْ شَيْءٍ ؕ كَذٰلِكَ فَعَلَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

ایسا ہی اُن سے پہلے والوں نے کیا تھا ،

فَهَلْ عَلَى الرُّسُلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۳۵﴾

پس رسولوں کے ذِمّے تو صرف صاف صاف پہونچا دینا ہی ہے ﴿۳۵﴾

وَلَقَدْ بَعَثْنَا فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ رَّسُوْلًا اَنِ

اور ہم نے ہر اُمّت میں ایک رسول بھیجا کہ اللہ کی

اعْبُدُوا اللّٰهَ وَاجْتَنِبُوا الطَّاغُوْتَ ۚ

عبادت کرو اور طاغوت (شیطان) سے بچو ،

فَمِنْهُمْ مَّنْ هَدَى اللّٰهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ

پس اُن میں سے کچھ کو اللہ نے ہدایت دی

حَقَّتْ عَلَيْهِ الضَّلٰلَةُ ؕ فَسِيْرُوْا فِي

اور اُن میں سے کسی پر گمراہی ثابت ہوئی ، پس

الْاَرْضِ فَانْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

زمین میں چل پھر کر دیکھو کہ جُھٹلانے والوں کا

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿۳۶﴾ اِنْ تَحْرِصْ عَلٰى

انجام کیا ہوا ﴿۳۶﴾ اگر آپ اُن کی

هُدٰىهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ

ہدایت کے حریص ہو تو اللہ اُس کو ہدایت نہیں دیتا جس کو

يُّضِلُّ وَمَا لَهُمْ مِّنْ نّٰصِرِيْنَ ﴿۳۷﴾

وہ گمراہ کر دیتا ہے اور اُن کا کوئی مددگار نہیں ﴿۳۷﴾

وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ ۙ لَا

اور یہ لوگ اللہ کی قسمیں کھاتے ہیں سخت قسمیں کہ جو شخص

لَا يَبْعَثُ اللّٰهُ مَنْ يَّمُوْتُ ۭ بَلٰى وَعْدًا

مر جائے گا اللہ اُس کو دوبارہ نہیں اُٹھائے گا ، کیوں نہیں ! یہ

عَلَيْهِ حَقًّا وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ

اُس کے اوپر ایک پکّا وعدہ ہے لیکن اکثر لوگ

لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۸﴾ ۙ لِيُبَيِّنَ لَهُمُ الَّذِيْ

نہیں جانتے ﴿۳۸﴾ تاکہ اُن کے سامنے اُس چیز کو کھول دے

يَخْتَلِفُوْنَ فِيْهِ وَلِيَعْلَمَ الَّذِيْنَ

جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں اور انکار کرنے والے

كَفَرُوْٓا اَنَّهُمْ كَانُوْا كٰذِبِيْنَ ﴿۳۹﴾ اِنَّمَا

لوگ جان لیں کہ وہ جھوٹے تھے ﴿۳۹﴾ جب ہم

قَوْلُنَا لِشَيْءٍ اِذَآ اَرَدْنٰهُ اَنْ نَّقُوْلَ لَهٗ

کسی چیز کا ارادہ کرتے ہیں تو ہمارا اتنا ہی کہنا کافی ہوتا ہے کہ ہم

كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿۴۰﴾ ع وَالَّذِيْنَ هَاجَرُوْا فِي

اُس کو کہتے ہیں ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے ﴿۴۰﴾ اور جن لوگوں نے

ع ٥ / ٦

اللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ مَا ظُلِمُوْا لَنُبَوِّئَنَّهُمْ

اللہ کے لیے اپنا وطن چھوڑا بعد اِس کے کہ اُن پر ظلم کیا گیا،

فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً ؕ وَلَاَجْرُ الْاٰخِرَةِ

ہم اُن کو دنیا میں بھی ضرور اچھا ٹھکانہ دیں گے اور آخرت کا

اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۱﴾ لا الَّذِيْنَ

ثواب تو بہت بڑا ہے ، کاش وہ جانتے ﴿۴۱﴾ وہ

وقف لازم

صَبَرُوۡا وَعَلٰی رَبِّهِمۡ يَتَوَكَّلُوۡنَ ﴿۴۲﴾

ایسے ہیں جو صبر کرتے ہیں اور اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿۴۲﴾

وَمَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ اِلَّا رِجَالًا

اور ہم نے آپ سے پہلے بھی آدمیوں ہی کو رسول بنا کر بھیجا جن

نُّوۡحِیۡۤ اِلَيۡهِمۡ فَسۡئَلُوۡۤا اَهۡلَ الذِّكۡرِ

کی طرف ہم وحی کرتے تھے، پس علم والوں سے پوچھ لو

اِنۡ كُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ۙ﴿۴۳﴾ بِالۡبَيِّنٰتِ

اگر تم نہیں جانتے ﴿۴۳﴾ ہم نے اُنہیں بھیجا تھا دلائل

وَالزُّبُرِ ؕ وَاَنۡزَلۡنَاۤ اِلَيۡكَ الذِّكۡرَ

اور کتابوں کے ساتھ، اور ہم نے آپ پر بھی یاددہانی اُتاری؛

لِتُبَيِّنَ لِلنَّاسِ مَا نُزِّلَ اِلَيۡهِمۡ

تاکہ آپ لوگوں پر اُس چیز کو واضح کردیں جو اُن کی طرف

وَلَعَلَّهُمۡ يَتَفَكَّرُوۡنَ ﴿۴۴﴾ اَفَاَمِنَ

اُتاری گئی ہے اور تاکہ وہ غور کریں ﴿۴۴﴾ کیا وہ لوگ جو

النصف

اَلَّذِيۡنَ مَكَرُوا السَّيِّاٰتِ اَنۡ يَّخۡسِفَ

بُری تدبیریں کر رہے ہیں وہ اِس بات سے بے فکر ہیں کہ

اللّٰهُ بِهِمُ الۡاَرۡضَ اَوۡ يَاۡتِيَهُمُ

اللہ اُن کو زمین میں دھنسا دے یا اُن پر

الۡعَذَابُ مِنۡ حَيۡثُ لَا يَشۡعُرُوۡنَ ۝٤٥

عذاب وہاں سے آئے جہاں سے اُن کو گمان بھی نہ ہو ۝٤٥

اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ فِىۡ تَقَلُّبِهِمۡ فَمَا هُمۡ

یا اُن کو چلتے پھرتے پکڑ لے تو وہ لوگ اللہ کو

بِمُعۡجِزِيۡنَ ۝٤٦ اَوۡ يَاۡخُذَهُمۡ عَلٰى

عاجز نہیں کر سکتے ۝٤٦ یا اُن کو اندیشے کی حالت میں

تَخَوُّفٍؕ فَاِنَّ رَبَّكُمۡ لَرَءُوۡفٌ رَّحِيۡمٌ ۝٤٧

پکڑ لے، پس تمہارا رب مہربان ہے، رحمت والا ہے ۝٤٧

اَوَلَمۡ يَرَوۡا اِلٰى مَا خَلَقَ اللّٰهُ مِنۡ

کیا وہ نہیں دیکھتے کہ اللہ نے جو چیز بھی پیدا کی ہے

شَیۡءٍ یَّتَفَیَّؤُا ظِلٰلُهٗ عَنِ الۡیَمِیۡنِ

اُس کے سائے دائیں طرف اور بائیں طرف جھک جاتے

وَالشَّمَآئِلِ سُجَّدًا لِّلّٰهِ وَهُمۡ دٰخِرُوۡنَ ﴿۴۸﴾

ہیں اللہ کو سجدہ کرتے ہوئے اور وہ سب عاجز ہیں ﴿۴۸﴾

وَلِلّٰهِ یَسۡجُدُ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی

اور اللہ ہی کو سجدہ کرتی ہیں جتنی چیزیں چلنے والی ہیں آسمانوں

الۡاَرۡضِ مِنۡ دَآبَّةٍ وَّالۡمَلٰٓئِکَةُ وَهُمۡ

میں اور زمین میں اور فرشتے بھی اور

لَا یَسۡتَکۡبِرُوۡنَ ﴿۴۹﴾ یَخَافُوۡنَ رَبَّهُمۡ

وہ تکبر نہیں کرتے ﴿۴۹﴾ وہ اپنے اوپر اپنے رب سے

مِّنۡ فَوۡقِهِمۡ وَیَفۡعَلُوۡنَ مَا یُؤۡمَرُوۡنَ ۩ ﴿۵۰﴾ ع ع ۱۲ ۶ سجدۃ ۳

ڈرتے ہیں اور وہی کرتے ہیں جس کا اُن کو حکم ملتا ہے ﴿۵۰﴾

وَقَالَ اللّٰهُ لَا تَتَّخِذُوۡۤا اِلٰهَیۡنِ

اور اللہ نے فرمایا کہ دو معبود مت بناؤ ،

اثْنَيْنِ ۚ اِنَّمَا هُوَ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَاِيَّايَ

وہ ایک ہی معبود ہے تو مجھ ہی سے

فَارْهَبُوْنِ ﴿٥١﴾ وَلَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ

ڈرو ﴿٥١﴾ اور اُسی کا ہے جو کچھ آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَلَهُ الدِّيْنُ وَاصِبًا ؕ

اور زمین میں ہے ، اور اُسی کی اطاعت ہے ہمیشہ ،

اَفَغَيْرَ اللّٰهِ تَتَّقُوْنَ ﴿٥٢﴾ وَمَا بِكُمْ

تو کیا تم اللہ کے سوا اوروں سے ڈرتے ہو ﴿٥٢﴾ اور تمہارے پاس

مِّنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ

جو بھی نعمت ہے وہ اللہ ہی کی طرف سے ہے ، پھر جب تم کو

الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ ﴿٥٣﴾ ۚ ثُمَّ

تکلیف پہونچتی ہے تو اُسی سے فریاد کرتے ہو ﴿٥٣﴾ پھر

اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا

جب وہ تم سے تکلیف دور کر دیتا ہے

فَرِيقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ ﴿٥٤﴾ لا

تو تم میں سے ایک گروہ اپنے رب کا شریک ٹھہرانے لگتا ہے ﴿٥٤﴾

لِيَكْفُرُوْا بِمَآ اٰتَيْنٰهُمْ ؕ فَتَمَتَّعُوْا قف

تاکہ مُنکِر ہو جائیں اُس چیز سے جو ہم نے اُن کو دی ہے، پس چند روز

فَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَيَجْعَلُوْنَ لِمَا

فائدے اُٹھا لو جلد ہی تم جان لو گے ﴿٥٥﴾ اور یہ لوگ ہماری دی ہوئی چیزوں

لَا يَعْلَمُوْنَ نَصِيْبًا مِّمَّا رَزَقْنٰهُمْ ؕ

میں سے اُن کا حصّہ لگاتے ہیں جن کے متعلّق اُن کو کچھ علم نہیں،

تَاللّٰهِ لَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ تَفْتَرُوْنَ ﴿٥٦﴾

اللہ کی قسم! جو جھوٹ تم باندھ رہے ہو اُس کے بارے میں ضرور تم سے پوچھ تاچھ ہوگی ﴿٥٦﴾

وَيَجْعَلُوْنَ لِلّٰهِ الْبَنٰتِ سُبْحٰنَهٗ لا

اور وہ اللہ کے لیے بیٹیاں ٹھہراتے ہیں (حالانکہ) وہ اِس سے پاک ہے،

وَلَهُمْ مَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿٥٧﴾ وَإِذَا بُشِّرَ

اور اپنے لیے وہ جو دل چاہتا ہے ﴿٥٧﴾ اور جب اُن میں سے کسی کو بیٹی کی

اَحَدُهُمْ بِالْاُنْثٰى ظَلَّ وَجْهُهٗ مُسْوَدًّا

خوش خبری دی جائے تو اُس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے اور وہ جی ہی

وَّهُوَ كَظِيْمٌ ۚ ﴿٥٨﴾ يَتَوَارٰى مِنَ الْقَوْمِ مِنْ

جی میں کُڑھتا ہے ﴿٥٨﴾ اِس بُری خبر کی وجہ سے لوگوں سے چھپا

سُوْٓءِ مَا بُشِّرَ بِهٖ ؕ اَيُمْسِكُهٗ عَلٰى هُوْنٍ

چھپا پھرتا ہے، سوچتا ہے کہ کیا اِس کو ذِلّت کے ساتھ لیے ہوئے

اَمْ يَدُسُّهٗ فِى التُّرَابِ ؕ اَلَا سَآءَ

ہی رہے یا اِسے مٹّی میں دبا دے، آہ! کیا ہی بُرے

مَا يَحْكُمُوْنَ ﴿٥٩﴾ لِلَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ

فیصلے کرتے ہیں ﴿٥٩﴾ بُری مثال ہے اُن لوگوں کے لیے جو

بِالْاٰخِرَةِ مَثَلُ السَّوْءِ ۚ وَلِلّٰهِ الْمَثَلُ

آخرت پر ایمان نہیں رکھتے، اور اللہ کے لیے اعلیٰ مثالیں

ع ١٠/٧ ١٣ الْاَعْلٰى ؕ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٦٠﴾ ع

ہیں اور وہ غالب ہے، حکمت والا ہے ﴿٦٠﴾

وَلَوۡ يُؤَاخِذُ اللّٰهُ النَّاسَ بِظُلۡمِهِمۡ
اور اگر اللہ لوگوں کو اُن کے ظلم پر پکڑتا تو زمین پر کسی

مَّا تَرَكَ عَلَيۡهَا مِنۡ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنۡ
جاندار کو نہ چھوڑتا ، لیکن وہ ایک مُقرر وقت تک لوگوں کو

يُّؤَخِّرُهُمۡ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا
مہلت دیتا ہے ، پھر جب اُن کا مُقرر وقت آجائے

جَآءَ اَجَلُهُمۡ لَا يَسۡتَاۡخِرُوۡنَ سَاعَةً
تو وہ نہ ایک گھڑی پیچھے ہٹ سکیں گے

وَّلَا يَسۡتَقۡدِمُوۡنَ ﴿۶۱﴾ وَيَجۡعَلُوۡنَ لِلّٰهِ
اور نہ آگے بڑھ سکیں گے ﴿۶۱﴾ اور وہ اللہ کے لیے وہ چیز ٹھہراتے ہیں

مَا يَكۡرَهُوۡنَ وَتَصِفُ اَلۡسِنَتُهُمُ
جس کو اپنے لیے ناپسند کرتے ہیں اور اُن کی زبانیں

الۡكَذِبَ اَنَّ لَهُمُ الۡحُسۡنٰى ؕ لَا جَرَمَ
جھوٹ بیان کرتی ہیں کہ اُن کے لیے بھلائی ہے ، یقیناً

اَنَّ لَهُمُ النَّارَ وَاَنَّهُمْ مُّفْرَطُوْنَ ﴿٦٢﴾

اُن کے لیے دوزخ ہے اور وہ ضرور اُس میں پہونچا دیے جائیں گے ﴿٦٢﴾

تَاللّٰهِ لَقَدْ اَرْسَلْنَاۤ اِلٰۤى اُمَمٍ مِّنْ قَبْلِكَ

اللہ کی قسم! ہم نے آپ سے پہلے مختلف قوموں کی طرف رسول بھیجے،

فَزَيَّنَ لَهُمُ الشَّيْطٰنُ اَعْمَالَهُمْ فَهُوَ

پھر شیطان نے اُن کے کام اُن کو اچھے کر کے دِکھائے، پس وہی آج

وَلِيُّهُمُ الْيَوْمَ وَلَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿٦٣﴾

اُن کا ساتھی ہے اور اُن کے لیے ایک دردناک عذاب ہے ﴿٦٣﴾

وَمَاۤ اَنْزَلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ اِلَّا لِتُبَيِّنَ

اور ہم نے آپ پر کتاب صرف اِس لیے اُتاری ہے کہ آپ اُن کو وہ

لَهُمُ الَّذِى اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ۙ وَهُدًى

چیز کھول کر سُنا دیں جس میں وہ اختلاف کر رہے ہیں، اور وہ ہدایت

وَّرَحْمَةً لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٦٤﴾ وَاللّٰهُ

اور رحمت ہے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائیں ﴿٦٤﴾ اور اللہ نے

اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً فَاَحۡيَا بِهِ
آسمان سے پانی اُتارا پھر اُس سے زمین کو اُس کے مُردہ ہو

الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰلِكَ
جانے کے بعد زندہ کر دیا ، بے شک اِس میں

لَاٰيَةً لِّقَوۡمٍ يَّسۡمَعُوۡنَ ﴿۶۵﴾ وَاِنَّ لَكُمۡ ع ۸ ۵ ۱۴
نشانی ہے اُن لوگوں کے لیے جو سُنتے ہیں ﴿۶۵﴾ اور بے شک

فِى الۡاَنۡعَامِ لَعِبۡرَةً ؕ نُسۡقِيۡكُمۡ مِّمَّا
تمہارے لیے چوپایوں میں سبق ہے، ہم اُن کے پیٹوں کے

فِىۡ بُطُوۡنِهٖ مِنۡۢ بَيۡنِ فَرۡثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا
اندر گوبر اور خون کے درمیان سے تم کو ایسا خالص دودھ

خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيۡنَ ﴿۶۶﴾ وَمِنۡ
پلاتے ہیں جو خوشگوار ہے پینے والوں کے لیے ﴿۶۶﴾ اور

ثَمَرٰتِ النَّخِيۡلِ وَالۡاَعۡنَابِ تَتَّخِذُوۡنَ
کھجور اور انگور کے پھلوں سے بھی ، تم اُن سے

مِنْهُ سَكَرًا وَّرِزْقًا حَسَنًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ
نشے کی چیزیں بھی بناتے ہو اور کھانے کی اچھی چیزیں بھی، بے شک اِس

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَاَوْحٰى رَبُّكَ
میں نشانی ہے اُن لوگوں کے لیے جو عقل رکھتے ہیں ﴿۶۷﴾ اور آپ کے رب

اِلَى النَّحْلِ اَنِ اتَّخِذِيْ مِنَ الْجِبَالِ
نے شہد کی مکھی کے دل میں یہ بات ڈالی کہ پہاڑوں میں، درختوں میں اور

بُيُوْتًا وَّمِنَ الشَّجَرِ وَمِمَّا يَعْرِشُوْنَ ﴿۶۸﴾ لا
لوگوں کی بنائی ہوئی اونچی اونچی ٹٹیوں میں اپنے گھر (چھتے) بنا ﴿۶۸﴾

ثُمَّ كُلِيْ مِنْ كُلِّ الثَّمَرٰتِ فَاسْلُكِيْ
پھر ہر قسم کے پھلوں کا رس چوس کر اور

سُبُلَ رَبِّكِ ذُلُلًا ؕ يَخْرُجُ مِنْ
اپنے رب کی ہموار کی ہوئی راہوں پر چل ، اُس کے

بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ
پیٹ سے پینے کی چیز نکلتی ہے اُس کے رنگ مختلف ہیں،

فِيهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؕ اِنَّ فِیْ ذٰلِكَ
اُس میں لوگوں کے لیے شفا ہے، بے شک اِس میں نشانی ہے

لَاٰيَةً لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٦٩﴾ وَاللّٰهُ
اُن لوگوں کے لیے جو غور کرتے ہیں ﴿٦٩﴾ اور اللہ نے

خَلَقَكُمْ ثُمَّ يَتَوَفّٰىكُمْ وَمِنْكُمْ مَّنْ
تم کو پیدا کیا پھر وہی تم کو وفات دیتا ہے، اور تم میں سے

يُّرَدُّ اِلٰٓى اَرْذَلِ الْعُمُرِ لِكَیْ لَا يَعْلَمَ
بعض وہ ہیں جو ناکارہ عمر تک پہونچائے جاتے ہیں کہ

بَعْدَ عِلْمٍ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌ
جاننے کے بعد وہ کچھ نہ جانیں، بے شک اللہ علم والا،

قَدِيْرٌ ﴿٧٠﴾ وَاللّٰهُ فَضَّلَ بَعْضَكُمْ عَلٰى
قدرت والا ہے ﴿٧٠﴾ اور اللہ نے تم میں سے بعض کو

بَعْضٍ فِی الرِّزْقِ ۚ فَمَا الَّذِيْنَ فُضِّلُوْا
بعض پر روزی میں بڑائی دی ہے، پس جن کو بڑائی دی گئی ہے

بِرَآدِّيْ رِزْقِهِمْ عَلٰى مَا مَلَكَتْ

وہ اپنی روزی اپنے غلاموں کو نہیں دے دیتے کہ

اَيْمَانُهُمْ فَهُمْ فِيْهِ سَوَآءٌ ؕ اَفَبِنِعْمَةِ

وہ اُس میں برابر ہو جائیں ، پھر کیا وہ اللہ کی نعمت کا

اللّٰهِ يَجْحَدُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

انکار کرتے ہیں ﴿۷۱﴾ اور اللہ نے تمہارے لیے

مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

تم ہی میں سے بیویاں بنائیں اور تمہاری

مِّنْ اَزْوَاجِكُمْ بَنِيْنَ وَحَفَدَةً وَّرَزَقَكُمْ

بیویوں سے تمہارے لیے بیٹے اور پوتے پیدا کیے اور تم کو پاکیزہ

مِّنَ الطَّيِّبٰتِ ؕ اَفَبِالْبَاطِلِ يُؤْمِنُوْنَ

چیزیں کھانے کے لیے دیں، پھر کیا یہ باطل پر ایمان لاتے ہیں

وَبِنِعْمَتِ اللّٰهِ هُمْ يَكْفُرُوْنَ ﴿۷۲﴾ لا وَيَعْبُدُوْنَ

اور اللہ کی نعمت کا انکار کرتے ہیں ﴿۷۲﴾ اور وہ اللہ کے سوا

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مَا لَا يَمۡلِكُ لَهُمۡ
اُن چیزوں کی عبادت کرتے ہیں جو نہ اُن کے لیے

رِزۡقًا مِّنَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ شَيۡـًٔا
آسمان سے کسی روزی پر اختیار رکھتی ہے اور زمین سے

وَّلَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ ۚ ﴿۷۳﴾ فَلَا تَضۡرِبُوۡا
اور نہ وہ قدرت رکھتی ہیں ﴿۷۳﴾ پس تم

لِلّٰهِ الۡاَمۡثَالَ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ
اللہ کے لیے مثالیں نہ بیان کرو، بے شک اللہ جانتا ہے

وَاَنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۴﴾ ضَرَبَ اللّٰهُ
اور تم نہیں جانتے ﴿۷۴﴾ اور اللہ مثال

مَثَلًا عَبۡدًا مَّمۡلُوۡكًا لَّا يَقۡدِرُ عَلٰى
بیان کرتا ہے ایک غلام مملوک کی جو کسی چیز پر اختیار نہیں رکھتا،

شَىۡءٍ وَّمَنۡ رَّزَقۡنٰهُ مِنَّا رِزۡقًا حَسَنًا
اور ایک شخص ہے جس کو ہم نے اپنے پاس سے اچھا رزق دیا ہے

فَهُوَ يُنۡفِقُ مِنۡهُ سِرًّا وَّجَهۡرًا ؕ

پس وہ اُس میں سے چھپا کر اور ظاہر کر کے خرچ کرتا ہے،

هَلۡ يَسۡتَوٗنَ ؕ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ ؕ بَلۡ

کیا یہ برابر ہوں گے، ساری تعریف اللہ کے لیے ہے لیکن

اَكۡثَرُهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۷۵﴾ وَضَرَبَ

اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۷۵﴾ اور اللہ ایک اور

اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلَيۡنِ اَحَدُهُمَاۤ اَبۡكَمُ

مثال بیان کرتا ہے کہ دو شخص ہیں جن میں سے ایک گونگا ہے

لَا يَقۡدِرُ عَلٰى شَىۡءٍ وَّهُوَ كَلٌّ عَلٰى مَوۡلٰٮهُ ۙ

کوئی کام نہیں کر سکتا ہے اور وہ اپنے مالک پر بوجھ ہے،

اَيۡنَمَا يُوَجِّهْهُّ لَا يَاۡتِ بِخَيۡرٍ ؕ هَلۡ يَسۡتَوِىۡ

وہ اُس کو جہاں بھیجتا ہے وہ کوئی کام درست کر کے نہیں لاتا، کیا وہ اور ایسا

هُوَ ۙ وَمَنۡ يَّاۡمُرُ بِالۡعَدۡلِ ۙ وَهُوَ عَلٰى صِرَاطٍ

شخص برابر ہو سکتے ہیں جو انصاف کی تعلیم دیتا ہے اور وہ ایک سیدھی

ع ٢ ١٦

مُّسْتَقِيمٍ ﴿٧٦﴾ وَلِلّٰهِ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ

راہ پر ہے ﴿٧٦﴾ اور اللہ ہی کے لیے ہیں آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۭ وَمَآ اَمْرُ السَّاعَةِ اِلَّا كَلَمْحِ

اور زمین کی پوشیدہ باتیں ، اور قیامت کا معاملہ بس ایسا ہوگا

الْبَصَرِ اَوْ هُوَ اَقْرَبُ ۭ اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ

جیسے آنکھ جھپکنا بلکہ اُس سے بھی جلد ، بے شک اللہ

شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿٧٧﴾ وَاللّٰهُ اَخْرَجَكُمْ مِّنْۢ

ہر چیز پر قادر ہے ﴿٧٧﴾ اور اللہ نے تم کو تمہاری ماؤں کے

بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ شَيْـًٔا ۙ

پیٹ سے نکالا ، تم کسی چیز کو نہ جانتے تھے ،

وَّجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ۙ

اور اُس نے تمہارے لیے کان اور آنکھ اور دل بنائے

لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ ﴿٧٨﴾ اَلَمْ يَرَوْا اِلَى

تاکہ تم شکر کرو ﴿٧٨﴾ کیا لوگوں نے

اَلطَّيْرِ مُسَخَّرٰتٍ فِيْ جَوِّ السَّمَآءِ ؕ مَا

پرندوں کو نہیں دیکھا کہ آسمان کی فضا میں مسخّر ہورہے ہیں، اُن کو

يُمْسِكُهُنَّ اِلَّا اللّٰهُ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

صرف اللہ تھامے ہوئے ہے، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوْمٍ يُّؤْمِنُوْنَ ﴿٧٩﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ لَكُمْ

اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائیں ﴿٧٩﴾ اور اللہ نے تمہارے

مِّنْۢ بُيُوْتِكُمْ سَكَنًا وَّ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ

لیے تمہارے گھروں کو سکون کی جگہ بنایا اور تمہارے لیے

جُلُوْدِ الْاَنْعَامِ بُيُوْتًا تَسْتَخِفُّوْنَهَا يَوْمَ

جانوروں کی کھال کے گھر بنائے جن کو تم اپنے سفر کے دن

ظَعْنِكُمْ وَيَوْمَ اِقَامَتِكُمْ ۙ وَمِنْ

اور قیام کے دن ہلکا پاتے ہو، اور اُن کے

اَصْوَافِهَا وَاَوْبَارِهَا وَاَشْعَارِهَآ اَثَاثًا

اون اور اُن کے روئیں اور اُن کے بالوں سے گھر کا سامان

وَّمَتَاعًا اِلٰى حِيْنٍ ﴿٨٠﴾ وَاللّٰهُ جَعَلَ

اور فائدے کی چیزیں ایک مدت تک کے لیے بنائیں ﴿٨٠﴾ اور اللہ نے

لَكُمْ مِّمَّا خَلَقَ ظِلٰلًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

تمہارے لیے اپنی پیدا کی ہوئی چیزوں کے سائے بنائے اور تمہارے

مِّنَ الْجِبَالِ اَكْنَانًا وَّجَعَلَ لَكُمْ

لیے پہاڑوں میں چھپنے کی جگہ بنائی اور تمہارے لیے ایسے

سَرَابِيْلَ تَقِيْكُمُ الْحَرَّ وَسَرَابِيْلَ

لباس بنائے جو تم کو گرمی سے بچاتے ہیں اور ایسے لباس بنائے

تَقِيْكُمْ بَاْسَكُمْ ؕ كَذٰلِكَ يُتِمُّ نِعْمَتَهٗ

جو لڑائی میں تم کو بچاتے ہیں، اسی طرح اللہ تم پر اپنی نعمتیں

عَلَيْكُمْ لَعَلَّكُمْ تُسْلِمُوْنَ ﴿٨١﴾ فَاِنْ

پوری کرتا ہے؛ تاکہ تم فرماں بردار بنو ﴿٨١﴾ پھر اگر وہ

تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْكَ الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿٨٢﴾

منھ پھیر لیں تو آپ کے اوپر صرف صاف صاف پہونچا دینے کی ذمّے داری ہے ﴿٨٢﴾

يَعْرِفُوْنَ نِعْمَتَ اللّٰهِ ثُمَّ يُنْكِرُوْنَهَا
وہ لوگ اللہ کی نعمت کو پہچانتے ہیں پھر وہ اُس کے مُنکِر ہو جاتے ہیں

وَاَكْثَرُهُمُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿٨٣﴾ ع وَيَوْمَ
اور اُن میں اکثر ناشکرے ہیں ﴿٨٣﴾ اور جس دن

ع ١٧/١١

نَبْعَثُ مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا ثُمَّ
ہم ہر اُمّت میں سے ایک گواہ اُٹھائیں گے ، پھر

لَا يُؤْذَنُ لِلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَلَا هُمْ
انکار کرنے والوں کو ہدایت نہ دی جائے گی اور نہ اُن سے

يُسْتَعْتَبُوْنَ ﴿٨٤﴾ وَاِذَا رَاَ الَّذِيْنَ
توبہ لی جائے گی ﴿٨٤﴾ اور جب ظالم لوگ

ظَلَمُوا الْعَذَابَ فَلَا يُخَفَّفُ عَنْهُمْ
عذاب کو دیکھیں گے تو وہ عذاب نہ اُن سے ہلکا کیا جائے گا

وَلَا هُمْ يُنْظَرُوْنَ ﴿٨٥﴾ وَاِذَا رَاَ
اور نہ اُنہیں مہلت دی جائے گی ﴿٨٥﴾ اور جب مشرک لوگ

الَّذِيْنَ اَشْرَكُوْا شُرَكَآءَهُمْ قَالُوْا
اپنے شریکوں کو دیکھیں گے تو کہیں گے کہ

رَبَّنَا هٰٓؤُلَآءِ شُرَكَآؤُنَا الَّذِيْنَ
اے ہمارے رب ! یہی ہمارے وہ شرکاء ہیں

كُنَّا نَدْعُوْا مِنْ دُوْنِكَ ۚ فَاَلْقَوْا
جن کو ہم تجھے چھوڑ کر پکارتے تھے، تب وہ بات

اِلَيْهِمُ الْقَوْلَ اِنَّكُمْ لَكٰذِبُوْنَ ۚ ﴿۸۶﴾
اُن کے اوپر ڈال دیں گے کہ تم جھوٹے ہو ﴿۸۶﴾

وَاَلْقَوْا اِلَى اللّٰهِ يَوْمَئِذِ ِۨ السَّلَمَ
اُس دن وہ سب (عاجز ہو کر) اللہ کے سامنے اطاعت کا اقرار پیش کریں گے

وَضَلَّ عَنْهُمْ مَّا كَانُوْا يَفْتَرُوْنَ ﴿۸۷﴾
اور جو جھوٹ وہ باندھا کرتے تھے وہ سب اُن سے گُم ہو جائے گا ﴿۸۷﴾

اَلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَصَدُّوْا عَنْ سَبِيْلِ
جنہوں نے انکار کیا اور لوگوں کو اللہ کے راستے سے

الثلثة

اللّٰهِ زِدْنٰهُمْ عَذَابًا فَوْقَ الْعَذَابِ
روکا ہم اُن کے عذاب پر عذاب کا اضافہ کریں گے

بِمَا كَانُوْا يُفْسِدُوْنَ ﴿۸۸﴾ وَيَوْمَ
اُس فساد کی وجہ سے جو وہ کرتے تھے ﴿۸۸﴾ اور جس دن

نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ
ہم ہر اُمّت میں ایک گواہ اُنہیں میں سے اُٹھائیں گے

مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا
اور آپ کو اُن لوگوں پر گواہ بنا کر لائیں گے ،

عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ ؕ وَنَزَّلْنَا عَلَيْكَ الْكِتٰبَ
اور ہم نے آپ پر کتاب اُتاری ہے

تِبْيَانًا لِّكُلِّ شَيْءٍ وَّهُدًى وَّرَحْمَةً
ہر چیز کو کھول دینے کے لیے ، وہ ہدایت اور رحمت

ع ۱۲ / ۱۸ وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۸۹﴾ ع اِنَّ اللّٰهَ
اور بشارت ہے فرماں برداروں کے لیے ﴿۸۹﴾ بے شک اللہ

يَاْمُرُ بِالْعَدْلِ وَالْاِحْسَانِ وَاِيْتَآئِ
حکم دیتا ہے عدل کا اور احسان کا اور رشتہ داروں کو
ذِی الْقُرْبٰی وَيَنْهٰى عَنِ الْفَحْشَآءِ
دینے کا ، اور اللہ روکتا ہے کُھلی بے حیائی سے
وَالْمُنْكَرِ وَالْبَغْيِ ۚ يَعِظُكُمْ لَعَلَّكُمْ
اور بُرائی سے اور سرکشی سے ، اللہ تم کو نصیحت کرتا ہے
تَذَكَّرُوْنَ ﴿٩٠﴾ وَاَوْفُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ اِذَا
تاکہ تم سبق حاصل کرو ﴿٩٠﴾ اور تم اللہ کے عہد کو پورا کرو جب کہ تم
عٰهَدْتُّمْ وَلَا تَنْقُضُوا الْاَيْمَانَ بَعْدَ
آپس میں عہد کرلو ، اور قسموں کو پکّا کرنے کے بعد
تَوْكِيْدِهَا وَقَدْ جَعَلْتُمُ اللّٰهَ عَلَيْكُمْ
اُن کو نہ توڑو ؛ حالانکہ تم اللہ کو اپنے اوپر ضامن بھی بنا
كَفِيْلًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَعْلَمُ مَا تَفْعَلُوْنَ ﴿٩١﴾
چکے ہو ، بے شک اللہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿٩١﴾

وَلَا تَكُوْنُوْا كَالَّتِيْ نَقَضَتْ غَزْلَهَا

اور تم اُس عورت کی مانند نہ بنو جس نے اپنی محنت سے کاتا ہوا

مِنْۢ بَعْدِ قُوَّةٍ اَنْكَاثًا ؕ تَتَّخِذُوْنَ

سوت ٹکڑے ٹکڑے کر کے توڑ دیا، تم اپنی قسموں کو

اَيْمَانَكُمْ دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ اَنْ تَكُوْنَ

آپس میں فساد ڈالنے کا ذریعہ بناتے ہو محض اِس وجہ سے کہ ایک

اُمَّةٌ هِيَ اَرْبٰى مِنْ اُمَّةٍ ؕ اِنَّمَا

گروہ دوسرے گروہ سے بڑھ جائے، اللہ اِس کے ذریعے

يَبْلُوْكُمُ اللّٰهُ بِهٖ ؕ وَلَيُبَيِّنَنَّ لَكُمْ يَوْمَ

تمہاری آزمائش کرتا ہے اور وہ قیامت کے دن اُس چیز کو اچھی

الْقِيٰمَةِ مَا كُنْتُمْ فِيْهِ تَخْتَلِفُوْنَ ﴿٩٢﴾

طرح تم پر ظاہر کردے گا جس میں تم اختلاف کر رہے ہو ﴿٩٢﴾

وَلَوْ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَكُمْ اُمَّةً وَّاحِدَةً

اور اگر اللہ چاہتا تو تم سب کو ایک ہی اُمّت بنا دیتا

وَّلٰكِنْ يُّضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ
لیکن وہ بے راہ کر دیتا ہے جس کو چاہتا ہے اور ہدایت دے

مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَلَتُسْـَٔلُنَّ عَمَّا كُنْتُمْ
دیتا ہے جس کو چاہتا ہے، اور ضرور تم سے تمہارے اعمال کی

تَعْمَلُوْنَ ﴿۹۳﴾ وَلَا تَتَّخِذُوْٓا اَيْمَانَكُمْ
پوچھ گچھ ہوگی ﴿۹۳﴾ اور تم اپنی قسموں کو آپس میں

دَخَلًاۢ بَيْنَكُمْ فَتَزِلَّ قَدَمٌۢ بَعْدَ
فریب کا ذریعہ نہ بناؤ کہ کوئی قدم جمنے کے بعد

ثُبُوْتِهَا وَتَذُوْقُوا السُّوْٓءَ بِمَا صَدَدْتُّمْ
پھسل جائے اور تم اِس بات کی سزا چکھو کہ تم نے

عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ۚ وَلَكُمْ عَذَابٌ
اللہ کی راہ سے روکا ، اور تمہارے لیے ایک

عَظِيْمٌ ﴿۹۴﴾ وَلَا تَشْتَرُوْا بِعَهْدِ اللّٰهِ
بڑا عذاب ہے ﴿۹۴﴾ اور اللہ کے عہد کو

ثَمَنًا قَلِيْلًا ؕ اِنَّمَا عِنْدَ اللّٰهِ هُوَ خَيْرٌ

تھوڑے فائدے کے لیے نہ بیچو، جو کچھ اللہ کے پاس ہے

لَّكُمْ اِنْ كُنْتُمْ تَعْلَمُوْنَ ﴿۹۵﴾ مَا

وہ تمہارے لیے بہتر ہے اگر تم جانو ﴿۹۵﴾ جو کچھ

عِنْدَكُمْ يَنْفَدُ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ ؕ

تمہارے پاس ہے وہ ختم ہو جائے گا اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے

وَلَنَجْزِيَنَّ الَّذِيْنَ صَبَرُوْٓا اَجْرَهُمْ

وہ باقی رہنے والا ہے، اور جو لوگ صبر کریں گے ہم اُن کے

بِاَحْسَنِ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۶﴾ مَنْ

اچھے کاموں کا اجر اُن کو ضرور دیں گے ﴿۹۶﴾ جو کوئی

عَمِلَ صَالِحًا مِّنْ ذَكَرٍ اَوْ اُنْثٰى وَهُوَ

نیک کام کرے گا چاہے وہ مَرد ہو یا عورت، بشرطیکہ

مُؤْمِنٌ فَلَنُحْيِيَنَّهٗ حَيٰوةً طَيِّبَةً ج

وہ مؤمن ہو تو ہم اُس کو زندگی دیں گے ایک اچھی زندگی،

وَلَنَجْزِيَنَّهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ
اور جو کچھ وہ کرتے رہے ہیں اُس کا ہم اُن کو

مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۹۷﴾ فَاِذَا قَرَاْتَ
بہترین بدلہ دیں گے ﴿۹۷﴾ پس جب آپ

الْقُرْاٰنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ
قرآن کو پڑھیں تو شیطان مردود سے

الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ ﴿۹۸﴾ اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ
اللہ کی پناہ مانگیں ﴿۹۸﴾ اُس کا زور اُن لوگوں پر

سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى
نہیں چلتا جو ایمان والے ہیں اور اپنے

رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾ اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ
رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿۹۹﴾ اُس کا زور تو صرف

عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ
اُن لوگوں پر چلتا ہے جو اُس سے تعلّق رکھتے ہیں اور جو

ع ۱۳ / ۱۱ / ۱۹

هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾ وَاِذَا بَدَّلْنَآ

اللہ کے ساتھ شرک کرتے ہیں ﴿۱۰۰﴾ اور جب ہم

اٰيَةً مَّكَانَ اٰيَةٍ ۙ وَّاللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا

ایک آیت کی جگہ دوسری آیت بدلتے ہیں، اور اللہ خوب جانتا

يُنَزِّلُ قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مُفْتَرٍ ۭ

ہے جو کچھ وہ اُتارتا ہے، تو وہ کہتے ہیں کہ تم گھڑ لائے ہو،

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۱۰۱﴾ قُلْ

بلکہ اُن میں اکثر لوگ علم نہیں رکھتے ﴿۱۰۱﴾ کہہ دیجیے کہ

نَزَّلَهٗ رُوْحُ الْقُدُسِ مِنْ رَّبِّكَ

اُس کو روح القدس نے تمہارے رب کی طرف سے

بِالْحَقِّ لِيُثَبِّتَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا

حق کے ساتھ اُتارا ہے؛ تا کہ وہ ایمان والوں کو ثابت قدم رکھے

وَهُدًى وَّبُشْرٰى لِلْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۰۲﴾

اور وہ ہدایت اور خوش خبری ہو فرماں برداروں کے لیے ﴿۱۰۲﴾

وَلَقَدۡ نَعۡلَمُ اَنَّهُمۡ يَقُوۡلُوۡنَ اِنَّمَا

اور ہم کو معلوم ہے کہ یہ لوگ کہتے ہیں کہ اِس کو تو

يُعَلِّمُهٗ بَشَرٌ ؕ لِسَانُ الَّذِىۡ

ایک آدمی سِکھاتا ہے ، جس شخص کی طرف

يُلۡحِدُوۡنَ اِلَيۡهِ اَعۡجَمِىٌّ وَّهٰذَا

وہ منسوب کرتے ہیں اُس کی زبان عجمی ہے اور یہ (قرآن)

لِسَانٌ عَرَبِىٌّ مُّبِيۡنٌ ﴿۱۰۳﴾ اِنَّ

صاف عربی زبان ہے ﴿۱۰۳﴾ بے شک

الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۙ

جو لوگ اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں لاتے

لَا يَهۡدِيۡهِمُ اللّٰهُ وَلَهُمۡ عَذَابٌ

اللہ اُن کو کبھی راہ نہیں دِکھائے گا اور اُن کے لیے دردناک

اَلِيۡمٌ ﴿۱۰۴﴾ اِنَّمَا يَفۡتَرِى الۡكَذِبَ

سزا ہے ﴿۱۰۴﴾ جھوٹ تو وہ لوگ گھڑتے ہیں

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ ۚ
جو اللہ کی آیتوں پر ایمان نہیں رکھتے

وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْكٰذِبُوْنَ ﴿١٠٥﴾ مَنْ
اور یہی لوگ جھوٹے ہیں ﴿١٠٥﴾ جو

كَفَرَ بِاللّٰهِ مِنْۢ بَعْدِ اِيْمَانِهٖٓ اِلَّا
شخص ایمان لانے کے بعد اللہ سے مُنکِر ہوگا سوائے اُس کے

مَنْ اُكْرِهَ وَقَلْبُهٗ مُطْمَئِنٌّۢ بِالْاِيْمَانِ
جس پر زبردستی کی گئی ہو بشرطیکہ اُس کا دل ایمان پر جما ہوا ہو،

وَلٰكِنْ مَّنْ شَرَحَ بِالْكُفْرِ صَدْرًا
لیکن جو شخص دل کھول کر مُنکِر ہو جائے تو

فَعَلَيْهِمْ غَضَبٌ مِّنَ اللّٰهِ ۚ وَلَهُمْ
ایسے لوگوں پر اللہ کا غضب ہوگا اور اُن کو

عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿١٠٦﴾ ذٰلِكَ بِاَنَّهُمُ
بڑی سزا ہوگی ﴿١٠٦﴾ یہ اِس واسطے کہ اُنہوں نے

اسْتَحَبُّوا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا عَلَى
آخرت کے مقابلے میں دنیا کی زندگی کو

الْاٰخِرَةِ ۙ وَ اَنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِي
پسند کیا ، اور اللہ منکروں کو راستہ

الْقَوْمَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٠٧﴾ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ
نہیں دِکھاتا ﴿١٠٧﴾ یہ وہ لوگ ہیں کہ

طَبَعَ اللّٰهُ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ وَسَمْعِهِمْ
اللہ نے اُن کے دِلوں پر اور اُن کے کانوں پر اور اُن کی

وَاَبْصَارِهِمْ ۚ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْغٰفِلُوْنَ ﴿١٠٨﴾
آنکھوں پر مُہر کردی ، اور یہ لوگ بالکل غافل ہیں ﴿١٠٨﴾

لَا جَرَمَ اَنَّهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ هُمُ
لازمی بات ہے کہ آخرت میں یہ لوگ

الْخٰسِرُوْنَ ﴿١٠٩﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ
گھاٹے میں رہیں گے ﴿١٠٩﴾ پھر آپ کا رب

لِلَّذِيْنَ هَاجَرُوْا مِنْۢ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا

اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے آزمائش میں ڈالے جانے کے

ثُمَّ جٰهَدُوْا وَصَبَرُوْٓا ۙ اِنَّ رَبَّكَ

بعد ہجرت کی پھر جہاد کیا اور قائم رہے تو اِن باتوں کے بعد

ع ۱۴ ۱۰ ۲۰

مِنْۢ بَعْدِهَا لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۰﴾ ع

بے شک آپ کا رب بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿۱۱۰﴾

يَوْمَ تَاْتِيْ كُلُّ نَفْسٍ تُجَادِلُ

جس دن ہر شخص اپنی ہی طرف داری میں بولتا ہوا آئے گا

عَنْ نَّفْسِهَا وَتُوَفّٰى كُلُّ نَفْسٍ

اور ہر شخص کو اُس کے کیے کا پورا بدلہ ملے گا

مَّا عَمِلَتْ وَهُمْ لَا يُظْلَمُوْنَ ﴿۱۱۱﴾

اور اُن پر ظلم نہ کیا جائے گا ﴿۱۱۱﴾

وَضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا قَرْيَةً كَانَتْ

اور اللہ ایک بستی والوں کی مثال بیان کرتا ہے کہ وہ

اٰمِنَةً مُّطۡمَئِنَّةً يَّاۡتِيۡهَا رِزۡقُهَا

امن و اطمینان میں تھے ، اُن کو اُن کا رزق فراغت

رَغَدًا مِّنۡ كُلِّ مَكَانٍ فَكَفَرَتۡ

کے ساتھ ہر طرف سے پہونچ رہا تھا پھر اُنہوں نے

بِاَنۡعُمِ اللّٰهِ فَاَذَاقَهَا اللّٰهُ لِبَاسَ

اللہ کی نعمتوں کی نا شکری کی تو اللہ نے

الۡجُوۡعِ وَالۡخَوۡفِ بِمَا كَانُوۡا

اُن کو اُن کے اعمال کی وجہ سے بھوک اور خوف کا

يَصۡنَعُوۡنَ ۱۱۲ وَلَقَدۡ جَآءَهُمۡ

مزہ چکھایا ۱۱۲ اور اُن کے پاس ایک

رَسُوۡلٌ مِّنۡهُمۡ فَكَذَّبُوۡهُ فَاَخَذَهُمُ

رسول اُنہیں میں سے آیا تو اُس کو اُنہوں نے جھوٹا بتایا پھر اُن کو

الۡعَذَابُ وَهُمۡ ظٰلِمُوۡنَ ۱۱۳ فَكُلُوۡا

عذاب نے پکڑ لیا اور وہ ظالم تھے ۱۱۳ پس جو چیزیں

مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ حَلٰلًا طَيِّبًا ص

اللہ نے تم کو حلال اور پاکیزہ دی ہیں اُن میں سے کھاؤ

وَّاشْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ اِنْ كُنْتُمْ

اور اللہ کی نعمت کا شکر کرو اگر تم اُسی کی

اِيَّاهُ تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ اِنَّمَا حَرَّمَ عَلَيْكُمُ

عبادت کرتے ہو ﴿۱۱۴﴾ اُس نے تو تم پر صرف مُردار کو حرام

الْمَيْتَةَ وَالدَّمَ وَلَحْمَ الْخِنْزِيْرِ

کیا ہے اور خون کو اور سُوّر کے گوشت کو

وَمَآ اُهِلَّ لِغَيْرِ اللّٰهِ بِهٖ ج فَمَنِ اضْطُرَّ

اور جس پر غیر اللہ کا نام لیا گیا ہو، پھر جو شخص مجبور ہو جائے

غَيْرَ بَاغٍ وَّلَا عَادٍ فَاِنَّ اللّٰهَ

بشرطیکہ وہ نہ طالب ہو اور نہ حد سے بڑھنے والا ہو تو اللہ

غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿۱۱۵﴾ وَلَا تَقُوْلُوْا لِمَا

بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۱۱۵﴾ اور اپنی زبانوں کے گھڑے ہوئے

تَصِفُ اَلۡسِنَتُكُمُ الۡكَذِبَ هٰذَا حَلٰلٌ
جھوٹ کی بنا پر یہ نہ کہو کہ یہ حلال ہے

وَّهٰذَا حَرَامٌ لِّتَفۡتَرُوۡا عَلَى اللّٰهِ
اور یہ حرام ہے کہ تم اللہ پر جھوٹی

الۡكَذِبَ ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ يَفۡتَرُوۡنَ عَلَى
تہمت لگاؤ ، بے شک جو لوگ اللہ پر

اللّٰهِ الۡكَذِبَ لَا يُفۡلِحُوۡنَ ؕ ١١٦
جھوٹی تہمت لگائیں گے وہ کامیاب نہیں ہوں گے ١١٦

مَتَاعٌ قَلِيۡلٌ ۖ وَّلَهُمۡ عَذَابٌ
وہ تھوڑا سے فائدہ اُٹھا لیں ، اور اُن کے لیے دردناک

اَلِيۡمٌ ١١٧ وَعَلَى الَّذِيۡنَ هَادُوۡا حَرَّمۡنَا
عذاب ہے ١١٧ اور یہودیوں پر ہم نے وہ چیزیں حرام کر دی

مَا قَصَصۡنَا عَلَيۡكَ مِنۡ قَبۡلُ ۚ
تھیں جو ہم اِس سے پہلے آپ کو بتا چکے ہیں ،

وَمَا ظَلَمۡنٰهُمۡ وَلٰـكِنۡ كَانُوۡۤا

اور ہم نے اُن پر کوئی ظلم نہیں کیا بلکہ

اَنۡفُسَهُمۡ يَظۡلِمُوۡنَ ﴿۱۱۸﴾ ثُمَّ اِنَّ رَبَّكَ

وہ خود اپنے اوپر ظلم کرتے رہے ﴿۱۱۸﴾ پھر آپ کا رب

لِلَّذِيۡنَ عَمِلُوا السُّوۡٓءَ بِجَهَالَةٍ

اُن لوگوں کے لیے جنہوں نے جہالت کی وجہ سے

ثُمَّ تَابُوۡا مِنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ

بُرائی کر لی پھر اُس کے بعد توبہ کی

وَاَصۡلَحُوۡۤا اِنَّ رَبَّكَ مِنۡۢ بَعۡدِهَا

اور اپنی اصلاح کی تو آپ کا رب اُس کے بعد

لَغَفُوۡرٌ رَّحِيۡمٌ ﴿۱۱۹﴾ ع اِنَّ اِبۡرٰهِيۡمَ ع ۱۵ ۹ ۲۱

بخشنے والا، مہربان ہے ﴿۱۱۹﴾ بے شک ابراہیم (علیہ السلام) ایک اُمّت

كَانَ اُمَّةً قَانِتًا لِّلّٰهِ حَنِيۡفًا ؕ

(کی طرح) تھے (جو) اللہ کے فرماں بردار (اور اُس کی طرف

وَلَمۡ يَكُ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ۙ﴿۱۲۰﴾

یکسو تھے، اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے ﴿۱۲۰﴾

شَاكِرًا لِّاَنۡعُمِهٖ ؕ اِجۡتَبٰىهُ وَهَدٰىهُ

وہ اُس کی نعمتوں کا شکر کرنے والے تھے، اللہ نے اُس کو چُن لیا

اِلٰى صِرَاطٍ مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿۱۲۱﴾ وَاٰتَيۡنٰهُ فِى

اور سیدھے راستے کی طرف اُس کی رہنمائی کی ﴿۱۲۱﴾ اور ہم نے

الدُّنۡيَا حَسَنَةً ؕ وَاِنَّهٗ فِى الۡاٰخِرَةِ

اُس کو دنیا میں بھی بھلائی دی اور یقیناً آخرت میں بھی وہ

لَمِنَ الصّٰلِحِيۡنَ ﴿۱۲۲﴾ ؕ ثُمَّ اَوۡحَيۡنَاۤ

اچھے لوگوں میں سے ہوگا ﴿۱۲۲﴾ پھر ہم نے آپ کی طرف وحی

اِلَيۡكَ اَنِ اتَّبِعۡ مِلَّةَ اِبۡرٰهِيۡمَ

کی کہ ابراہیم (علیہ السلام) کے طریقے کی پیروی کریں

حَنِيۡفًا ؕ وَمَا كَانَ مِنَ الۡمُشۡرِكِيۡنَ ﴿۱۲۳﴾

جو یکسو تھے اور وہ شرک کرنے والوں میں سے نہ تھے ﴿۱۲۳﴾

إِنَّمَا جُعِلَ السَّبْتُ عَلَى الَّذِيْنَ

سنیچر کے دن کی عظمت تو صرف اُن لوگوں کے ذِمّے ہی ضروری

اخْتَلَفُوْا فِيْهِ ؕ وَاِنَّ رَبَّكَ لَيَحْكُمُ

کی گئی تھی جنہوں نے اُس میں اختلاف کیا تھا، اور بے شک

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

آپ کا رب قیامت کے دن اُن کے درمیان فیصلہ کر دے گا

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اُدْعُ اِلٰى سَبِيْلِ رَبِّكَ

جس بات میں وہ اختلاف کر رہے تھے ﴿١٢٤﴾ اپنے رب کے

بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ

راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ بلائیے اور اُن

وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ؕ اِنَّ رَبَّكَ

سے اچھے طریقے سے بحث کیجیے، بے شک آپ کا رب

هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ

خوب جانتا ہے کہ کون اُس کی راہ سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ

اَعۡلَمُ بِالۡمُهۡتَدِيۡنَ ﴿١٢٥﴾ وَاِنۡ عَاقَبۡتُمۡ

اُن کو بھی خوب جانتا ہے جو راہ پر چلنے والے ہیں ﴿١٢٥﴾ اور اگر تم

فَعَاقِبُوۡا بِمِثۡلِ مَا عُوۡقِبۡتُمۡ بِهٖ ؕ

بدلہ لو تو اُتنا ہی بدلہ لو جتنا تمہارے ساتھ کیا گیا ہے ،

وَلَئِنۡ صَبَرۡتُمۡ لَهُوَ خَيۡرٌ لِّلصّٰبِرِيۡنَ ﴿١٢٦﴾

اور اگر تم صبر کرو تو وہ صبر کرنے والوں کے لیے بہت بہتر ہے ﴿١٢٦﴾

وَاصۡبِرۡ وَمَا صَبۡرُكَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اور صبر کیجیے، اور آپ کا صبر کرنا اللہ ہی کی توفیق سے ہے، اور آپ

وَلَا تَحۡزَنۡ عَلَيۡهِمۡ وَلَا تَكُ فِىۡ ضَيۡقٍ

اُن پر غم نہ کریں اور جو کچھ تدبیریں وہ کر رہے ہیں اُس سے

مِّمَّا يَمۡكُرُوۡنَ ﴿١٢٧﴾ اِنَّ اللّٰهَ مَعَ الَّذِيۡنَ

تنگ دل نہ ہوں ﴿١٢٧﴾ بے شک اللہ اُن لوگوں کے ساتھ ہے

اتَّقَوْا وَّالَّذِيۡنَ هُمۡ مُّحۡسِنُوۡنَ ﴿١٢٨﴾ ع ١٦/٩/٢٢

جو پرہیز گار ہیں اور جو نیکی کرنے والے ہیں ﴿١٢٨﴾

(سورۂ بنی اسرائیل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۲۶، ۳۲، ۳۳، ۵۷ اور ۷۳ سے ۸۰ تک) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (۱۱۱) آیتیں اور (۱۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۵۰) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۷) نمبر پر ہے اور سورۂ قصص کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۵۳۳) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (۳۴۶۰) حروف ہیں

سُبْحٰنَ الَّذِیْٓ اَسْرٰی بِعَبْدِهٖ لَیْلًا مِّنَ

پاک ہے وہ اللہ جو اپنے بندے کو رات ہی رات میں

الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ اِلَی الْمَسْجِدِ الْاَقْصَا

مسجدِ حرام سے مسجدِ اقصیٰ تک لے گیا جس کے پاس ہم نے

الَّذِیْ بٰرَكْنَا حَوْلَهٗ لِنُرِیَهٗ مِنْ

برکت دے رکھی ہے؛ اس لیے کہ ہم اُسے اپنی قدرت کے بعض

اٰیٰتِنَا ؕ اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ ۝۱

نمونے دِکھائیں، یقیناً اللہ ہی خوب سُننے والا، دیکھنے والا ہے ۝۱

وَاٰتَیْنَا مُوْسَی الْكِتٰبَ وَجَعَلْنٰهُ هُدًی

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی اور اُس کو

لِّبَنِیْٓ اِسْرَآءِیْلَ اَلَّا تَتَّخِذُوْا مِنْ

بنی اسرائیل کے لیے ہدایت بنایا کہ میرے سوا کسی کو

دُوۡنِیۡ وَكِيۡلًا ؕ﴿۲﴾ ذُرِّيَّةَ مَنۡ حَمَلۡنَا مَعَ

اپنا کارساز نہ بناؤ ﴿۲﴾ تم اُن لوگوں کی اولاد ہو جن کو ہم نے نوح (علیہ السلام)

نُوۡحٍ‌ ؕ اِنَّهٗ كَانَ عَبۡدًا شَكُوۡرًا ﴿۳﴾

کے ساتھ سوار کیا تھا، بے شک وہ ایک شُکر گزار بندے تھے ﴿۳﴾

وَقَضَيۡنَاۤ اِلٰى بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ فِى الۡكِتٰبِ

اور ہم نے بنی اسرائیل کو کتاب میں بتا دیا تھا کہ

لَـتُفۡسِدُنَّ فِى الۡاَرۡضِ مَرَّتَيۡنِ وَلَتَعۡلُنَّ

تم دو مرتبہ زمین (مُلکِ شام) میں خرابی کرو گے اور بڑی

عُلُوًّا كَبِيۡرًا‏ ﴿۴﴾ فَاِذَا جَآءَ وَعۡدُ اُوۡلٰٮہُمَا

سرکشی کرو گے ﴿۴﴾ پھر جب اُن میں سے پہلا وعدہ آیا

بَعَثۡنَا عَلَيۡكُمۡ عِبَادًا لَّنَاۤ اُولِىۡ بَاۡسٍ

تو ہم نے تم پر اپنے بندے بھیجے نہایت

شَدِيۡدٍ فَجَاسُوۡا خِلٰلَ الدِّيَارِ‌ ؕ وَكَانَ

زور والے پس وہ گھروں میں گُھس پڑے اور

وَعْدًا مَّفْعُوْلًا ۵ ثُمَّ رَدَدْنَا لَكُمُ
وعدہ پورا ہو کر رہا ۵ پھر ہم نے تمہاری

الْكَرَّةَ عَلَيْهِمْ وَاَمْدَدْنٰكُمْ بِاَمْوَالٍ
باری اُن پر لوٹا دی اور مال اور اولاد سے تمہاری مدد کی

وَّبَنِيْنَ وَجَعَلْنٰكُمْ اَكْثَرَ نَفِيْرًا ۶ اِنْ
اور تم کو زیادہ بڑی جماعت بنادیا ۶ اگر تم

اَحْسَنْتُمْ اَحْسَنْتُمْ لِاَنْفُسِكُمْ ۟ وَاِنْ
اچھے کام کروگے تو تم اپنے لیے اچھا کروگے اور اگر تم بُرے کام کروگے تب

اَسَاْتُمْ فَلَهَا ؕ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ
بھی اپنے لیے بُرا کروگے، پھر جب دوسرے وعدے کا وقت آیا تو ہم نے

لِيَسُوْٓءٗا وُجُوْهَكُمْ وَلِيَدْخُلُوا الْمَسْجِدَ
اور بندے بھیجے کہ وہ تمہارے چہروں کو بگاڑ دیں اور مسجد (بیت المقدس) میں

كَمَا دَخَلُوْهُ اَوَّلَ مَرَّةٍ وَّلِيُتَبِّرُوْا مَا عَلَوْا
گُھس جائیں جس طرح اُس میں پہلی بار گُھسے تھے اور جس چیز پر اُن کا زور چلے اُس کو

تَتۡبِیۡرًا ﴿۷﴾ عَسٰی رَبُّکُمۡ اَنۡ یَّرۡحَمَکُمۡ ۚ

برباد کردیں ﴿۷﴾ قریب ہے کہ تمھارا رب تمھارے اوپر رحم کرے،

وَ اِنۡ عُدۡتُّمۡ عُدۡنَا ۘ وَ جَعَلۡنَا جَهَنَّمَ

اور اگر تم پھر وہی کرو گے تو ہم بھی وہی کریں گے، اور ہم نے جہنم

وقف لازم

لِلۡکٰفِرِیۡنَ حَصِیۡرًا ﴿۸﴾ اِنَّ هٰذَا الۡقُرۡاٰنَ

کو منکرین کے لیے قید خانہ بنا دیا ہے ﴿۸﴾ بے شک یہ قرآن

یَهۡدِیۡ لِلَّتِیۡ هِیَ اَقۡوَمُ وَ یُبَشِّرُ

وہ راہ دِکھاتا ہے جو بالکل سیدھی ہے اور وہ خوش خبری دیتا ہے

الۡمُؤۡمِنِیۡنَ الَّذِیۡنَ یَعۡمَلُوۡنَ الصّٰلِحٰتِ

ایمان والوں کو جو اچھے عمل کرتے ہیں کہ

اَنَّ لَهُمۡ اَجۡرًا کَبِیۡرًا ﴿۹﴾ لا وَّ اَنَّ الَّذِیۡنَ

اُن کے لیے بڑا اجر ہے ﴿۹﴾ اور یہ کہ

لَا یُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ اَعۡتَدۡنَا لَهُمۡ

جو لوگ آخرت کو نہیں مانتے اُن کے لیے ہم نے ایک دردناک

ع ۱۰

عَذَابًا اَلِيۡمًا ۞ ۱۰ وَيَدۡعُ الۡاِنۡسَانُ

عذاب تیار کر رکھا ہے ۞ ۱۰ اور انسان بُرائی مانگتا ہے

بِالشَّرِّ دُعَآءَهٗ بِالۡخَيۡرِ‌ؕ وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ

جس طرح اُس کو بھلائی مانگنا چاہیے، اور انسان بڑا

عَجُوۡلًا ۞ ۱۱ وَجَعَلۡنَا الَّيۡلَ وَالنَّهَارَ اٰيَتَيۡنِ

جلد باز ہے ۞ ۱۱ اور ہم نے رات اور دن کو دو نشانیاں بنایا

فَمَحَوۡنَاۤ اٰيَةَ الَّيۡلِ وَجَعَلۡنَاۤ اٰيَةَ النَّهَارِ

پھر ہم نے رات کی نشانی کو مِٹا دیا اور دن کی نشانی کو

مُبۡصِرَةً لِّتَبۡتَغُوۡا فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكُمۡ

ہم نے روشن کردیا؛ تاکہ تم اپنے رب کا فضل تلاش کرو

وَلِتَعۡلَمُوۡا عَدَدَ السِّنِيۡنَ وَالۡحِسَابَ‌ؕ

اور تاکہ تم برسوں کی گنتی اور حساب معلوم کرو،

وَكُلَّ شَىۡءٍ فَصَّلۡنٰهُ تَفۡصِيۡلًا ۞ ۱۲ وَكُلَّ

اور ہم نے ہر چیز کو خوب کھول کر بیان کیا ہے ۞ ۱۲ اور

اِنْسَانٍ اَلْزَمْنٰهُ طٰٓئِرَهٗ فِیْ عُنُقِهٖ ؕ

ہم نے ہر انسان کی بُرائی بھلائی کو اُس کے گلے لگا دیا ہے،

وَنُخْرِجُ لَهٗ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ كِتٰبًا

اور ہم قیامت کے دن اُس کے لیے ایک کتاب نکالیں گے

یَّلْقٰىهُ مَنْشُوْرًا ﴿۱۳﴾ اِقْرَاْ كِتٰبَكَ ؕ

جس کو وہ کھلا ہوا پائے گا ﴿۱۳﴾ پڑھ اپنی کتاب ،

كَفٰى بِنَفْسِكَ الْیَوْمَ عَلَیْكَ حَسِیْبًا ﴿۱۴﴾ ؕ

آج اپنا حساب لینے کے لیے تو خود ہی کافی ہے ﴿۱۴﴾

مَنِ اهْتَدٰى فَاِنَّمَا یَهْتَدِیْ لِنَفْسِهٖ ج

جو شخص ہدایت کی راہ چلتا ہے تو وہ اپنے ہی لیے چلتا ہے،

وَمَنْ ضَلَّ فَاِنَّمَا یَضِلُّ عَلَیْهَا ؕ

اور جو شخص بے راہ ہوتا ہے وہ بھی اپنے ہی نقصان کے لیے بے راہ ہوتا ہے،

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزْرَ اُخْرٰى ؕ وَمَا كُنَّا

اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا، اور ہم سزا نہیں

اعتباط

مُعَذِّبِیۡنَ حَتّٰی نَبۡعَثَ رَسُوۡلًا ﴿۱۵﴾

دیتے جب تک کہ ہم کسی رسول کو نہ بھیجیں ﴿۱۵﴾

وَاِذَاۤ اَرَدۡنَاۤ اَنۡ نُّهۡلِكَ قَرۡيَةً اَمَرۡنَا

اور جب ہم کسی بستی کو ہلاک کرنا چاہتے ہیں تو اُس کے خوش عیش لوگوں

مُتۡرَفِيۡهَا فَفَسَقُوۡا فِيۡهَا فَحَقَّ

کو حکم دیتے ہیں پھر وہ اُس میں نافرمانی کرتے ہیں، تب اُن پر

عَلَيۡهَا الۡقَوۡلُ فَدَمَّرۡنٰهَا تَدۡمِيۡرًا ﴿۱۶﴾

بات ثابت ہوجاتی ہے پھر ہم اُس بستی کو تباہ و برباد کردیتے ہیں ﴿۱۶﴾

وَكَمۡ اَهۡلَكۡنَا مِنَ الۡقُرُوۡنِ مِنۡۢ

اور نوح (علیہ السلام) کے بعد ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک

بَعۡدِ نُوۡحٍ‌ ؕ وَكَفٰى بِرَبِّكَ بِذُنُوۡبِ

کردیں، اور آپ کا رب کافی ہے اپنے بندوں کے گناہوں کو

عِبَادِهٖ خَبِيۡرًاۢ بَصِيۡرًا ﴿۱۷﴾ مَنۡ كَانَ

جاننے کے لیے (اور) اُن کو دیکھنے کے لیے ﴿۱۷﴾ جس کا

يُرِيْدُ الْعَاجِلَةَ عَجَّلْنَا لَهٗ فِيْهَا مَا

ارادہ صرف اِس جلدی والی دنیا (فوری فائدے) کا ہی ہوا سے ہم یہاں

نَشَآءُ لِمَنْ نُّرِيْدُ ثُمَّ جَعَلْنَا لَهٗ جَهَنَّمَ ۚ

جس قدر جس کے لیے چاہیں فوراً دے دیتے ہیں، بالآخر اُس کے لیے ہم

يَصْلٰىهَا مَذْمُوْمًا مَّدْحُوْرًا ⑱ وَمَنْ

جہنم مقرر کردیتے ہیں جہاں وہ بُرے حالوں دُھتکارا ہوا داخل ہوگا ⑱ اور

اَرَادَ الْاٰخِرَةَ وَسَعٰى لَهَا سَعْيَهَا وَهُوَ

جس کا ارادہ آخرت کا ہو اور جیسی کوشش اُس کے لیے ہونی چاہیے وہ کرتا

مُؤْمِنٌ فَاُولٰٓئِكَ كَانَ سَعْيُهُمْ

بھی ہو اور وہ ایمان والا بھی ہو، پس یہی لوگ ہیں جن کی کوشش کی اللہ

مَّشْكُوْرًا ⑲ كُلًّا نُّمِدُّ هٰٓؤُلَآءِ وَهٰٓؤُلَآءِ

کے پاس پوری قدردانی کی جائے گی ⑲ ہم ہر ایک کو آپ کے رب کی

مِنْ عَطَآءِ رَبِّكَ ؕ وَمَا كَانَ عَطَآءُ

بخشش میں سے پہونچاتے ہیں، اُن کو بھی اور اِن کو بھی، اور آپ کے رب کی

رَبِّكَ مَحۡظُوۡرًا ﴿۲۰﴾ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ

بخشش کسی کے اوپر بند نہیں ﴿۲۰﴾ دیکھیے ہم نے اُن کے ایک کو

فَضَّلۡنَا بَعۡضَهُمۡ عَلٰى بَعۡضٍ ‌ؕ وَلَلۡاٰخِرَةُ

دوسرے پر کس طرح فوقیت دی ہے، اور یقیناً آخرت اور بھی

اَكۡبَرُ دَرَجٰتٍ وَّاَكۡبَرُ تَفۡضِيۡلًا ﴿۲۱﴾

زیادہ بڑی ہے درجے کے اعتبار سے اور فضیلت کے اعتبار سے ﴿۲۱﴾

لَا تَجۡعَلۡ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتَقۡعُدَ

آپ اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ بنایئے ورنہ آپ بدحال

ع ۲ ۱۲ ۲

مَذۡمُوۡمًا مَّخۡذُوۡلًا ﴿۲۲﴾ ع وَقَضٰى رَبُّكَ

اور بے کس ہو کر رہ جائیں گے ﴿۲۲﴾ اور آپ کے رب نے فیصلہ کر دیا

اَلَّا تَعۡبُدُوۡۤا اِلَّاۤ اِيَّاهُ وَبِالۡوَالِدَيۡنِ

ہے کہ تم اُس کے سوا کسی اور کی عبادت نہ کرو اور ماں باپ کے ساتھ

اِحۡسَانًا ‌ؕ اِمَّا يَبۡلُغَنَّ عِنۡدَكَ الۡكِبَرَ

اچھا سلوک کرو، اگر وہ تمہارے سامنے بڑھاپے کو پہونچ جائیں

اَحَدُهُمَآ اَوْ كِلٰهُمَا فَلَا تَقُلْ لَّهُمَآ

اُن میں سے کوئی ایک یا دونوں تو اُن کو

اُفٍّ وَّلَا تَنْهَرْهُمَا وَقُلْ لَّهُمَا قَوْلًا

اُف نہ کہیں اور نہ اُن کو جھڑکیں اور اُن سے احترام کے

كَرِيْمًا ﴿۲۳﴾ وَاخْفِضْ لَهُمَا جَنَاحَ

ساتھ بات کریں ﴿۲۳﴾ اور اُن کے سامنے نرمی سے عاجزی کے بازو

الذُّلِّ مِنَ الرَّحْمَةِ وَقُلْ رَّبِّ ارْحَمْهُمَا

جُھکا دیں اور کہیے کہ اے میرے رب! اُن دونوں پر رحم فرمایئے

كَمَا رَبَّيٰنِيْ صَغِيْرًا ﴿۲۴﴾ؕ رَبُّكُمْ اَعْلَمُ

جیسا کہ اُنہوں نے مجھے بچپن میں پالا ﴿۲۴﴾ تمہارا رب خوب جانتا

بِمَا فِيْ نُفُوْسِكُمْ ؕ اِنْ تَكُوْنُوْا صٰلِحِيْنَ

ہے کہ تمہارے دِلوں میں کیا ہے، اگر تم نیک رہو گے تو

فَاِنَّهٗ كَانَ لِلْاَوَّابِيْنَ غَفُوْرًا ﴿۲۵﴾

وہ توبہ کرنے والوں کو معاف کر دینے والا ہے ﴿۲۵﴾

وَاٰتِ ذَا الۡقُرۡبٰى حَقَّهٗ وَالۡمِسۡكِيۡنَ

اور رشتے دار کو اُس کا حق دیجیے اور مسکین کو

وَابۡنَ السَّبِيۡلِ وَلَا تُبَذِّرۡ تَبۡذِيۡرًا ﴿۲۶﴾ اِنَّ

اور مسافر کو اور فضول خرچی نہ کریں ﴿۲۶﴾ بے شک

الۡمُبَذِّرِيۡنَ كَانُوۡۤا اِخۡوَانَ الشَّيٰطِيۡنِ ؕ

فضول خرچی کرنے والے شیطان کے بھائی ہیں ،

وَكَانَ الشَّيۡطٰنُ لِرَبِّهٖ كَفُوۡرًا ﴿۲۷﴾

اور شیطان اپنے رب کا بڑا ناشکرا ہے ﴿۲۷﴾

وَاِمَّا تُعۡرِضَنَّ عَنۡهُمُ ابۡتِغَآءَ رَحۡمَةٍ

اور اگر آپ کو اپنے رب کے فضل کے انتظار میں جس کی آپ کو

مِّنۡ رَّبِّكَ تَرۡجُوۡهَا فَقُلۡ لَّهُمۡ قَوۡلًا

اُمید ہے اُن سے اعراض کرنا پڑے تو آپ اُن سے نرمی کی

مَّيۡسُوۡرًا ﴿۲۸﴾ وَلَا تَجۡعَلۡ يَدَكَ مَغۡلُوۡلَةً

بات کہیے ﴿۲۸﴾ اور نہ تو اپنا ہاتھ گردن سے باندھ لیں

اِلٰی عُنُقِكَ وَلَا تَبۡسُطۡهَا كُلَّ الۡبَسۡطِ

اور نہ اُس کو بالکل کھلا چھوڑ دیں کہ آپ بدحال

فَتَقۡعُدَ مَلُوۡمًا مَّحۡسُوۡرًا ﴿۲۹﴾ اِنَّ رَبَّكَ

اور عاجز بن کر رہ جائیں ﴿۲۹﴾ بے شک آپ کا رب جس کو چاہتا ہے زیادہ

یَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ یَّشَآءُ وَیَقۡدِرُ ؕ اِنَّهٗ

رزق دیتا ہے اور جس کے لیے چاہتا ہے تنگ کر دیتا ہے، بے شک

كَانَ بِعِبَادِهٖ خَبِیۡرًۢا بَصِیۡرًا ﴿۳۰﴾ ع وَلَا تَقۡتُلُوۡۤا ۳/۸ ع

وہ اپنے بندوں کو جاننے والا ، دیکھنے والا ہے ﴿۳۰﴾ اور اپنی

اَوۡلَادَكُمۡ خَشۡیَةَ اِمۡلَاقٍ ؕ نَحۡنُ

اولاد کو مفلسی کے اندیشے سے قتل نہ کرو ، ہم اُن کو بھی

نَرۡزُقُهُمۡ وَاِیَّاكُمۡ ؕ اِنَّ قَتۡلَهُمۡ كَانَ

رزق دیتے ہیں اور تم کو بھی ، بے شک اُن کو قتل کرنا

خِطۡاً كَبِیۡرًا ﴿۳۱﴾ وَلَا تَقۡرَبُوا الزِّنٰۤی اِنَّهٗ كَانَ

بڑا گناہ ہے ﴿۳۱﴾ اور زنا کے قریب بھی نہ جاؤ ، یقیناً وہ

فَاحِشَةً ؕ وَسَآءَ سَبِیْلًا ﴿۳۲﴾ وَلَا تَقْتُلُوا
بے حیائی ہے اور بُرا راستہ ہے ﴿۳۲﴾ اور جس جان کو

النَّفْسَ الَّتِیْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ ؕ
اللہ نے محترم ٹھہرایا ہے اُس کو قتل مت کرو مگر حق پر ،

وَمَنْ قُتِلَ مَظْلُوْمًا فَقَدْ جَعَلْنَا لِوَلِیِّهٖ
اور جو شخص ناحق قتل کیا جائے تو ہم نے اُس کے وارث کو اختیار

سُلْطٰنًا فَلَا یُسْرِفْ فِّی الْقَتْلِ ؕ اِنَّهٗ
دیا ہے پس وہ قتل میں حد سے نہ گزرے ، بے شک اُس کی

كَانَ مَنْصُوْرًا ﴿۳۳﴾ وَلَا تَقْرَبُوْا مَالَ
مدد کی جائے گی ﴿۳۳﴾ اور تم یتیم کے مال کے

الْیَتِیْمِ اِلَّا بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ حَتّٰی
پاس نہ جاؤ مگر جس طرح کہ بہتر ہو یہاں تک کہ

یَبْلُغَ اَشُدَّهٗ ۪ وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ
وہ اپنی جوانی کی عمر کو پہونچ جائے ، اور عہد کو پورا کرو ،

اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۴﴾ وَاَوْفُوا

بے شک عہد کی پوچھ ہوگی ﴿۳۴﴾ اور جب ناپ کر

الْكَيْلَ اِذَا كِلْتُمْ وَزِنُوْا بِالْقِسْطَاسِ

دو تو پورا پورا ناپو اور ٹھیک ترازو سے

الْمُسْتَقِيْمِ ؕ ذٰلِكَ خَيْرٌ وَّاَحْسَنُ

تول کر دو ، یہ بہتر طریقہ ہے اور اِس کا انجام بھی

تَاْوِيْلًا ﴿۳۵﴾ وَلَا تَقْفُ مَا لَيْسَ لَكَ

اچھا ہے ﴿۳۵﴾ اور ایسی چیز کے پیچھے نہ لگیں جس کی

بِهٖ عِلْمٌ ؕ اِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ

آپ کو خبر نہیں ، بے شک کان اور آنکھ

وَالْفُؤَادَ كُلُّ اُولٰٓئِكَ كَانَ عَنْهُ

اور دل سب کی آدمی سے پوچھ

مَسْـُٔوْلًا ﴿۳۶﴾ وَلَا تَمْشِ فِى الْاَرْضِ

ہوگی ﴿۳۶﴾ اور زمین میں اکڑ کر نہ چلیں ،

مَرَحًا ۚ اِنَّكَ لَنۡ تَخۡرِقَ الۡاَرۡضَ

آپ زمین کو پھاڑ نہیں سکتے اور نہ ہی

وَلَنۡ تَبۡلُغَ الۡجِبَالَ طُوۡلًا ﴿۳۷﴾ كُلُّ

آپ پہاڑوں کی لمبائی کو پہونچ سکتے ہو ﴿۳۷﴾ یہ

ذٰلِكَ كَانَ سَيِّـئُهٗ عِنۡدَ رَبِّكَ

سارے بُرے کام آپ کے رب کے نزدیک

مَكۡرُوۡهًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ مِمَّاۤ اَوۡحٰۤى اِلَيۡكَ

ناپسندیدہ ہیں ﴿۳۸﴾ یہ وہ باتیں ہیں جو آپ کے رب نے حکمت

رَبُّكَ مِنَ الۡحِكۡمَةِ ؕ وَلَا تَجۡعَلۡ

میں سے آپ کی طرف وحی کی ہیں، اور (اے انسان)

مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ فَتُلۡقٰى فِىۡ جَهَنَّمَ

اللہ کے ساتھ کسی اور کو معبود نہ بنا، ورنہ تجھے ملامت کر کے دھکّے دے

مَلُوۡمًا مَّدۡحُوۡرًا ﴿۳۹﴾ اَفَاَصۡفٰكُمۡ رَبُّكُمۡ

کر دوزخ میں پھینک دیا جائے گا ﴿۳۹﴾ کیا تمہارے رب نے تم کو

بِالۡبَنِیۡنَ وَ اتَّخَذَ مِنَ الۡمَلٰٓئِکَۃِ اِنَاثًا ؕ

بیٹے چُن کر دیے اور اپنے لیے فرشتوں میں سے بیٹیاں بنا لیں،

اِنَّکُمۡ لَتَقُوۡلُوۡنَ قَوۡلًا عَظِیۡمًا ﴿۴۰﴾ وَ لَقَدۡ

بے شک تم بڑی سخت بات کہتے ہو ﴿۴۰﴾ اور ہم نے

ع ۴ ۴

صَرَّفۡنَا فِیۡ ہٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِیَذَّکَّرُوۡا ؕ

اِس قرآن میں طرح طرح سے بیان کیا ہے تا کہ وہ یاد دہانی

وَ مَا یَزِیۡدُہُمۡ اِلَّا نُفُوۡرًا ﴿۴۱﴾ قُلۡ

حاصل کریں، لیکن اُن کی بیزاری بڑھتی ہی جا رہی ہے ﴿۴۱﴾ کہہ

لَّوۡ کَانَ مَعَہٗۤ اٰلِـہَۃٌ کَمَا یَقُوۡلُوۡنَ اِذًا

دیجیے کہ اگر اللہ کے ساتھ اور بھی معبود ہوتے جیسا کہ یہ لوگ

لَّابۡتَغَوۡا اِلٰی ذِی الۡعَرۡشِ سَبِیۡلًا ﴿۴۲﴾

کہتے ہیں تو وہ عرش والے کی طرف ضرور راستہ نکالتے ﴿۴۲﴾

سُبۡحٰنَہٗ وَ تَعٰلٰی عَمَّا یَقُوۡلُوۡنَ عُلُوًّا

اللہ پاک اور برتر ہے اُس سے جو یہ لوگ

كَبِيْرًا ﴿۴۳﴾ تُسَبِّحُ لَهُ السَّمٰوٰتُ

کہتے ہیں ﴿۴۳﴾ اُسی کی پاکی بیان کرتے ہیں

السَّبْعُ وَالْاَرْضُ وَمَنْ فِيْهِنَّ ؕ

ساتوں آسمان اور زمین اور جو اُن میں ہیں ،

وَاِنْ مِّنْ شَيْءٍ اِلَّا يُسَبِّحُ بِحَمْدِهٖ

اور کوئی چیز ایسی نہیں جو تعریف کے ساتھ اُس کی

وَلٰكِنْ لَّا تَفْقَهُوْنَ تَسْبِيْحَهُمْ ؕ

پاکی بیان نہ کرتی ہو مگر تم اُن کی تسبیح کو نہیں سمجھتے ،

اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۴﴾ وَاِذَا

بے شک وہ بُردبار ہے ، بخشنے والا ہے ﴿۴۴﴾ اور جب

قَرَاْتَ الْقُرْاٰنَ جَعَلْنَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ

آپ قرآن پڑھتے ہو تو ہم آپ کے اور اُن لوگوں کے

الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ حِجَابًا

درمیان ایک چھپا ہوا پردہ حائل کر دیتے ہیں جو آخرت کو

مَّسْتُوْرًا ﴿۴۵﴾ لا وَّجَعَلْنَا عَلٰی قُلُوْبِهِمْ

نہیں مانتے ﴿۴۵﴾ اور ہم اُن کے دلوں پر پردہ رکھ دیتے ہیں کہ

اَکِنَّةً اَنْ یَّفْقَهُوْهُ وَفِیْٓ اٰذَانِهِمْ

وہ اُس کو نہ سمجھیں اور اُن کے کانوں میں گرانی پیدا کر دیتے

وَقْرًا ط وَاِذَا ذَکَرْتَ رَبَّكَ فِی الْقُرْاٰنِ

ہیں ، اور جب آپ قرآن میں تنہا اپنے رب کا

وَحْدَهٗ وَلَّوْا عَلٰٓی اَدْبَارِهِمْ نُفُوْرًا ﴿۴۶﴾

ذکر کرتے ہو تو وہ نفرت کے ساتھ پیٹھ پھیر لیتے ہیں ﴿۴۶﴾

نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَسْتَمِعُوْنَ بِهٖٓ اِذْ

ہم جانتے ہیں کہ جب وہ آپ کی طرف کان لگاتے ہیں تو وہ کس

یَسْتَمِعُوْنَ اِلَیْكَ وَاِذْ هُمْ نَجْوٰٓی

لیے سُنتے ہیں اور جب کہ وہ آپس میں کانا پھوسی کرتے ہیں

اِذْ یَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا

یہ ظالم لوگ کہتے ہیں کہ تم لوگ بس ایک جادو کیے ہوئے

رَجُلًا مَّسۡحُوۡرًا ﴿۴۷﴾ اُنۡظُرۡ كَيۡفَ ضَرَبُوۡا

انسان کے پیچھے چل رہے ہو ﴿۴۷﴾ دیکھیں تو سہی کہ وہ آپ کے

لَكَ الۡاَمۡثَالَ فَضَلُّوۡا فَلَا يَسۡتَطِيۡعُوۡنَ

لیے کیا کیا مثالیں بیان کرتے ہیں، پس وہ بہک رہے ہیں، اب

سَبِيۡلًا ﴿۴۸﴾ وَقَالُوۡۤا ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا

تو راہ پانا اُن کے بس میں نہیں رہا ﴿۴۸﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ کیا

وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ خَلۡقًا

جب ہم ہڈی اور ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم پھر سے

جَدِيۡدًا ﴿۴۹﴾ قُلۡ كُوۡنُوۡا حِجَارَةً اَوۡ

اُٹھائے جائیں گے ﴿۴۹﴾ کہہ دیجیے کہ تم پتھر یا

حَدِيۡدًا ﴿۵۰﴾ اَوۡ خَلۡقًا مِّمَّا يَكۡبُرُ فِىۡ

لوہا ہو جاؤ ﴿۵۰﴾ یا اور کوئی چیز جو تمہارے خیال میں اُن سے بھی زیادہ

صُدُوۡرِكُمۡ ۚ فَسَيَقُوۡلُوۡنَ مَنۡ يُّعِيۡدُنَا ط

مشکل ہو، پھر وہ کہیں گے کہ وہ کون ہے جو ہم کو دوبارہ زندہ کرے گا،

قُلِ الَّذِیْ فَطَرَكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۚ

آپ کہیے کہ وہی جس نے تم کو پہلی بار پیدا کیا ہے ،

فَسَيُنْغِضُوْنَ اِلَيْكَ رُءُوْسَهُمْ

پھر وہ آپ کے آگے اپنے سر ہلائیں گے

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هُوَ ۭ قُلْ عَسٰٓى اَنْ

اور کہیں گے کہ یہ کب ہوگا، کہہ دیجیے کہ عجب نہیں کہ اُس کا وقت

يَّكُوْنَ قَرِيْبًا ﴿٥١﴾ يَوْمَ يَدْعُوْكُمْ

قریب آ پہونچا ہو ﴿۵۱﴾ جس دن اللہ تم کو پکارے گا تو تم اُس کی

فَتَسْتَجِيْبُوْنَ بِحَمْدِهٖ وَتَظُنُّوْنَ

حمد کرتے ہوئے اُس کی پکار پر چلے آؤ گے اور تم یہ خیال کرو گے

اِنْ لَّبِثْتُمْ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿٥٢﴾ ع وَقُلْ لِّعِبَادِيْ ع ۵ ۱۴ ۵

کہ تم بہت تھوڑی مدت رہے ﴿۵۲﴾ اور میرے بندوں سے

يَقُوْلُوا الَّتِيْ هِيَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ

کہہ دیجیے کہ وہی بات کہیں جو بہتر ہو ، شیطان

يَنْزَغُ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّ الشَّيْطٰنَ كَانَ

اُن کے درمیان فساد ڈالتا ہے ، بے شک شیطان

لِلْاِنْسَانِ عَدُوًّا مُّبِيْنًا ﴿۵۳﴾ رَبُّكُمْ

انسان کا کھلا ہوا دشمن ہے ﴿۵۳﴾ تمہارا رب تم کو

اَعْلَمُ بِكُمْ ۭ اِنْ يَّشَاْ يَرْحَمْكُمْ اَوْ

خوب جانتا ہے، اگر وہ چاہے تو تم پر رحم کرے

اِنْ يَّشَاْ يُعَذِّبْكُمْ ۭ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

یا اگر وہ چاہے تو تم کو عذاب دے ، اور ہم نے آپ کو اُن کا

عَلَيْهِمْ وَكِيْلًا ﴿۵۴﴾ وَرَبُّكَ اَعْلَمُ بِمَنْ

ذِمّہ دار بنا کر نہیں بھیجا ﴿۵۴﴾ اور آپ کا رب خوب جانتا ہے اُن کو

فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۭ وَلَقَدْ فَضَّلْنَا

جو آسمانوں اور زمین میں ہیں ، اور ہم نے بعض نبیوں کو

بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰي بَعْضٍ وَّاٰتَيْنَا

بعض پر فضیلت دی اور ہم نے داوٗد (علیہ السلام) کو

دَاوٗدَ زَبُوۡرًا ﴿۵۵﴾ قُلِ ادۡعُوا الَّذِیۡنَ

زبور دی ﴿۵۵﴾ کہہ دیجیے کہ اُن کو پکارو جن کو تم نے

زَعَمۡتُمۡ مِّنۡ دُوۡنِہٖ فَلَا یَمۡلِکُوۡنَ

اللہ کے سوا معبود سمجھ رکھا ہے، وہ نہ تم سے کسی مصیبت کو دور

کَشۡفَ الضُّرِّ عَنۡکُمۡ وَلَا تَحۡوِیۡلًا ﴿۵۶﴾

کرنے کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ اُس کو بدل سکتے ہیں ﴿۵۶﴾

اُولٰٓئِکَ الَّذِیۡنَ یَدۡعُوۡنَ یَبۡتَغُوۡنَ

جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں وہ خود اپنے رب کا قُرب ڈھونڈتے

اِلٰی رَبِّہِمُ الۡوَسِیۡلَۃَ اَیُّہُمۡ اَقۡرَبُ

ہیں کہ اُن میں سے کون سب سے زیادہ قریب ہوجائے اور وہ

وَیَرۡجُوۡنَ رَحۡمَتَہٗ وَیَخَافُوۡنَ عَذَابَہٗ ط

اپنے رب کی رحمت کے اُمیدوار ہیں اور وہ اُس کے عذاب سے

اِنَّ عَذَابَ رَبِّکَ کَانَ مَحۡذُوۡرًا ﴿۵۷﴾

ڈرتے ہیں، واقعی آپ کے رب کا عذاب ڈرنے ہی کی چیز ہے ﴿۵۷﴾

وَاِنۡ مِّنۡ قَرۡيَةٍ اِلَّا نَحۡنُ مُهۡلِكُوۡهَا
اور کوئی بستی ایسی نہیں جس کو ہم

قَبۡلَ يَوۡمِ الۡقِيٰمَةِ اَوۡ مُعَذِّبُوۡهَا عَذَابًا
قیامت سے پہلے ہلاک نہ کریں یا اُس کو سخت

شَدِيۡدًا ؕ كَانَ ذٰلِكَ فِى الۡكِتٰبِ مَسۡطُوۡرًا ﴿۵۸﴾
عذاب نہ دیں ، یہ بات کتاب میں لکھی ہوئی ہے ﴿۵۸﴾

وَمَا مَنَعَنَاۤ اَنۡ نُّرۡسِلَ بِالۡاٰيٰتِ اِلَّاۤ
اور ہم کو نشانیاں بھیجنے سے نہیں روکا مگر اِس چیز نے کہ اگلوں نے

اَنۡ كَذَّبَ بِهَا الۡاَوَّلُوۡنَ ؕ وَاٰتَيۡنَا ثَمُوۡدَ
اُن کو جھٹلایا ، اور ہم نے قومِ ثمود کو اونٹنی دی تھی جو آنکھیں

النَّاقَةَ مُبۡصِرَةً فَظَلَمُوۡا بِهَا ؕ وَمَا
کھولنے کے لیے کافی تھی مگر اُنھوں نے اُس پر ظلم کیا ، اور ہم

نُرۡسِلُ بِالۡاٰيٰتِ اِلَّا تَخۡوِيۡفًا ﴿۵۹﴾
نشانیاں صرف ڈرانے کے لیے بھیجتے ہیں ﴿۵۹﴾

وَاِذْ قُلْنَا لَكَ اِنَّ رَبَّكَ اَحَاطَ بِالنَّاسِ ؕ

اور جب ہم نے آپ سے کہا کہ آپ کے رب نے لوگوں کو گھیرے میں لے لیا ہے،

وَمَا جَعَلْنَا الرُّءْيَا الَّتِيْٓ اَرَيْنٰكَ اِلَّا

اور وہ نظارہ جو ہم نے آپ کو دِکھایا وہ صرف لوگوں کی جانچ

فِتْنَةً لِّلنَّاسِ وَالشَّجَرَةَ الْمَلْعُوْنَةَ

کے لیے تھا اور اُس درخت کو بھی جس کی قرآن میں مذمّت

فِي الْقُرْاٰنِ ؕ وَنُخَوِّفُهُمْ ۙ فَمَا يَزِيْدُهُمْ

کی گئی ہے، اور ہم اُن کو ڈراتے ہیں لیکن اُن کی زبردست

اِلَّا طُغْيَانًا كَبِيْرًا ﴿۶۰﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا ع ۶ / ۸

سرکشی بڑھتی ہی جارہی ہے ﴿۶۰﴾ اور جب ہم نے فرشتوں سے کہا

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو اُنہوں نے سجدہ کیا مگر ابلیس نے

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ قَالَ ءَاَسْجُدُ لِمَنْ

نہیں کیا، اُس نے کہا: کیا میں ایسے شخص کو سجدہ کروں جس کو

خَلَقْتَ طِيْنًا ۚ﴿۶۱﴾ قَالَ اَرَءَيْتَكَ هٰذَا
تو نے مٹی سے بنایا ہے ﴿۶۱﴾ اُس نے کہا: ذرا دیکھ! یہ شخص جس

الَّذِيْ كَرَّمْتَ عَلَيَّ ۫ لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰى
کو تو نے مجھ پر عزت دی ہے، اگر تو مجھ کو قیامت کے دن تک

يَوْمِ الْقِيٰمَةِ لَاَحْتَنِكَنَّ ذُرِّيَّتَهٗٓ
مہلت دے تو میں تھوڑے لوگوں کے سوا اُس کی تمام اولاد کو

اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۶۲﴾ قَالَ اذْهَبْ فَمَنْ تَبِعَكَ
کھا جاؤں گا ﴿۶۲﴾ اللہ نے کہا کہ جا، اُن میں سے

مِنْهُمْ فَاِنَّ جَهَنَّمَ جَزَآؤُكُمْ جَزَآءً
جو بھی تیرا ساتھی بنا تو جہنم تم سب کا پورا پورا بدلہ

مَّوْفُوْرًا ﴿۶۳﴾ وَاسْتَفْزِزْ مَنِ اسْتَطَعْتَ
ہے ﴿۶۳﴾ اور اُن میں سے جس پر تیرا بس چلے تو اپنی

مِنْهُمْ بِصَوْتِكَ وَاَجْلِبْ عَلَيْهِمْ
آواز سے اُن کا قدم اُکھاڑ دے اور اُن پر اپنے سوار

بِخَیۡلِكَ وَرَجِلِكَ وَشَارِكۡهُمۡ فِی الۡاَمۡوَالِ

اور پیدل سپاہی چڑھا لا اور اُن کے مال اور اولاد میں اُن کا

وَالۡاَوۡلَادِ وَعِدۡهُمۡ ؕ وَمَا یَعِدُهُمُ

ساجھی بن جا اور اُن سے وعدہ کر، اور شیطان کا وعدہ ایک

الشَّیۡطٰنُ اِلَّا غُرُوۡرًا ﴿۶۴﴾ اِنَّ عِبَادِیۡ

دھوکے کے سوا اور کچھ نہیں ﴿۶۴﴾ بے شک جو میرے بندے ہیں

لَیۡسَ لَكَ عَلَیۡهِمۡ سُلۡطٰنٌ ؕ وَكَفٰی

اُن پر تیرا زور نہیں چلے گا ، اور آپ کا

بِرَبِّكَ وَكِیۡلًا ﴿۶۵﴾ رَبُّكُمُ الَّذِیۡ

رب کام بنانے کے لیے کافی ہے ﴿۶۵﴾ تمہارا رب وہ ہے

یُزۡجِیۡ لَكُمُ الۡفُلۡكَ فِی الۡبَحۡرِ لِتَبۡتَغُوۡا

جو تمہارے لیے سمندر میں کشتی چلاتا ہے تاکہ تم اُس کا

مِنۡ فَضۡلِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ بِكُمۡ رَحِیۡمًا ﴿۶۶﴾

فضل تلاش کرو، بے شک وہ تمہارے اوپر مہربان ہے ﴿۶۶﴾

وَ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فِی الۡبَحۡرِ ضَلَّ مَنۡ

اور جب سمندر میں تم پر کوئی آفت آتی ہے تو تم اُن معبودوں کو

تَدۡعُوۡنَ اِلَّاۤ اِیَّاهُ ۚ فَلَمَّا نَجّٰىكُمۡ

بھول جاتے ہو جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے تھے، پھر جب وہ تم کو

اِلَی الۡبَرِّ اَعۡرَضۡتُمۡ ؕ وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ

خشکی کی طرف بچا لاتا ہے تو تم دوبارہ پھر جاتے ہو، اور انسان

كَفُوۡرًا ﴿۶۷﴾ اَفَاَمِنۡتُمۡ اَنۡ یَّخۡسِفَ

بڑا ہی ناشکرا ہے ﴿۶۷﴾ کیا تم اِس سے بے خوف ہو گئے کہ اللہ تم کو

بِكُمۡ جَانِبَ الۡبَرِّ اَوۡ یُرۡسِلَ عَلَیۡكُمۡ

خشکی کی طرف لا کر زمین میں دھنسا دے یا تم پر پتھر برسانے

حَاصِبًا ثُمَّ لَا تَجِدُوۡا لَكُمۡ وَكِیۡلًا ۙ ﴿۶۸﴾

والی آندھی بھیج دے، پھر تم کسی کو اپنا کام بنانے والا نہ پاؤ ﴿۶۸﴾

اَمۡ اَمِنۡتُمۡ اَنۡ یُّعِیۡدَكُمۡ فِیۡهِ تَارَةً

یا تم اِس سے بے خوف ہو گئے ہو کہ وہ تم کو دوبارہ اُس (سمندر) میں لے جائے

اُخۡرٰی فَیُرۡسِلَ عَلَیۡکُمۡ قَاصِفًا مِّنَ الرِّیۡحِ
پھر تم پر ہوا کا سخت طوفان بھیج دے اور تم کو تمہارے
فَیُغۡرِقَکُمۡ بِمَا کَفَرۡتُمۡ ۙ ثُمَّ لَا تَجِدُوۡا
انکار کی وجہ سے غرق کر دے، پھر تم اُس پر کوئی ہمارا
لَکُمۡ عَلَیۡنَا بِهٖ تَبِیۡعًا ﴿۶۹﴾ وَ لَقَدۡ کَرَّمۡنَا
پیچھا کرنے والا نہ پاؤ ﴿۶۹﴾ اور ہم نے آدم (علیہ السلام) کی اولاد کو
بَنِیۡۤ اٰدَمَ وَ حَمَلۡنٰهُمۡ فِی الۡبَرِّ وَ الۡبَحۡرِ
عزّت دی اور ہم نے اُن کو خشکی اور تری میں سوار کیا
وَ رَزَقۡنٰهُمۡ مِّنَ الطَّیِّبٰتِ وَ فَضَّلۡنٰهُمۡ
اور ہم نے اُن کو پاکیزہ چیزوں کا رزق دیا، اور ہم نے
عَلٰی کَثِیۡرٍ مِّمَّنۡ خَلَقۡنَا تَفۡضِیۡلًا ﴿۷۰﴾ ع
اُن کو اپنی بہت سی مخلوقات پر فوقیت دی ﴿۷۰﴾
یَوۡمَ نَدۡعُوۡا کُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمۡ ۚ
جس دن ہم ہر گروہ کو اُس کے رہنما کے ساتھ بُلائیں گے،

ع ١٠/٧

فَمَنْ اُوْتِیَ كِتٰبَهٗ بِیَمِیْنِهٖ فَاُولٰٓىِٕكَ
پس جس کا اعمال نامہ اُس کے دائیں ہاتھ میں دیا جائے گا وہ

یَقْرَءُوْنَ كِتٰبَهُمْ وَ لَا یُظْلَمُوْنَ
لوگ اپنا اعمال نامہ پڑھیں گے اور اُن کے ساتھ ذرا بھی ناانصافی

فَتِیْلًا ﴿۷۱﴾ وَمَنْ كَانَ فِیْ هٰذِهٖٓ اَعْمٰى
نہیں کی جائے گی ﴿۷۱﴾ اور جو شخص اِس دنیا میں اندھا رہا

فَهُوَ فِی الْاٰخِرَةِ اَعْمٰى وَ اَضَلُّ
وہ آخرت میں بھی اندھا رہے گا وہ بہت دور پڑا ہوگا

سَبِیْلًا ﴿۷۲﴾ وَاِنْ كَادُوْا لَیَفْتِنُوْنَكَ
راستے سے ﴿۷۲﴾ اور قریب تھا کہ یہ لوگ فتنے میں ڈال کر آپ کو اُس سے

عَنِ الَّذِیْٓ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ لِتَفْتَرِیَ
ہٹا دیں جو ہم نے آپ پر وحی کی ہے تاکہ آپ اُس کے سوا

عَلَیْنَا غَیْرَهٗ ۖۗ وَاِذًا لَّاتَّخَذُوْكَ
ہماری طرف غلط بات منسوب کرو، اور تب وہ آپ کو اپنا دوست

خَلِیۡلًا ﴿٧٣﴾ وَلَوۡلَاۤ اَنۡ ثَبَّتۡنٰكَ لَقَدۡ

بنا لیتے ﴿٧٣﴾ اور اگر ہم نے آپ کو جمائے نہ رکھا ہوتا

كِدۡتَّ تَرۡكَنُ اِلَیۡهِمۡ شَیۡـًٔا قَلِیۡلًا ﴿٧٤﴾ لا ق

تو قریب تھا کہ آپ اُن کی طرف کچھ جُھک پڑتے ﴿٧٤﴾

اِذًا لَّاَذَقۡنٰكَ ضِعۡفَ الۡحَیٰوةِ وَضِعۡفَ

پھر ہم آپ کو زندگی اور موت دونوں کا دہرا (عذاب) چکھاتے

الۡمَمَاتِ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ عَلَیۡنَا

پھر اُس کے بعد آپ ہمارے مقابلے میں اپنا کوئی مددگار

نَصِیۡرًا ﴿٧٥﴾ وَاِنۡ كَادُوۡا لَیَسۡتَفِزُّوۡنَكَ

نہ پاتے ﴿٧٥﴾ اور یہ لوگ اِس سرزمین سے آپ کے

مِنَ الۡاَرۡضِ لِیُخۡرِجُوۡكَ مِنۡهَا

قدم اُکھاڑنے لگے تھے تاکہ آپ کو اُس سے نکال دیں،

وَاِذًا لَّا یَلۡبَثُوۡنَ خِلٰفَكَ اِلَّا

پھر یہ بھی آپ کے بعد بہت ہی کم

قَلِيۡلًا ﴿۷۶﴾ سُنَّةَ مَنۡ قَدۡ اَرۡسَلۡنَا

ٹھہر پاتے ﴿۷۶﴾ جیسا کہ اُن رسولوں کے بارے میں ہمارا طریقہ

قَبۡلَكَ مِنۡ رُّسُلِنَا وَلَا تَجِدُ لِسُنَّتِنَا

رہا ہے جن کو ہم نے آپ سے پہلے بھیجا تھا اور آپ ہمارے

ع ۸ ۸ ۷

تَحۡوِيۡلًا ﴿۷۷﴾ اَقِمِ الصَّلٰوةَ لِدُلُوۡكِ

طریقے میں تبدیلی نہ پاؤ گے ﴿۷۷﴾ نماز قائم کیجیے سورج

الشَّمۡسِ اِلٰى غَسَقِ الَّيۡلِ وَقُرۡاٰنَ

ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے تک اور خاص کر فجر کی

الۡفَجۡرِ ؕ اِنَّ قُرۡاٰنَ الۡفَجۡرِ كَانَ

قراءت ، یقیناً فجر کے وقت کا قرآن پڑھنا

مَشۡهُوۡدًا ﴿۷۸﴾ وَمِنَ الَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهٖ

حاضر کیا گیا ہے ﴿۷۸﴾ اور رات کو تہجد پڑھیے یہ

نَافِلَةً لَّكَ ۖ عَسٰۤى اَنۡ يَّبۡعَثَكَ رَبُّكَ

نفل ہے آپ کے لیے ، اُمید ہے کہ آپ کا رب آپ کو

مَقَامًا مَّحْمُوْدًا ﴿٧٩﴾ وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ

مقامِ محمود پر کھڑا کرے ﴿٧٩﴾ اور کہیے کہ اے میرے رب!

مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ

مجھ کو داخل کیجیے سچا داخل کرنا اور مجھ کو نکالیے

صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ

سچا نکالنا ، اور مجھ کو اپنے پاس سے مددگار

سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا ﴿٨٠﴾ وَقُلْ جَآءَ الْحَقُّ

قوت عطا کیجیے ﴿٨٠﴾ اور کہہ دیجیے کہ حق آیا

وَزَهَقَ الْبَاطِلُ ؕ اِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ

اور باطل مٹ گیا ، بے شک باطل مٹنے ہی

زَهُوْقًا ﴿٨١﴾ وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ

والا تھا ﴿٨١﴾ اور ہم قرآن میں سے اُتارتے ہیں

مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۙ

جس میں شفا اور رحمت ہے ایمان والوں کے لیے ،

وَلَا يَزِيۡدُ الظّٰلِمِيۡنَ اِلَّا خَسَارًا ﴿٨٢﴾

اور ظالموں کے لیے اُس سے نقصان کے سوا اور کچھ نہیں بڑھتا ﴿٨٢﴾

وَاِذَاۤ اَنۡعَمۡنَا عَلَى الۡاِنۡسَانِ اَعۡرَضَ

اور جب ہم انسان پر انعام کرتے ہیں تو وہ اعراض کرتا ہے

وَنَاٰ بِجَانِبِهٖ‌ۚ وَاِذَا مَسَّهُ الشَّرُّ كَانَ

اور پیٹھ پھیر لیتا ہے، اور جب اُس کو تکلیف پہونچتی ہے تو وہ

يَـئُوۡسًا ﴿٨٣﴾ قُلۡ كُلٌّ يَّعۡمَلُ عَلٰى

نا امید ہو جاتا ہے ﴿٨٣﴾ کہہ دیجیے کہ ہر ایک اپنے طریقے پر عمل

شَاكِلَتِهٖؕ فَرَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِمَنۡ هُوَ

کر رہا ہے، اب تمہارا رب ہی بہتر جانتا ہے کہ کون زیادہ

اَهۡدٰى سَبِيۡلًا ﴿٨٤﴾ ع وَيَسۡـئَلُوۡنَكَ عَنِ

ٹھیک راستے پر ہے ﴿٨٤﴾ اور وہ آپ سے روح کے متعلّق

الرُّوۡحِ‌ؕ قُلِ الرُّوۡحُ مِنۡ اَمۡرِ رَبِّىۡ

پوچھتے ہیں، کہہ دیجیے کہ روح میرے رب کے حکم سے ہے،

ع ٩ ٧ ٩

وَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنَ الْعِلْمِ اِلَّا قَلِيْلًا ﴿۸۵﴾
اور تم کو تو بہت تھوڑا علم دیا گیا ہے ﴿۸۵﴾

وَلَئِنْ شِئْنَا لَنَذْهَبَنَّ بِالَّذِيْٓ
اور اگر ہم چاہیں تو وہ سب کچھ تم سے چھین لیں جو ہم نے

اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ ثُمَّ لَا تَجِدُ لَكَ بِهٖ
وحی کے ذریعے آپ کو دیا ہے، پھر آپ اُس کے لیے ہمارے

عَلَيْنَا وَكِيْلًا ﴿۸۶﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنْ
مقابلے میں کوئی حمایتی نہ پاؤ ﴿۸۶﴾ مگر یہ صرف آپ کے

رَّبِّكَ ۭ اِنَّ فَضْلَهٗ كَانَ عَلَيْكَ
رب کی رحمت ہے، بے شک آپ کے اوپر اُس کا بڑا

كَبِيْرًا ﴿۸۷﴾ قُلْ لَّئِنِ اجْتَمَعَتِ
فضل ہے ﴿۸۷﴾ کہہ دیجیے کہ اگر تمام انسان

الْاِنْسُ وَالْجِنُّ عَلٰٓي اَنْ يَّاْتُوْا
اور جنّات جمع ہو جائیں کہ وہ اِس جیسا

بِمِثْلِ هٰذَا الْقُرْاٰنِ لَا یَاْتُوْنَ بِمِثْلِهٖ

قرآن بنا لائیں تب بھی وہ اس کے جیسا نہ لاسکیں گے ؛

وَلَوْ كَانَ بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ ظَهِیْرًا ﴿۸۸﴾

اگرچہ وہ ایک دوسرے کے مددگار بن جائیں ﴿۸۸﴾

وَلَقَدْ صَرَّفْنَا لِلنَّاسِ فِیْ هٰذَا

اور ہم نے لوگوں کے لیے اس قرآن میں

الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ مَثَلٍ ۫ فَاَبٰۤى

ہر قسم کا مضمون طرح طرح سے بیان کیا ہے ، پھر بھی

اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا كُفُوْرًا ﴿۸۹﴾ وَقَالُوْا

اکثر لوگ انکار ہی پر جمے رہے ﴿۸۹﴾ اور وہ کہتے ہیں

لَنْ نُّؤْمِنَ لَكَ حَتّٰى تَفْجُرَ لَنَا مِنَ

کہ ہم ہرگز تم پر ایمان نہ لائیں گے جب تک تم ہمارے

الْاَرْضِ یَنْۢبُوْعًا ﴿۹۰﴾ۙ اَوْ تَكُوْنَ

لیے زمین سے کوئی چشمہ جاری نہ کردو ﴿۹۰﴾ یا تمہارے پاس

لَكَ جَنَّةٌ مِّنۡ نَّخِيۡلٍ وَّعِنَبٍ

کھجوروں اور انگوروں کا کوئی باغ ہو جائے پھر تم

فَتُفَجِّرَ الۡاَنۡهٰرَ خِلٰلَهَا تَفۡجِيۡرًا ۙ ﴿٩١﴾

اُس باغ کے بیچ میں بہت سی نہریں جاری کردو ﴿٩١﴾

اَوۡ تُسۡقِطَ السَّمَآءَ كَمَا زَعَمۡتَ عَلَيۡنَا

یا جیسا کہ تم کہتے ہو ہمارے اوپر آسمان سے ٹکڑے

كِسَفًا اَوۡ تَاۡتِىَ بِاللّٰهِ وَالۡمَلٰٓـئِكَةِ

گرا دو یا اللہ اور فرشتوں کو لا کر ہمارے سامنے کھڑا

قَبِيۡلًا ۙ ﴿٩٢﴾ اَوۡ يَكُوۡنَ لَكَ بَيۡتٌ

کر دو ﴿٩٢﴾ یا تمہارے پاس سونے کا کوئی گھر ہو جائے

مِّنۡ زُخۡرُفٍ اَوۡ تَرۡقٰى فِى السَّمَآءِ ‌ؕ

یا تم آسمان پر چڑھ جاؤ ، اور ہم تمہارے

وَلَنۡ نُّـؤۡمِنَ لِرُقِيِّكَ حَتّٰى تُنَزِّلَ

چڑھنے کو بھی نہ مانیں گے جب تک تم وہاں سے ہم پر

عَلَیْنَا كِتٰبًا نَّقْرَؤُهٗ ؕ قُلْ سُبْحَانَ

کوئی کتاب نہ اُتار دو جسے ہم پڑھیں ، کہہ دیجیے کہ میرا

رَبِّیْ هَلْ كُنْتُ اِلَّا بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۳﴾ ع

رب پاک ہے، میں تو صرف ایک انسان ہوں اللہ کا رسول ﴿۹۳﴾

ع ۱۰ ۹

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنْ یُّؤْمِنُوْٓا اِذْ

اور جب اُن کے پاس ہدایت آگئی تو اُن کو ایمان لانے سے اِس

جَآءَهُمُ الْهُدٰٓی اِلَّآ اَنْ قَالُوْٓا اَبَعَثَ

کے سوا اور کوئی چیز مانع نہیں ہوئی کہ اُنہوں نے کہا کہ کیا اللہ نے

اللّٰهُ بَشَرًا رَّسُوْلًا ﴿۹۴﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ فِی

انسان کو رسول بنا کر بھیجا ہے ﴿۹۴﴾ کہہ دیجیے کہ اگر زمین میں

الْاَرْضِ مَلٰٓئِكَةٌ یَّمْشُوْنَ مُطْمَئِنِّیْنَ

فرشتے ہوتے کہ وہ اُس میں اطمینان کے ساتھ چلتے

لَنَزَّلْنَا عَلَیْهِمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَلَكًا

پھرتے تو البتہ ہم اُن پر آسمان سے فرشتے کو رسول بنا کر

رَّسُوۡلًا ﴿۹۵﴾ قُلۡ کَفٰی بِاللّٰہِ شَہِیۡدًۢا

بھیجتے ﴿۹۵﴾ کہیے کہ میرے اور تمہارے درمیان گواہی

بَیۡنِیۡ وَ بَیۡنَکُمۡ ؕ اِنَّہٗ کَانَ بِعِبَادِہٖ

کے لیے اللہ کافی ہے ، بے شک وہ اپنے بندوں کو

خَبِیۡرًۢا بَصِیۡرًا ﴿۹۶﴾ وَ مَنۡ یَّہۡدِ اللّٰہُ

جاننے والا ، دیکھنے والا ہے ﴿۹۶﴾ اللہ جس کو راہ دِکھائے وہی

فَہُوَ الۡمُہۡتَدِ ۚ وَ مَنۡ یُّضۡلِلۡ فَلَنۡ تَجِدَ

راہ پانے والا ہے ، اور جس کو وہ بے راہ کر دے تو آپ

لَہُمۡ اَوۡلِیَآءَ مِنۡ دُوۡنِہٖ ؕ وَ نَحۡشُرُہُمۡ

اُن کے لیے اللہ کے سوا کسی کو مددگار نہ پاؤ گے ، اور ہم قیامت

یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ عَلٰی وُجُوۡہِہِمۡ عُمۡیًا

کے دن اُن کو اُن کے منھ کے بَل اندھے اور گونگے

وَّ بُکۡمًا وَّ صُمًّا ؕ مَاۡوٰىہُمۡ جَہَنَّمُ ؕ کُلَّمَا

اور بہرے اکٹھا کریں گے ، اُن کا ٹھکانہ جہنم ہے ، جب جب

النّصف

خَبَتۡ زِدۡنٰهُمۡ سَعِيۡرًا ﴿۹۷﴾ ذٰلِكَ جَزَآؤُهُمۡ

اُس کی آگ دھیمی ہوگی ہم اُس کو مزید بھڑکا دیں گے ﴿۹۷﴾ یہ ہے اُن کا بدلہ

بِاَنَّهُمۡ كَفَرُوۡا بِاٰيٰتِنَا وَقَالُوۡۤا ءَاِذَا

اِس وجہ سے کہ اُنہوں نے ہماری نشانیوں کا انکار کیا اور کہا کہ

كُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَاِنَّا لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ

جب ہم ہڈی اور ریزہ ہو جائیں گے تو کیا ہم دوبارہ پیدا کر کے

خَلۡقًا جَدِيۡدًا ﴿۹۸﴾ اَوَلَمۡ يَرَوۡا

اُٹھائے جائیں گے ﴿۹۸﴾ کیا اُن لوگوں نے نہیں دیکھا کہ

اَنَّ اللّٰهَ الَّذِىۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ

جس اللہ نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ اِس پر

وَالۡاَرۡضَ قَادِرٌ عَلٰٓى اَنۡ يَّخۡلُقَ

قادر ہے کہ اُن کے مانند دوبارہ پیدا کر دے، اور اُس نے

مِثۡلَهُمۡ وَجَعَلَ لَهُمۡ اَجَلًا لَّا رَيۡبَ

اُن کے لیے ایک مدت مقرر کر رکھی ہے جس میں کوئی شک نہیں،

فِيۡهِ ؕ فَاَبَى الظّٰلِمُوۡنَ اِلَّا كُفُوۡرًا ﴿۹۹﴾ قُلْ

اِس پر بھی ظالم لوگ بے سبب انکار کیے نہ رہے ﴿۹۹﴾ کہہ دیجیے کہ

لَّوۡ اَنۡتُمۡ تَمۡلِكُوۡنَ خَزَآٮِٕنَ رَحۡمَةِ رَبِّىۡۤ

اگر تم لوگ میرے رب کی رحمت کے خزانوں کے مالک ہوتے تو

اِذًا لَّاَمۡسَكۡتُمۡ خَشۡيَةَ الۡاِنۡفَاقِ ؕ وَكَانَ

اِس صورت میں تم خرچ ہو جانے کے اندیشے سے ضرور ہاتھ روک

الۡاِنۡسَانُ قَتُوۡرًا ﴿۱۰۰﴾ ع وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا مُوۡسٰى

لیتے، اور انسان بڑا ہی تنگ دل ہے ﴿۱۰۰﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

ع ۷

تِسۡعَ اٰيٰتٍۢ بَيِّنٰتٍ فَسۡـَٔلۡ بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ

نو کھلی نشانیاں دیں تو بنی اسرائیل سے پوچھ لیجیے جب کہ وہ اُن

اِذۡ جَآءَهُمۡ فَقَالَ لَهٗ فِرۡعَوۡنُ اِنِّىۡ

کے پاس آئے تو فرعون نے اُن سے کہا کہ اے موسیٰ! میرے

لَاَظُنُّكَ يٰمُوۡسٰى مَسۡحُوۡرًا ﴿۱۰۱﴾ قَالَ

خیال میں تو ضرور تم پر کسی نے جادو کر دیا ہے ﴿۱۰۱﴾ موسیٰ نے کہا:

لَقَدْ عَلِمْتَ مَاۤ اَنْزَلَ هٰۤؤُلَآءِ اِلَّا

تم خوب جانتے ہو کہ اِن کو آسمانوں اور زمین کے

رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ بَصَآىِٕرَ ۚ

رب ہی نے اُتارا ہے آنکھیں کھول دینے کے لیے ، اور

وَاِنِّیْ لَاَظُنُّكَ یٰفِرْعَوْنُ مَثْبُوْرًا ﴿۱۰۲﴾

اے فرعون! میں تو سمجھ رہا ہوں کہ تم یقیناً برباد و ہلاک کیے گئے ہو ﴿۱۰۲﴾

فَاَرَادَ اَنْ یَّسْتَفِزَّهُمْ مِّنَ الْاَرْضِ

پھر فرعون نے چاہا کہ اُن کو اُس سرزمین سے اُکھاڑ دے ،

فَاَغْرَقْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ جَمِیْعًا ﴿۱۰۳﴾ ۙ

پس ہم نے اُس کو اور جو اُس کے ساتھ تھے سب کو غرق کر دیا ﴿۱۰۳﴾

وَّقُلْنَا مِنْۢ بَعْدِهٖ لِبَنِیْۤ اِسْرَآءِیْلَ

اور ہم نے اُس کے بعد بنی اسرائیل سے کہا کہ

اسْكُنُوا الْاَرْضَ فَاِذَا جَآءَ وَعْدُ الْاٰخِرَةِ

تم زمین میں رہو ، پھر جب آخرت کا وعدہ آجائے گا

جِئْنَا بِكُمْ لَفِيْفًا ۝١٠٤ؕ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ

تو ہم تم سب کو اکٹھا کر کے لائیں گے (۱۰۴) اور ہم نے قرآن کو حق کے ساتھ اُتارا ہے

وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا

اور وہ حق ہی کے ساتھ اُترا ہے، اور ہم نے آپ کو صرف خوش خبری دینے والا

وَّنَذِيْرًا ۝١٠٥ۘ وَقُرْاٰنًا فَرَقْنٰهُ لِتَقْرَاَهٗ

اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے (۱۰۵) اور ہم نے قرآن کو تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا؛ تاکہ آپ اُس

عَلَى النَّاسِ عَلٰى مُكْثٍ وَّنَزَّلْنٰهُ تَنْزِيْلًا ۝١٠٦

کو لوگوں کے سامنے ٹھہر ٹھہر کر پڑھیں، اور ہم نے اُس کو تھوڑا تھوڑا کر کے اُتارا ہے (۱۰۶)

قُلْ اٰمِنُوْا بِهٖٓ اَوْ لَا تُؤْمِنُوْا ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

کہہ دیجیے کہ تم اِس پر ایمان لاؤ یا ایمان نہ لاؤ، وہ لوگ جن کو اِس

اُوْتُوا الْعِلْمَ مِنْ قَبْلِهٖٓ اِذَا يُتْلٰى عَلَيْهِمْ

سے پہلے علم دیا گیا تھا جب وہ اُن کے سامنے پڑھا جاتا ہے تو وہ

يَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ سُجَّدًا ۝١٠٧ۙ وَّيَقُوْلُوْنَ

ٹھوڑیوں کے بَل سجدے میں گر پڑتے ہیں (۱۰۷) اور وہ کہتے ہیں کہ

وقف لازم

سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنْ کَانَ وَعْدُ رَبِّنَا
ہمارا رب پاک ہے، بے شک ہمارے رب کا وعدہ ضرور

لَمَفْعُوْلًا ﴿۱۰۸﴾ وَیَخِرُّوْنَ لِلْاَذْقَانِ یَبْکُوْنَ
پورا ہوتا ہے ﴿۱۰۸﴾ اور وہ ٹھوڑیوں کے بل روتے ہوئے گرتے

وَیَزِیْدُھُمْ خُشُوْعًا ۩ ﴿۱۰۹﴾ قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ
ہیں اور قرآن اُن کا خشوع بڑھا دیتا ہے ﴿۱۰۹﴾ کہیے کہ چاہے اللہ

اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَیًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ
کہہ کر پکارو یا پھر رحمان کہہ کر پکارو، جس نام سے بھی پکارو اُس

الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰی ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ
کے لیے سب اچھے نام ہیں، اور آپ اپنی نماز نہ بہت پکار کر پڑھیں

وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَیْنَ ذٰلِكَ
اور نہ بالکل چپکے چپکے پڑھیں اور دونوں کے درمیان کا طریقہ

سَبِیْلًا ﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ
اختیار کریں ﴿۱۱۰﴾ اور کہیے کہ تمام خوبیاں اُس اللہ کے لیے ہیں

لَمۡ يَتَّخِذۡ وَلَدًا وَّ لَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ

جو نہ اولاد رکھتا ہے اور نہ بادشاہی میں کوئی اُس کا

شَرِيۡكٌ فِى الۡمُلۡكِ وَ لَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ وَلِىٌّ

شریک ہے اور نہ کمزوری کی وجہ سے اُس کا کوئی

مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرۡهُ تَكۡبِيۡرًا ۱۱۱ ع

مددگار ہے، اور آپ اُس کی خوب بڑائی بیان کیجیے ۱۱۱

ع ۱۲ / ۱۲

(سورۂ کہف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ہے مگر آیت (۲۸) اور آیت نمبر (۸۳) سے (۱۰۱) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (۱۱۰) آیتیں اور (۱۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۱۸) نمبر پر ہے اور سورہ غاشیہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۵۷۷) کلمات ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اس میں (۶۳۶۰) حروف ہیں

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ عَلٰى عَبۡدِهِ

تمام تعریفیں اُسی اللہ کے لائق ہیں جس نے اپنے بندے پر

الۡكِتٰبَ وَلَمۡ يَجۡعَلۡ لَّهٗ عِوَجًا ؕ ۱ *سکتة

یہ قرآن اُتارا اور اُس میں کوئی کسر باقی نہ چھوڑی ۱

* یہاں پر سکتہ واجب ہے

قَيِّمًا لِّيُنۡذِرَ بَاۡسًا شَدِيۡدًا مِّنۡ

بالکل ٹھیک؛ تاکہ وہ اللہ کی طرف سے ایک سخت عذاب سے

لَّدُنْهُ وَیُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِیْنَ الَّذِیْنَ
آگاہ کر دے اور ایمان والوں کو خوش خبری دے دے

یَعْمَلُوْنَ الصّٰلِحٰتِ اَنَّ لَهُمْ اَجْرًا
جو نیک اعمال کرتے ہیں کہ اُن کے لیے اچھا

حَسَنًا ۙ ﴿۲﴾ مَّاكِثِیْنَ فِیْهِ اَبَدًا ۙ ﴿۳﴾
بدلہ ہے ﴿۲﴾ وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے ﴿۳﴾

وَّیُنْذِرَ الَّذِیْنَ قَالُوا اتَّخَذَ اللّٰهُ وَلَدًا ۗ ﴿۴﴾
اور اُن لوگوں کو ڈرا دے جو کہتے ہیں کہ اللہ نے بیٹا بنایا ہے ﴿۴﴾

مَا لَهُمْ بِهٖ مِنْ عِلْمٍ وَّلَا لِاٰبَآىِٕهِمْ ؕ
اُن کو اِس بات کا کوئی علم نہیں اور نہ اُن کے باپ دادا کو،

كَبُرَتْ كَلِمَةً تَخْرُجُ مِنْ اَفْوَاهِهِمْ ؕ
یہ بڑی بھاری بات ہے جو اُن کے منھ سے نکل رہی ہے،

اِنْ یَّقُوْلُوْنَ اِلَّا كَذِبًا ﴿۵﴾ فَلَعَلَّكَ
وہ صرف جھوٹ کہتے ہیں ﴿۵﴾ شاید آپ

بَاخِعٌ نَّفۡسَكَ عَلٰۤی اٰثَارِهِمۡ
اُن کے پیچھے غم سے اپنے آپ کو ہلاک

اِنۡ لَّمۡ یُؤۡمِنُوۡا بِهٰذَا الۡحَدِیۡثِ
کر ڈالو گے اگر وہ اِس بات پر ایمان

اَسَفًا ۝٦ اِنَّا جَعَلۡنَا مَا عَلَی الۡاَرۡضِ
نہ لائے ۝٦ روئے زمین پر جو کچھ ہے ہم نے اُسے زمین

زِیۡنَةً لَّهَا لِنَبۡلُوَهُمۡ اَیُّهُمۡ اَحۡسَنُ
کی رونق کا باعث بنایا ہے کہ ہم اُنہیں آزمالیں کہ اُن میں سے کون نیک

عَمَلًا ۝٧ وَاِنَّا لَجٰعِلُوۡنَ مَا عَلَیۡهَا
اعمال والا ہے ۝٧ اور (یہ بھی یقین رکھو کہ) روئے زمین پر جو کچھ ہے ایک

صَعِیۡدًا جُرُزًا ؕ ۝٨ اَمۡ حَسِبۡتَ اَنَّ
دن ہم اُسے ایک سپاٹ میدان بنادیں گے ۝٨ کیا آپ خیال کرتے ہو

اَصۡحٰبَ الۡكَهۡفِ وَالرَّقِیۡمِ كَانُوۡا مِنۡ
کہ کہف اور رقیم والے ہماری نشانیوں میں سے

اٰيٰتِنَا عَجَبًا ۝۹ اِذْ اَوَى الْفِتْيَةُ اِلَى

بہت عجیب نشانی تھے ۝۹ جب اُن نوجوانوں نے غار میں پناہ لی

الْكَهْفِ فَقَالُوْا رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ

پھر اُنہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب! ہم کو اپنے پاس سے رحمت

رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ۝۱۰

دیجیے اور ہمارے لیے ہمارے معاملے کو درست کر دیجیے ۝۱۰

فَضَرَبْنَا عَلٰٓى اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ

پس ہم نے غار میں اُن کے کانوں پر سالہا سال کے لیے (نیند کا پردہ)

عَدَدًا ۝۱۱ ثُمَّ بَعَثْنٰهُمْ لِنَعْلَمَ اَيُّ

ڈال دیا ۝۱۱ پھر ہم نے اُن کو اُٹھایا تاکہ ہم معلوم کریں کہ دونوں

الْحِزْبَيْنِ اَحْصٰى لِمَا لَبِثُوْٓا اَمَدًا ۝۱۲ ع ۱۲ ۱۳

گروہوں میں سے کون ٹھہرنے کی مدّت کا زیادہ ٹھیک شمار کرتا ہے ۝۱۲

نَحْنُ نَقُصُّ عَلَيْكَ نَبَاَهُمْ بِالْحَقِّ ط

ہم آپ کو اُن کا اصل قصّہ سناتے ہیں ،

اِنَّہُمۡ فِتۡیَۃٌ اٰمَنُوۡا بِرَبِّہِمۡ وَ زِدۡنٰہُمۡ

وہ کچھ نوجوان تھے جو اپنے رب پر ایمان لائے اور ہم نے اُن کی

ہُدًی ﴿۱۳﴾ وَّ رَبَطۡنَا عَلٰی قُلُوۡبِہِمۡ

ہدایت میں مزید ترقّی دی ﴿۱۳﴾ اور ہم نے اُن کے دِلوں کو مضبوط کردیا

اِذۡ قَامُوۡا فَقَالُوۡا رَبُّنَا رَبُّ السَّمٰوٰتِ

جب کہ وہ اُٹھے اور کہا کہ ہمارا رب وہی ہے جو آسمانوں اور زمین کا رب

وَ الۡاَرۡضِ لَنۡ نَّدۡعُوَا۠ مِنۡ دُوۡنِہٖۤ اِلٰـہًا

ہے، ہم اُس کے سوا کسی دوسرے معبود کو نہ پکاریں گے، اگر ہم ایسا

لَّقَدۡ قُلۡنَاۤ اِذًا شَطَطًا ﴿۱۴﴾ ہٰۤؤُلَآءِ قَوۡمُنَا

کریں تو ہم بہت بے جا بات کریں گے ﴿۱۴﴾ یہ ہماری قوم کے لوگوں

اتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِہٖۤ اٰلِہَۃً ؕ لَوۡ لَا یَاۡتُوۡنَ

نے اُس کے سوا دوسرے معبود بنا رکھے ہیں، یہ اُن کے حق میں

عَلَیۡہِمۡ بِسُلۡطٰنٍۭ بَیِّنٍ ؕ فَمَنۡ اَظۡلَمُ

کوئی واضح دلیل کیوں نہیں لاتے، پھر اُس شخص سے بڑا ظالم

مِمَّنِ افۡتَرٰی عَلَی اللّٰہِ کَذِبًا ؕ﴿۱۵﴾ وَ اِذِ

اور کون ہوگا جو اللہ پر جھوٹ باندھے ﴿۱۵﴾ اور جب تم اُن لوگوں

اعۡتَزَلۡتُمُوۡہُمۡ وَ مَا یَعۡبُدُوۡنَ اِلَّا اللّٰہَ

سے الگ ہو گئے ہو اور اُن کے معبودوں سے جن کی وہ اللہ کی سوا

فَاۡوٗۤا اِلَی الۡکَہۡفِ یَنۡشُرۡ لَکُمۡ رَبُّکُمۡ

عبادت کرتے ہیں تو اب چل کر غار میں پناہ لو تمہارا رب تمہارے

مِّنۡ رَّحۡمَتِہٖ وَ یُہَیِّیٴۡ لَکُمۡ مِّنۡ اَمۡرِکُمۡ

او پر اپنی رحمت پھیلائے گا اور تمہارے کام کے لیے سر و سامان مہیا

مِّرۡفَقًا ﴿۱۶﴾ وَ تَرَی الشَّمۡسَ اِذَا طَلَعَتۡ

کرے گا ﴿۱۶﴾ اور آپ سورج کو دیکھتے ہو کہ جب وہ طلوع

تَّزٰوَرُ عَنۡ کَہۡفِہِمۡ ذَاتَ الۡیَمِیۡنِ وَ اِذَا

ہوتا ہے تو اُن کے غار سے دائیں جانب کو بچا رہتا ہے

غَرَبَتۡ تَّقۡرِضُہُمۡ ذَاتَ الشِّمَالِ

اور جب ڈوبتا ہے اُن سے بائیں طرف کو کترا جاتا ہے

وَهُمۡ فِىۡ فَجۡوَةٍ مِّنۡهُ ؕ ذٰ لِكَ مِنۡ اٰيٰتِ

اور وہ غار کے اندر ایک وسیع جگہ میں ہیں، یہ اللہ کی نشانیوں میں سے

اللّٰهِ ؕ مَنۡ يَّهۡدِ اللّٰهُ فَهُوَ الۡمُهۡتَدِ ۚ وَمَنۡ

ہے، جس کو اللہ ہدایت دے وہی ہدایت پانے والا ہے اور جس کو اللہ

يُّضۡلِلۡ فَلَنۡ تَجِدَ لَهٗ وَلِيًّا مُّرۡشِدًا ۝۱۷ ع ۲/۵ ۱۴

بے راہ کر دے تو آپ اُس کے لیے کوئی مددگار، راہ بتانے والا نہ پاؤ گے ۝۱۷

وَتَحۡسَبُهُمۡ اَيۡقَاظًا وَّهُمۡ رُقُوۡدٌ ۖ ۗ

اور آپ اُنہیں دیکھ کر یہ سمجھتے کہ وہ جاگ رہے ہیں؛ حالانکہ وہ سو

وَّنُقَلِّبُهُمۡ ذَاتَ الۡيَمِيۡنِ وَذَاتَ

رہے تھے، ہم اُن کو دائیں اور بائیں کروٹ بدلواتے رہتے

الشِّمَالِ ۖ ۗ وَكَلۡبُهُمۡ بَاسِطٌ ذِرَاعَيۡهِ

تھے، اور اُن کا کتّا غار کے منہ پر دونوں ہاتھ پھیلائے بیٹھا تھا،

بِالۡوَصِيۡدِ ؕ لَوِ اطَّلَعۡتَ عَلَيۡهِمۡ لَوَلَّيۡتَ

اگر آپ اُن کو جھانک کر دیکھتے تو اُن سے پیٹھ پھیر کر بھاگ

مِنۡهُمۡ فِرَارًا وَّلَمُلِئۡتَ مِنۡهُمۡ رُعۡبًا ﴿۱۸﴾

کھڑے ہوتے اور آپ کے اندر اُن کی دہشت بیٹھ جاتی ﴿۱۸﴾

وَكَذٰلِكَ بَعَثۡنٰهُمۡ لِيَتَسَآءَلُوۡا بَيۡنَهُمۡ ؕ

اور اسی طرح ہم نے اُن کو جگایا تا کہ وہ آپس میں پوچھ گچھ کریں،

قَالَ قَآئِلٌ مِّنۡهُمۡ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ ؕ قَالُوۡا

اُن میں سے ایک کہنے والے نے کہا: تم کتنی دیر یہاں ٹھہرے؟

لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ ؕ قَالُوۡا

اُنہوں نے کہا کہ ہم ایک دن یا ایک دن سے بھی کم ٹھہرے

رَبُّكُمۡ اَعۡلَمُ بِمَا لَبِثۡتُمۡ ؕ فَابۡعَثُوۡۤا

ہوں گے، وہ بولے کہ تمہارا رب ہی بہتر جانتا ہے کہ تم کتنی دیر

اَحَدَكُمۡ بِوَرِقِكُمۡ هٰذِهٖۤ اِلَى الۡمَدِيۡنَةِ

یہاں رہے پس اپنے میں سے کسی کو یہ چاندی کا سِکّہ دے کر شہر

فَلۡيَنۡظُرۡ اَيُّهَاۤ اَزۡكٰى طَعَامًا فَلۡيَاۡتِكُمۡ

بھیجو، پس وہ دیکھے کہ پاکیزہ کھانا کہاں ملتا ہے

بِرِزْقٍ مِّنْهُ وَلْيَتَلَطَّفْ وَلَا يُشْعِرَنَّ

اور تمہارے لیے اُس میں سے کچھ کھانا لائے، اور وہ نرمی سے

بِكُمْ اَحَدًا ﴿۱۹﴾ اِنَّهُمْ اِنْ يَّظْهَرُوْا

جائے اور کسی کو تمہاری خبر نہ ہونے دے ﴿۱۹﴾ اگر وہ تمہاری خبر

عَلَيْكُمْ يَرْجُمُوْكُمْ اَوْ يُعِيْدُوْكُمْ

پا جائیں گے تو تم کو پتھروں سے مار ڈالیں گے یا تم کو اپنے

فِيْ مِلَّتِهِمْ وَلَنْ تُفْلِحُوْٓا اِذًا اَبَدًا ﴿۲۰﴾

دین میں لوٹا لیں گے اور پھر تم کبھی کامیابی نہ پاؤ گے ﴿۲۰﴾

وَكَذٰلِكَ اَعْثَرْنَا عَلَيْهِمْ لِيَعْلَمُوْٓا اَنَّ

اور اس طرح ہم نے اُن پر لوگوں کو مطّلع کر دیا؛ تاکہ لوگ جان

وَعْدَ اللّٰهِ حَقٌّ وَّاَنَّ السَّاعَةَ لَا رَيْبَ

لیں کہ اللہ کا وعدہ سچا ہے اور یہ کہ قیامت میں کوئی شک نہیں،

فِيْهَا ۚ اِذْ يَتَنَازَعُوْنَ بَيْنَهُمْ اَمْرَهُمْ

جب لوگ آپس میں اُن کے معاملے میں جھگڑ رہے تھے

نصف القرآن باعتبار عدد الحروف بأن التاء بعد اللام من النصف الأول واللام الثانية من النصف الأخير

فَقَالُوا ابۡنُوۡا عَلَیۡہِمۡ بُنۡیَانًا ؕ رَبُّہُمۡ

پھر کہنے لگے کہ اُن کے غار پر ایک عمارت بنادو، اُن کا رب

اَعۡلَمُ بِہِمۡ ؕ قَالَ الَّذِیۡنَ غَلَبُوۡا عَلٰۤی

اُن کو خوب جانتا ہے، جو لوگ اُن کے معاملے میں غالب آئے

اَمۡرِہِمۡ لَنَتَّخِذَنَّ عَلَیۡہِمۡ مَّسۡجِدًا ﴿۲۱﴾

اُنہوں نے کہا کہ ہم اُن کے غار پر ایک عبادت گاہ بنائیں گے ﴿۲۱﴾

سَیَقُوۡلُوۡنَ ثَلٰثَۃٌ رَّابِعُہُمۡ کَلۡبُہُمۡ ۚ

کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ تین تھے اور چوتھا اُن کا کتّا تھا،

وَ یَقُوۡلُوۡنَ خَمۡسَۃٌ سَادِسُہُمۡ کَلۡبُہُمۡ

اور کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ پانچ تھے اور چھٹا اُن کا کتّا تھا، یہ لوگ

رَجۡمًۢا بِالۡغَیۡبِ ۚ وَ یَقُوۡلُوۡنَ سَبۡعَۃٌ

بے تحقیق بات کہہ رہے ہیں، اور کچھ لوگ کہیں گے کہ وہ سات تھے

وَّ ثَامِنُہُمۡ کَلۡبُہُمۡ ؕ قُلۡ رَّبِّیۡۤ اَعۡلَمُ

اور آٹھواں اُن کا کتّا تھا، کہہ دیجیے کہ میرا رب بہتر جانتا ہے کہ

بِعِدَّتِهِمْ مَّا يَعْلَمُهُمْ اِلَّا قَلِيْلٌ ۬ قف ۵

وہ کتنے تھے، تھوڑے ہی لوگ اُن کو جانتے ہیں،

فَلَا تُمَارِ فِيْهِمْ اِلَّا مِرَآءً ظَاهِرًا ۖ ص

پس آپ سرسری بات سے زیادہ اُن کے معاملے میں بحث نہ کریں

وَّلَا تَسْتَفْتِ فِيْهِمْ مِّنْهُمْ اَحَدًا ؑ ۲۲

اور نہ اُن کے بارے میں اُن میں سے کسی سے پوچھیں ۲۲

ع ۳ ۵ ۱۵

وَ لَا تَقُوْلَنَّ لِشَاْىْءٍ اِنِّىْ فَاعِلٌ ذٰلِكَ

اور آپ کسی کام کے بارے میں یوں نہ کہیں کہ میں اُس کو کل

غَدًا ۲۳ لا اِلَّآ اَنْ يَّشَآءَ اللّٰهُ ز وَاذْكُرْ

کردوں گا ۲۳ مگر یہ کہ اللہ چاہے، اور جب آپ بھول جائیں تو

رَّبَّكَ اِذَا نَسِيْتَ وَقُلْ عَسٰۤى اَنْ يَّهْدِيَنِ

اپنے رب کو یاد کریں اور کہیے کہ اُمید ہے کہ میرا رب مجھ کو

رَبِّىْ لِاَقْرَبَ مِنْ هٰذَا رَشَدًا ۲۴ وَلَبِثُوْا

بھلائی کی اِس سے زیادہ قریب راہ دِکھا دے ۲۴ اور وہ لوگ

فِيْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِيْنَ وَازْدَادُوْا

اپنے غار میں تین سو سال رہے اور (کچھ لوگ مدت کے شمار میں) نو سال

تِسْعًا ﴿۲۵﴾ قُلِ اللّٰهُ اَعْلَمُ بِمَا لَبِثُوْا ۚ

اور بڑھ گئے ﴿۲۵﴾ کہہ دیجیے کہ اللہ اُن کے رہنے کی مدّت کو زیادہ جانتا ہے،

لَهٗ غَيْبُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اَبْصِرْ

آسمانوں اور زمین کا غیب اُس کے علم میں ہے، کیا خوب ہے وہ

بِهٖ وَاَسْمِعْ ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ مِنْ

دیکھنے والا اور سُننے والا ، اللہ کے سِوا اُن کا کوئی مددگار

وَّلِيٍّ ؗ وَّلَا يُشْرِكُ فِيْ حُكْمِهٖٓ اَحَدًا ﴿۲۶﴾

نہیں اور نہ اللہ کسی کو اپنے اختیار میں شریک کرتا ہے ﴿۲۶﴾

وَاتْلُ مَآ اُوْحِيَ اِلَيْكَ مِنْ كِتَابِ

اور آپ کے رب کی جو کتاب آپ پر وحی کی جارہی ہے اُس کو

رَبِّكَ ؕ لَا مُبَدِّلَ لِكَلِمٰتِهٖ ۚۛ وَلَنْ تَجِدَ

سُنائیے ، اللہ کی باتوں کو کوئی بدلنے والا نہیں اور اُس کے سِوا آپ

مِنْ دُوْنِهٖ مُلْتَحَدًا ﴿۲۷﴾ وَاصْبِرْ
کوئی پناہ نہیں پا سکتے ﴿۲۷﴾ اور اپنے آپ کو

نَفْسَكَ مَعَ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ رَبَّهُمْ
اُن لوگوں کے ساتھ جمائے رکھیے جو صبح و شام اپنے رب کو

بِالْغَدٰوةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيْدُوْنَ وَجْهَهٗ
پکارتے ہیں، وہ اُس کی رضا کے طالب ہیں، اور آپ کی

وَلَا تَعْدُ عَيْنٰكَ عَنْهُمْ ۚ تُرِيْدُ زِيْنَةَ
آنکھیں دنیوی زندگی کی رونق کی خاطر اُن سے ہٹنے نہ پائے،

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَا تُطِعْ مَنْ اَغْفَلْنَا
اور آپ ایسے شخص کا کہنا نہ مانیں جس کے دل کو ہم نے

قَلْبَهٗ عَنْ ذِكْرِنَا وَاتَّبَعَ هَوٰىهُ
اپنی یاد سے غافل کر دیا اور وہ اپنی خواہش پر چلتا ہے

وَكَانَ اَمْرُهٗ فُرُطًا ﴿۲۸﴾ وَقُلِ الْحَقُّ
اور اُس کا معاملہ حد سے گزر گیا ہے ﴿۲۸﴾ اور کہہ دیجیے کہ یہ حق ہے

الثلثة

مِنْ رَّبِّكُمْ ۗ فَمَنْ شَآءَ فَلْيُؤْمِنْ

تمہارے رب کی طرف سے، پس جو شخص چاہے اُسے مانے

وَّمَنْ شَآءَ فَلْيَكْفُرْ ۚ اِنَّآ اَعْتَدْنَا

اور جو شخص چاہے نہ مانے، ہم نے ظالموں کے لیے ایسی آگ تیار

لِلظّٰلِمِيْنَ نَارًا اَحَاطَ بِهِمْ سُرَادِقُهَا ۭ

کر رکھی ہے جس کی قناتیں اُن کو اپنے گھیرے میں لے لیں گی،

وَاِنْ يَّسْتَغِيْثُوْا يُغَاثُوْا بِمَآءٍ كَالْمُهْلِ

اور اگر وہ پانی کے لیے فریاد کریں گے تو اُن کی مدد ایسے پانی سے کی جائے

يَشْوِي الْوُجُوْهَ ۭ بِئْسَ الشَّرَابُ ۭ

گی جو تیل کی تلچھٹ کی طرح ہوگا جو چہروں کو بھون ڈالے گا، کیا بُرا پانی ہوگا

وَسَآءَتْ مُرْتَفَقًا ۲۹ اِنَّ الَّذِيْنَ

اور کیسا بُرا ٹھکانہ ۲۹ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ اِنَّا لَا نُضِيْعُ

ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کیے تو ہم ایسے لوگوں کا اجر

اَجْرَ مَنْ اَحْسَنَ عَمَلًا ۚ﴿۳۰﴾ اُولٰٓئِكَ

ضائع نہیں کریں گے جو اچھی طرح کام کریں ﴿۳۰﴾ یہ وہ لوگ ہیں

لَهُمْ جَنّٰتُ عَدْنٍ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهِمُ

جن کے لیے ہمیشہ رہنے والے باغات ہیں، اُن کے نیچے سے

الْاَنْهٰرُ یُحَلَّوْنَ فِیْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ

نہریں بہتی ہوں گی ، اُن کو وہاں سونے کے

ذَهَبٍ وَّ یَلْبَسُوْنَ ثِیَابًا خُضْرًا مِّنْ

کنگن پہنائے جائیں گے اور وہ اونچی مَسندوں پر

سُنْدُسٍ وَّ اِسْتَبْرَقٍ مُّتَّكِـِٕیْنَ فِیْهَا عَلَى

تکیہ لگائے ہوئے باریک اور دبیز قِسم کے سبز کپڑے

الْاَرَآئِكِ ؕ نِعْمَ الثَّوَابُ ؕ وَحَسُنَتْ

پہنے ہوں گے ، کتنا بہترین اجر ہے اور کیسی حسین

مُرْتَفَقًا ۠﴿۳۱﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا ع ۴ ۱۶

آرام گاہ ہے ﴿۳۱﴾ اور اُنہیں دو شخصوں کی مثال بھی

رَّجُلَیۡنِ جَعَلۡنَا لِاَحَدِهِمَا جَنَّتَیۡنِ

سُنا دیجیے جن میں سے ایک کو ہم نے دو باغ انگوروں کے دے

مِنۡ اَعۡنَابٍ وَّ حَفَفۡنٰهُمَا بِنَخۡلٍ وَّ جَعَلۡنَا

رکھے تھے اور جنہیں ہم نے کھجور کے درختوں سے گھیر رکھا تھا اور

بَیۡنَهُمَا زَرۡعًا ﴿۳۲﴾ كِلۡتَا الۡجَنَّتَیۡنِ اٰتَتۡ

دونوں کے درمیان کھیتی لگا رکھی تھی ﴿۳۲﴾ دونوں باغ اپنا پورا پھل

اُكُلَهَا وَلَمۡ تَظۡلِمۡ مِّنۡهُ شَیۡـًٔا ۙ وَّ فَجَّرۡنَا

لائے اور اُن میں کچھ کمی نہیں کی، اور دونوں باغوں کے بیچ ہم

خِلٰلَهُمَا نَهَرًا ﴿۳۳﴾ ۙ وَّ كَانَ لَهٗ ثَمَرٌ ۚ فَقَالَ

نے نہر جاری کر دی ﴿۳۳﴾ اور اُس کو خوب پھل مِلا تو اُس نے اپنے

لِصَاحِبِهٖ وَهُوَ یُحَاوِرُهٗۤ اَنَا اَكۡثَرُ مِنۡكَ

ساتھی سے بات کرتے ہوئے کہا کہ میں تجھ سے مال میں زیادہ ہوں

مَالًا وَّ اَعَزُّ نَفَرًا ﴿۳۴﴾ وَدَخَلَ جَنَّتَهٗ

اور تعداد میں بھی زیادہ طاقت ور ہوں ﴿۳۴﴾ وہ اپنے باغ میں داخل ہوا

وَهُوَ ظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ ۚ قَالَ مَآ اَظُنُّ

اور وہ اپنے آپ پر ظلم کر رہا تھا، اُس نے کہا کہ میں نہیں

اَنْ تَبِيْدَ هٰذِهٖٓ اَبَدًا ﴿۳۵﴾ وَّمَآ اَظُنُّ

سمجھتا کہ یہ کبھی برباد ہوجائے گا ﴿۳۵﴾ اور میں نہیں سمجھتا کہ

السَّاعَةَ قَآئِمَةً ۙ وَّلَئِنْ رُّدِدْتُّ اِلٰى

قیامت کبھی آئے گی ، اور اگر میں اپنے رب کی طرف لوٹا

رَبِّيْ لَاَجِدَنَّ خَيْرًا مِّنْهَا مُنْقَلَبًا ﴿۳۶﴾

دیا گیا تو ضرور اِس سے زیادہ اچھی جگہ مجھ کو ملے گی ﴿۳۶﴾

قَالَ لَهٗ صَاحِبُهٗ وَهُوَ يُحَاوِرُهٗٓ

اُس کے ساتھی نے اُس سے بات کرتے ہوئے کہا : کیا تم

اَكَفَرْتَ بِالَّذِيْ خَلَقَكَ مِنْ تُرَابٍ

اُس ذات سے انکار کررہے ہو جس نے تم کو مٹی سے بنایا

ثُمَّ مِنْ نُّطْفَةٍ ثُمَّ سَوّٰىكَ رَجُلًا ﴿۳۷﴾

پھر پانی کی ایک بوند سے پھر تم کو پورا آدمی بنایا ﴿۳۷﴾

لٰكِنَّا۠ هُوَ اللّٰهُ رَبِّيۡ وَلَاۤ اُشۡرِكُ بِرَبِّيۡۤ

لیکن میرا رب تو وہی اللہ ہے اور میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو شریک

اَحَدًا ﴿۳۸﴾ وَلَوۡلَاۤ اِذۡ دَخَلۡتَ جَنَّتَكَ

نہیں ٹھہراتا ﴿۳۸﴾ اور جب تم اپنے باغ میں داخل ہوئے تو تم نے کیوں نہ

قُلۡتَ مَا شَآءَ اللّٰهُ ۙ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ۚ

کہا کہ جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے، اللہ کے بغیر کسی میں کوئی قوت نہیں،

اِنۡ تَرَنِ اَنَا اَقَلَّ مِنۡكَ مَالًا وَّوَلَدًا ۚ﴿۳۹﴾

اگر تم دیکھتے ہو کہ میں مال اور اولاد میں تم سے کم ہوں ﴿۳۹﴾

فَعَسٰى رَبِّيۡۤ اَنۡ يُّؤۡتِيَنِ خَيۡرًا مِّنۡ

تو اُمید ہے کہ میرا رب مجھ کو تمہارے باغ سے بہتر

جَنَّتِكَ وَيُرۡسِلَ عَلَيۡهَا حُسۡبَانًا مِّنَ

باغ دے دے اور تمہارے باغ پر آسمان سے کوئی آفت

السَّمَآءِ فَتُصۡبِحَ صَعِيۡدًا زَلَقًا ۙ﴿۴۰﴾

بھیج دے جس سے وہ باغ صاف میدان ہو کر رہ جائے ﴿۴۰﴾

اَوْ يُصْبِحَ مَآؤُهَا غَوْرًا فَلَنْ تَسْتَطِيْعَ

یا اُس کا پانی خشک ہو جائے پھر تم اُس کو کسی طرح

لَهٗ طَلَبًا ﴿٤١﴾ وَاُحِيْطَ بِثَمَرِهٖ فَاَصْبَحَ

نہ پاسکو ﴿٤١﴾ اور اُس کے (سارے) پھل گھیر لیے گئے، پس

يُقَلِّبُ كَفَّيْهِ عَلٰى مَآ اَنْفَقَ فِيْهَا

وہ اپنے اُس خرچ پر ہاتھ مَلنے لگا جو اُس نے اُس میں کیا تھا

وَهِيَ خَاوِيَةٌ عَلٰى عُرُوْشِهَا وَيَقُوْلُ

اور وہ باغ تو اوندھا اُلٹا پڑا تھا، اور وہ شخص کہہ رہا تھا کہ

يٰلَيْتَنِيْ لَمْ اُشْرِكْ بِرَبِّيْٓ اَحَدًا ﴿٤٢﴾

کاش! میں اپنے رب کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہ کرتا ﴿٤٢﴾

وَلَمْ تَكُنْ لَّهٗ فِئَةٌ يَّنْصُرُوْنَهٗ

اُس کی حمایت میں کوئی جماعت نہ اُٹھی کہ اللہ سے اُس کا

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ وَمَا كَانَ مُنْتَصِرًا ﴿٤٣﴾ ط

بچاؤ کرتی اور نہ وہ خود ہی بدلہ لینے والا بن سکا ﴿٤٣﴾

هُنَالِكَ الْوَلَايَةُ لِلّٰهِ الْحَقِّ ؕ هُوَ خَيْرٌ
یہاں سارا اختیار صرف خدائے برحق کا ہے ، وہ بہترین

ثَوَابًا وَّخَيْرٌ عُقْبًا ع ﴿۴۴﴾ وَاضْرِبْ لَهُمْ ع ۵ ۱۴ ۱۷
اجر اور بہترین انجام والا ہے ﴿۴۴﴾ اور اُن کو دنیا کی زندگی کی

مَّثَلَ الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا كَمَآءٍ اَنْزَلْنٰهُ
مثال سنائیے جیسے کہ پانی جس کو ہم نے آسمان سے اُتارا

مِنَ السَّمَآءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ
پھر اُس سے زمین کے نباتات خوب گھنی ہو گئیں

الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ
پھر وہ ریزہ ریزہ ہو گئیں جس کو ہوائیں اُڑاتی

الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ
پھرتی ہیں ، اور اللہ ہر چیز پر قدرت رکھنے

مُّقْتَدِرًا ﴿۴۵﴾ اَلْمَالُ وَالْبَنُوْنَ زِيْنَةُ
والا ہے ﴿۴۵﴾ مال اور اولاد دنیوی

اَلْحَیٰوةِ الدُّنْیَا ۚ وَالْبٰقِیٰتُ الصّٰلِحٰتُ

زندگی کی رونق ہیں، اور باقی رہنے والی نیکیاں آپ کے رب کی

خَیْرٌ عِنْدَ رَبِّکَ ثَوَابًا وَّخَیْرٌ اَمَلًا ﴿۴۶﴾

نزدیک ثواب کے اعتبار سے اور توقّع کے اعتبار سے بہتر ہیں ﴿۴۶﴾

وَیَوْمَ نُسَیِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَی الْاَرْضَ

اور جس دن ہم پہاڑوں کو چلائیں گے اور آپ دیکھو گے زمین کو بالکل

بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ

کھلی ہوئی اور ہم اُن سب کو جمع کریں گے پھر ہم اُن میں سے کسی کو نہ چھوڑیں

اَحَدًا ﴿۴۷﴾ ج وَعُرِضُوْا عَلٰی رَبِّکَ صَفًّا ؕ لَقَدْ

گے ﴿۴۷﴾ اور سب لوگ آپ کے رب کے سامنے صف باندھ کر پیش کیے جائیں گے،

جِئْتُمُوْنَا کَمَا خَلَقْنٰکُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۢ بَلْ

تم ہمارے پاس آ گئے جس طرح ہم نے تم کو پہلی بار پیدا کیا تھا؛ بلکہ تم نے یہ

زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَکُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾

گمان کیا کہ ہم تمہارے لیے کوئی وعدے کا وقت مقرّر نہیں کریں گے ﴿۴۸﴾

وَ وُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِیْنَ

اور رجسٹر رکھا جائے گا تو آپ مجرموں کو دیکھو گے کہ اُس میں

مُشْفِقِیْنَ مِمَّا فِیْهِ وَیَقُوْلُوْنَ

جو کچھ ہے وہ اُس سے ڈرتے ہوں گے اور کہیں گے کہ

یٰوَیْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا یُغَادِرُ

ہائے ہماری خرابی! کیسی ہے یہ کتاب کہ اِس نے نہ کوئی

صَغِیْرَةً وَّلَا كَبِیْرَةً اِلَّآ اَحْصٰىهَا ۚ

چھوٹی بات درج کرنے سے چھوڑی ہے اور نہ کوئی بڑی بات،

وَ وَجَدُوْا مَا عَمِلُوْا حَاضِرًا ؕ

اور جو کچھ اُنہوں نے کیا ہے وہ سب سامنے پائیں گے،

ع ۶/۵/۱۸ وَلَا یَظْلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا ﴿۴۹﴾ ع وَاِذْ قُلْنَا

اور آپ کا رب کسی کے اوپر ظلم نہ کرے گا ﴿۴۹﴾ اور جب ہم نے

لِلْمَلٰٓئِكَةِ اسْجُدُوْا لِاٰدَمَ فَسَجَدُوْٓا

فرشتوں سے کہا کہ آدم (علیہ السلام) کو سجدہ کرو تو اُنہوں نے سجدہ کیا

اِلَّاۤ اِبۡلِیۡسَ ؕ کَانَ مِنَ الۡجِنِّ فَفَسَقَ

مگر ابلیس نے نہ کیا، وہ جنّات میں سے تھا پس اُس نے اپنے

عَنۡ اَمۡرِ رَبِّهٖ ؕ اَفَتَتَّخِذُوۡنَهٗ

رب کے حکم کی نافرمانی کی ، اب کیا تم اُس کو اور اُس کی

وَذُرِّیَّتَهٗۤ اَوۡلِیَآءَ مِنۡ دُوۡنِیۡ وَهُمۡ

اولاد کو میرے سوا اپنا دوست بناتے ہو ؛ حالانکہ وہ

لَكُمۡ عَدُوٌّ ؕ بِئۡسَ لِلظّٰلِمِیۡنَ بَدَلًا ﴿۵۰﴾

تمہارے دشمن ہیں، یہ ظالموں کے لیے بہت بُرا بدل ہے ﴿۵۰﴾

مَاۤ اَشۡهَدۡتُّهُمۡ خَلۡقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ

میں نے اُن کو نہ آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے کے وقت

وَلَا خَلۡقَ اَنۡفُسِهِمۡ ۪ وَمَا كُنۡتُ

بُلایا اور نہ خود اُن کے پیدا کرنے کے وقت بُلایا، اور میں ایسا

مُتَّخِذَ الۡمُضِلِّیۡنَ عَضُدًا ﴿۵۱﴾ وَیَوۡمَ

نہیں کہ گمراہ کرنے والوں کو اپنا مددگار بناؤں ﴿۵۱﴾ اور جس دن

يَقُوۡلُ نَادُوۡا شُرَكَآءِیَ الَّذِيۡنَ زَعَمۡتُمۡ
اللہ کہے گا کہ جن کو تم میرا شریک سمجھتے تھے اُن کو پکارو، پس وہ اُن کو

فَدَعَوۡهُمۡ فَلَمۡ يَسۡتَجِيۡبُوۡا لَهُمۡ وَجَعَلۡنَا
پکاریں گے مگر وہ اُن کو کوئی جواب نہ دیں گے اور ہم اُن کے درمیان

بَيۡنَهُمۡ مَّوۡبِقًا ﴿۵۲﴾ وَرَاَ الۡمُجۡرِمُوۡنَ النَّارَ
ہلاکت کا سامان کردیں گے ﴿۵۲﴾ اور مجرم لوگ آگ کو دیکھیں گے

فَظَنُّوۡۤا اَنَّهُمۡ مُّوَاقِعُوۡهَا وَلَمۡ يَجِدُوۡا
اور سمجھ لیں گے کہ وہ اُس میں گرنے والے ہیں اور وہ اُس سے بچنے کی

ع ۴ ۱۹ عَنۡهَا مَصۡرِفًا ﴿۵۳﴾ وَلَقَدۡ صَرَّفۡنَا فِىۡ
کوئی راہ نہ پائیں گے ﴿۵۳﴾ اور ہم نے اِس قرآن میں

هٰذَا الۡقُرۡاٰنِ لِلنَّاسِ مِنۡ كُلِّ مَثَلٍ ؕ
لوگوں کی ہدایت کے لیے ہر قسم کی مثالیں بیان کی ہیں،

وَكَانَ الۡاِنۡسَانُ اَكۡثَرَ شَىۡءٍ جَدَلًا ﴿۵۴﴾
اور انسان سب سے زیادہ جھگڑالو ہے ﴿۵۴﴾

وَمَا مَنَعَ النَّاسَ اَنۡ یُّؤۡمِنُوۡۤا اِذۡ جَآءَهُمُ
اور جب لوگوں کے پاس ہدایت آچکی تو اب اُنہیں ایمان لانے اور

الۡهُدٰی وَیَسۡتَغۡفِرُوۡا رَبَّهُمۡ اِلَّاۤ اَنۡ
اپنے رب سے معافی مانگنے سے اِس (مطالبے) کے سوا کوئی اور چیز

تَاۡتِیَهُمۡ سُنَّةُ الۡاَوَّلِیۡنَ اَوۡ یَاۡتِیَهُمُ
نہیں روک رہی کہ اُن کے ساتھ بھی پچھلے لوگوں جیسے واقعات پیش آجائیں

الۡعَذَابُ قُبُلًا ﴿۵۵﴾ وَمَا نُرۡسِلُ الۡمُرۡسَلِیۡنَ
یا عذاب اُن کے بالکل سامنے آکھڑا ہو ﴿۵۵﴾ اور رسولوں کو ہم صرف

اِلَّا مُبَشِّرِیۡنَ وَمُنۡذِرِیۡنَ ۚ وَیُجَادِلُ
خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجتے ہیں، اور منکر لوگ ناحق

الَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِالۡبَاطِلِ لِیُدۡحِضُوۡا
کی باتیں لے کر جھوٹا جھگڑا کرتے ہیں؛ تاکہ اُس کے ذریعے سے حق کو

بِهِ الۡحَقَّ وَاتَّخَذُوۡۤا اٰیٰتِیۡ وَمَاۤ اُنۡذِرُوۡا
نیچا کر دیں، اور اُنہوں نے میری نشانیوں کو اور جو ڈر سنائے گئے اُن کو

هُزُوًا ﴿۵۶﴾ وَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ ذُكِّرَ بِاٰيٰتِ
مذاق بنا دیا ﴿۵۶﴾ اور اُس سے بڑا ظالم کون ہوگا جس کو اُس کے رب کی

رَبِّهٖ فَاَعْرَضَ عَنْهَا وَنَسِیَ مَا قَدَّمَتْ
آیات کے ذریعے یاددہانی کی جائے تو وہ اُس سے منہ پھیر لے اور

يَدٰهُ ؕ اِنَّا جَعَلْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ اَكِنَّةً
اپنے ہاتھوں کے عمل کو بھول جائے، ہم نے اُن کے دِلوں پر پردے

اَنْ يَّفْقَهُوْهُ وَفِیْۤ اٰذَانِهِمْ وَقْرًا ؕ وَاِنْ
ڈال دیے ہیں کہ وہ اُس کو نہ سمجھیں اور اُن کے کانوں میں بوجھ ہے،

تَدْعُهُمْ اِلَى الْهُدٰى فَلَنْ يَّهْتَدُوْۤا اِذًا
اور اگر آپ اُن کو ہدایت کی طرف بلاؤ تو وہ کبھی راہ پر آنے والے

اَبَدًا ﴿۵۷﴾ وَرَبُّكَ الْغَفُوْرُ ذُو الرَّحْمَةِ ؕ لَوْ
نہیں ہیں ﴿۵۷﴾ اور آپ کا رب بخشنے والا، رحمت والا ہے، اگر

يُؤَاخِذُهُمْ بِمَا كَسَبُوْا لَعَجَّلَ لَهُمُ
وہ اُن کے کیے پر اُنہیں پکڑے تو فوراً اُن پر عذاب

الْعَذَابَ ط بَلْ لَّهُمْ مَّوْعِدٌ لَّنْ يَّجِدُوْا

بھیج دے، مگر اُن کے لیے ایک مقرر وقت ہے (اور) وہ اُس کے

مِنْ دُوْنِهٖ مَوْئِلًا ﴿۵۸﴾ وَتِلْكَ الْقُرٰٓى

مقابلے میں کوئی پناہ کی جگہ نہ پائیں گے ﴿۵۸﴾ اور یہ بستیاں ہیں جن کو ہم

اَهْلَكْنٰهُمْ لَمَّا ظَلَمُوْا وَجَعَلْنَا لِمَهْلِكِهِمْ

نے ہلاک کردیا جب کہ وہ ظالم ہوگئے، اور ہم نے اُن کی ہلاکت کا ایک

مَّوْعِدًا ﴿۵۹﴾ ع وَاِذْ قَالَ مُوْسٰى لِفَتٰىهُ ۸ ع ۲۰

وقت مقرر کیا تھا ﴿۵۹﴾ اور جب موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنے شاگرد سے کہا کہ میں

لَآ اَبْرَحُ حَتّٰٓى اَبْلُغَ مَجْمَعَ الْبَحْرَيْنِ

چلتا رہوں گا یہاں تک کہ یا تو دو دریاؤں کے ملنے کی جگہ پر پہونچ جاؤں یا

اَوْ اَمْضِيَ حُقُبًا ﴿۶۰﴾ فَلَمَّا بَلَغَا مَجْمَعَ

اِسی طرح برسوں تک چلتا رہوں ﴿۶۰﴾ پس جب وہ دریاؤں کے ملنے کی جگہ

بَيْنِهِمَا نَسِيَا حُوْتَهُمَا فَاتَّخَذَ سَبِيْلَهٗ

پہونچے تو وہ اپنی مچھلی کو بھول گئے، اور مچھلی نے دریا میں

فِی الۡبَحۡرِ سَرَبًا ﴿٦١﴾ فَلَمَّا جَاوَزَا قَالَ

اپنی راہ بنالی ﴿٦١﴾ پھر جب وہ آگے بڑھے تو موسیٰ (علیہ السلام) نے

لِفَتٰىهُ اٰتِنَا غَدَآءَنَا ۫ لَقَدۡ لَقِیۡنَا مِنۡ

اپنی نماز کو اور تسبیح کو جانتا ہے ، اور اللہ کو معلوم ہے

بِمَا يَفۡعَلُوۡنَ ﴿۴۱﴾ وَلِلّٰهِ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

جو کچھ وہ کرتے ہیں ﴿۴۱﴾ اور اللہ ہی کی حکومت ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ ۚ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ﴿٤٢﴾

اور زمین میں، اور اللہ ہی کی طرف ہے سب کی واپسی ﴿٤٢﴾

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ يُزْجِيْ سَحَابًا ثُمَّ يُؤَلِّفُ

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ بادلوں کو چلاتا ہے پھر اُن کو

بَيْنَهٗ ثُمَّ يَجْعَلُهٗ رُكَامًا فَتَرَى الْوَدْقَ

آپس میں ملا دیتا ہے پھر اُن کو تہہ بہ تہہ کر دیتا ہے پھر آپ بارش

يَخْرُجُ مِنْ خِلٰلِهٖ ۚ وَيُنَزِّلُ مِنَ السَّمَآءِ

کو دیکھتے ہو کہ اُس کے بیچ سے نکلتی ہے، اور وہ آسمان سے اُس

مِنْ جِبَالٍ فِيْهَا مِنْۢ بَرَدٍ فَيُصِيْبُ

کے اندر پہاڑوں سے اولے برساتا ہے پھر اُن کو جس پر

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ وَيَصْرِفُهٗ عَنْ مَّنْ

چاہتا ہے گراتا ہے اور جس سے چاہتا ہے اُن کو ہٹا

يَّشَآءُ ۭ يَكَادُ سَنَا بَرْقِهٖ يَذْهَبُ

دیتا ہے، اُس کی بجلی کی چمک معلوم ہوتا ہے کہ نگاہوں کو اُچک

بِالْاَبْصَارِ ﴿۴۳﴾ يُقَلِّبُ اللّٰهُ الَّيْلَ

لے جائے گی ﴿۴۳﴾ اللہ رات اور دن کو بدلتا رہتا

وَالنَّهَارَ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً لِّاُولِي

ہے ، بے شک اِس میں سبق ہے آنکھ والوں کے

الْاَبْصَارِ ﴿۴۴﴾ وَاللّٰهُ خَلَقَ كُلَّ دَآبَّةٍ

لیے ﴿۴۴﴾ اور اللہ نے ہر جاندار کو پانی سے

مِّنْ مَّآءٍ ۚ فَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى

پیدا کیا پھر اُن میں سے کوئی اپنے پیٹ کے بَل

بَطْنِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰى

چلتا ہے، اور اُن میں سے کوئی دو پاؤں پر

رِجْلَيْنِ ۚ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّمْشِيْ عَلٰٓى

چلتا ہے اور اُن میں سے کوئی چار پیروں پر چلتا

اَرْبَعٍ ؕ يَخْلُقُ اللّٰهُ مَا يَشَآءُ ؕ اِنَّ

ہے ، اللہ پیدا کرتا ہے جو وہ چاہتا ہے ،

اللّٰهَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۴۵﴾ لَقَدۡ

بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے ﴿۴۵﴾ ہم نے

اَنۡزَلۡنَاۤ اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ ؕ وَاللّٰهُ یَهۡدِیۡ

کھول کر بتانے والی آیتیں اُتار دی ہیں ، اور اللہ

مَنۡ یَّشَآءُ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۴۶﴾

جس کو چاہتا ہے سیدھی راہ کی ہدایت دیتا ہے ﴿۴۶﴾

وَیَقُوۡلُوۡنَ اٰمَنَّا بِاللّٰهِ وَبِالرَّسُوۡلِ

اور وہ کہتے ہیں کہ ہم اللہ اور رسول پر ایمان لائے

وَاَطَعۡنَا ثُمَّ یَتَوَلّٰی فَرِیۡقٌ مِّنۡهُمۡ

اور ہم نے اطاعت کی ، مگر اُن میں سے ایک گروہ اُس کے

مِّنۡۢ بَعۡدِ ذٰلِكَ ؕ وَمَاۤ اُولٰٓئِكَ

بعد پھر جاتا ہے ، اور یہ لوگ ایمان لانے

بِالۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۴۷﴾ وَاِذَا دُعُوۡۤا اِلَی اللّٰهِ

والے نہیں ہیں ﴿۴۷﴾ اور جب اُن کو اللہ

وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اِذَا فَرِيْقٌ
اور رسول کی طرف بُلایا جاتا ہے تاکہ اللہ کا رسول اُن کے درمیان فیصلہ

مِّنْهُمْ مُّعْرِضُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَاِنْ يَّكُنْ
کرے تو اُن میں سے ایک گروہ منہ پھیر لیتا ہے ﴿٤٨﴾ اور اگر حق اُن

لَّهُمُ الْحَقُّ يَاْتُوْٓا اِلَيْهِ مُذْعِنِيْنَ ﴿٤٩﴾ ط
کو ملنے والا ہو تو وہ اُس کی طرف فرماں بردار بن کر آ جاتے ہیں ﴿٤٩﴾

اَفِيْ قُلُوْبِهِمْ مَّرَضٌ اَمِ ارْتَابُوْٓا اَمْ
کیا اُن کے دِلوں میں بیماری ہے یا وہ شک میں پڑے

يَخَافُوْنَ اَنْ يَّحِيْفَ اللّٰهُ عَلَيْهِمْ
ہوئے ہیں یا اُن کو اندیشہ ہے کہ اللہ اور اُس کا

وَرَسُوْلُهٗ ط بَلْ اُولٰٓئِكَ هُمُ الظّٰلِمُوْنَ ﴿٥٠﴾ ع
رسول اُن کے ساتھ ظلم کریں گے، بلکہ یہی لوگ ظالم ہیں ﴿٥٠﴾

اِنَّمَا كَانَ قَوْلَ الْمُؤْمِنِيْنَ اِذَا دُعُوْٓا
ایمان والوں کا قول تو یہ ہے کہ جب وہ اللہ اور

اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ لِيَحْكُمَ بَيْنَهُمْ اَنْ

اُس کے رسول کی طرف بُلائے جائیں تا کہ رسول اُن کے درمیان

يَّقُوْلُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ؕ وَاُولٰٓئِكَ

فیصلہ کرے تو وہ کہیں کہ ہم نے سُنا اور ہم نے مانا، اور یہی لوگ

هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝٥١ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ

فلاح پانے والے ہیں ۝٥١ اور جو شخص اللہ اور اُس کے رسول کی اطاعت کرے

وَرَسُوْلَهٗ وَيَخْشَ اللّٰهَ وَيَتَّقْهِ

اور وہ اللہ سے ڈرے اور وہ اُس کی مخالفت سے بچے تو

فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفَآئِزُوْنَ ۝٥٢ وَاَقْسَمُوْا

یہی لوگ ہیں جو کامیاب ہوں گے ۝٥٢ اور وہ اللہ کی

بِاللّٰهِ جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَئِنْ اَمَرْتَهُمْ

قسمیں کھاتے ہیں بڑی سخت قسمیں کہ اگر تم اُن کو حکم دو تو وہ ضرور

لَيَخْرُجُنَّ ؕ قُلْ لَّا تُقْسِمُوْا ۚ طَاعَةٌ

نکلیں گے ، کہہ دیجیے کہ قسمیں نہ کھاؤ، دستور کے مطابق

مَّعْرُوْفَةٌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ خَبِيْرٌۢ بِمَا تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۳﴾

اطاعت چاہیے، بے شک اللہ کو معلوم ہے جو تم کرتے ہو ﴿۵۳﴾

قُلْ اَطِيْعُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوا الرَّسُوْلَ ۚ

کہہ دیجیے کہ اللہ کی اطاعت کرو اور رسول کی اطاعت کرو،

فَاِنْ تَوَلَّوْا فَاِنَّمَا عَلَيْهِ مَا حُمِّلَ وَعَلَيْكُمْ

پھر اگر تم منہ موڑ لو گے تو رسول پر وہ بوجھ ہے جو اُس پر ڈالا گیا ہے اور تم پر

مَّا حُمِّلْتُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوْهُ تَهْتَدُوْا ؕ

وہ بوجھ ہے جو تم پر ڈالا گیا ہے، اور اگر تم اُس کی اطاعت کرو گے تو ہدایت پاؤ گے،

وَمَا عَلَى الرَّسُوْلِ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿۵۴﴾

اور رسول کے ذِمّے صرف صاف صاف پہونچا دینا ہے ﴿۵۴﴾

وَعَدَ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مِنْكُمْ

اللہ نے وعدہ فرمایا ہے تم میں سے اُن لوگوں کے ساتھ جو ایمان

وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَيَسْتَخْلِفَنَّهُمْ

لائیں اور نیک عمل کریں کہ وہ اُن کو زمین میں

فِي الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفَ الَّذِيْنَ مِنْ

اقتدار دے گا جیسا کہ اُن سے پہلے لوگوں کو اقتدار

قَبْلِهِمْ ۖ وَلَيُمَكِّنَنَّ لَهُمْ دِيْنَهُمُ

دیا تھا اور اُن کے لیے اُن کے دین کو جما دے گا

الَّذِي ارْتَضٰى لَهُمْ وَلَيُبَدِّلَنَّهُمْ

جس کو اُن کے لیے پسند کیا ہے، اور اُن کی خوف کی حالت کے

مِّنْۢ بَعْدِ خَوْفِهِمْ اَمْنًا ؕ يَعْبُدُوْنَنِيْ

بعد اُس کو امن سے بدل دے گا، وہ صرف میری عبادت کریں گے

لَا يُشْرِكُوْنَ بِيْ شَيْـًٔا ؕ وَمَنْ كَفَرَ

اور کسی چیز کو میرا شریک نہ بنائیں گے، اور جو اِس کے

بَعْدَ ذٰلِكَ فَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْفٰسِقُوْنَ ﴿٥٥﴾

بعد انکار کرے تو ایسے ہی لوگ نا فرمان ہیں ﴿٥٥﴾

وَاَقِيْمُوا الصَّلٰوةَ وَاٰتُوا الزَّكٰوةَ وَاَطِيْعُوا

اور نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو اور رسول کی

الرَّسُوۡلَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُوۡنَ ﴿۵۶﴾ لَا تَحۡسَبَنَّ

اطاعت کرو تا کہ تم پر رحم کیا جائے ﴿۵۶﴾ جو لوگ انکار کر رہے ہیں اُن

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا مُعۡجِزِيۡنَ فِى الۡاَرۡضِ‌ ۚ

کے بارے میں یہ گمان نہ کریں کہ وہ زمین میں اللہ کو عاجز کر دیں گے،

وَمَاۡوٰٮهُمُ النَّارُ‌ ؕ وَلَبِئۡسَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۵۷﴾ ع

اور اُن کا ٹھکانہ آگ ہے اور وہ نہایت بُرا ٹھکانہ ہے ﴿۵۷﴾

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا لِيَسۡتَاۡذِنۡكُمُ الَّذِيۡنَ

اے ایمان والو ! تمہارے غلاموں کو

مَلَكَتۡ اَيۡمَانُكُمۡ وَالَّذِيۡنَ لَمۡ يَبۡلُغُوا

اور تم میں جو بلوغ کو نہیں پہونچے اُن کو

الۡحُلُمَ مِنۡكُمۡ ثَلٰثَ مَرّٰتٍ‌ ؕ مِنۡ

تین وقتوں میں اجازت لینا چاہیے ، فجر

قَبۡلِ صَلٰوةِ الۡفَجۡرِ وَحِيۡنَ تَضَعُوۡنَ

کی نماز سے پہلے اور دوپہر کو جب تم اپنے کپڑے

ع ٧ ١٣

ثِيَابَكُمْ مِّنَ الظَّهِيْرَةِ وَمِنْۢ بَعْدِ

اُتارتے ہو اور عشاء کی

صَلٰوةِ الْعِشَآءِ ۗ ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ لَّكُمْ ؕ

نماز کے بعد، یہ تین وقت تمہارے لیے پردے کے ہیں،

لَيْسَ عَلَيْكُمْ وَلَا عَلَيْهِمْ جُنَاحٌۢ

اُن کے بعد نہ تم پر کوئی گناہ ہے اور نہ ہی

بَعْدَهُنَّ ؕ طَوّٰفُوْنَ عَلَيْكُمْ بَعْضُكُمْ

اُن پر، تم ایک دوسرے کے پاس کثرت سے آتے جاتے

عَلٰى بَعْضٍ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ

رہتے ہو ، اِس طرح اللہ تمہارے لیے اپنی آیتوں کی

الْاٰيٰتِ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿٥٨﴾

وضاحت کرتا ہے اور اللہ جاننے والا ، حکمت والا ہے ﴿٥٨﴾

وَاِذَا بَلَغَ الْاَطْفَالُ مِنْكُمُ الْحُلُمَ

اور جب تمہارے بچّے عقل کی حد کو پہونچ جائیں

فَلْيَسْتَاْذِنُوْا كَمَا اسْتَاْذَنَ الَّذِيْنَ مِنْ

تو وہ بھی اُسی طرح اجازت لیں جس طرح اُن کے اگلے اجازت لیتے

قَبْلِهِمْ ؕ كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمْ اٰيٰتِهٖ ؕ

رہے ہیں، اِس طرح اللہ تمھارے لیے اپنی آیتوں کی وضاحت کرتا ہے

وَاللّٰهُ عَلِيْمٌ حَكِيْمٌ ﴿۵۹﴾ وَالْقَوَاعِدُ مِنَ

اور اللہ جاننے والا ، حکمت والا ہے ﴿۵۹﴾ اور بڑی بوڑھی

النِّسَآءِ الّٰتِيْ لَا يَرْجُوْنَ نِكَاحًا فَلَيْسَ

عورتیں جو نکاح کی اُمید نہیں رکھتیں اُن پر کوئی گناہ

عَلَيْهِنَّ جُنَاحٌ اَنْ يَّضَعْنَ ثِيَابَهُنَّ غَيْرَ

نہیں اگر وہ اپنی چادریں اُتار کر رکھ دیں بشرطیکہ وہ

مُتَبَرِّجٰتٍۭ بِزِيْنَةٍ ؕ وَاَنْ يَّسْتَعْفِفْنَ

زینت کی نمائش کرنے والی نہ ہوں، اور اگر وہ بھی احتیاط کریں تو

خَيْرٌ لَّهُنَّ ؕ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۶۰﴾

اُن کے لیے بہتر ہے، اور اللہ سُننے والا ، جاننے والا ہے ﴿۶۰﴾

لَيْسَ عَلَى الْاَعْمٰى حَرَجٌ وَّلَا عَلَى
اندھے پر کوئی تنگی نہیں اور لنگڑے

الْاَعْرَجِ حَرَجٌ وَّلَا عَلَى الْمَرِيْضِ
پر کوئی تنگی نہیں اور بیمار پر کوئی تنگی نہیں

حَرَجٌ وَّلَا عَلٰٓى اَنْفُسِكُمْ اَنْ تَاْكُلُوْا
اور نہ تم لوگوں پر کوئی تنگی ہے کہ تم اپنے گھروں

مِنْۢ بُيُوْتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اٰبَآئِكُمْ اَوْ
سے کھاؤ یا اپنے باپ دادا کے گھروں سے یا

بُيُوْتِ اُمَّهٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اِخْوَانِكُمْ
اپنی ماؤں کے گھروں سے یا اپنے بھائیوں کے گھروں سے

اَوْ بُيُوْتِ اَخَوٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَعْمَامِكُمْ
یا اپنی بہنوں کے گھروں سے یا اپنے چچاؤں کے گھروں سے

اَوْ بُيُوْتِ عَمّٰتِكُمْ اَوْ بُيُوْتِ اَخْوَالِكُمْ
یا اپنی پھوپھیوں کے گھروں سے یا اپنے ماموؤں کے گھروں سے

اَوْ بُيُوْتِ خٰلٰتِكُمْ اَوْ مَا مَلَكْتُمْ مَّفَاتِحَهٗۤ

یا اپنی خالاؤں کے گھروں سے یا جس گھر کی کنجیوں کے تم مالک

اَوْ صَدِيْقِكُمْ ؕ لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ

ہو یا اپنے دوستوں کے گھروں سے، تم پر کوئی گناہ

اَنْ تَاْكُلُوْا جَمِيْعًا اَوْ اَشْتَاتًا ؕ فَاِذَا

نہیں کہ تم لوگ مل کر کھاؤ یا الگ الگ، پھر جب تم

دَخَلْتُمْ بُيُوْتًا فَسَلِّمُوْا عَلٰۤى اَنْفُسِكُمْ

گھروں میں داخل ہو تو اپنے لوگوں کو سلام کرو

تَحِيَّةً مِّنْ عِنْدِ اللّٰهِ مُبٰرَكَةً طَيِّبَةً ؕ

جو بابرکت و پاکیزہ دعا ہے اللہ کی طرف سے،

كَذٰلِكَ يُبَيِّنُ اللّٰهُ لَكُمُ الْاٰيٰتِ

اس طرح اللہ تمہارے لیے آیتوں کی وضاحت کرتا ہے

لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ ﴿٦١﴾ ع اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ ع ۸ ۱۴

تاکہ تم سمجھو ﴿٦١﴾ ایمان والے وہ ہیں

اَلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ وَاِذَا كَانُوۡا

جو اللہ اور اُس کے رسول پر یقین رکھیں ، اور جب کسی

مَعَهٗ عَلٰۤى اَمۡرٍ جَامِعٍ لَّمۡ يَذۡهَبُوۡا

اجتماعی کام کے موقع پر رسول کے ساتھ ہوں تو

حَتّٰى يَسۡتَاۡذِنُوۡهُ‌ ؕ اِنَّ الَّذِيۡنَ

جب تک اُس (رسول) سے اجازت نہ لے لیں وہاں سے نہ

يَسۡتَاۡذِنُوۡنَكَ اُولٰٓـئِكَ الَّذِيۡنَ يُؤۡمِنُوۡنَ

جائیں، جو لوگ آپ سے اجازت لیتے ہیں وہی اللہ اور اُس کے

بِاللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ‌ ۚ فَاِذَا اسۡتَاۡذَنُوۡكَ

رسول پر ایمان رکھتے ہیں، پس جب وہ اپنے کسی کام کے لیے

لِبَعۡضِ شَاۡنِهِمۡ فَاۡذَنۡ لِّمَنۡ شِئۡتَ

آپ سے اجازت مانگیں تو آپ اُن میں سے جسے چاہیں اجازت

مِنۡهُمۡ وَاسۡتَغۡفِرۡ لَهُمُ اللّٰهَ‌ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

دے دیجیے اور اُن کے لیے اللہ سے معافی مانگیے ، بے شک اللہ

غَفُوۡرٌ رَّحِیۡمٌ ﴿۶۲﴾ لَا تَجۡعَلُوۡا دُعَآءَ

معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿۶۲﴾ تم لوگ رسول کے

الرَّسُوۡلِ بَیۡنَکُمۡ کَدُعَآءِ بَعۡضِکُمۡ

بُلانے کو اِس طرح کا بُلانا نہ سمجھو جس طرح تم آپس میں ایک

بَعۡضًا ؕ قَدۡ یَعۡلَمُ اللّٰہُ الَّذِیۡنَ

دوسرے کو بُلاتے ہو، اللہ تم میں سے اُن لوگوں کو جانتا ہے جو

یَتَسَلَّلُوۡنَ مِنۡکُمۡ لِوَاذًا ۚ فَلۡیَحۡذَرِ

ایک دوسرے کی آڑ لیتے ہوئے چُپکے سے چلے جاتے ہیں، پس

الَّذِیۡنَ یُخَالِفُوۡنَ عَنۡ اَمۡرِہٖۤ اَنۡ

جو لوگ اُس کے حکم کی خلاف ورزی کرتے ہیں اُن کو

تُصِیۡبَہُمۡ فِتۡنَۃٌ اَوۡ یُصِیۡبَہُمۡ عَذَابٌ

ڈرنا چاہیے کہ اُن پر کوئی آزمائش آجائے یا اُن کو ایک دردناک

اَلِیۡمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَاۤ اِنَّ لِلّٰہِ مَا فِی السَّمٰوٰتِ

عذاب پکڑ لے ﴿۶۳﴾ یاد رکھو کہ جو کچھ آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ یَعْلَمُ مَاۤ اَنْتُمْ عَلَیْهِ ؕ

اور زمین میں ہے سب اللہ کا ہے، اللہ اُس حالت کو جانتا ہے جس پر تم ہو،

وَیَوْمَ یُرْجَعُوْنَ اِلَیْهِ فَیُنَبِّئُهُمْ بِمَا

اور جس دن لوگ اُس کی طرف لائے جائیں گے تو جو کچھ اُنہوں نے کیا تھا

ع ۹ ۴ ۱۵ عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ﴿٦٤﴾ ع

وہ اُس سے اُن کو باخبر کردے گا، اور اللہ ہر چیز کو جاننے والا ہے ﴿٦٤﴾

(سورۂ فرقان مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی لیکن آیت (٦٨، ٦٩، ٧٠) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اِس میں (٧٧) آیتیں اور (٦) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٢) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢٥) نمبر پر ہے اور سورہ یٰس کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٨٩٢) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمٰن الرحیم | اس میں (٣٧٠٣) حروف ہیں

تَبٰرَكَ الَّذِیْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰی عَبْدِهٖ

بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس نے اپنے بندے پر فرقان اُتارا

لِیَكُوْنَ لِلْعٰلَمِیْنَ نَذِیْرَا ﴿١﴾ الَّذِیْ

تاکہ وہ جہان والوں کے لیے ڈرانے والا ہو ﴿١﴾ وہ جس کے

لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ یَتَّخِذْ

لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور اُس نے کوئی بیٹا

وَلَدًا وَّلَمۡ يَكُنۡ لَّهٗ شَرِيۡكٌ فِى الۡمُلۡكِ

نہیں بنایا اور بادشاہی میں کوئی اُس کا شریک نہیں ،

وَخَلَقَ كُلَّ شَىۡءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقۡدِيۡرًا ﴿۲﴾

اور اُس نے ہر چیز کو پیدا کیا اور اُس کا ایک اندازہ مقرر کیا ﴿۲﴾

وَاتَّخَذُوۡا مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً لَّا يَخۡلُقُوۡنَ

اور لوگوں نے اُس کے سوا ایسے معبود بنائے جو کسی چیز کو پیدا نہیں

شَيۡــًٔا وَّهُمۡ يُخۡلَقُوۡنَ وَلَا يَمۡلِكُوۡنَ

کرتے بلکہ وہ خود پیدا کیے جاتے ہیں، اور وہ خود اپنے لیے نہ کسی

لِاَنۡفُسِهِمۡ ضَرًّا وَّلَا نَفۡعًا وَّلَا يَمۡلِكُوۡنَ

نقصان کا اختیار رکھتے ہیں اور نہ کسی نفع کا اور نہ وہ کسی کے مَرنے کا اختیار

مَوۡتًا وَّلَا حَيٰوةً وَّلَا نُشُوۡرًا ﴿۳﴾ وَقَالَ

رکھتے ہیں اور نہ کسی کے جینے کا اور نہ کسی کو دوبارہ زندہ کرنے کا ﴿۳﴾ اور مُنکر

الَّذِيۡنَ كَفَرُوۡۤا اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّاۤ اِفۡكُ اۨفۡتَرٰٮهُ

لوگ کہتے ہیں کہ یہ تو صرف ایک جھوٹ ہے جس کو اِس نے گھڑا ہے

وَاَعَانَهٗ عَلَيْهِ قَوْمٌ اٰخَرُوْنَ ۛۚ فَقَدْ

اور کچھ دوسرے لوگوں نے اِس میں اُس کی مدد کی ہے، پس یہ

جَآءُوْ ظُلْمًا وَّزُوْرًا ۚ ﴿٤﴾ وَقَالُوْٓا اَسَاطِيْرُ

معانقة ١٠

لوگ ظلم اور جھوٹ کے مُرتکب ہوئے ﴿٤﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ یہ

الْاَوَّلِيْنَ اكْتَتَبَهَا فَهِيَ تُمْلٰى عَلَيْهِ

اگلوں کی بے سند باتیں ہیں جن کو اُس نے لکھوا لیا ہے، پس وہ

بُكْرَةً وَّاَصِيْلًا ﴿٥﴾ قُلْ اَنْزَلَهُ الَّذِيْ

اُس کو صبح و شام سُنائی جاتی ہیں ﴿٥﴾ کہہ دیجیے کہ اِس کو اُس نے

يَعْلَمُ السِّرَّ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ

اُتارا ہے جو آسمانوں اور زمین کے بھید کو جانتا ہے، بے شک

كَانَ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٦﴾ وَقَالُوْا مَالِ هٰذَا

وہ بخشنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿٦﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ یہ

الرَّسُوْلِ يَاْكُلُ الطَّعَامَ وَيَمْشِيْ فِي

کیسا رسول ہے جو کھانا کھاتا ہے اور بازاروں میں

الْاَسْوَاقِ ؕ لَوْلَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مَلَكٌ
چلتا پھرتا ہے، کیوں نہ اُس کے پاس کوئی فرشتہ بھیجا گیا کہ

فَيَكُوْنَ مَعَهٗ نَذِيْرًا ۝۷ اَوْ يُلْقٰٓى اِلَيْهِ
وہ اُس کے ساتھ رہ کر ڈراتا ۝۷ یا اُس کے لیے کوئی خزانہ اُتارا

كَنْزٌ اَوْ تَكُوْنُ لَهٗ جَنَّةٌ يَّاْكُلُ مِنْهَا ؕ
جاتا یا اُس کے لیے کوئی باغ ہوتا جس میں سے وہ کھاتا،

وَقَالَ الظّٰلِمُوْنَ اِنْ تَتَّبِعُوْنَ اِلَّا رَجُلًا
اور ظالموں نے کہا کہ تم لوگ تو ایک جادو کیے ہوئے آدمی

مَّسْحُوْرًا ۝۸ اُنْظُرْ كَيْفَ ضَرَبُوْا لَكَ
کی پیروی کر رہے ہو ۝۸ دیکھیے کہ وہ کیسی کیسی مثالیں

الْاَمْثَالَ فَضَلُّوْا فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ
آپ کے لیے بیان کر رہے ہیں، پس وہ بہک گئے ہیں پھر وہ

سَبِيْلًا ۝۹ ع تَبٰرَكَ الَّذِيْٓ اِنْ شَآءَ ع ۱ ۹ ۱۶
راہ نہیں پاسکتے ۝۹ بڑا بابرکت ہے وہ اگر وہ چاہے

جَعَلَ لَكَ خَيْرًا مِّنْ ذٰلِكَ جَنّٰتٍ

تو آپ کو اُس سے بھی بہتر چیز دے دے ایسے باغات

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۙ وَيَجْعَلْ

جن کے نیچے نہریں جاری ہوں اور آپ کو بہت سے

لَّكَ قُصُوْرًا ۝١٠ بَلْ كَذَّبُوْا بِالسَّاعَةِ

محل دے دے ۝١٠ بلکہ اُنہوں نے قیامت کو جھٹلا دیا ہے،

وَاَعْتَدْنَا لِمَنْ كَذَّبَ بِالسَّاعَةِ

اور ہم نے ایسے شخص کے لیے جو قیامت کو جھٹلائے دوزخ تیار

سَعِيْرًا ۝١١ اِذَا رَاَتْهُمْ مِّنْ مَّكَانٍۢ

کر رکھی ہے ۝١١ جب وہ اُن کو دور سے دیکھے گی

بَعِيْدٍ سَمِعُوْا لَهَا تَغَيُّظًا وَّزَفِيْرًا ۝١٢

تو وہ اُس کا بپھرنا اور دھاڑنا سُنیں گے ۝١٢

وَاِذَآ اُلْقُوْا مِنْهَا مَكَانًا ضَيِّقًا

اور جب وہ اُس کی کسی تنگ جگہ میں باندھ کر ڈال دیے جائیں گے

مُّقَرَّنِيْنَ دَعَوْا هُنَالِكَ ثُبُوْرًا ۚ ﴿۱۳﴾

تو وہ وہاں موت کو پکاریں گے ﴿۱۳﴾

لَا تَدْعُوا الْيَوْمَ ثُبُوْرًا وَّاحِدًا وَّادْعُوْا

آج ایک موت کو نہ پکارو ؛ بلکہ بہت سی موت

ثُبُوْرًا كَثِيْرًا ﴿۱۴﴾ قُلْ اَذٰلِكَ خَيْرٌ اَمْ

کو پکارو ﴿۱۴﴾ کہیے کہ کیا یہ بہتر ہے یا

جَنَّةُ الْخُلْدِ الَّتِيْ وُعِدَ الْمُتَّقُوْنَ ؕ

ہمیشہ کی جنّت جس کا وعدہ اللہ سے ڈرنے والوں سے کیا گیا ہے،

كَانَتْ لَهُمْ جَزَآءً وَّمَصِيْرًا ﴿۱۵﴾ لَهُمْ

وہ اُن کے لیے بدلہ اور ٹھکانہ ہوگی ﴿۱۵﴾ اُس میں اُن کے لیے وہ

فِيْهَا مَا يَشَآءُوْنَ خٰلِدِيْنَ ؕ كَانَ

سب ہوگا جو وہ چاہیں گے، وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے، یہ آپ

عَلٰى رَبِّكَ وَعْدًا مَّسْـُٔوْلًا ﴿۱۶﴾ وَيَوْمَ

کے رب کے ذِمّے ایک وعدہ ہے واجب الاداء ﴿۱۶﴾ اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ وَمَا يَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ

وہ اُن کو جمع کرے گا اور اُن کو بھی جن کی وہ اللہ کے سِوا

اللّٰهِ فَيَقُوْلُ ءَاَنْتُمْ اَضْلَلْتُمْ عِبَادِيْ

عبادت کرتے ہیں پھر وہ کہے گا کہ کیا تم نے میرے اِن بندوں

هٰٓؤُلَآءِ اَمْ هُمْ ضَلُّوا السَّبِيْلَ ﴿۱۷﴾ قَالُوْا

کو گمراہ کیا یا وہ خود راستہ بھٹک گئے ﴿۱۷﴾ وہ کہیں گے کہ

سُبْحٰنَكَ مَا كَانَ يَنْۢبَغِيْ لَنَآ اَنْ

پاک ہے آپ کی ذات! ہمارے لیے مناسب نہ تھا کہ ہم آپ

نَّتَّخِذَ مِنْ دُوْنِكَ مِنْ اَوْلِيَآءَ وَلٰكِنْ

کے سِوا دوسروں کو کارساز تجویز کریں، مگر آپ نے اُن کو اور اُن کے

مَّتَّعْتَهُمْ وَاٰبَآءَهُمْ حَتّٰى نَسُوا الذِّكْرَ ۚ

باپ دادا کو دنیا کا سامان دیا یہاں تک کہ وہ نصیحت کو بھول گئے

وَكَانُوْا قَوْمًا بُوْرًا ﴿۱۸﴾ فَقَدْ كَذَّبُوْكُمْ

اور ہلاک ہونے والے بنے ﴿۱۸﴾ پس اُنہوں نے تم کو تمہاری باتوں میں

بِمَا تَقُوْلُوْنَ ۙ فَمَا تَسْتَطِيْعُوْنَ صَرْفًا

جھوٹا ٹھہرا دیا ، اب نہ تم خود ٹال سکتے ہو اور نہ کوئی مدد

وَّلَا نَصْرًا ۚ وَمَنْ يَّظْلِمْ مِّنْكُمْ نُذِقْهُ

پا سکتے ہو، اور تم میں سے جو شخص ظلم کرے گا ہم اُس کو

عَذَابًا كَبِيْرًا ﴿١٩﴾ وَمَآ اَرْسَلْنَا قَبْلَكَ

ایک بڑا عذاب چکھائیں گے ﴿١٩﴾ اور ہم نے آپ سے پہلے

مِنَ الْمُرْسَلِيْنَ اِلَّآ اِنَّهُمْ لَيَاْكُلُوْنَ

جتنے بھی پیغمبر بھیجے سب کے سب کھانا

الطَّعَامَ وَيَمْشُوْنَ فِي الْاَسْوَاقِ ؕ

کھاتے تھے اور بازاروں میں چلتے پھرتے تھے ،

وَجَعَلْنَا بَعْضَكُمْ لِبَعْضٍ فِتْنَةً ؕ

اور ہم نے تم کو ایک دوسرے کے لیے آزمائش بنایا ہے ،

اَتَصْبِرُوْنَ ۚ وَكَانَ رَبُّكَ بَصِيْرًا ﴿٢٠﴾ ع

کیا تم صبر کرتے ہو، اور آپ کا رب سب کچھ دیکھتا ہے ﴿٢٠﴾

ع ٢ ١١ ١٧

وَقَالَ الَّذِیْنَ لَا یَرْجُوْنَ لِقَآءَنَا

اور جو لوگ ہمارے سامنے پیش ہونے کی امید نہیں رکھتے

لَوْ لَآ اُنْزِلَ عَلَیْنَا الْمَلٰٓىِٕكَةُ اَوْ نَرٰى

وہ کہتے ہیں کہ ہمارے اوپر فرشتے کیوں نہیں اُتارے گئے یا ہم

رَبَّنَا ؕ لَقَدِ اسْتَكْبَرُوْا فِیْٓ اَنْفُسِهِمْ

اپنے رب کو دیکھ لیتے ، اُنہوں نے اپنے جی میں اپنے کو بڑا سمجھا

وَعَتَوْ عُتُوًّا كَبِیْرًا ﴿۲۱﴾ یَوْمَ یَرَوْنَ

اور وہ سرکشی میں حد سے گزر گئے ہیں ﴿۲۱﴾ جس دن وہ

الْمَلٰٓىِٕكَةَ لَا بُشْرٰى یَوْمَىِٕذٍ لِّلْمُجْرِمِیْنَ

فرشتوں کو دیکھیں گے اُس دن مجرموں کے لیے کوئی خوش خبری

وَیَقُوْلُوْنَ حِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿۲۲﴾ وَقَدِمْنَآ

نہ ہوگی اور وہ کہیں گے کہ پناہ پناہ ﴿۲۲﴾ اور ہم اُن کے ہر عمل کی

اِلٰى مَا عَمِلُوْا مِنْ عَمَلٍ فَجَعَلْنٰهُ هَبَآءً

طرف بڑھیں گے جو اُنہوں نے کیا تھا اور پھر اُس کو اُڑتی ہوئی خاک

مَّنۡثُوۡرًا ﴿٢٣﴾ اَصۡحٰبُ الۡجَنَّةِ يَوۡمَئِذٍ

بنا دیں گے ﴿٢٣﴾ جنّت والے اُس دن بہترین

خَيۡرٌ مُّسۡتَقَرًّا وَّاَحۡسَنُ مَقِيۡلًا ﴿٢٤﴾

ٹھکانے میں ہوں گے اور نہایت اچھی آرام گاہ میں ﴿٢٤﴾

وَيَوۡمَ تَشَقَّقُ السَّمَآءُ بِالۡغَمَامِ وَنُزِّلَ

اور جس دن آسمان بادل سے پھٹ جائے گا اور فرشتے

الۡمَلٰٓئِكَةُ تَنۡزِيۡلًا ﴿٢٥﴾ اَلۡمُلۡكُ يَوۡمَئِذِ ۨ

لگاتار اُتارے جائیں گے ﴿٢٥﴾ اُس دن حقیقی بادشاہت

الۡحَقُّ لِلرَّحۡمٰنِ ؕ وَكَانَ يَوۡمًا عَلَى الۡكٰفِرِيۡنَ

صرف رحمان کی ہوگی ، اور وہ دن منکروں پر بڑا

عَسِيۡرًا ﴿٢٦﴾ وَيَوۡمَ يَعَضُّ الظَّالِمُ عَلٰى

سخت ہوگا ﴿٢٦﴾ اور جس دن ظالم اپنے ہاتھوں کو

يَدَيۡهِ يَقُوۡلُ يٰلَيۡتَنِى اتَّخَذۡتُ مَعَ

کاٹے گا ، وہ کہے گا کہ کاش ! میں نے رسول کے ساتھ

الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا ﴿٢٧﴾ يٰوَيْلَتٰى لَيْتَنِىْ

رہ کر راہ اختیار کی ہوتی ﴿٢٧﴾ ہائے افسوس !

لَمْ اَتَّخِذْ فُلَانًا خَلِيْلًا ﴿٢٨﴾ لَقَدْ

کاش میں فلاں شخص کو دوست نہ بناتا ﴿٢٨﴾ اُس نے مجھ کو

اَضَلَّنِىْ عَنِ الذِّكْرِ بَعْدَ اِذْ جَآءَنِىْ ؕ

نصیحت سے بہکا دیا بعد اِس کے کہ وہ میرے پاس آ چکی تھی،

وَكَانَ الشَّيْطٰنُ لِلْاِنْسَانِ خَذُوْلًا ﴿٢٩﴾

اور شیطان ہے ہی انسان کو رُسوا کرنے والا ﴿٢٩﴾

وَقَالَ الرَّسُوْلُ يٰرَبِّ اِنَّ قَوْمِى اتَّخَذُوْا

اور رسول کہے گا کہ اے میرے رب ! میری قوم نے

هٰذَا الْقُرْاٰنَ مَهْجُوْرًا ﴿٣٠﴾ وَكَذٰلِكَ

اِس قرآن کو بالکل نظر انداز کر دیا ﴿٣٠﴾ اور اِسی طرح

جَعَلْنَا لِكُلِّ نَبِىٍّ عَدُوًّا مِّنَ الْمُجْرِمِيْنَ ؕ

ہم نے مجرموں میں سے ہر نبی کے دشمن بنائے

وَكَفٰى بِرَبِّكَ هَادِيًا وَّنَصِيْرًا ﴿٣١﴾ وَقَالَ

اور آپ کا رب کافی ہے رہنمائی کے لیے اور مدد کرنے کے لیے ﴿٣١﴾ اور

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَوْلَا نُزِّلَ عَلَيْهِ الْقُرْاٰنُ

انکار کرنے والوں نے کہا کہ اِس کے اوپر پورا قرآن کیوں نہیں

جُمْلَةً وَّاحِدَةً ۚ كَذٰلِكَ ۚ لِنُثَبِّتَ بِهٖ مع

اُتارا گیا، ایسا اِس لیے ہے تاکہ اِس کے ذریعے سے ہم آپ کے دل کو

فُؤَادَكَ وَرَتَّلْنٰهُ تَرْتِيْلًا ﴿٣٢﴾ وَلَا يَاْتُوْنَكَ

مضبوط کریں اور ہم نے اِس کو ٹھہر ٹھہر کر اُتارا ہے ﴿٣٢﴾ اور یہ لوگ کیسا ہی

بِمَثَلٍ اِلَّا جِئْنٰكَ بِالْحَقِّ وَاَحْسَنَ

عجیب سوال آپ کے سامنے لائیں مگر ہم اُس کا ٹھیک جواب اور بہترین

تَفْسِيْرًا ﴿٣٣﴾ ط اَلَّذِيْنَ يُحْشَرُوْنَ

وضاحت آپ کو بتادیں گے ﴿٣٣﴾ جو لوگ اپنے منہ کے

عَلٰى وُجُوْهِهِمْ اِلٰى جَهَنَّمَ ۙ اُولٰٓئِكَ

بل جہنم کی طرف لے جائے جائیں گے ، اُنھیں کا

ع ٣ / ١٤

شَرٌّ مَّكَانًا وَّاَضَلُّ سَبِيۡلًا ۟ ۳۴ وَلَقَدۡ

بُرا ٹھکانہ ہے اور وہی ہیں راہ سے بہت بھٹکے ہوئے ۳۴ اور ہم

اٰتَيۡنَا مُوۡسَى الۡكِتٰبَ وَجَعَلۡنَا مَعَهٗۤ

نے موسیٰ (علیہ السلام) کو کتاب دی اور اُس کے ساتھ اُس کے بھائی

اَخَاهُ هٰرُوۡنَ وَزِيۡرًا ۚ ۟ ۳۵ فَقُلۡنَا اذۡهَبَاۤ

ہارون (علیہ السلام) کو مددگار بنایا ۳۵ پھر ہم نے اُن سے کہا کہ تم دونوں

اِلَى الۡقَوۡمِ الَّذِيۡنَ كَذَّبُوۡا بِاٰيٰتِنَا ؕ

اُن لوگوں کے پاس جاؤ جنہوں نے ہماری آیتوں کو جھٹلا دیا ہے،

فَدَمَّرۡنٰهُمۡ تَدۡمِيۡرًا ؕ ۟ ۳۶ وَقَوۡمَ نُوۡحٍ

پھر ہم نے اُن کو بالکل تباہ کر دیا ۳۶ اور نوح (علیہ السلام) کی قوم کو بھی

لَّمَّا كَذَّبُوا الرُّسُلَ اَغۡرَقۡنٰهُمۡ

ہم نے ڈبو دیا جب کہ اُنہوں نے رسولوں کو جھٹلایا اور ہم نے اُن

وَجَعَلۡنٰهُمۡ لِلنَّاسِ اٰيَةً ؕ وَاَعۡتَدۡنَا

کو لوگوں کے لیے ایک نشانی بنا دیا، اور ہم نے ظالموں کے لیے

لِلظّٰلِمِيْنَ عَذَابًا اَلِيْمًا ۚ ﴿٣٧﴾ وَّعَادًا

درد ناک عذاب تیار کر رکھا ہے ﴿٣٧﴾ اور عاد

وَّثَمُوْدَاۡ وَاَصْحٰبَ الرَّسِّ وَقُرُوْنًاۢ

اور ثمود کو اور اصحاب الرّس (کنویں والوں) کو اور اُن کے

بَيْنَ ذٰلِكَ كَثِيْرًا ﴿٣٨﴾ وَكُلًّا ضَرَبْنَا لَهُ

درمیان بہت سی قوموں کو ﴿٣٨﴾ اور ہم نے اُن میں سے ہر ایک کو

الْاَمْثَالَ ۫ وَكُلًّا تَبَّرْنَا تَتْبِيْرًا ﴿٣٩﴾

مثالیں سنائیں اور ہم نے ہر ایک کو بالکل برباد کر دیا ﴿٣٩﴾

وَلَقَدْ اَتَوْا عَلَى الْقَرْيَةِ الَّتِيْٓ اُمْطِرَتْ

اور یہ لوگ اُس بستی پر سے گذرے ہیں جس پر بُری طرح

مَطَرَ السَّوْءِ ؕ اَفَلَمْ يَكُوْنُوْا يَرَوْنَهَا ۚ

پتھر برسائے گئے، کیا وہ اُس کو دیکھتے نہیں رہے ہیں،

بَلْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ نُشُوْرًا ﴿٤٠﴾ وَاِذَا

بلکہ وہ لوگ دوبارہ اُٹھائے جانے کی امید نہیں رکھتے ﴿٤٠﴾ اور وہ جب

رَاَوْكَ اِنْ يَّتَّخِذُوْنَكَ اِلَّا هُزُوًا ؕ اَهٰذَا
آپ کو دیکھتے ہیں تو وہ آپ کا مذاق بنا لیتے ہیں ، کیا

الَّذِیْ بَعَثَ اللّٰهُ رَسُوْلًا ﴿٤١﴾ اِنْ كَادَ
یہی ہے جس کو اللہ نے رسول بنا کر بھیجا ہے ﴿٤١﴾ اِس نے تو

لَيُضِلُّنَا عَنْ اٰلِهَتِنَا لَوْ لَاۤ اَنْ صَبَرْنَا
ہم کو ہمارے معبودوں سے ہٹا ہی دیا ہوتا اگر ہم اُن پر جمے نہ

عَلَيْهَا ؕ وَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ حِيْنَ يَرَوْنَ
رہتے ، اور جلد ہی اُن کو معلوم ہو جائے گا جب وہ عذاب کو

الْعَذَابَ مَنْ اَضَلُّ سَبِيْلًا ﴿٤٢﴾ اَرَءَيْتَ
دیکھیں گے کہ سب سے زیادہ بے راہ کون ہے ﴿٤٢﴾ کیا آپ نے

مَنِ اتَّخَذَ اِلٰهَهٗ هَوٰىهُ ؕ اَفَاَنْتَ
اُس شخص کو نہیں دیکھا جس نے اپنی خواہش کو اپنا معبود بنا رکھا ہے پس

تَكُوْنُ عَلَيْهِ وَكِيْلًا ﴿٤٣﴾ اَمْ تَحْسَبُ اَنَّ
کیا آپ اُس کا ذِمّہ لے سکتے ہو ﴿٤٣﴾ یا آپ خیال کرتے ہو کہ

اَكْثَرَهُمْ يَسْمَعُوْنَ اَوْ يَعْقِلُوْنَ ؕ اِنْ

اُن میں سے اکثر سُنتے اور سمجھتے ہیں ، وہ تو

هُمْ اِلَّا كَالْاَنْعَامِ بَلْ هُمْ اَضَلُّ

محض جانوروں کی طرح ہیں بلکہ وہ اُن سے بھی زیادہ

سَبِيْلًا ۟ع ﴿۴۴﴾ اَلَمْ تَرَ اِلٰى رَبِّكَ كَيْفَ مَدَّ ع ۱۰ ۲

بے راہ ہیں ﴿۴۴﴾ کیا آپ نے اپنے رب کی (قدرت کی) طرف نہیں دیکھا

الظِّلَّ ۚ وَلَوْ شَآءَ لَجَعَلَهٗ سَاكِنًا ۚ

کہ وہ کس طرح سائے کو پھیلا دیتا ہے اور اگر وہ چاہتا تو وہ اُس کو ٹھہرا دیتا،

ثُمَّ جَعَلْنَا الشَّمْسَ عَلَيْهِ دَلِيْلًا ۙ ﴿۴۵﴾

پھر ہم نے سورج کو اُس پر دلیل بنایا ﴿۴۵﴾

ثُمَّ قَبَضْنٰهُ اِلَيْنَا قَبْضًا يَّسِيْرًا ﴿۴۶﴾

پھر ہم نے آہستہ آہستہ اُس کو اپنی طرف سمیٹ لیا ﴿۴۶﴾

وَهُوَ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمُ الَّيْلَ لِبَاسًا

اور وہی ہے جس نے تمہارے لیے رات کو پردہ

وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا وَّجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا ﴿٤٧﴾

اور نیند کو راحت اور دن کو جی اُٹھنے کا وقت بنایا ﴿٤٧﴾

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ

اور وہی ہے جو اپنی رحمت سے پہلے ہواؤں کو خوش خبری

يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ

لانے والیاں بنا کر بھیجتا ہے اور ہم آسمان سے پاک پانی

مَآءً طَهُوْرًا ﴿٤٨﴾ لِّنُحْيِۦَ بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا

اُتارتے ہیں ﴿٤٨﴾ تاکہ اُس کے ذریعے سے مُردہ زمین میں جان ڈال دیں،

وَّنُسْقِيَهٗ مِمَّا خَلَقْنَآ اَنْعَامًا وَّاَنَاسِيَّ

اور اُس کو پلائیں اپنی مخلوقات میں سے بہت سے جانوروں اور

كَثِيْرًا ﴿٤٩﴾ وَلَقَدْ صَرَّفْنٰهُ بَيْنَهُمْ

انسانوں کو ﴿٤٩﴾ اور ہم نے اِس کو اُن کے درمیان طرح طرح

لِيَذَّكَّرُوْا ۖ فَاَبٰٓى اَكْثَرُ النَّاسِ اِلَّا

سے بیان کیا تاکہ وہ سوچیں، پھر بھی اکثر لوگ ناشکری کیے بغیر

كُفُوْرًا ﴿٥٠﴾ وَلَوْ شِئْنَا لَبَعَثْنَا فِيْ كُلِّ

نہیں رہتے ﴿٥٠﴾ اور اگر ہم چاہتے تو ہر بستی میں ایک

قَرْيَةٍ نَّذِيْرًا ﴿٥١﴾ فَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ

ڈرانے والا بھیج دیتے ﴿٥١﴾ پس آپ منکروں کی بات نہ مانیے

وَجَاهِدْهُمْ بِهٖ جِهَادًا كَبِيْرًا ﴿٥٢﴾ وَهُوَ

اور اِس کے ذریعے اُن کے ساتھ بڑا جہاد کیجیے ﴿٥٢﴾ اور وہی

الَّذِيْ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ هٰذَا عَذْبٌ

ہے جس نے دو سمندروں کو مِلا یا، یہ میٹھا ہے

فُرَاتٌ وَّهٰذَا مِلْحٌ اُجَاجٌ ۚ وَجَعَلَ

پیاس بجھانے والا اور یہ کھارا ہے کڑوا ، اور اُس نے

بَيْنَهُمَا بَرْزَخًا وَّحِجْرًا مَّحْجُوْرًا ﴿٥٣﴾

اُن کے درمیان ایک پردہ رکھ دیا اور ایک مضبوط آڑ ﴿٥٣﴾

وَهُوَ الَّذِيْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا

اور وہی ہے جس نے انسان کو پانی سے پیدا کیا

فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ

پھر اُس کو خاندان اور سُسرال والا بنایا، اور آپ کا رب بڑی

قَدِيْرًا ﴿٥٤﴾ وَيَعْبُدُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

قدرت والا ہے ﴿٥٤﴾ اور وہ اللہ کو چھوڑ کر اُن چیزوں کی عبادت

مَا لَا يَنْفَعُهُمْ وَلَا يَضُرُّهُمْ ؕ وَكَانَ

کرتے ہیں جو اُن کو نہ نفع پہونچا سکتی ہیں اور نہ نقصان، اور کافر تو

الْكَافِرُ عَلٰى رَبِّهٖ ظَهِيْرًا ﴿٥٥﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ

اپنے رب کے خلاف مددگار بنا ہوا ہے ﴿٥٥﴾ اور ہم نے آپ کو صرف خوش

اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿٥٦﴾ قُلْ مَآ اَسْئَلُكُمْ

خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے ﴿٥٦﴾ آپ کہہ دیجیے کہ

عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ اِلَّا مَنْ شَآءَ اَنْ يَّتَّخِذَ

میں تم سے اِس پر کوئی اُجرت نہیں مانگتا مگر یہ کہ جو چاہے وہ اپنے

اِلٰى رَبِّهٖ سَبِيْلًا ﴿٥٧﴾ وَتَوَكَّلْ عَلَى الْحَيِّ

رب کا راستہ پکڑ لے ﴿٥٧﴾ اور اُس خدا پر بھروسہ رکھیے جو زندہ ہے

الَّذِي لَا يَمُوتُ وَسَبِّحْ بِحَمْدِهِ ۚ وَكَفَىٰ بِهِ

کبھی مرنے والا نہیں اور اُس کی تعریف کے ساتھ اُس کی پاکیزگی بیان کیجیے، اور وہ

بِذُنُوبِ عِبَادِهِ خَبِيرًا ﴿٥٨﴾ الَّذِي خَلَقَ

اپنے بندوں کے گناہوں سے باخبر رہنے کے لیے کافی ہے ﴿٥٨﴾ وہی ہے جس نے

السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِي

پیدا کیا آسمانوں اور زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے

سِتَّةِ أَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوَىٰ عَلَى الْعَرْشِ ۚ مع ٨

چھ دن میں پھر وہ تخت پر متمکّن ہوا ،

الرَّحْمَٰنُ فَاسْأَلْ بِهِ خَبِيرًا ﴿٥٩﴾ وَإِذَا

وہ رحمان ہے پس اُس کو کسی جاننے والے سے پوچھیے ﴿٥٩﴾ اور جب

قِيلَ لَهُمُ اسْجُدُوا لِلرَّحْمَٰنِ ۚ قَالُوا

اُن سے کہا جاتا ہے کہ رحمان کو سجدہ کرو تو وہ کہتے ہیں کہ

وَمَا الرَّحْمَٰنُ ۚ أَنَسْجُدُ لِمَا تَأْمُرُنَا

رحمان کیا ہے، کیا ہم اُس کو سجدہ کریں جس کو تم ہم سے کہو؟

ع ٥ (۱۲) ۴ سجدة

وَزَادَهُمْ نُفُوْرًا ۩ ﴿٦٠﴾ تَبٰرَكَ الَّذِيْ جَعَلَ

اور اُن کا بدکنا اور بڑھ جاتا ہے ﴿٦٠﴾ بڑی بابرکت ہے وہ ذات

فِي السَّمَآءِ بُرُوْجًا وَّجَعَلَ فِيْهَا

جس نے آسمان میں برج بنائے اور اُس میں ایک چراغ

سِرٰجًا وَّقَمَرًا مُّنِيْرًا ﴿٦١﴾ وَهُوَ الَّذِيْ

(سورج) اور ایک چمکتا چاند رکھا ﴿٦١﴾ اور وہی ہے جس نے

جَعَلَ الَّيْلَ وَالنَّهَارَ خِلْفَةً لِّمَنْ

رات اور دن کو ایک کے بعد ایک آنے والا بنایا اُس شخص

اَرَادَ اَنْ يَّذَّكَّرَ اَوْ اَرَادَ شُكُوْرًا ﴿٦٢﴾

کے لیے جو سبق لینا چاہے اور شکر گزار بننا چاہے ﴿٦٢﴾

وَعِبَادُ الرَّحْمٰنِ الَّذِيْنَ يَمْشُوْنَ عَلَى

اور رحمان کے بندے وہ ہیں جو زمین پر عاجزی کے

الْاَرْضِ هَوْنًا وَّاِذَا خَاطَبَهُمُ الْجٰهِلُوْنَ

ساتھ چلتے ہیں، اور جب جاہل لوگ اُن سے بات کرتے ہیں

قَالُوْا سَلٰمًا ﴿٦٣﴾ وَالَّذِيْنَ يَبِيْتُوْنَ

تو وہ کہہ دیتے ہیں کہ تم کو سلام ﴿٦٣﴾ اور جو اپنے رب کے آگے

لِرَبِّهِمْ سُجَّدًا وَّقِيَامًا ﴿٦٤﴾ وَالَّذِيْنَ

سجدے اور قیام میں راتیں گزارتے ہیں ﴿٦٤﴾ اور جو کہتے ہیں

يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اصْرِفْ عَنَّا عَذَابَ

کہ اے ہمارے پیارے رب! جہنم کے عذاب کو ہم سے دور

جَهَنَّمَ ۖ إِنَّ عَذَابَهَا كَانَ غَرَامًا ﴿٦٥﴾ۖ

رکھیے ، بے شک اُس کا عذاب پوری تباہی ہے ﴿٦٥﴾

اِنَّهَا سَآءَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٦٦﴾

بے شک وہ بُرا ٹھکانہ ہے اور بُری جگہ ہے ﴿٦٦﴾

وَالَّذِيْنَ اِذَآ اَنْفَقُوْا لَمْ يُسْرِفُوْا

اور وہ لوگ کہ جب وہ خرچ کرتے ہیں تو نہ فضول خرچی کرتے ہیں

وَلَمْ يَقْتُرُوْا وَكَانَ بَيْنَ ذٰلِكَ

اور نہ تنگی کرتے ہیں، اور اُن کا خرچ اُس کے درمیانی

قَوَامًا ﴿٦٧﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَدْعُوْنَ مَعَ

طریقے پر ہوتا ہے ﴿٦٧﴾ اور جو اللہ کے سوا کسی دوسرے معبود کو

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ وَلَا يَقْتُلُوْنَ النَّفْسَ

نہیں پکارتے ، اور وہ اللہ کی حرام کی ہوئی کسی جان کو

الَّتِيْ حَرَّمَ اللّٰهُ اِلَّا بِالْحَقِّ وَلَا يَزْنُوْنَ ۚ

قتل نہیں کرتے مگر حق پر ، اور وہ بدکاری نہیں کرتے ،

وَمَنْ يَّفْعَلْ ذٰلِكَ يَلْقَ اَثَامًا ﴿٦٨﴾ لا

اور جو شخص ایسے کام کرے گا تو وہ سزا سے دوچار ہوگا ﴿٦٨﴾

يُّضٰعَفْ لَهُ الْعَذَابُ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ

قیامت کے دن اُس کا عذاب بڑھتا چلا جائے گا

وَيَخْلُدْ فِيْهٖ مُهَانًا ﴿٦٩﴾ قلے اِلَّا مَنْ تَابَ

اور وہ اُس میں ہمیشہ ذلیل ہو کر رہے گا ﴿٦٩﴾ مگر جو شخص توبہ کرے

وَاٰمَنَ وَعَمِلَ عَمَلًا صَالِحًا فَاُولٰٓئِكَ

اور ایمان لائے اور نیک کام کرے تو اللہ ایسے لوگوں

يُبَدِّلُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِهِمْ حَسَنٰتٍ ۭ وَكَانَ

کی بُرائیوں کو بھلائیوں سے بدل دے گا اور اللہ

اللّٰهُ غَفُوْرًا رَّحِيْمًا ﴿٧٠﴾ وَمَنْ تَابَ

بخشنے والا ، مہربان ہے ﴿٧٠﴾ اور جو شخص توبہ کرے

وَعَمِلَ صَالِحًا فَاِنَّهٗ يَتُوْبُ اِلَى اللّٰهِ

اور نیک کام کرے تو وہ درحقیقت اللہ کی طرف رجوع کر

مَتَابًا ﴿٧١﴾ وَالَّذِيْنَ لَا يَشْهَدُوْنَ الزُّوْرَ ۙ

رہا ہے ﴿٧١﴾ اور جو لوگ جھوٹے کام میں شامل نہیں ہوتے ،

وَاِذَا مَرُّوْا بِاللَّغْوِ مَرُّوْا كِرَامًا ﴿٧٢﴾

اور جب کسی بے ہودہ چیز سے اُن کا گزر ہوتا ہے تو سنجیدگی کے ساتھ گزر جاتے ہیں ﴿٧٢﴾

وَالَّذِيْنَ اِذَا ذُكِّرُوْا بِاٰيٰتِ رَبِّهِمْ

اور وہ ایسے ہیں کہ جب اُن کو اُن کے رب کی آیتوں کے ذریعے

لَمْ يَخِرُّوْا عَلَيْهَا صُمًّا وَّعُمْيَانًا ﴿٧٣﴾

نصیحت کی جاتی ہے تو وہ اُن پر بہرے اور اندھے ہو کر نہیں گرتے ﴿٧٣﴾

وَالَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا هَبْ لَنَا

اور جو کہتے ہیں کہ اے ہمارے پیارے رب! ہم کو ہماری

مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ

بیویوں اور ہماری اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرمایئے

وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿٧٤﴾ اُولٰٓئِكَ

اور ہم کو پرہیزگاروں کا امام بنایئے ﴿٧٤﴾ یہ لوگ ہیں کہ اُن کو

يُجْزَوْنَ الْغُرْفَةَ بِمَا صَبَرُوْا وَيُلَقَّوْنَ

بالاخانے ملیں گے اِس لیے کہ اُنہوں نے صبر کیا، اور اُن میں

فِيْهَا تَحِيَّةً وَّسَلٰمًا ﴿٧٥﴾ خٰلِدِيْنَ

اُن کا استقبال دعا اور سلام کے ساتھ ہوگا ﴿٧٥﴾ وہ اُن میں ہمیشہ

فِيْهَا ؕ حَسُنَتْ مُسْتَقَرًّا وَّمُقَامًا ﴿٧٦﴾

رہیں گے، وہ خوب جگہ ہے ٹھہرنے کی اور خوب جگہ ہے رہنے کی ﴿٧٦﴾

قُلْ مَا يَعْبَؤُا بِكُمْ رَبِّيْ لَوْلَا دُعَآؤُكُمْ ۚ

کہہ دیجیے کہ میرا رب تمہاری پروا نہیں رکھتا اگر تم اُس کو نہ پکارو،

فَقَدْ كَذَّبْتُمْ فَسَوْفَ يَكُوْنُ لِزَامًا ﴿٧٧﴾ ع

پس تم جُھٹلا چکے تو وہ چیز جلد ہی ہو کر رہے گی ﴿٧٧﴾

(سورہ شعراء مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی لیکن آیت (١٩٧) اور (٢٢٤) سے آخر سورت تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں، اس میں (٢٢٧) آیتیں اور (١١) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٧) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٢٦) نمبر پر ہے اور سورہ واقعہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (١٢٧٩) کلمات ہیں

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اس میں (٥٥٤٠) حروف ہیں

طٰسٓمّٓ ﴿١﴾ تِلْكَ اٰيٰتُ الْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾

طٰسٓمّٓ ﴿١﴾ یہ واضح کتاب کی آیتیں ہیں ﴿٢﴾

لَعَلَّكَ بَاخِعٌ نَّفْسَكَ اَلَّا يَكُوْنُوْا

شاید آپ اپنے آپ کو ہلاک کر ڈالو گے اِس پر کہ

مُؤْمِنِيْنَ ﴿٣﴾ اِنْ نَّشَاْ نُنَزِّلْ عَلَيْهِمْ

وہ ایمان نہیں لاتے ﴿٣﴾ اگر ہم چاہیں تو اُن پر

مِّنَ السَّمَآءِ اٰيَةً فَظَلَّتْ اَعْنَاقُهُمْ

آسمان سے نشانی اُتار دیں ، پھر اُن کی گردنیں

لَهَا خٰضِعِيْنَ ﴿٤﴾ وَمَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ

اُن کے آگے جُھک جائیں ﴿٤﴾ اُن کے پاس رحمان کی

ربع ١٧/٣

الْمَنْزِلُ الْخَامِسُ (٥)

ذِكْرٍ مِّنَ الرَّحْمٰنِ مُحْدَثٍ اِلَّا كَانُوْا

طرف سے کوئی بھی نصیحت ایسی نہیں آتی جس سے

عَنْهُ مُعْرِضِيْنَ ۝٥ فَقَدْ كَذَّبُوْا

وہ بے رُخی نہ کرتے ہوں ۝٥ پس اُنہوں نے جُھٹلا دیا

فَسَيَاْتِيْهِمْ اَنْۢبٰٓؤُا مَا كَانُوْا بِهٖ

تو اب جلد ہی اُن کو اُس چیز کی حقیقت معلوم ہو جائے گی جس کا

يَسْتَهْزِءُوْنَ ۝٦ اَوَ لَمْ يَرَوْا اِلَى

وہ مذاق اڑاتے تھے ۝٦ کیا اُنہوں نے زمین

الْاَرْضِ كَمْ اَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ

کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اُس میں کس قدر طرح طرح کی

زَوْجٍ كَرِيْمٍ ۝٧ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ

عُمدہ چیزیں اُگائی ہیں ۝٧ بے شک اِس میں نشانی ہے،

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ۝٨

اور اُن میں سے اکثر لوگ ایمان نہیں لاتے ۝٨

ع ٩/٥

وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿٩﴾ ع

اور بے شک آپ کا رب ہی غالب ہے، رحم کرنے والا ہے ﴿٩﴾

وَاِذْ نَادٰى رَبُّكَ مُوْسٰٓى اَنِ ائْتِ

اور جب آپ کے رب نے موسیٰ (علیہ السلام) کو پکارا کہ

الْقَوْمَ الظّٰلِمِيْنَ ﴿١٠﴾ لا قَوْمَ فِرْعَوْنَ ط

تم ظالم قوم کے پاس جاؤ ﴿١٠﴾ فرعون کی قوم کے پاس،

اَلَا يَتَّقُوْنَ ﴿١١﴾ قَالَ رَبِّ اِنِّيْٓ اَخَافُ

کیا وہ نہیں ڈرتے ﴿١١﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے کہا: اے میرے رب!

اَنْ يُّكَذِّبُوْنِ ﴿١٢﴾ ط وَيَضِيْقُ صَدْرِيْ

مجھ کو اندیشہ ہے کہ وہ مجھے جھٹلا دیں گے ﴿١٢﴾ اور میرا سینہ تنگ ہوتا ہے

وَلَا يَنْطَلِقُ لِسَانِيْ فَاَرْسِلْ اِلٰى

اور میری زبان نہیں چلتی، پس آپ ہارون کے پاس پیغام بھیج

هٰرُوْنَ ﴿١٣﴾ وَلَهُمْ عَلَيَّ ذَنْبٌ فَاَخَافُ

دیجیے ﴿١٣﴾ اور میرے اوپر اُن کا ایک جرم بھی ہے پس میں ڈرتا ہوں کہ

اَنْ يَّقْتُلُوْنِ ﴿١٤﴾ قَالَ كَلَّا ۚ فَاذْهَبَا

وہ مجھے قتل کردیں ﴿١٤﴾ فرمایا: کبھی نہیں، پس تم دونوں ہماری

بِاٰيٰتِنَآ اِنَّا مَعَكُمْ مُّسْتَمِعُوْنَ ﴿١٥﴾

نشانیوں کے ساتھ جاؤ، ہم تمہارے ساتھ سُننے والے ہیں ﴿١٥﴾

فَاْتِيَا فِرْعَوْنَ فَقُوْلَآ اِنَّا رَسُوْلُ

پس تم دونوں فرعون کے پاس جاؤ اور کہو کہ ہم تمام جہانوں کے

رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ اَنْ اَرْسِلْ مَعَنَا

پروردگار کے رسول ہیں ﴿١٦﴾ کہ تم بنی اسرائیل کو ہمارے ساتھ

بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿١٧﴾ قَالَ اَلَمْ نُرَبِّكَ

جانے دو ﴿١٧﴾ فرعون نے کہا: کیا ہم نے تم کو بچپن میں

فِيْنَا وَلِيْدًا وَّلَبِثْتَ فِيْنَا مِنْ عُمُرِكَ

اپنے درمیان نہیں پالا اور تم نے اپنی عمر کے کئی سال ہمارے

سِنِيْنَ ﴿١٨﴾ وَفَعَلْتَ فَعْلَتَكَ الَّتِيْ

یہاں گزارے ﴿١٨﴾ اور تم نے وہ کام کیا جو تم نے

فَعَلْتَ وَاَنْتَ مِنَ الْكٰفِرِيْنَ ﴿١٩﴾ قَالَ

ہی کیا، اور تم ناشکروں میں سے ہو ﴿١٩﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا:

فَعَلْتُهَاۤ اِذًا وَّاَنَا مِنَ الضَّاۤلِّيْنَ ﴿٢٠﴾

وہ غلطی میں نے اُس وقت کی تھی جب میں ناواقف تھا ﴿٢٠﴾

فَفَرَرْتُ مِنْكُمْ لَمَّا خِفْتُكُمْ فَوَهَبَ

پھر جب مجھے تم لوگوں سے ڈر لگا تو میں تمہارے درمیان سے

لِيْ رَبِّيْ حُكْمًا وَّجَعَلَنِيْ مِنَ

نکل گیا، پھر مجھ کو میرے رب نے سمجھ داری عطا فرمائی اور مجھ کو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٢١﴾ وَتِلْكَ نِعْمَةٌ تَمُنُّهَا

رسولوں میں سے بنادیا ﴿٢١﴾ اور یہ احسان ہے جو تم مجھ پر

عَلَيَّ اَنْ عَبَّدْتَّ بَنِيْۤ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٢٢﴾

جتا رہے ہو کہ تم نے بنی اسرائیل کو غلام بنا لیا ﴿٢٢﴾

قَالَ فِرْعَوْنُ وَمَا رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٣﴾

فرعون نے کہا کہ یہ ربّ العالمین کیا ہے ؟ ﴿٢٣﴾

قَالَ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا

موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا کہ آسمانوں اور زمین کا رب اور اُن سب کا جو

بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ مُّوْقِنِيْنَ ﴿٢٤﴾ قَالَ

اُن کے درمیان ہیں، اگر تم یقین لانے والے ہو ﴿٢٤﴾ فرعون نے اپنے

لِمَنْ حَوْلَهٗۤ اَلَا تَسْتَمِعُوْنَ ﴿٢٥﴾ قَالَ

اردگرد والوں سے کہا: کیا تم سُنتے نہیں ہو؟ ﴿٢٥﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا:

رَبُّكُمْ وَرَبُّ اٰبَآئِكُمُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿٢٦﴾ قَالَ

وہ تمہارا بھی رب ہے اور تمہارے اگلے بزرگوں کا بھی ﴿٢٦﴾ فرعون نے

اِنَّ رَسُوْلَكُمُ الَّذِيْۤ اُرْسِلَ اِلَيْكُمْ

کہا: تمہارا یہ رسول جو تمہاری طرف بھیجا گیا ہے

لَمَجْنُوْنٌ ﴿٢٧﴾ قَالَ رَبُّ الْمَشْرِقِ

مجنون ہے ﴿٢٧﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا: مشرق

وَالْمَغْرِبِ وَمَا بَيْنَهُمَا ؕ اِنْ كُنْتُمْ

و مغرب کا رب اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے، اگر تم

تَعۡقِلُوۡنَ ﴿۲۸﴾ قَالَ لَئِنِ اتَّخَذۡتَ اِلٰهًا
عقل رکھتے ہو ﴿۲۸﴾ فرعون نے کہا : اگر تم نے میرے

غَيۡرِىۡ لَاَجۡعَلَنَّكَ مِنَ الۡمَسۡجُوۡنِيۡنَ ﴿۲۹﴾
سِوا کسی کو معبود بنایا تو میں تم کو قید کر دوں گا ﴿۲۹﴾

قَالَ اَوَلَوۡ جِئۡتُكَ بِشَىۡءٍ مُّبِيۡنٍ‌ۚ ﴿۳۰﴾
موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا: کیا اگر میں کوئی واضح دلیل پیش کروں تب بھی؟ ﴿۳۰﴾

قَالَ فَاۡتِ بِهٖۤ اِنۡ كُنۡتَ مِنَ
فرعون نے کہا : پھر اُس کو پیش کرو اگر تم

الصّٰدِقِيۡنَ ﴿۳۱﴾ فَاَلۡقٰى عَصَاهُ فَاِذَا هِىَ
سچے ہو ﴿۳۱﴾ پھر موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا عصا ڈال دیا تو یکا یک

ثُعۡبَانٌ مُّبِيۡنٌ‌ ۖ‌ۚ ﴿۳۲﴾ وَّنَزَعَ يَدَهٗ فَاِذَا
وہ ایک واضح اژدہا تھا ﴿۳۲﴾ اور اُس نے اپنا ہاتھ کھینچا تو یکا یک وہ

هِىَ بَيۡضَآءُ لِلنّٰظِرِيۡنَ ﴿۳۳﴾ قَالَ لِلۡمَلَاِ ع ۲ ۲۴
دیکھنے والوں کے لیے چمک رہا تھا ﴿۳۳﴾ فرعون نے اپنے اِرد گرد کے

حَوْلَهٗٓ اِنَّ هٰذَا لَسٰحِرٌ عَلِيْمٌ ﴿٣٤﴾

سرداروں سے کہا: یقیناً یہ شخص ایک ماہر جادوگر ہے ﴿٣٤﴾

يُّرِيْدُ اَنْ يُّخْرِجَكُمْ مِّنْ اَرْضِكُمْ

وہ چاہتا ہے کہ اپنے جادو سے تم کو تمہارے ملک سے

بِسِحْرِهٖ ۖ فَمَاذَا تَاْمُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ قَالُوْٓا

نکال دے، پس تم کیا مشورہ دیتے ہو ﴿٣٥﴾ درباریوں نے کہا کہ

اَرْجِهْ وَاَخَاهُ وَابْعَثْ فِي الْمَدَآئِنِ

اِس کو اور اِس کے بھائی کو مہلت دیجیے اور شہروں میں جمع

حٰشِرِيْنَ ﴿٣٦﴾ يَاْتُوْكَ بِكُلِّ سَحَّارٍ

کرنے والے بھیجیے ﴿٣٦﴾ کہ وہ آپ کے پاس تمام ماہر جادوگروں

عَلِيْمٍ ﴿٣٧﴾ فَجُمِعَ السَّحَرَةُ لِمِيْقَاتِ

کو لائیں ﴿٣٧﴾ پس جادوگر ایک دن مقررہ وقت پر

يَوْمٍ مَّعْلُوْمٍ ﴿٣٨﴾ وَّقِيْلَ لِلنَّاسِ هَلْ

اکٹھا کیے گئے ﴿٣٨﴾ اور لوگوں سے کہا گیا کہ

اَنْتُمْ مُّجْتَمِعُوْنَ ﴿٣٩﴾ لَعَلَّنَا نَتَّبِعُ

کیا تم لوگ جمع ہوگے ؟ ﴿٣٩﴾ تاکہ ہم جادوگروں کا

السَّحَرَةَ اِنْ كَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤٠﴾

ساتھ دیں اگر وہ غالب رہنے والے ہوں ﴿٤٠﴾

فَلَمَّا جَآءَ السَّحَرَةُ قَالُوْا لِفِرْعَوْنَ

پھر جب جادوگر آئے تو اُنہوں نے فرعون سے کہا :

اَئِنَّ لَنَا لَاَجْرًا اِنْ كُنَّا نَحْنُ

کیا ہمارے لیے کوئی انعام ہے اگر ہم غالب

الْغٰلِبِيْنَ ﴿٤١﴾ قَالَ نَعَمْ وَاِنَّكُمْ اِذًا

رہیں ﴿٤١﴾ اُس نے کہا: ہاں، اور تم اِس صورت میں قریبی لوگوں

لَّمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ ﴿٤٢﴾ قَالَ لَهُمْ مُّوْسٰٓى

میں شامل ہو جاؤ گے ﴿٤٢﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے اُن سے فرمایا کہ

اَلْقُوْا مَآ اَنْتُمْ مُّلْقُوْنَ ﴿٤٣﴾ فَاَلْقَوْا

تم کو جو کچھ ڈالنا ہو ڈالو ﴿٤٣﴾ پس اُنہوں نے اپنی

حِبَالَهُمْ وَعِصِيَّهُمْ وَقَالُوْا بِعِزَّةِ فِرْعَوْنَ

رسّیاں اور لاٹھیاں ڈالیں اور کہا کہ فرعون کی عظمت کی قسم!

اِنَّا لَنَحْنُ الْغٰلِبُوْنَ ﴿۴۴﴾ فَاَلْقٰى مُوْسٰى

ہم ہی غالب رہیں گے ﴿۴۴﴾ پھر موسیٰ (علیہ السلام) نے اپنا عصا ڈالا تو

عَصَاهُ فَاِذَا هِيَ تَلْقَفُ مَا يَاْفِكُوْنَ ﴿۴۵﴾

اچانک وہ اُس جھوٹ موٹ کے کرتب کو نگلنے لگا جو اُنہوں نے بنایا تھا ﴿۴۵﴾

فَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ﴿۴۶﴾ قَالُوْٓا

پھر جادوگر سجدے میں گر پڑے ﴿۴۶﴾ اُنہوں نے کہا کہ

اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۴۷﴾ رَبِّ مُوْسٰى

ہم ایمان لائے ربُّ العالمین پر ﴿۴۷﴾ جو موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام)

وَهٰرُوْنَ ﴿۴۸﴾ قَالَ اٰمَنْتُمْ لَهٗ قَبْلَ

کا رب ہے ﴿۴۸﴾ فرعون نے کہا: تم نے اُس کو مان لیا اِس سے

اَنْ اٰذَنَ لَكُمْ ۚ اِنَّهٗ لَكَبِيْرُكُمُ الَّذِيْ

پہلے کہ میں تم کو اجازت دوں، بے شک وہی تمہارا استاد ہے

عَلَّمَكُمُ السِّحْرَ ۚ فَلَسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۚ۬
جس نے تم کو جادو سکھایا ہے، پس اب تم کو معلوم ہو جائے گا،

لَاُقَطِّعَنَّ اَيْدِيَكُمْ وَاَرْجُلَكُمْ مِّنْ خِلَافٍ
میں تمہارے ایک طرف کے ہاتھ اور دوسری طرف کے پاؤں کاٹوں گا

وَّلَاُوصَلِّبَنَّكُمْ اَجْمَعِيْنَ ۚ ﴿٤٩﴾ قَالُوْا
اور تم سب کو سولی پر چڑھاؤں گا ﴿٤٩﴾ اُنہوں نے کہا کہ

لَا ضَيْرَ ۫ اِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا مُنْقَلِبُوْنَ ۚ ﴿٥٠﴾
کچھ حرج نہیں، ہم اپنے مالک کے پاس پہونچ جائیں گے ﴿٥٠﴾

اِنَّا نَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لَنَا رَبُّنَا خَطٰيٰنَآ
ہم امید رکھتے ہیں کہ ہمارا رب ہماری خطاؤں کو معاف کردے گا،

اَنْ كُنَّآ اَوَّلَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۚ ﴿٥١﴾ ع وَاَوْحَيْنَآ ع ٣ ١٨
اِس لیے کہ ہم پہلے ایمان لانے والے بنے ﴿٥١﴾ اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو

اِلٰى مُوْسٰٓى اَنْ اَسْرِ بِعِبَادِيْٓ اِنَّكُمْ
وحی بھیجی کہ میرے بندوں کو لے کر رات کو نکل جاؤ، بے شک تمہارا

مُّتَّبَعُوْنَ ﴿٥٢﴾ فَاَرْسَلَ فِرْعَوْنُ فِي

پیچھا کیا جائے گا ﴿٥٢﴾ پس فرعون نے

الْمَدَآئِنِ حٰشِرِيْنَ ﴿٥٣﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

شہروں میں جمع کرنے والے بھیجے ﴿٥٣﴾ کہ یہ لوگ

لَشِرْذِمَةٌ قَلِيْلُوْنَ ﴿٥٤﴾ وَاِنَّهُمْ لَنَا

تھوڑی سی جماعت ہیں ﴿٥٤﴾ اور اُنہوں نے ہم کو

لَغَآئِظُوْنَ ﴿٥٥﴾ وَاِنَّا لَجَمِيْعٌ حٰذِرُوْنَ ﴿٥٦﴾

غصّہ دلایا ہے ﴿٥٥﴾ اور ہم ایک تیّار جماعت ہیں ﴿٥٦﴾

فَاَخْرَجْنٰهُمْ مِّنْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿٥٧﴾

پس ہم نے اُن کو باغوں اور چشموں سے نکالا ﴿٥٧﴾

وَّكُنُوْزٍ وَّمَقَامٍ كَرِيْمٍ ﴿٥٨﴾ كَذٰلِكَ ؕ

اور خزانوں اور عمدہ مکانات سے ﴿٥٨﴾ یہ ہوا ،

وَاَوْرَثْنٰهَا بَنِيْٓ اِسْرَآءِيْلَ ﴿٥٩﴾

اور ہم نے بنی اسرائیل کو اُن چیزوں کا وارث بنادیا ﴿٥٩﴾

فَاَتْبَعُوْهُمْ مُّشْرِقِيْنَ ﴿٦٠﴾ فَلَمَّا

پس اُنہوں نے سورج نکلنے کے وقت اُن کا پیچھا کیا ﴿٦٠﴾ پھر جب دونوں

تَرَآءَ الْجَمْعٰنِ قَالَ اَصْحٰبُ مُوْسٰۤى

جماعتیں آمنے سامنے ہوئیں تو موسیٰ (علیہ السلام) کے ساتھیوں نے کہا کہ

اِنَّا لَمُدْرَكُوْنَ ﴿٦١﴾ قَالَ كَلَّا ۚ اِنَّ مَعِیَ

ہم تو پکڑے گئے ﴿٦١﴾ موسیٰ (علیہ السلام) نے فرمایا: ہرگز نہیں، بے شک میرا

رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿٦٢﴾ فَاَوْحَیْنَاۤ اِلٰى

رب میرے ساتھ ہے، وہ مجھ کو راستہ بتائے گا ﴿٦٢﴾ پھر ہم نے

مُوْسٰۤى اَنِ اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْبَحْرَ ؕ

موسیٰ (علیہ السلام) کو وحی کی کہ اپنا عصا دریا پر ماریں ،

فَانْفَلَقَ فَكَانَ كُلُّ فِرْقٍ كَالطَّوْدِ

پس وہ پھٹ گیا اور ہر حصّہ ایسا ہوگیا جیسے بڑا

الْعَظِیْمِ ﴿٦٣﴾ وَاَزْلَفْنَا ثَمَّ الْاٰخَرِیْنَ ﴿٦٤﴾

پہاڑ ﴿٦٣﴾ اور ہم نے پیچھے آنے والوں کو بھی اُن کے قریب پہونچادیا ﴿٦٤﴾

وَاَنْجَيْنَا مُوْسٰى وَمَنْ مَّعَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿٦٥﴾ ج

اور ہم نے موسیٰ (علیہ السلام) کو اور اُن سب کو جو اُس کے ساتھ تھے بچالیا ﴿٦٥﴾

ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٦٦﴾ ط اِنَّ فِيْ

پھر دوسروں کو ڈبو دیا ﴿٦٦﴾ بے شک اِس کے

ذٰلِكَ لَاٰيَةً ط وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ

اندر نشانی ہے ، اور اُن میں سے اکثر ماننے والے

مُّؤْمِنِيْنَ ﴿٦٧﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ

نہیں ہیں ﴿٦٧﴾ اور بے شک آپ کا رب زبردست ہے ،

الرَّحِيْمُ ﴿٦٨﴾ ع وَاتْلُ عَلَيْهِمْ نَبَاَ اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ م

وقف لازم ع ٥ ١٧

رحمت والا ہے ﴿٦٨﴾ اور اُن کو ابراہیم (علیہ السلام) کا قصہ سنائیے ﴿٦٩﴾

اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖ مَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٠﴾

جب کہ اُس نے اپنے والد سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو ﴿٧٠﴾

قَالُوْا نَعْبُدُ اَصْنَامًا فَنَظَلُّ لَهَا

اُنہوں نے کہا کہ ہم بتوں کی عبادت کرتے ہیں اور برابر اُس پر

عٰكِفِيْنَ ﴿٧١﴾ قَالَ هَلْ يَسْمَعُوْنَكُمْ اِذْ

جمے رہیں گے ﴿٧١﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: کیا یہ تمہاری سنتے ہیں جب

تَدْعُوْنَ ﴿٧٢﴾ اَوْ يَنْفَعُوْنَكُمْ اَوْ يَضُرُّوْنَ ﴿٧٣﴾

تم اُن کو پکارتے ہو ﴿٧٢﴾ یا وہ تم کو نفع یا نقصان پہونچاتے ہیں؟ ﴿٧٣﴾

قَالُوْا بَلْ وَجَدْنَآ اٰبَآءَنَا كَذٰلِكَ

اُنہوں نے کہا: بلکہ ہم نے اپنے باپ دادا کو ایسا ہی کرتے ہوئے

يَفْعَلُوْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ اَفَرَءَيْتُمْ مَّا كُنْتُمْ

پایا ہے ﴿٧٤﴾ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم نے اُن چیزوں کو دیکھا بھی

تَعْبُدُوْنَ ﴿٧٥﴾ اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمُ

ہے جن کی تم عبادت کرتے ہو ﴿٧٥﴾ تم بھی اور تمہارے اگلے

الْاَقْدَمُوْنَ ﴿٧٦﴾ فَاِنَّهُمْ عَدُوٌّ لِّيْٓ اِلَّا

بڑے بھی ﴿٧٦﴾ یہ سب میرے دشمن ہیں سوائے

رَبَّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٧٧﴾ الَّذِيْ خَلَقَنِيْ

ایک ربُّ العالمین کے ﴿٧٧﴾ جس نے مجھے پیدا کیا

فَهُوَ يَهْدِيْنِ ﴿٧٨﴾ وَالَّذِيْ هُوَ يُطْعِمُنِيْ

پھر وہی میری رہنمائی فرماتا ہے ﴿٧٨﴾ اور جو مجھ کو کھلاتا ہے

وَيَسْقِيْنِ ﴿٧٩﴾ وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ

اور پلاتا ہے ﴿٧٩﴾ اور جب میں بیمار ہوتا ہوں تو وہی مجھ کو

يَشْفِيْنِ ﴿٨٠﴾ وَالَّذِيْ يُمِيْتُنِيْ ثُمَّ

شفا دیتا ہے ﴿٨٠﴾ اور جو مجھ کو موت دے گا پھر مجھ کو

يُحْيِيْنِ ﴿٨١﴾ وَالَّذِيْٓ اَطْمَعُ اَنْ يَّغْفِرَ لِيْ

زندہ کرے گا ﴿٨١﴾ اور وہ جس سے میں امید رکھتا ہوں کہ بدلے

خَطِيْٓـَٔتِيْ يَوْمَ الدِّيْنِ ﴿٨٢﴾ رَبِّ هَبْ لِيْ

کے دن وہ میری خطا معاف کرے گا ﴿٨٢﴾ اے میرے رب! مجھ کو

حُكْمًا وَّاَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ ﴿٨٣﴾

حکمت عطا فرمایئے اور مجھ کو نیک لوگوں میں شامل فرمایئے ﴿٨٣﴾

وَاجْعَلْ لِّيْ لِسَانَ صِدْقٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿٨٤﴾

اور میرا بول سچا رکھیے بعد کے آنے والوں میں ﴿٨٤﴾

وَاجْعَلْنِيْ مِنْ وَّرَثَةِ جَنَّةِ النَّعِيْمِ ﴿٨٥﴾

اور مجھے نعمت کے باغ کے وارثوں میں سے بنائیے ﴿٨٥﴾

وَاغْفِرْ لِاَبِيْٓ اِنَّهٗ كَانَ مِنَ الضَّآلِّيْنَ ﴿٨٦﴾

اور میرے والد کو معاف فرمائیے، بے شک وہ گمراہوں میں سے ہیں ﴿٨٦﴾

وَلَا تُخْزِنِيْ يَوْمَ يُبْعَثُوْنَ ﴿٨٧﴾ يَوْمَ

اور مجھ کو اُس دن رُسوا نہ کیجیے جب کہ لوگ اُٹھائے جائیں گے ﴿٨٧﴾ جس دن

لَا يَنْفَعُ مَالٌ وَّلَا بَنُوْنَ ﴿٨٨﴾ اِلَّا مَنْ

نہ مال کام آئے گا اور نہ اولاد ﴿٨٨﴾ مگر وہ جو

اَتَى اللّٰهَ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٩﴾ وَاُزْلِفَتِ

اللہ کے پاس صاف ستھرا دل لے کر آئے ﴿٨٩﴾ اور جنّت ڈرنے

الْجَنَّةُ لِلْمُتَّقِيْنَ ﴿٩٠﴾ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ

والوں کے قریب لائی جائے گی ﴿٩٠﴾ اور جہنم گمراہوں کے لیے

لِلْغٰوِيْنَ ﴿٩١﴾ وَقِيْلَ لَهُمْ اَيْنَمَا

ظاہر کی جائے گی ﴿٩١﴾ اور اُن سے کہا جائے گا کہ کہاں ہیں

كُنْتُمْ تَعْبُدُوْنَ ﴿٩٢﴾ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ
وہ جن کی تم عبادت کرتے تھے ﴿٩٢﴾ اللہ کے سوا ،

هَلْ يَنْصُرُوْنَكُمْ اَوْ يَنْتَصِرُوْنَ ﴿٩٣﴾ ؕ
کیا وہ تمہاری مدد کریں گے یا کیا وہ اپنا بچاؤ کر سکتے ہیں ﴿٩٣﴾

فَكُبْكِبُوْا فِيْهَا هُمْ وَالْغَاوٗنَ ﴿٩٤﴾ وَجُنُوْدُ
پھر اُس میں اوندھے منہ ڈال دیے جائیں گے وہ اور گمراہ لوگ ﴿٩٤﴾ اور ابلیس

اِبْلِيْسَ اَجْمَعُوْنَ ﴿٩٥﴾ ؕ قَالُوْا وَهُمْ
کا لشکر سب کے سب ﴿٩٥﴾ وہ اُس میں آپس میں

فِيْهَا يَخْتَصِمُوْنَ ﴿٩٦﴾ تَاللّٰهِ اِنْ كُنَّا
جھگڑتے ہوئے کہیں گے ﴿٩٦﴾ اللہ کی قسم ! ہم

لَفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٩٧﴾ اِذْ نُسَوِّيْكُمْ
کھلی ہوئی گمراہی میں تھے ﴿٩٧﴾ جب کہ ہم تم کو

بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿٩٨﴾ وَمَآ اَضَلَّنَآ اِلَّا
ربُّ العالمین کے برابر کرتے تھے ﴿٩٨﴾ اور ہم کو تو بس مجرموں نے

الْمُجْرِمُونَ ﴿٩٩﴾ فَمَا لَنَا مِنْ شَافِعِينَ ﴿١٠٠﴾ لا

راستے سے بھٹکایا ﴿٩٩﴾ پس اب ہمارا کوئی سفارشی نہیں ﴿١٠٠﴾

وَلَا صَدِيقٍ حَمِيمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَوْ أَنَّ لَنَا

اور نہ کوئی مخلص دوست ﴿١٠١﴾ پس کاش ہم کو

كَرَّةً فَنَكُونَ مِنَ الْمُؤْمِنِينَ ﴿١٠٢﴾ إِنَّ

پھر واپس جانا ہو کہ ہم ایمان والوں میں سے بنیں ﴿١٠٢﴾ بے شک

فِي ذَٰلِكَ لَآيَةً ط وَمَا كَانَ أَكْثَرُهُمْ

اِس میں نشانی ہے، اور اُن میں اکثر لوگ ایمان

مُؤْمِنِينَ ﴿١٠٣﴾ وَإِنَّ رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيزُ

لانے والے نہیں ﴿١٠٣﴾ اور بے شک آپ کا رب زبردست ہے،

الرَّحِيمُ ﴿١٠٤﴾ ع كَذَّبَتْ قَوْمُ نُوحٍ الْمُرْسَلِينَ ﴿١٠٥﴾ ج صلے ع ٥ ٣٦ ٩

رحمت والا ہے ﴿١٠٤﴾ نوح (علیہ السلام) کی قوم نے رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٠٥﴾

إِذْ قَالَ لَهُمْ أَخُوهُمْ نُوحٌ أَلَا تَتَّقُونَ ﴿١٠٦﴾ ج

جب کہ اُن کے بھائی نوح (علیہ السلام) نے اُن سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں ہو؟ ﴿١٠٦﴾

اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ اَمِيْنٌ ۝١٠٧ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

میں تمہارے لیے ایک امانت دار رسول ہوں ۝١٠٧ پس تم لوگ اللہ سے ڈرو

وَاَطِيْعُوْنِ ۝١٠٨ وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ

اور میری بات مانو ۝١٠٨ اور میں اِس پر تم سے کوئی اجر نہیں

اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰي رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١٠٩

مانگتا، میرا اجر تو صرف اللہ ربُّ العالمین کے ذِمّے ہے ۝١٠٩

فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ۝١١٠ قَالُوْٓا اَنُؤْمِنُ

پس تم اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو ۝١١٠ اُنہوں نے کہا: کیا ہم تم کو مان لیں؛

لَكَ وَاتَّبَعَكَ الْاَرْذَلُوْنَ ۝١١١ قَالَ وَمَا

حالانکہ تمہاری پیروی کمتر لوگوں نے کی ہے ۝١١١ نوح (علیہ السلام)

عِلْمِيْ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝١١٢ اِنْ

نے کہا کہ مجھ کو کیا خبر جو وہ کرتے رہے ہیں ۝١١٢ اُن کا

حِسَابُهُمْ اِلَّا عَلٰي رَبِّيْ لَوْ تَشْعُرُوْنَ ۝١١٣

حساب تو میرے رب کے ذِمّے ہے اگر تم سمجھو ۝١١٣

وَمَآ اَنَاۡ بِطَارِدِ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٤﴾ اِنْ اَنَاۡ

اور میں مؤمنوں کو دور کرنے والا نہیں ہوں ﴿١١٤﴾ میں تو بس ایک

اِلَّا نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿١١٥﴾ قَالُوْا لَئِنْ لَّمْ تَنْتَهِ

کھلا ہوا ڈرانے والا ہوں ﴿١١٥﴾ اُنہوں نے کہا کہ اے نوح! اگر تم

يٰنُوْحُ لَتَكُوْنَنَّ مِنَ الْمَرْجُوْمِيْنَ ﴿١١٦﴾

باز نہ آئے تو ضرور تمہیں پتھر مار کر ختم کر دیا جائے گا ﴿١١٦﴾

قَالَ رَبِّ اِنَّ قَوْمِيْ كَذَّبُوْنِ ﴿١١٧﴾ فَافْتَحْ

نوح (علیہ السلام) نے کہا کہ اے میرے رب! میری قوم نے مجھے جھٹلا دیا ہے ﴿١١٧﴾ پس

بَيْنِيْ وَبَيْنَهُمْ فَتْحًا وَّنَجِّنِيْ وَمَنْ مَّعِيَ

آپ میرے اور اُن کے درمیان واضح فیصلہ فرما دیجیے اور مجھ کو اور جو مؤمن

مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١١٨﴾ فَاَنْجَيْنٰهُ وَمَنْ مَّعَهٗ

میرے ساتھ ہیں اُن کو نجات دیجیے ﴿١١٨﴾ پھر ہم نے اُس کو اور اُس کے ساتھیوں کو

فِي الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١١٩﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا

ایک بھری ہوئی کشتی میں بچا لیا ﴿١١٩﴾ پھر اُس کے بعد ہم نے

النصف

ع ١٨ / ١٠

بَعْدُ الْبَاقِيْنَ ﴿١٢٠﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ

باقی لوگوں کو ڈبو دیا ﴿١٢٠﴾ یقیناً اِس کے اندر نشانی ہے،

وَمَا كَانَ اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٢١﴾ وَاِنَّ

اور اُن میں سے اکثر لوگ ماننے والے نہیں ﴿١٢١﴾ اور بے شک

رَبَّكَ لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٢٢﴾ كَذَّبَتْ

آپ کا رب ہی زبردست ہے، رحمت والا ہے ﴿١٢٢﴾ عاد نے

عَادُ ۨ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٢٣﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ

رسولوں کو جھٹلایا ﴿١٢٣﴾ جب کہ اُن کے بھائی ہود (علیہ السلام) نے اُن

هُوْدٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٢٤﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ

سے کہا کہ کیا تم لوگ ڈرتے نہیں ﴿١٢٤﴾ میں تمہارے لیے ایک

اَمِيْنٌ ﴿١٢٥﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٢٦﴾

معتبر رسول ہوں ﴿١٢٥﴾ پس اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿١٢٦﴾

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ اَجْرِيَ

اور میں اِس پر تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتا، میرا بدلہ

اِلَّا عَلٰی رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝١٢٧ اَتَبْنُوْنَ بِكُلِّ

تو صرف ربُّ العالمین کے ذِمّے ہے ١٢٧ کیا تم ہر اونچی زمین پر بغیر

رِیْعٍ اٰیَةً تَعْبَثُوْنَ ۝١٢٨ وَتَتَّخِذُوْنَ مَصَانِعَ

فائدے کی ایک عمارت بناتے ہو ١٢٨ اور بڑے بڑے محل تعمیر کرتے ہو،

لَعَلَّكُمْ تَخْلُدُوْنَ ۝١٢٩ وَاِذَا بَطَشْتُمْ

گویا تمھیں ہمیشہ رہنا ہے ١٢٩ اور جب کسی پر ہاتھ ڈالتے ہو

بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ ۝١٣٠ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

تو سخت بن کر ہاتھ ڈالتے ہو ١٣٠ پس تم اللہ سے ڈرو

وَاَطِیْعُوْنِ ۝١٣١ وَاتَّقُوا الَّذِیْٓ اَمَدَّكُمْ

اور میری بات مانو ١٣١ اور اُس اللہ سے ڈرو جس نے اُن چیزوں سے تمھیں مدد پہونچائی

بِمَا تَعْلَمُوْنَ ۝١٣٢ اَمَدَّكُمْ بِاَنْعَامٍ

جن کو تم جانتے ہو ١٣٢ اُس نے تمھاری مدد کی چوپایوں سے

وَّبَنِیْنَ ۝١٣٣ وَجَنّٰتٍ وَّعُیُوْنٍ ۝١٣٤ اِنِّیْٓ

اور اولاد سے ١٣٣ اور باغوں سے اور چشموں سے ١٣٤ میں

اَخَافُ عَلَيْكُمْ عَذَابَ يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿١٣٥﴾

تمہارے اوپر ایک بڑے دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿١٣٥﴾

قَالُوْا سَوَآءٌ عَلَيْنَآ اَوَعَظْتَ اَمْ

اُنہوں نے کہا: ہمارے لیے برابر ہے چاہے تم نصیحت کرو

لَمْ تَكُنْ مِّنَ الْوٰعِظِيْنَ ﴿١٣٦﴾ اِنْ هٰذَآ

یا نصیحت کرنے والوں میں سے نہ بنو ﴿١٣٦﴾ یہ تو بس

اِلَّا خُلُقُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣٧﴾ وَمَا نَحْنُ

اگلے لوگوں کی ایک عادت ہے ﴿١٣٧﴾ اور ہم پر ہرگز عذاب آنے

بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿١٣٨﴾ فَكَذَّبُوْهُ فَاَهْلَكْنٰهُمْ ؕ

والا نہیں ہے ﴿١٣٨﴾ پس اُنہوں نے اُس کو جھٹلا دیا پھر ہم نے اُن کو ہلاک کر دیا،

اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيَةً ؕ وَمَا كَانَ

بے شک اِس کے اندر نشانی ہے، اور اُن میں سے

اَكْثَرُهُمْ مُّؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٩﴾ وَاِنَّ رَبَّكَ

اکثر لوگ ماننے والے نہیں ہیں ﴿١٣٩﴾ اور بے شک آپ کا رب ہی

ع ١٨ ١١

لَهُوَ الْعَزِيْزُ الرَّحِيْمُ ﴿١٤٠﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

زبردست ہے ، رحمت والا ہے ﴿١٤٠﴾ ثمود نے رسولوں کو

الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٤١﴾ اِذْ قَالَ لَهُمْ اَخُوْهُمْ

جھٹلایا ﴿١٤١﴾ جب اُن کے بھائی صالح (علیہ السلام) نے

صٰلِحٌ اَلَا تَتَّقُوْنَ ﴿١٤٢﴾ اِنِّيْ لَكُمْ رَسُوْلٌ

اُن سے کہا: کیا تم ڈرتے نہیں ﴿١٤٢﴾ میں تمہارے لیے ایک معتبر

اَمِيْنٌ ﴿١٤٣﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٤٤﴾

رسول ہوں ﴿١٤٣﴾ پس تم اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿١٤٤﴾

وَمَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ ۚ اِنْ

اور میں تم سے اِس پر کوئی بدلہ نہیں مانگتا ، میرا

اَجْرِيَ اِلَّا عَلٰى رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٤٥﴾

بدلہ صرف ربُّ العالمین کے ذِمّے ہے ﴿١٤٥﴾

اَتُتْرَكُوْنَ فِيْ مَا هٰهُنَآ اٰمِنِيْنَ ﴿١٤٦﴾

کیا تم کو اِن چیزوں میں بے فکری سے رہنے دیا جائے گا جو یہاں ہیں ﴿١٤٦﴾

فِيْ جَنّٰتٍ وَّعُيُوْنٍ ﴿١٤٧﴾ وَّزُرُوْعٍ وَّنَخْلٍ طَلْعُهَا

باغوں اور چشموں میں ﴿١٤٧﴾ اور کھیتوں اور رس بھرے خوشوں

هَضِيْمٌ ﴿١٤٨﴾ وَتَنْحِتُوْنَ مِنَ الْجِبَالِ

والی کھجوروں میں ﴿١٤٨﴾ اور تم پہاڑ کھود کر فخر کرتے ہوئے

بُيُوْتًا فٰرِهِيْنَ ﴿١٤٩﴾ فَاتَّقُوا اللّٰهَ وَاَطِيْعُوْنِ ﴿١٥٠﴾

مکان بناتے ہو ﴿١٤٩﴾ پس اللہ سے ڈرو اور میری بات مانو ﴿١٥٠﴾

وَلَا تُطِيْعُوْٓا اَمْرَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿١٥١﴾ الَّذِيْنَ

اور حد سے گزرنے والوں کی بات نہ مانو ﴿١٥١﴾ جو زمین میں

يُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ وَلَا يُصْلِحُوْنَ ﴿١٥٢﴾

خرابی کرتے ہیں اور اصلاح نہیں کرتے ﴿١٥٢﴾

قَالُوْٓا اِنَّمَآ اَنْتَ مِنَ الْمُسَحَّرِيْنَ ﴿١٥٣﴾

اُنہوں نے کہا: تم پر تو کسی نے جادو کر دیا ہے ﴿١٥٣﴾

مَآ اَنْتَ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۚۖ فَاْتِ بِاٰيَةٍ

تم صرف ہمارے جیسے ایک آدمی ہو، پس تم کوئی نشانی لاؤ

نَّشَاْ نَخْسِفْ بِهِمُ الْاَرْضَ اَوْ نُسْقِطْ
ہم چاہیں تو اُن کو زمین میں دھنسا دیں یا

عَلَيْهِمْ كِسَفًا مِّنَ السَّمَآءِ ؕ اِنَّ فِيْ
اُن پر آسمان سے ٹکڑے گرا دیں ، بے شک اِس میں

ذٰلِكَ لَاٰيَةً لِّكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿٩﴾ ع
نشانی ہے ہر اُس بندے کے لیے جو متوجہ ہونے والا ہو ﴿٩﴾

ع ١ ۹ ٧

وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا دَاوٗدَ مِنَّا فَضۡلًا ؕ

اور ہم نے داوٗد (علیہ السلام) کو اپنی طرف سے بڑی نعمت دی،

يٰجِبَالُ اَوِّبِىۡ مَعَهٗ وَالطَّيۡرَ ۚ وَاَلَنَّا

اے پہاڑو! تم بھی اُس کے ساتھ تسبیح کرنے میں شرکت کرو، اور اسی طرح پرندوں کو بھی حکم دیا،

لَـهُ الۡحَدِيۡدَ ۙ‏ ﴿١٠﴾ اَنِ اعۡمَلۡ سٰبِغٰتٍ

اور ہم نے اُس کے لیے لوہے کو نرم کر دیا ﴿١٠﴾ کہ تم کشادہ زِرہیں بناؤ

وَّقَدِّرۡ فِى السَّرۡدِ وَاعۡمَلُوۡا صَالِحًا ؕ

اور کڑیوں کو اندازے سے جوڑو اور نیک عمل کرو،

اِنِّىۡ بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ بَصِيۡرٌ‏ ﴿١١﴾ وَلِسُلَيۡمٰنَ

جو کچھ تم کرتے ہو اُس کو میں دیکھ رہا ہوں ﴿١١﴾ اور سلیمان (علیہ السلام)

الرِّيۡحَ غُدُوُّهَا شَهۡرٌ وَّرَوَاحُهَا

کے لیے ہم نے ہوا کو تابع کر دیا، اُس کی صبح کی منزل ایک مہینے کی ہوتی اور اُس

شَهۡرٌ ۚ وَاَسَلۡنَا لَهٗ عَيۡنَ الۡقِطۡرِ ؕ

کی شام کی منزل ایک مہینے کی، اور ہم نے اُس کے لیے تانبے کا چشمہ بہا دیا،

وَمِنَ الْجِنِّ مَنْ يَّعْمَلُ بَيْنَ يَدَيْهِ
اور جِنّات میں سے ایسے تھے جو اُس کے رب کے حکم سے اُس

بِاِذْنِ رَبِّهٖ ؕ وَمَنْ يَّزِغْ مِنْهُمْ عَنْ
کے آگے کام کرتے تھے، اور اُن میں سے جو کوئی ہمارے

اَمْرِنَا نُذِقْهُ مِنْ عَذَابِ السَّعِيْرِ ﴿١٢﴾
حکم سے پھرے تو ہم اُس کو آگ کا عذاب چکھائیں گے ﴿١٢﴾

يَعْمَلُوْنَ لَهٗ مَا يَشَآءُ مِنْ مَّحَارِيْبَ
وہ اُس کے لیے بناتے جو وہ چاہتا، عمارتیں

وَتَمَاثِيْلَ وَجِفَانٍ كَالْجَوَابِ وَقُدُوْرٍ
اور تصویریں اور حوض جیسے لگن اور جمی ہوئی

رّٰسِيٰتٍ ؕ اِعْمَلُوْٓا اٰلَ دَاوٗدَ شُكْرًا ؕ
دیگیں، اے آلِ داوٗد! شکر گزاری کے ساتھ عمل کرو،

وَقَلِيْلٌ مِّنْ عِبَادِيَ الشَّكُوْرُ ﴿١٣﴾
اور میرے بندوں میں کم ہی شکر گزار ہیں ﴿١٣﴾

فَلَمَّا قَضَيْنَا عَلَيْهِ الْمَوْتَ مَا دَلَّهُمْ

پھر جب ہم نے اُس پر موت کا فیصلہ نافذ کیا تو کسی چیز نے اُن کو

عَلٰى مَوْتِهٖٓ اِلَّا دَآبَّةُ الْاَرْضِ تَاْكُلُ

اُس کے مرنے کا پتہ نہیں دیا مگر زمین کے کیڑے نے

مِنْسَاَتَهٗ ۚ فَلَمَّا خَرَّ تَبَيَّنَتِ الْجِنُّ

جو اُس کے عصا کو کھاتا تھا، پس جب وہ گر پڑا

اَنْ لَّوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ الْغَيْبَ مَا لَبِثُوْا

تب جِنّات پر کُھلا کہ اگر وہ غیب کو جانتے تو

فِي الْعَذَابِ الْمُهِيْنِ ﴿۱۴﴾ لَقَدْ كَانَ

اِس ذِلّت کی مصیبت میں نہ رہتے ﴿۱۴﴾ سبا کے لیے

لِسَبَاٍ فِيْ مَسْكَنِهِمْ اٰيَةٌ ۚ جَنَّتٰنِ

اُن کے اپنے مَسکن میں نشانی تھی، دو باغ

عَنْ يَّمِيْنٍ وَّشِمَالٍ ۥ كُلُوْا مِنْ رِّزْقِ

دائیں اور بائیں، اپنے رب کے رزق سے

رَبِّكُمۡ وَاشۡكُرُوۡا لَهٗ ؕ بَلۡدَةٌ طَيِّبَةٌ
کھاؤ اور اُس کا شکر کرو ، عمدہ شہر

وَّرَبٌّ غَفُوۡرٌ ﴿۱۵﴾ فَاَعۡرَضُوۡا فَاَرۡسَلۡنَا
اور بخشنے والا رب ﴿۱۵﴾ پس اُنہوں نے منہ پھیرا

عَلَيۡهِمۡ سَيۡلَ الۡعَرِمِ وَبَدَّلۡنٰهُمۡ
تو ہم نے اُن پر بند کا سیلاب بھیج دیا اور اُن کے

بِجَنَّتَيۡهِمۡ جَنَّتَيۡنِ ذَوَاتَىۡ اُكُلٍ خَمۡطٍ
باغوں کو دو ایسے باغوں سے بدل دیا جن میں بدمزہ پھل

وَّاَثۡلٍ وَّشَىۡءٍ مِّنۡ سِدۡرٍ قَلِيۡلٍ ﴿۱۶﴾ ذٰلِكَ
اور جھاؤ کے درخت اور کچھ تھوڑے سے بیر تھے ﴿۱۶﴾ یہ ہم نے

جَزَيۡنٰهُمۡ بِمَا كَفَرُوۡا ؕ وَهَلۡ نُجٰزِىۡۤ
اُن کی ناشکری کا بدلہ دیا، اور ایسا بدلہ ہم اُسی کو دیتے ہیں

اِلَّا الۡكَفُوۡرَ ﴿۱۷﴾ وَجَعَلۡنَا بَيۡنَهُمۡ وَبَيۡنَ
جو ناشکرا ہو ﴿۱۷﴾ اور ہم نے اُن کے اور اُن کی بستیوں کے

اَلْقُرَى الَّتِيْ بٰرَكْنَا فِيْهَا قُرًى ظَاهِرَةً

درمیان جہاں ہم نے برکت رکھی تھی ایسی بستیاں آباد کیں جو نظر آتی تھیں،

وَّقَدَّرْنَا فِيْهَا السَّيْرَ ؕ سِيْرُوْا فِيْهَا

اور ہم نے اُن کے درمیان سفر کی منزلیں ٹھہرا دیں، اُن میں

لَيَالِيَ وَاَيَّامًا اٰمِنِيْنَ ﴿١٨﴾ فَقَالُوْا رَبَّنَا

رات دن امن کے ساتھ چلو (١٨) پھر اُنہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب!

بٰعِدْ بَيْنَ اَسْفَارِنَا وَظَلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ

ہمارے سفروں کے درمیان دوری ڈال دے، اور اُنہوں نے

فَجَعَلْنٰهُمْ اَحَادِيْثَ وَمَزَّقْنٰهُمْ كُلَّ

اپنی جانوں پر ظلم کیا تو ہم نے اُن کو افسانہ بنا دیا اور ہم نے اُن کو

مُمَزَّقٍ ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ لِّكُلِّ

بالکل تتر بتر کردیا، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں

صَبَّارٍ شَكُوْرٍ ﴿١٩﴾ وَلَقَدْ صَدَّقَ

ہر صبر کرنے والے، شکر کرنے والے کے لیے (١٩) اور ابلیس نے

عَلَيْهِمْ اِبْلِيْسُ ظَنَّهٗ فَاتَّبَعُوْهُ اِلَّا

اُن کے اوپر اپنا گمان سچ کر دکھایا، پس اُنہوں نے اُس کی

فَرِيْقًا مِّنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٠﴾ وَمَا كَانَ

پیروی کی مگر ایمان والوں کا ایک گروہ ﴿٢٠﴾ اور ابلیس کو اُن کے

لَهٗ عَلَيْهِمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ اِلَّا لِنَعْلَمَ

اوپر کوئی اختیار نہ تھا، مگر یہ کہ ہم معلوم کر لیں اُن لوگوں کو جو

مَنْ يُّؤْمِنُ بِالْاٰخِرَةِ مِمَّنْ هُوَ مِنْهَا فِيْ

آخرت پر ایمان رکھتے ہیں اُن لوگوں سے (الگ کر کے) جو اُس کی

شَكٍّ ؕ وَرَبُّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ حَفِيْظٌ ﴿٢١﴾ ع ۲ ۱۲ ۸

طرف سے شک میں ہیں، اور آپ کا رب ہر چیز پر نگران ہے ﴿٢١﴾

قُلِ ادْعُوا الَّذِيْنَ زَعَمْتُمْ مِّنْ دُوْنِ

کہہ دیجیے کہ اُن کو پکارو جن کو تم نے اللہ کے سوا معبود

اللّٰهِ ۚ لَا يَمْلِكُوْنَ مِثْقَالَ ذَرَّةٍ فِي

سمجھ رکھا ہے، وہ نہ آسمانوں میں ذرّہ برابر

السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ وَمَا لَهُمْ

اختیار رکھتے ہیں اور نہ زمین میں اور نہ اِن دونوں

فِيْهِمَا مِنْ شِرْكٍ وَّمَا لَهٗ مِنْهُمْ مِّنْ

میں اُن کی کوئی شرکت ہے اور نہ اِن میں سے کوئی اُس کا

ظَهِيْرٍ ﴿٢٢﴾ وَلَا تَنْفَعُ الشَّفَاعَةُ عِنْدَهٗٓ

مددگار ہے ﴿٢٢﴾ اور اُس کے سامنے کوئی شفاعت کام نہیں آتی

اِلَّا لِمَنْ اَذِنَ لَهٗ ؕ حَتّٰٓى اِذَا فُزِّعَ عَنْ

مگر اُس کے لیے جس کے لیے وہ اجازت دے، یہاں تک کہ جب اُن کے

قُلُوْبِهِمْ قَالُوْا مَاذَا ۙ قَالَ رَبُّكُمْ ؕ

دلوں سے گھبراہٹ دور ہوگی تو وہ پوچھیں گے کہ تمہارے رب نے کیا فرمایا؟

قَالُوا الْحَقَّ ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْكَبِيْرُ ﴿٢٣﴾

وہ کہیں گے کہ حق بات کا حکم فرمایا، اور وہ سب سے اوپر ہے، سب سے بڑا ہے ﴿٢٣﴾

قُلْ مَنْ يَّرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمٰوٰتِ

کہہ دیجیے کہ کون تم کو آسمانوں اور زمین سے

وَالْاَرْضِ ؕ قُلِ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّآ اَوْ اِيَّاكُمْ

رزق دیتا ہے؟ کہہ دیجیے کہ اللہ، اور ہم میں اور تم میں سے کوئی

لَعَلٰى هُدًى اَوْ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٤﴾ قُلْ

ایک ہدایت پر ہے یا کھلی ہوئی گمراہی میں ﴿٢٤﴾ کہیے کہ

لَّا تُسْـَٔلُوْنَ عَمَّآ اَجْرَمْنَا وَلَا نُسْـَٔلُ

جو قصور ہم نے کیا اُس کی کوئی پوچھ تم سے نہ ہوگی اور جو کچھ تم کر رہے ہو اُس کے

عَمَّا تَعْمَلُوْنَ ﴿٢٥﴾ قُلْ يَجْمَعُ بَيْنَنَا رَبُّنَا

متعلق ہم سے نہیں پوچھا جائے گا ﴿٢٥﴾ کہہ دیجیے کہ ہمارا رب ہم کو جمع کرے گا

ثُمَّ يَفْتَحُ بَيْنَنَا بِالْحَقِّ ؕ وَهُوَ الْفَتَّاحُ

پھر ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ فرمائے گا، اور وہ فیصلہ فرمانے والا،

الْعَلِيْمُ ﴿٢٦﴾ قُلْ اَرُوْنِيَ الَّذِيْنَ

علم والا ہے ﴿٢٦﴾ کہہ دیجیے کہ مجھے اُن کو دِکھاؤ جن کو تم نے

اَلْحَقْتُمْ بِهٖ شُرَكَآءَ كَلَّا ؕ بَلْ هُوَ اللّٰهُ

شریک بنا کر اللہ کے ساتھ ملا کر رکھا ہے، ہرگز نہیں! بلکہ وہ اللہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿٢٧﴾ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا

زبردست ہے، حکمت والا ہے ﴿٢٧﴾ اور ہم نے آپ کو تمام

كَآفَّةً لِّلنَّاسِ بَشِيْرًا وَّنَذِيْرًا وَّلٰكِنَّ

انسانوں کے لیے خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر بھیجا ہے،

اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٨﴾ وَيَقُوْلُوْنَ

مگر اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿٢٨﴾ اور وہ کہتے ہیں

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿٢٩﴾

کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم سچے ہو؟ ﴿٢٩﴾

قُلْ لَّكُمْ مِّيْعَادُ يَوْمٍ لَّا تَسْتَاْخِرُوْنَ

کہہ دیجیے کہ تمہارے لیے ایک خاص دن کا وعدہ ہے کہ اُس سے نہ

عَنْهُ سَاعَةً وَّلَا تَسْتَقْدِمُوْنَ ﴿٣٠﴾ ع

ایک ساعت پیچھے ہٹ سکتے ہو اور نہ آگے بڑھ سکتے ہو ﴿٣٠﴾

النّصف ع ٩ ٣ ٩

وَقَالَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لَنْ نُّؤْمِنَ بِهٰذَا

اور جن لوگوں نے انکار کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم ہرگز نہ اِس قرآن کو

الۡقُرۡاٰنِ وَلَا بِالَّذِىۡ بَيۡنَ يَدَيۡهِ ؕ وَلَوۡ
مانیں گے اور نہ اُس کو جو اِس کے آگے ہے ، اور اگر

تَرٰٓى اِذِ الظّٰلِمُوۡنَ مَوۡقُوۡفُوۡنَ عِنۡدَ
آپ اُس وقت کو دیکھو جب کہ یہ ظالم اپنے رب کے

رَبِّهِمۡ ۖۚ يَرۡجِعُ بَعۡضُهُمۡ اِلٰى بَعۡضِ ِۨ
سامنے کھڑے کیے جائیں گے ، ایک دوسرے پر بات

الۡقَوۡلَ ۚ يَقُوۡلُ الَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡا
ڈالتا ہوگا ، جو لوگ کمزور سمجھے جاتے تھے

لِلَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا لَوۡلَاۤ اَنۡتُمۡ لَـكُنَّا
وہ بڑا بننے والوں سے کہیں گے کہ اگر تم نہ ہوتے تو ہم ضرور

مُؤۡمِنِيۡنَ ﴿٣١﴾ قَالَ الَّذِيۡنَ اسۡتَكۡبَرُوۡا
ایمان والے ہوتے ﴿٣١﴾ بڑا بننے والے کمزور

لِلَّذِيۡنَ اسۡتُضۡعِفُوۡۤا اَنَحۡنُ صَدَدۡنٰكُمۡ
لوگوں کو جواب دیں گے کہ کیا ہم نے تم کو ہدایت سے

عَنِ الْهُدٰى بَعْدَ اِذْ جَآءَكُمْ بَلْ
روکا تھا جب کہ وہ تم کو پہونچ چکی تھی ؟ بلکہ

كُنْتُمْ مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَقَالَ الَّذِيْنَ
تم خود مجرم ہو ﴿۳۲﴾ اور کمزور

اسْتُضْعِفُوْا لِلَّذِيْنَ اسْتَكْبَرُوْا بَلْ
لوگ بڑے لوگوں سے کہیں گے : نہیں ؛ بلکہ

مَكْرُ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِذْ تَاْمُرُوْنَنَآ
تمہاری رات دن کی تدبیروں سے، جب کہ تم ہم سے کہتے تھے

اَنْ نَّكْفُرَ بِاللّٰهِ وَنَجْعَلَ لَهٗٓ اَنْدَادًا ؕ
کہ ہم اللہ کے ساتھ کفر کریں اور اُس کے شریک ٹھہرائیں،

وَاَسَرُّوا النَّدَامَةَ لَمَّا رَاَوُا الْعَذَابَ ؕ
اور وہ اپنی پشیمانی کو چھپائیں گے جب کہ وہ عذاب دیکھیں گے،

وَجَعَلْنَا الْاَغْلٰلَ فِيْٓ اَعْنَاقِ الَّذِيْنَ
اور ہم منکروں کی گردن میں طوق

كَفَرُوْا ؕ هَلْ يُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كَانُوْا
ڈالیں گے ، وہ وہی بدلہ پائیں گے جو وہ کرتے

يَعْمَلُوْنَ ۝۳۳ وَمَآ اَرْسَلْنَا فِيْ قَرْيَةٍ
تھے ۝۳۳ اور ہم نے جس بستی میں بھی کوئی

مِّنْ نَّذِيْرٍ اِلَّا قَالَ مُتْرَفُوْهَآ
ڈرانے والا بھیجا تو اُس کے خوش حال لوگوں نے یہی کہا کہ

اِنَّا بِمَآ اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ۝۳۴
ہم تو اُس کے منکر ہیں جو دے کر تم بھیجے گئے ہو ۝۳۴

وَقَالُوْا نَحْنُ اَكْثَرُ اَمْوَالًا وَّاَوْلَادًا ۙ
اور اُنہوں نے کہا کہ ہم مال اور اولاد میں زیادہ ہیں

وَّمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ۝۳۵ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ
اور ہم کبھی سزا پانے والے نہیں ۝۳۵ کہہ دیجیے کہ میرا رب جس کو

يَبْسُطُ الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ وَيَقْدِرُ
چاہتا ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے کم کر دیتا ہے،

ع ٤/٦ ١٠

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿٣٦﴾ ع

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿٣٦﴾

وَمَآ اَمْوَالُكُمْ وَلَآ اَوْلَادُكُمْ بِالَّتِيْ

اور تمہارے مال اور تمہاری اولاد وہ چیز نہیں جو درجے میں

تُقَرِّبُكُمْ عِنْدَنَا زُلْفٰٓى اِلَّا مَنْ اٰمَنَ

تم کو ہمارا مقرّب بنا دے؛ البتہ جو ایمان لایا

وَعَمِلَ صَالِحًا ز فَاُولٰٓئِكَ لَهُمْ جَزَآءُ

اور اُس نے نیک عمل کیا، ایسے لوگوں کے لیے اُن کے عمل کا

الضِّعْفِ بِمَا عَمِلُوْا وَهُمْ فِي الْغُرُفٰتِ

دوگنا بدلہ ہے، اور وہ بالاخانوں میں اطمینان سے

اٰمِنُوْنَ ﴿٣٧﴾ وَالَّذِيْنَ يَسْعَوْنَ فِيْٓ

رہیں گے ﴿٣٧﴾ اور جو لوگ ہماری آیتوں کو نیچا

اٰيٰتِنَا مُعٰجِزِيْنَ اُولٰٓئِكَ فِي الْعَذَابِ

دِکھانے کے لیے سرگرم ہیں وہ عذاب میں

مُحْضَرُوْنَ ﴿٣٨﴾ قُلْ اِنَّ رَبِّيْ يَبْسُطُ

داخل کیے جائیں گے ﴿٣٨﴾ کہہ دیجیے کہ میرا رب اپنے بندوں

الرِّزْقَ لِمَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَيَقْدِرُ

میں سے جس کو چاہتا ہے کشادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا

لَهٗ ؕ وَمَآ اَنْفَقْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَهُوَ

ہے تنگ کردیتا ہے، اور جو چیز بھی تم خرچ کروگے تو وہ اُس کا بدلہ

يُخْلِفُهٗ ۚ وَهُوَ خَيْرُ الرّٰزِقِيْنَ ﴿٣٩﴾ وَيَوْمَ

دے گا ، اور وہ بہتر رزق دینے والا ہے ﴿٣٩﴾ اور جس دن

يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا ثُمَّ يَقُوْلُ لِلْمَلٰٓئِكَةِ

وہ اُن سب کو جمع کرے گا پھر وہ فرشتوں سے پوچھے گا کہ

اَهٰٓؤُلَآءِ اِيَّاكُمْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ ﴿٤٠﴾

کیا یہ لوگ تمہاری عبادت کرتے تھے ؟ ﴿٤٠﴾

قَالُوْا سُبْحٰنَكَ اَنْتَ وَلِيُّنَا مِنْ دُوْنِهِمْ ۚ

وہ کہیں گے: پاک ہے آپ کی ذات، ہمارا تعلق آپ سے ہے نہ کہ اِن لوگوں سے،

بَلْ كَانُوْا يَعْبُدُوْنَ الْجِنَّ ۚ اَكْثَرُهُمْ

بلکہ یہ جنّات کی عبادت کرتے تھے، اُن میں سے اکثر لوگ

بِهِمْ مُّؤْمِنُوْنَ ﴿٤١﴾ فَالْيَوْمَ لَا يَمْلِكُ

اُنہیں پر ایمان رکھنے والے تھے ﴿٤١﴾ پس آج تم میں سے کوئی

بَعْضُكُمْ لِبَعْضٍ نَّفْعًا وَّلَا ضَرًّا ؕ

ایک دوسرے کو نہ فائدہ پہونچا سکتا ہے اور نہ نقصان ،

وَنَقُوْلُ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ذُوْقُوْا عَذَابَ

اور ہم ظالموں سے کہیں گے کہ آگ کا عذاب

النَّارِ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿٤٢﴾

چکھو جس کو تم جھٹلاتے تھے ﴿٤٢﴾

وَاِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِمْ اٰيٰتُنَا بَيِّنٰتٍ قَالُوْا

اور جب اُن کو ہماری کُھلی کُھلی آیتیں سُنائی جاتی ہیں تو وہ کہتے ہیں کہ

مَا هٰذَآ اِلَّا رَجُلٌ يُّرِيْدُ اَنْ يَّصُدَّكُمْ

یہ تو بس ایک شخص ہے جو چاہتا ہے کہ تم کو اُن سے روک دے

عَمَّا كَانَ يَعْبُدُ اٰبَآؤُكُمْ ۚ وَقَالُوْا

جن کی تمہارے باپ دادا عبادت کرتے تھے، اور اُنہوں نے کہا

مَا هٰذَآ اِلَّآ اِفْكٌ مُّفْتَرًى ؕ وَقَالَ

کہ یہ تو محض ایک جھوٹ ہے گھڑا ہوا ، اور اُن

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ ۙ

منکروں کے سامنے جب حق آیا تو اُنہوں نے کہا کہ

اِنْ هٰذَآ اِلَّا سِحْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٤٣﴾ وَمَآ اٰتَيْنٰهُمْ

یہ تو بس ایک کُھلا ہوا جادو ہے ﴿٤٣﴾ اور ہم نے اُن کو کتابیں

مِّنْ كُتُبٍ يَّدْرُسُوْنَهَا وَمَآ اَرْسَلْنَآ

نہیں دی تھیں جن کو وہ پڑھتے ہوں، اور ہم نے آپ سے پہلے

اِلَيْهِمْ قَبْلَكَ مِنْ نَّذِيْرٍ ؕ ﴿٤٤﴾ وَكَذَّبَ

اُن کے پاس کوئی ڈرانے والا نہیں بھیجا ﴿٤٤﴾ اور اُن سے پہلے

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۙ وَمَا بَلَغُوْا مِعْشَارَ

والوں نے بھی جُھٹلایا، اور یہ اُس کے دسویں حصّے کو بھی نہیں پہونچے

مَآ اٰتَيْنٰهُمْ فَكَذَّبُوْا رُسُلِيْ ۫ فَكَيْفَ كَانَ

جو ہم نے اُن کو دیا تھا، پس اُنہوں نے میرے رسولوں کو جُھٹلایا تو کیسا تھا

نَكِيْرِ ﴿۴۵﴾ ع قُلْ اِنَّمَآ اَعِظُكُمْ بِوَاحِدَةٍ ۚ

ع ۵ ۹

اُن پر میرا عذاب ﴿۴۵﴾ کہہ دیجیے کہ میں تم کو ایک بات کی نصیحت کرتا ہوں،

اَنْ تَقُوْمُوْا لِلّٰهِ مَثْنٰى وَفُرَادٰى ثُمَّ

یہ کہ تم اللہ کے واسطے کھڑے ہو جاؤ ، دو دو

تَتَفَكَّرُوْا ۫ مَا بِصَاحِبِكُمْ مِّنْ جِنَّةٍ ۭ

اور ایک ایک، پھر سوچو کہ تمہارے ساتھی کو جنون نہیں ہے،

اِنْ هُوَ اِلَّا نَذِيْرٌ لَّكُمْ بَيْنَ يَدَيْ

وہ تو بس ایک سخت عذاب سے پہلے تم کو ڈرانے

عَذَابٍ شَدِيْدٍ ﴿۴۶﴾ قُلْ مَا سَاَلْتُكُمْ مِّنْ

والا ہے ﴿۴۶﴾ کہہ دیجیے کہ میں نے تم سے کچھ معاوضہ مانگا ہو تو

اَجْرٍ فَهُوَ لَكُمْ ۭ اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ ۚ

وہ تمہارا ہی ہے ، میرا معاوضہ تو بس اللہ کے اوپر ہے ،

وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ شَهِیۡدٌ ﴿۴۷﴾ قُلۡ اِنَّ

اور وہ ہر چیز پر گواہ ہے ﴿۴۷﴾ کہہ دیجیے کہ میرا رب حق

رَبِّیۡ یَقۡذِفُ بِالۡحَقِّ ۚ عَلَّامُ الۡغُیُوۡبِ ﴿۴۸﴾

کو (باطل پر) مارے گا، وہ چھپی چیزوں کو جاننے والا ہے ﴿۴۸﴾

قُلۡ جَآءَ الۡحَقُّ وَمَا یُبۡدِئُ الۡبَاطِلُ

کہہ دیجیے کہ حق آ گیا اور باطل نہ (کسی چیز کو) پیدا کرتا ہے اور

وَمَا یُعِیۡدُ ﴿۴۹﴾ قُلۡ اِنۡ ضَلَلۡتُ

نہ (کسی چیز کو) دوبارہ لاتا ہے ﴿۴۹﴾ کہہ دیجیے کہ اگر میں گمراہی پر

فَاِنَّمَاۤ اَضِلُّ عَلٰی نَفۡسِیۡ ۚ وَاِنِ

ہوں تو میری گمراہی کا وبال مجھ پر ہے، اور اگر میں ہدایت پر

اهۡتَدَیۡتُ فَبِمَا یُوۡحِیۡۤ اِلَیَّ رَبِّیۡ ؕ اِنَّهٗ

ہوں تو یہ اُس وحی کی بدولت ہے جو میرا رب میری طرف بھیج رہا ہے، بے شک وہ

سَمِیۡعٌ قَرِیۡبٌ ﴿۵۰﴾ وَلَوۡ تَرٰۤی اِذۡ فَزِعُوۡا

سُننے والا ہے، قریب ہے ﴿۵۰﴾ اور اگر آپ دیکھو جب یہ گھبرائے ہوئے ہوں گے،

فَلَا فَوْتَ وَاُخِذُوْا مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۵۱﴾

پس وہ بھاگ نہ سکیں گے اور قریب ہی سے پکڑ لیے جائیں گے ﴿۵۱﴾

وَّقَالُوْٓا اٰمَنَّا بِهٖ ۚ وَاَنّٰى لَهُمُ التَّنَاوُشُ

اور وہ کہیں گے کہ ہم اُس پر ایمان لائے ، اور اتنی دور سے اُن

مِنْ مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۲﴾ وَقَدْ كَفَرُوْا بِهٖ

کے لیے اُس کا پانا کہاں ﴿۵۲﴾ اور اُنہوں نے اِس سے پہلے

مِنْ قَبْلُ ۚ وَيَقْذِفُوْنَ بِالْغَيْبِ مِنْ

اُس کا انکار کیا ، اور وہ بن دیکھے دور جگہ سے باتیں

مَّكَانٍۢ بَعِيْدٍ ﴿۵۳﴾ وَحِيْلَ بَيْنَهُمْ وَبَيْنَ

پھینکتے رہے ﴿۵۳﴾ اور اُن کی اور اُن کی آرزو میں آڑ کر دی جائے

مَا يَشْتَهُوْنَ كَمَا فُعِلَ بِاَشْيَاعِهِمْ مِّنْ

گی جیسا کہ اِس سے پہلے اُن کے طریقے والوں کے ساتھ کیا

قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا فِىْ شَكٍّ مُّرِيْبٍ ﴿۵۴﴾ ع ۶ / ۹ / ۱۲

گیا، در حقیقت وہ بڑے دھوکے والے شک میں پڑے رہے ﴿۵۴﴾

سورہ فاطر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٤٥) آیتیں اور (٥) رکوع ہیں ،نازل ہونے کے اعتبار سے (٤٣) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٣٥) نمبر پر ہے اور سورہ فرقان کے بعد نازل ہوئی ہے ۔)

اس میں (٩٧٠) کلمات ہیں	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اس میں (٣١٣٠) حروف ہیں

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ فَاطِرِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں، آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنے

جَاعِلِ الْمَلٰٓئِكَةِ رُسُلًا اُولِيْٓ اَجْنِحَةٍ

والا ، فرشتوں کو پیغام رساں بنانے والا جن کے پَر ہیں

مَّثْنٰى وَثُلٰثَ وَرُبٰعَ ط يَزِيْدُ فِي الْخَلْقِ

دو دو اور تین تین اور چار چار ، وہ پیدائش میں جو چاہے

مَا يَشَآءُ ط اِنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ (١)

زیادہ کردیتا ہے ، بے شک اللہ ہر چیز پر قادر ہے (١)

مَا يَفْتَحِ اللّٰهُ لِلنَّاسِ مِنْ رَّحْمَةٍ

اللہ کوئی رحمت لوگوں کے لیے کھولے تو کوئی

فَلَا مُمْسِكَ لَهَا ج وَمَا يُمْسِكْ لا

اُس کا روکنے والا نہیں ، اور جس کو وہ روک لے

فَلَا مُرْسِلَ لَهٗ مِنْۢ بَعْدِهٖ ؕ وَهُوَ
تو کوئی اُس کو کھولنے والا نہیں ، اور وہ

الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٢ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ
زبردست ہے ، حکمت والا ہے ۝٢ اے لوگو !

اذْكُرُوْا نِعْمَتَ اللّٰهِ عَلَيْكُمْ ؕ هَلْ مِنْ
اپنے اوپر اللہ کے احسان کو یاد کرو ، کیا اللہ کے

خَالِقٍ غَيْرُ اللّٰهِ يَرْزُقُكُمْ مِّنَ السَّمَآءِ
سِوا کوئی اور خالق ہے جو تم کو آسمان اور زمین سے رزق

وَالْاَرْضِ ؕ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۫ فَاَنّٰى
دیتا ہو؟ اُس کے سِوا کوئی معبود نہیں ، تو تم کہاں سے

تُؤْفَكُوْنَ ۝٣ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ فَقَدْ
دھوکہ کھا رہے ہو؟ ۝٣ اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلا دیں تو آپ

كُذِّبَتْ رُسُلٌ مِّنْ قَبْلِكَ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ
سے پہلے بھی بہت سے پیغمبر جھٹلائے جا چکے ہیں ، اور سارے امور

تُرۡجَعُ الۡاُمُوۡرُ ﴿٤﴾ يٰۤاَيُّهَا النَّاسُ اِنَّ

اللہ ہی کی طرف رجوع ہونے والے ہیں ﴿٤﴾ اے لوگو! بے شک

وَعۡدَ اللّٰهِ حَقٌّ فَلَا تَغُرَّنَّكُمُ الۡحَيٰوةُ

اللہ کا وعدہ برحق ہے، تو دنیا کی زندگی تمہیں دھوکے میں نہ

الدُّنۡيَا وقفة وَلَا يَغُرَّنَّكُمۡ بِاللّٰهِ

ڈالے، اور وہ بڑا دھوکے باز تم کو اللہ کے بارے میں

الۡغَرُوۡرُ ﴿٥﴾ اِنَّ الشَّيۡطٰنَ لَكُمۡ عَدُوٌّ

دھوکہ نہ دینے پائے ﴿٥﴾ بے شک شیطان تمہارا دشمن ہے

فَاتَّخِذُوۡهُ عَدُوًّا ؕ اِنَّمَا يَدۡعُوۡا حِزۡبَهٗ

تو تم اُس کو دشمن ہی سمجھو، وہ تو اپنے گروہ کو اِسی لیے

لِيَكُوۡنُوۡا مِنۡ اَصۡحٰبِ السَّعِيۡرِ ؕ ﴿٦﴾

بُلاتا ہے کہ وہ دوزخ والوں میں سے ہو جائیں ﴿٦﴾

اَلَّذِيۡنَ كَفَرُوۡا لَهُمۡ عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ؕ

جن لوگوں نے انکار کیا اُن کے لیے سخت عذاب ہے،

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ

اور جو ایمان لائے اور نیک عمل کیے اُن کے لیے

مَّغْفِرَةٌ وَّاَجْرٌ كَبِيْرٌ ۞ ۷ اَفَمَنْ زُيِّنَ لَهٗ

معافی ہے اور بڑا اجر ہے ۞ ۷ کیا ایسا شخص جس کو اُس کا

سُوْٓءُ عَمَلِهٖ فَرَاٰهُ حَسَنًا ؕ فَاِنَّ اللّٰهَ

بُرا عمل اچھا کر کے دِکھایا گیا پھر وہ اُس کو اچھا سمجھنے لگا، پس اللہ

يُضِلُّ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْ مَنْ

جس کو چاہتا ہے بھٹکا دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے ہدایت

يَّشَآءُ ۖۗ فَلَا تَذْهَبْ نَفْسُكَ عَلَيْهِمْ

دیتا ہے پس آپ اُن پر افسوس کر کے اپنے آپ کو نہ

حَسَرٰتٍ ؕ اِنَّ اللّٰهَ عَلِيْمٌۢ بِمَا

گھلائیں ، اللہ کو معلوم ہے جو کچھ وہ

يَصْنَعُوْنَ ۞ ۸ وَاللّٰهُ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ

کرتے ہیں ۞ ۸ اور اللہ ہی ہے جو ہواؤں کو

الرِّيٰحَ فَتُثِيْرُ سَحَابًا فَسُقْنٰهُ اِلٰى

بھیجتا ہے پھر وہ بادل کو اُٹھاتی ہیں، پھر ہم اُس کو مُردہ علاقے کی طرف

بَلَدٍ مَّيِّتٍ فَاَحْيَيْنَا بِهِ الْاَرْضَ

لے جاتے ہیں، پس ہم نے اُس سے اُس زمین کو اُس کے مُردہ ہو

بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ كَذٰلِكَ النُّشُوْرُ ۝٩

جانے کے بعد پھر زندہ کردیا، اِسی طرح ہوگا دوبارہ زندہ ہو اُٹھنا ۝٩

مَنْ كَانَ يُرِيْدُ الْعِزَّةَ فَلِلّٰهِ الْعِزَّةُ

جو شخص عزّت چاہتا ہو تو عزّت تمام تر اللہ کے لیے

جَمِيْعًا ؕ اِلَيْهِ يَصْعَدُ الْكَلِمُ

ہے ، اُس کی طرف پاکیزہ کلام چڑھتا ہے

الطَّيِّبُ وَالْعَمَلُ الصَّالِحُ يَرْفَعُهٗ ؕ

اور عملِ صالح اُس کو اوپر اُٹھاتا ہے ،

وَالَّذِيْنَ يَمْكُرُوْنَ السَّيِّاٰتِ لَهُمْ

اور جو لوگ بُری تدبیریں کر رہے ہیں اُن کے لیے

عَذَابٌ شَدِيۡدٌ ؕ وَمَكۡرُ اُولٰٓئِكَ هُوَ

سخت عذاب ہے ، اور اُن کی تدبیریں برباد ہو کر

يَبُوۡرُ ۝١٠ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمۡ مِّنۡ تُرَابٍ

رہیں گی ⑩ اور اللہ نے تم کو مٹّی سے پیدا کیا

ثُمَّ مِنۡ نُّطۡفَةٍ ثُمَّ جَعَلَكُمۡ اَزۡوَاجًا ؕ

پھر پانی کی بوند سے ، پھر تم کو جوڑے جوڑے بنایا ،

وَمَا تَحۡمِلُ مِنۡ اُنۡثٰى وَلَا تَضَعُ

اور کوئی عورت حاملہ نہیں ہوتی ہے اور نہ جَنتی ہے

اِلَّا بِعِلۡمِهٖ ؕ وَمَا يُعَمَّرُ مِنۡ مُّعَمَّرٍ

مگر اُس کے علم سے ، اور نہ کوئی عُمر والا بڑی عمر پاتا ہے

وَّلَا يُنۡقَصُ مِنۡ عُمُرِهٖۤ اِلَّا فِىۡ

اور نہ کسی کی عُمر گھٹتی ہے مگر وہ ایک کتاب میں

كِتٰبٍ ؕ اِنَّ ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ يَسِيۡرٌ ۝١١

درج ہے ، بے شک یہ اللہ پر آسان ہے ⑪

وَمَا يَسْتَوِى الْبَحْرٰنِ ۖ هٰذَا

اور دونوں دریا یکساں نہیں ، یہ

عَذْبٌ فُرَاتٌ سَآئِغٌ شَرَابُهٗ وَهٰذَا

میٹھا ہے پیاس بجھانے والا ، پینے کے لیے خوشگوار، اور یہ

مِلْحٌ اُجَاجٌ ؕ وَمِنْ كُلٍّ تَاْكُلُوْنَ

کھارا ، کڑوا ہے ، اور تم دونوں سے تازہ گوشت کھاتے ہو

لَحْمًا طَرِيًّا وَّتَسْتَخْرِجُوْنَ حِلْيَةً

اور زینت کی چیز نکالتے ہو جس کو تم پہنتے

تَلْبَسُوْنَهَا ۚ وَتَرَى الْفُلْكَ فِيْهِ

ہو، اور تم دیکھتے ہو جہازوں کو کہ وہ اُس میں پھاڑتے ہوئے چلتے

مَوَاخِرَ لِتَبْتَغُوْا مِنْ فَضْلِهٖ وَلَعَلَّكُمْ

ہیں ؛ تاکہ تم اُس کا فضل تلاش کرو اور تاکہ

تَشْكُرُوْنَ ﴿۱۲﴾ يُوْلِجُ الَّيْلَ فِى

تم شکر ادا کرو ﴿۱۲﴾ وہ داخل کرتا ہے رات کو

النَّهَارِ وَيُوۡلِجُ النَّهَارَ فِى الَّيۡلِ ۙ

دن میں اور وہ داخل کرتا ہے دن کو رات میں،

وَسَخَّرَ الشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ ۖ كُلٌّ

اور اُس نے سورج اور چاند کو پابند کردیا ہے ، ہر ایک

يَّجۡرِىۡ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ ذٰلِكُمُ اللّٰهُ

چلتا ہے ایک مُقرر وقت کے لیے، یہ اللہ ہی تمہارا

رَبُّكُمۡ لَهُ الۡمُلۡكُ ؕ وَالَّذِيۡنَ تَدۡعُوۡنَ

رب ہے، اُسی کے لیے بادشاہی ہے، اور اُس کے سوا تم جنہیں

مِنۡ دُوۡنِهٖ مَا يَمۡلِكُوۡنَ مِنۡ قِطۡمِيۡرٍ ؕ ﴿١٣﴾

پُکارتے ہو وہ کھجور کی گُٹھلی کے ایک چِھلکے کے بھی مالک نہیں ﴿١٣﴾

اِنۡ تَدۡعُوۡهُمۡ لَا يَسۡمَعُوۡا دُعَآءَكُمۡ ۚ

اگر تم اُن کو پُکارو تو وہ تمہاری پُکار نہیں سُنیں گے ،

وَلَوۡ سَمِعُوۡا مَا اسۡتَجَابُوۡا لَـكُمۡ ؕ

اور اگر وہ سُنیں تو وہ تمہاری فریاد پوری نہیں کرسکتے ،

وَيَوۡمَ الۡقِيٰمَةِ يَكۡفُرُوۡنَ بِشِرۡكِكُمۡ ؕ

اور وہ قیامت کے دن تمہارے شرک سے انکار کریں گے،

وَلَا يُنَبِّئُكَ مِثۡلُ خَبِيۡرٍ ﴿۱۴﴾ ع يٰۤاَيُّهَا

اور ایک باخبر کی طرح کوئی تم کو نہیں بتا سکتا ﴿۱۴﴾ اے

الرکوع ۲ ع ۱۴

النَّاسُ اَنۡتُمُ الۡفُقَرَآءُ اِلَى اللّٰهِ ۚ

لوگو! تم اللہ کے محتاج ہو،

وَاللّٰهُ هُوَ الۡغَنِىُّ الۡحَمِيۡدُ ﴿۱۵﴾ اِنۡ يَّشَاۡ

اور اللہ تو بے نیاز ہے، تعریف والا ہے ﴿۱۵﴾ اگر وہ چاہے

يُذۡهِبۡكُمۡ وَيَاۡتِ بِخَلۡقٍ جَدِيۡدٍ ۚ ﴿۱۶﴾

تو تم کو لے جائے اور ایک نئی مخلوق لے آئے ﴿۱۶﴾

وَمَا ذٰلِكَ عَلَى اللّٰهِ بِعَزِيۡزٍ ﴿۱۷﴾

اور یہ اللہ کے لیے کچھ مشکل نہیں ﴿۱۷﴾

وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰى ؕ

اور کوئی اُٹھانے والا دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا،

وَاِنْ تَدْعُ مُثْقَلَةٌ اِلٰى حِمْلِهَا

اور اگر کوئی بھاری بوجھ والا اپنا بوجھ اُٹھانے کے لیے پکارے

لَا يُحْمَلْ مِنْهُ شَيْءٌ وَّلَوْ كَانَ

تو اُس میں سے ذرا بھی نہ اُٹھایا جائے گا؛ اگرچہ وہ

ذَا قُرْبٰى ؕ اِنَّمَا تُنْذِرُ الَّذِيْنَ

رشتہ دار ہی کیوں نہ ہو، آپ تو صرف اُنہیں لوگوں کو ڈرا

يَخْشَوْنَ رَبَّهُمْ بِالْغَيْبِ وَاَقَامُوا

سکتے ہو جو بن دیکھے اپنے رب سے ڈرتے ہیں اور نماز قائم

الصَّلٰوةَ ؕ وَمَنْ تَزَكّٰى فَاِنَّمَا يَتَزَكّٰى

کرتے ہیں، اور جو شخص پاک ہوتا ہے وہ اپنے لیے پاک

لِنَفْسِهٖ ؕ وَاِلَى اللّٰهِ الْمَصِيْرُ ۱۸

ہوتا ہے، اور اللہ ہی کی طرف لوٹ کر جانا ہے ۱۸

وَمَا يَسْتَوِي الْاَعْمٰى وَالْبَصِيْرُ ۱۹

اور اندھا اور آنکھوں والا برابر نہیں ۱۹

وَلَا الظُّلُمٰتُ وَلَا النُّوۡرُ ۙ﴿۲۰﴾ وَلَا الظِّلُّ

اور نہ اندھیرا اور نہ اُجالا ﴿۲۰﴾ اور نہ سایہ

وَلَا الۡحَرُوۡرُ ۚ﴿۲۱﴾ وَمَا یَسۡتَوِی

اور نہ دھوپ ﴿۲۱﴾ اور زندہ

الۡاَحۡیَآءُ وَلَا الۡاَمۡوَاتُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ

اور مُردہ برابر نہیں ہو سکتے ، بے شک اللہ

یُسۡمِعُ مَنۡ یَّشَآءُ ۚ وَمَاۤ اَنۡتَ

سُناتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے ، اور آپ اُن کو

بِمُسۡمِعٍ مَّنۡ فِی الۡقُبُوۡرِ ﴿۲۲﴾ اِنۡ اَنۡتَ

سُنانے والے نہیں بن سکتے جو قبروں میں ہیں ﴿۲۲﴾ آپ تو بس ایک

اِلَّا نَذِیۡرٌ ﴿۲۳﴾ اِنَّاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ بِالۡحَقِّ

خبردار کرنے والے ہو ﴿۲۳﴾ ہم نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے

بَشِیۡرًا وَّنَذِیۡرًا ؕ وَاِنۡ مِّنۡ اُمَّةٍ اِلَّا

خوش خبری دینے والا اور ڈرانے والا بنا کر، اور کوئی اُمّت ایسی نہیں جس میں

خَلَا فِيْهَا نَذِيْرٌ ﴿٢٤﴾ وَاِنْ يُّكَذِّبُوْكَ

کوئی ڈرانے والا نہ آیا ہو ﴿٢٤﴾ اور اگر یہ لوگ آپ کو جھٹلاتے

فَقَدْ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ ۚ

ہیں تو اِن سے پہلے جو لوگ ہوئے ہیں اُنہوں نے بھی جھٹلایا،

جَآءَتْهُمْ رُسُلُهُمْ بِالْبَيِّنٰتِ وَبِالزُّبُرِ

اُن کے پاس اُن کے پیغمبر کھلے دلائل اور صحیفے

وَبِالْكِتٰبِ الْمُنِيْرِ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اَخَذْتُ

اور روشن کتاب لے کر آئے ﴿٢٥﴾ پھر جن لوگوں نے نہ مانا اُن کو میں

ع ٣ ١٢ ١٥ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فَكَيْفَ كَانَ نَكِيْرِ ع ﴿٢٦﴾

نے پکڑ لیا، تو دیکھو کہ کیسا ہوا (اُن کے اوپر) میرا عذاب ﴿٢٦﴾

اَلَمْ تَرَ اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ

کیا آپ نے نہیں دیکھا کہ اللہ نے آسمان سے

مَآءً ۚ فَاَخْرَجْنَا بِهٖ ثَمَرٰتٍ مُّخْتَلِفًا

پانی اُتارا پھر ہم نے اُس سے مختلف رنگوں کے

اَلْوَانُهَا ؕ وَمِنَ الْجِبَالِ جُدَدٌۢ بِيْضٌ

پھل پیدا کردیے ، اور پہاڑوں میں بھی سفید

وَّحُمْرٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهَا وَغَرَابِيْبُ

اور سُرخ مختلف رنگوں کے ٹکڑے ہیں اور گہرے

سُوْدٌ ﴿٢٧﴾ وَمِنَ النَّاسِ وَالدَّوَآبِّ

سیاہ بھی ﴿٢٧﴾ اور اِسی طرح انسانوں اور جانوروں

وَالْاَنْعَامِ مُخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ كَذٰلِكَ ؕ

اور چوپایوں میں بھی مختلف رنگ کے ہیں ،

اِنَّمَا يَخْشَى اللّٰهَ مِنْ عِبَادِهِ الْعُلَمٰٓؤُا ؕ

اللہ سے اُس کے بندوں میں سے صرف وہی ڈرتے ہیں جو علم والے ہیں،

اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ غَفُوْرٌ ﴿٢٨﴾ اِنَّ

بے شک اللہ زبردست ہے ، بخشنے والا ہے ﴿٢٨﴾ بے شک

الَّذِيْنَ يَتْلُوْنَ كِتٰبَ اللّٰهِ وَاَقَامُوا

جو لوگ اللہ کی کتاب پڑھتے ہیں اور نماز

الصَّلٰوةَ وَاَنْفَقُوْا مِمَّا رَزَقْنٰهُمْ سِرًّا

قائم کرتے ہیں اور جو کچھ ہم نے اُن کو عطا کیا ہے اُس میں سے چھپے

وَّعَلَانِيَةً يَّرْجُوْنَ تِجَارَةً لَّنْ تَبُوْرَ ۙ ﴿٢٩﴾

اور کھلے خرچ کرتے ہیں، وہ ایسی تجارت کے اُمیدوار ہیں جو کبھی ضائع نہیں ہوگی ﴿٢٩﴾

لِيُوَفِّيَهُمْ اُجُوْرَهُمْ وَيَزِيْدَهُمْ

تا کہ اللہ اُن کو اُن کا پورا اجر دے اور اُن کے لیے اپنے فضل سے

مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ اِنَّهٗ غَفُوْرٌ شَكُوْرٌ ﴿٣٠﴾

اور زیادہ کر دے، بے شک وہ بخشنے والا ہے، قدر دان ہے ﴿٣٠﴾

وَالَّذِيْٓ اَوْحَيْنَآ اِلَيْكَ مِنَ الْكِتٰبِ

اور ہم نے آپ کی طرف جو کتاب وحی کی ہے وہ حق ہے،

هُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ ؕ

اُس کی تصدیق کرنے والی ہے جو اُس کے پہلے سے موجود ہے،

اِنَّ اللّٰهَ بِعِبَادِهٖ لَخَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ﴿٣١﴾

بے شک اللہ اپنے بندوں کی خبر رکھنے والا ہے، دیکھنے والا ہے ﴿٣١﴾

ثُمَّ اَوْرَثْنَا الْكِتٰبَ الَّذِيْنَ اصْطَفَيْنَا

پھر ہم نے کتاب کا وارث بنایا اُن لوگوں کو جن کو ہم نے اپنے

مِنْ عِبَادِنَا ۚ فَمِنْهُمْ ظَالِمٌ

بندوں میں سے چُن لیا، پس اُن میں سے کچھ اپنی جانوں پر ظلم

لِّنَفْسِهٖ ۚ وَمِنْهُمْ مُّقْتَصِدٌ ۚ

کرنے والے ہیں اور اُن میں سے کچھ بیچ کی چال پر ہیں،

وَمِنْهُمْ سَابِقٌۢ بِالْخَيْرٰتِ بِاِذْنِ

اور اُن میں سے کچھ اللہ کی توفیق سے بھلائیوں میں سبقت

اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُوَ الْفَضْلُ الْكَبِيْرُ ؕ ۳۲

کرنے والے ہیں، یہی سب سے بڑا فضل ہے ۳۲

جَنّٰتُ عَدْنٍ يَّدْخُلُوْنَهَا يُحَلَّوْنَ

ہمیشہ رہنے والے باغ ہیں جن میں یہ لوگ داخل ہوں گے،

فِيْهَا مِنْ اَسَاوِرَ مِنْ ذَهَبٍ وَّلُؤْلُؤًا ۚ

وہاں اُن کو سونے کے کنگن اور موتی پہنائے جائیں گے،

وَلِبَاسُهُمْ فِيهَا حَرِيرٌ ﴿٣٣﴾ وَقَالُوا

اور وہاں اُن کا لباس ریشم کا ہوگا ﴿٣٣﴾ اور وہ کہیں گے :

الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيٓ اَذْهَبَ عَنَّا الْحَزَنَ ط

شکر ہے اللہ کا جس نے ہم سے غم کو دور کیا ،

اِنَّ رَبَّنَا لَغَفُورٌ شَكُورٌ ﴿٣٤﴾ الَّذِيٓ

بے شک ہمارا رب معاف کرنے والا، قدر کرنے والا ہے ﴿٣٤﴾ جس نے

اَحَلَّنَا دَارَ الْمُقَامَةِ مِنْ فَضْلِهٖ ج

ہم کو اپنے فضل سے آباد رہنے کے گھر میں اُتارا ،

لَا يَمَسُّنَا فِيهَا نَصَبٌ وَّلَا يَمَسُّنَا

اُس میں ہم کو نہ کوئی مشقت پہونچے گی اور نہ ہم کو اُس میں

فِيهَا لُغُوبٌ ﴿٣٥﴾ وَالَّذِينَ كَفَرُوا

بھی تکان لاحق ہوگی ﴿٣٥﴾ اور جنہوں نے انکار کیا

لَهُمْ نَارُ جَهَنَّمَ ج لَا يُقْضٰى عَلَيْهِمْ

اُن کے لیے جہنم کی آگ ہے، نہ اُن کو موت آئے گی کہ

فَيَمُوۡتُوۡا وَلَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمۡ مِّنۡ

وہ مر جائیں اور نہ دوزخ کا عذاب ہی اُن سے ہلکا کیا

عَذَابِهَا ؕ كَذٰلِكَ نَجۡزِىۡ كُلَّ كَفُوۡرٍ ۚ ﴿۳۶﴾

جائے گا ، ہم ہر کافر کو ایسی ہی سزا دیتے ہیں ﴿۳۶﴾

وَهُمۡ يَصۡطَرِخُوۡنَ فِيۡهَا ۚ رَبَّنَاۤ

اور وہ لوگ اُس میں چِلّائیں گے : اے ہمارے رب !

اَخۡرِجۡنَا نَعۡمَلۡ صَالِحًا غَيۡرَ الَّذِىۡ كُنَّا

ہم کو نکال لے، ہم نیک عمل کریں گے اُس سے مختلف جو ہم کیا

نَعۡمَلُ ؕ اَوَلَمۡ نُعَمِّرۡكُمۡ مَّا يَتَذَكَّرُ

کرتے تھے، کیا ہم نے تم کو اتنی عمر نہ دی کہ جس کو سمجھنا ہوتا

فِيۡهِ مَنۡ تَذَكَّرَ وَجَآءَكُمُ النَّذِيۡرُ ؕ

وہ سمجھ سکتا ، اور تمہارے پاس ڈرانے والا آیا ،

فَذُوۡقُوۡا فَمَا لِلظّٰلِمِيۡنَ مِنۡ نَّصِيۡرٍ ۚ ﴿۳۷﴾ ع ۴ ۱۱ ۱۶

اب چکھو کہ ظالموں کا کوئی مددگار نہیں ﴿۳۷﴾

اِنَّ اللّٰهَ عٰلِمُ غَيۡبِ السَّمٰوٰتِ

بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کے غیب کو جاننے

وَالۡاَرۡضِ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ

والا ہے ، بے شک وہ دل کی باتوں سے بھی

الصُّدُوۡرِ ۝۳۸ هُوَ الَّذِىۡ جَعَلَكُمۡ

باخبر ہے ۝۳۸ وہی ہے جس نے تم کو زمین میں

خَلٰٓـئِفَ فِى الۡاَرۡضِ ؕ فَمَنۡ كَفَرَ

آباد کیا ، تو جو شخص انکار کرے گا اُس کا انکار اُسی پر

فَعَلَيۡهِ كُفۡرُهٗ ؕ وَلَا يَزِيۡدُ الۡكٰفِرِيۡنَ

پڑے گا ، اور منکروں کے لیے اُن کا انکار اُن کے

كُفۡرُهُمۡ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ اِلَّا مَقۡتًا ۚ

رب کے نزدیک ناراضی ہی بڑھنے کا باعث ہوتا ہے ،

وَلَا يَزِيۡدُ الۡكٰفِرِيۡنَ كُفۡرُهُمۡ اِلَّا

اور منکروں کے لیے اُن کا انکار خسارہ ہی میں

خَسَارًا ﴿٣٩﴾ قُلْ اَرَءَيْتُمْ شُرَكَآءَكُمُ

اضافہ کرے گا ﴿٣٩﴾ کہہ دیجیے کہ ذرا تم دیکھو اپنے اُن شریکوں

الَّذِيْنَ تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ ؕ اَرُوْنِيْ

کو جن کو تم اللہ کے سوا پکارتے ہو ، مجھ کو دکھاؤ کہ

مَاذَا خَلَقُوْا مِنَ الْاَرْضِ اَمْ لَهُمْ

اُنہوں نے زمین میں سے کیا بنایا ہے یا اُن کی

شِرْكٌ فِي السَّمٰوٰتِ ۚ اَمْ اٰتَيْنٰهُمْ

آسمانوں میں کوئی حصہ داری ہے ؟ یا ہم نے اُن کو کوئی

كِتٰبًا فَهُمْ عَلٰى بَيِّنَتٍ مِّنْهُ ۚ بَلْ

کتاب دی ہے تو وہ اُس کی کسی دلیل پر ہیں ؛ بلکہ

اِنْ يَّعِدُ الظّٰلِمُوْنَ بَعْضُهُمْ بَعْضًا اِلَّا

یہ ظالم ایک دوسرے سے صرف دھوکے کی باتوں کا وعدہ

غُرُوْرًا ﴿٤٠﴾ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ

کر رہے ہیں ﴿٤٠﴾ بے شک اللہ ہی آسمانوں اور زمین کو

وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ۬ وَلَىِٕنْ زَالَتَاۤ اِنْ

تھامے ہوئے ہے کہ وہ ٹل نہ جائیں، اور اگر وہ دونوں ٹل

اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ

جائیں تو اُس کے سوا کوئی اور اُن کو تھام نہیں سکتا، بے شک

كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ وَاَقْسَمُوْا بِاللّٰهِ

وہ تحمّل والا ہے، بخشنے والا ہے ﴿۴۱﴾ اور اُنہوں نے اللہ کی تاکیدی

جَهْدَ اَيْمَانِهِمْ لَىِٕنْ جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ

قسمیں کھائی تھیں کہ اگر اُن کے پاس کوئی ڈرانے والا آیا

لَّيَكُوْنُنَّ اَهْدٰى مِنْ اِحْدَى الْاُمَمِ ۚ فَلَمَّا

تو وہ ہر ایک امّت سے زیادہ ہدایت قبول کرنے والے ہوں گے، پھر جب اُن

جَآءَهُمْ نَذِيْرٌ مَّا زَادَهُمْ اِلَّا نُفُوْرَا ۨ ۙ ﴿۴۲﴾

کے پاس ایک ڈرانے والا آیا تو صرف اُن کی بیزاری ہی میں اضافہ ہوا ﴿۴۲﴾

اسْتِكْبَارًا فِي الْاَرْضِ وَمَكْرَ السَّيِّئِ ؕ

زمین میں اپنے کو بڑا سمجھنے اور اُن کی بُری تدبیروں کی وجہ سے،

وَلَا يَحِيْقُ الْمَكْرُ السَّيِّئُ اِلَّا بِاَهْلِهٖ ؕ

اور بُری تدبیروں کا وبال تو بُری تدبیر کرنے والوں ہی پر پڑتا ہے،

فَهَلْ يَنْظُرُوْنَ اِلَّا سُنَّتَ الْاَوَّلِيْنَ ۚ

تو کیا یہ اُسی دستور کے منتظر ہیں جو اگلے لوگوں کے بارے میں ظاہر ہوا؟

فَلَنْ تَجِدَ لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَبْدِيْلًا ۚ وَلَنْ تَجِدَ

پس آپ اللہ کے دستور میں نہ کوئی تبدیلی پاؤ گے اور نہ آپ

لِسُنَّتِ اللّٰهِ تَحْوِيْلًا ﴿٤٣﴾ اَوَلَمْ يَسِيْرُوْا

اللہ کے دستور کو ٹلتا ہوا پاؤ گے ﴿٤٣﴾ کیا یہ لوگ زمین میں

فِى الْاَرْضِ فَيَنْظُرُوْا كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

چلے پھرے نہیں کہ وہ دیکھتے کہ کیسا ہوا انجام اُن لوگوں کا

الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ وَكَانُوْۤا اَشَدَّ مِنْهُمْ

جو اُن سے پہلے گزرے ہیں، اور وہ قوت میں اُن سے بڑھے

قُوَّةً ؕ وَمَا كَانَ اللّٰهُ لِيُعْجِزَهٗ مِنْ شَيْءٍ

ہوئے تھے، اور اللہ ایسا نہیں کہ کوئی چیز اُس کو عاجز کردے،

فِي السَّمٰوٰتِ وَلَا فِي الْاَرْضِ ؕ اِنَّهٗ

نہ آسمانوں میں اور نہ زمین میں ، بے شک

كَانَ عَلِيْمًا قَدِيْرًا ﴿٤٤﴾ وَلَوْ يُؤَاخِذُ

وہ علم والا ہے ، قدرت والا ہے ﴿٤٤﴾ اور اگر اللہ

اللّٰهُ النَّاسَ بِمَا كَسَبُوْا مَا تَرَكَ

لوگوں کے اعمال پر اُن کو پکڑتا تو زمین پر وہ ایک جاندار

عَلٰى ظَهْرِهَا مِنْ دَآبَّةٍ وَّلٰكِنْ

کو بھی نہ چھوڑتا ، لیکن

يُّؤَخِّرُهُمْ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى ۚ فَاِذَا

وہ اُن کو ایک مقرر مدت تک مہلت دیتا ہے ، پھر جب

جَآءَ اَجَلُهُمْ فَاِنَّ اللّٰهَ كَانَ

اُن کی مدت پوری ہو جائے گی تو اللہ

بِعِبَادِهٖ بَصِيْرًا ﴿٤٥﴾ ع

اپنے بندوں کو خود دیکھنے والا ہے ﴿٤٥﴾

ع ٥ ١٨ ١٧

سورۂ یٰسٓ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۴۵) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸۳) آیتیں اور (۵) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۴۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۳۶) نمبر پر ہے اور سورۂ جن کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (۷۲۹) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۳۰۹۰) حروف ہیں

يٰسٓ ۚ ﴿۱﴾ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡحَكِيۡمِ ۙ ﴿۲﴾ اِنَّكَ
یٰسٓ ﴿۱﴾ حکمت بھرے قرآن کی قسم ﴿۲﴾ بے شک

لَمِنَ الۡمُرۡسَلِيۡنَ ۙ ﴿۳﴾ عَلٰى صِرَاطٍ
آپ رسولوں میں سے ہیں ﴿۳﴾ نہایت سیدھے

مُّسۡتَقِيۡمٍ ؕ ﴿۴﴾ تَنۡزِيۡلَ الۡعَزِيۡزِ الرَّحِيۡمِ ۙ ﴿۵﴾
راستے پر ﴿۴﴾ یہ خدائے عزیز و رحیم کی طرف سے اُتارا گیا ہے ﴿۵﴾

لِتُنۡذِرَ قَوۡمًا مَّاۤ اُنۡذِرَ اٰبَآؤُهُمۡ
تا کہ آپ اُن لوگوں کو ڈرا دیں جن کے اگلوں کو نہیں ڈرایا گیا،

فَهُمۡ غٰفِلُوۡنَ ﴿۶﴾ لَقَدۡ حَقَّ الۡقَوۡلُ
پس وہ بے خبر ہیں ﴿۶﴾ اُن میں سے اکثر لوگوں

عَلٰۤى اَكۡثَرِهِمۡ فَهُمۡ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۷﴾
پر بات ثابت ہو چکی ہے تو وہ ایمان نہیں لائیں گے ﴿۷﴾

اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا فَهِيَ

ہم نے اُن کی گردنوں میں طوق ڈال دیے ہیں تو وہ

اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ⑧

ٹھوڑیوں تک ہیں، پس اُن کے سر اونچے ہورہے ہیں ⑧

وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا

اور ہم نے ایک آڑ اُن کے سامنے کردی ہے

وَّمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ

اور ایک آڑ اُن کے پیچھے کردی، پھر ہم نے اُن کو ڈھانک دیا

فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ⑨ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ

تو اُن کو دِکھائی نہیں دیتا ⑨ اور اُن کے لیے یکساں ہے کہ

ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ⑩

آپ اُن کو ڈرائیں یا نہ ڈرائیں، وہ ایمان نہیں لائیں گے ⑩

اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ

آپ تو صرف اُس شخص کو ڈرا سکتے ہو جو نصیحت پر چلے اور اللہ

الرَّحْمٰنَ بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ

سے بن دیکھے ڈرے، تو ایسے شخص کو معافی کی اور باعزّت ثواب

وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ﴿١١﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى

کی بشارت دے دیجیے ﴿١١﴾ یقیناً ہم مُردوں کو زندہ کریں گے،

وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ ط وقف غفران

اور ہم لکھ رہے ہیں جو اُنہوں نے آگے بھیجا اور جو اُنہوں نے پیچھے چھوڑا،

وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ

اور ہر چیز ہم نے درج کر لی ہے ایک کُھلی

مُّبِيْنٍ ﴿١٢﴾ ع وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا ع ١ / ١٨

کتاب میں ﴿١٢﴾ اور اُن کو بستی والوں کی

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَآءَهَا وقف لازم

مثال سُنائیے، جب کہ اُس میں

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿١٣﴾ ج اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ

رسول آئے ﴿١٣﴾ جب کہ ہم نے اُن کے پاس دو رسول بھیجے

اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ

تو اُنہوں نے دونوں کو جھٹلایا، پھر ہم نے تیسرے سے اُن کی تائید کی،

فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ﴿١٤﴾

اُنہوں نے کہا کہ ہم تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں ﴿١٤﴾

قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ

لوگوں نے کہا کہ تم تو ہمارے ہی جیسے انسان ہو

وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ

اور رحمان نے کوئی چیز نہیں اُتاری ہے ، تم

اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ﴿١٥﴾ قَالُوْا رَبُّنَا

محض جھوٹ بولتے ہو ﴿١٥﴾ اُنہوں نے کہا کہ ہمارا رب

يَعْلَمُ اِنَّآ اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ﴿١٦﴾

جانتا ہے کہ ہم بے شک تمہارے پاس بھیجے گئے ہیں ﴿١٦﴾

وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ﴿١٧﴾ قَالُوْٓا

اور ہمارے ذمے تو صرف واضح طور پر پہونچا دینا ہے ﴿١٧﴾ بستی والوں نے کہا:

اِنَّا تَطَیَّرْنَا بِكُمْ ۚ لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا

ہم نے تو تمہارے اندر نحوست محسوس کی ہے، یقین جانو اگر تم باز نہ آئے

لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَیَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ

تو ہم تم پر پتھر برسائیں گے اور ہمارے ہاتھوں تمہیں بڑی دردناک

اَلِیْمٌ ﴿۱۸﴾ قَالُوْا طَآىِٕرُكُمْ مَّعَكُمْ ؕ اَىِٕنْ

سزا ملے گی ﴿۱۸﴾ اُنہوں نے کہا کہ تمہاری نحوست تمہارے ساتھ ہے، کیا اتنی

ذُكِّرْتُمْ ؕ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ﴿۱۹﴾

بات پر کہ تم کو نصیحت کی گئی؛ بلکہ تم حد سے نکل جانے والے لوگ ہو ﴿۱۹﴾

وَجَآءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِیْنَةِ رَجُلٌ یَّسْعٰی ز

اور شہر کے دور مقام سے ایک شخص دوڑتا ہوا آیا ،

قَالَ یٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِیْنَ ﴿۲۰﴾ لا اتَّبِعُوْا

اُس نے کہا: اے میری قوم! رسولوں کی پیروی کرو ﴿۲۰﴾ اُن لوگوں کی پیروی

مَنْ لَّا یَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾

کرو جو تم سے کوئی بدلہ نہیں مانگتے، اور وہ ٹھیک راستے پر ہیں ﴿۲۱﴾

وَمَالِيَ لَآ اَعۡبُدُ الَّذِىۡ فَطَرَنِىۡ

اور میں کیوں نہ عبادت کروں اُس ذات کی جس نے مجھ کو پیدا کیا

وَاِلَيۡهِ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿٢٢﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنۡ

اور اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿٢٢﴾ کیا میں اُس کے سوا

دُوۡنِهٖۤ اٰلِهَةً اِنۡ يُّرِدۡنِ الرَّحۡمٰنُ

دوسروں کو معبود بناؤں ، اگر خدائے رحمان مجھ کو کوئی تکلیف

بِضُرٍّ لَّا تُغۡنِ عَنِّىۡ شَفَاعَتُهُمۡ شَيۡـًٔا

پہونچانا چاہے تو اُن کی سفارش میرے کچھ کام نہ آئے گی

وَّلَا يُنۡقِذُوۡنِ ﴿٢٣﴾ اِنِّىۡۤ اِذًا لَّفِىۡ ضَلٰلٍ

اور نہ وہ مجھ کو چھڑا سکیں گے ﴿٢٣﴾ بے شک اُس وقت میں ایک کھلی ہوئی

مُّبِيۡنٍ ﴿٢٤﴾ اِنِّىۡۤ اٰمَنۡتُ بِرَبِّكُمۡ

گمراہی میں ہوں گا ﴿٢٤﴾ میں تمہارے رب پر ایمان لایا تو تم بھی

فَاسۡمَعُوۡنِ ﴿٢٥﴾ قِيۡلَ ادۡخُلِ الۡجَنَّةَ ؕ

میری بات سُن لو ﴿٢٥﴾ ارشاد ہوا کہ جنّت میں داخل ہو جاؤ ،

قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ بِمَا

اُس نے کہا: کاش! میری قوم جانتی ﴿٢٦﴾ اِس بات کو کہ

غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٧﴾

میرے رب نے مجھ کو بخش دیا اور مجھ کو عزّت داروں میں شامل کر دیا ﴿٢٧﴾

وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰى قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ

اور اُس کے بعد اُس کی قوم پر ہم نے

مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَآءِ وَمَا كُنَّا

آسمان سے کوئی فوج نہیں اُتاری، اور ہم فوج نہیں

مُنْزِلِيْنَ ﴿٢٨﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً

اُتارا کرتے ﴿٢٨﴾ بس ایک دھماکہ ہوا

وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿٢٩﴾ يٰحَسْرَةً

تو یکایک وہ سب بجھ کر رہ گئے ﴿٢٩﴾ افسوس ہے

عَلَى الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ

بندوں کے اوپر، جو رسول بھی اُن کے پاس آیا

وقف غفران

إِلَّا كَانُوا بِهِ يَسْتَهْزِءُونَ ﴿٣٠﴾ أَلَمْ يَرَوْا

وہ اُس کا مذاق ہی اُڑاتے رہے ﴿٣٠﴾ کیا اُنھوں نے

كَمْ أَهْلَكْنَا قَبْلَهُم مِّنَ الْقُرُونِ

نہیں دیکھا کہ ہم نے اُن سے پہلے کتنی ہی قومیں ہلاک کردیں،

أَنَّهُمْ إِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُونَ ﴿٣١﴾ وَإِن

اب وہ اُن کی طرف واپس آنے والی نہیں ﴿٣١﴾ اور اُن میں

كُلٌّ لَّمَّا جَمِيعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُونَ ﴿٣٢﴾ ع

کوئی ایسا نہیں جو اکٹھا ہو کر ہمارے پاس حاضر نہ کیا جائے ﴿٣٢﴾

ع ٢ ٢٠ ١

وَآيَةٌ لَّهُمُ الْأَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ

اور ایک نشانی اُن کے لیے مُردہ زمین ہے،

أَحْيَيْنَاهَا وَأَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا فَمِنْهُ

اُس کو ہم نے زندہ کیا اور اُس سے ہم نے غلّہ نکالا، پس وہ

يَأْكُلُونَ ﴿٣٣﴾ وَجَعَلْنَا فِيهَا جَنَّاتٍ مِّن

اُس میں سے کھاتے ہیں ﴿٣٣﴾ اور اُس میں ہم نے

نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ

کھجور کےاور انگور کے باغ بنائے اور اُس میں ہم نے

الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا

چشمے جاری کیے ﴿۳۴﴾ تاکہ لوگ اُس کے پھل کھائیں، اور اِس کو

عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾

اُن کے ہاتھوں نے نہیں بنایا، تو کیا وہ شکر نہیں کرتے ؟ ﴿۳۵﴾

سُبْحٰنَ الَّذِيْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا

پاک ہے وہ ذات جس نے سب چیز کے جوڑے بنائے

مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ

اُن میں سے بھی جن کو زمین اُگاتی ہے اور خود اُن کے اندر سے بھی،

وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۶﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ

اور اُن میں سے بھی جن کو وہ نہیں جانتے ﴿۳۶﴾ اور ایک نشانی اُن

الَّيْلُ ۚۖ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ

کے لیے رات ہے، ہم اُس سے دن کو کھینچ لیتے ہیں تو وہ اندھیرے

مُّظۡلِمُوۡنَ ﴿۳۷﴾ۙ وَالشَّمۡسُ تَجۡرِیۡ

میں رہ جاتے ہیں ﴿۳۷﴾ اور سورج ، وہ اپنی ٹھہری ہوئی

لِمُسۡتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقۡدِيۡرُ الۡعَزِيۡزِ

راہ پر چلتا رہتا ہے، یہ زبردست،علم والے (رب) کا باندھا ہوا

الۡعَلِيۡمِ ﴿۳۸﴾ؕ وَالۡقَمَرَ قَدَّرۡنٰهُ مَنَازِلَ

اندازہ ہے ﴿۳۸﴾ اور چاند کے لیے ہم نے منزلیں مقرر کردیں؛

حَتّٰى عَادَ كَالۡعُرۡجُوۡنِ الۡقَدِيۡمِ ﴿۳۹﴾

یہاں تک کہ وہ ایسا رہ جاتا ہے جیسے کھجور کی پرانی شاخ ﴿۳۹﴾

لَا الشَّمۡسُ يَنۡۢبَغِىۡ لَهَاۤ اَنۡ تُدۡرِكَ

نہ سورج کے بس میں ہے کہ وہ چاند کو

الۡقَمَرَ وَلَا الَّيۡلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ

پکڑ لے اور نہ رات دن سے پہلے آسکتی ہے، اور سب ایک ایک

فِىۡ فَلَكٍ يَّسۡبَحُوۡنَ ﴿۴۰﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمۡ

دائرے میں تیر رہے ہیں ﴿۴۰﴾ اور ایک نشانی اُن کے لیے

اَنَّا حَمَلْنَا ذُرِّيَّتَهُمْ فِي الْفُلْكِ

یہ ہے کہ ہم نے اُن کی نسل کو بھری ہوئی کشتی میں

الْمَشْحُوْنِ ۙ﴿٤١﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ

سوار کیا ﴿٤١﴾ اور ہم نے اُن کے لیے اُسی کے مانند

مِّثْلِهٖ مَا يَرْكَبُوْنَ ﴿٤٢﴾ وَاِنْ نَّشَاْ

اور چیزیں پیدا کیں جن پر وہ سوار ہوتے ہیں ﴿٤٢﴾ اور اگر ہم

نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِيْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ

چاہیں تو اُن کو غرق کردیں، پھر نہ کوئی اُن کی فریاد سُننے والا ہو اور

يُنْقَذُوْنَ ۙ﴿٤٣﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

نہ وہ بچائے جاسکیں ﴿٤٣﴾ مگر یہ ہماری رحمت ہے، اور اُن کو ایک متعین

اِلٰى حِيْنٍ ﴿٤٤﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا

وقت تک فائدہ دینا ہے ﴿٤٤﴾ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ اُس سے ڈرو

بَيْنَ اَيْدِيْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

جو تمہارے آگے ہے اور جو تمہارے پیچھے ہے؛ تاکہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ ﴿٤٥﴾ وَمَا تَاْتِيْهِمْ مِّنْ اٰيَةٍ

رحم کیا جائے ﴿٤٥﴾ اور اُن کے رب کی نشانیوں میں سے

مِّنْ اٰيٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا

کوئی نشانی بھی اُن کے پاس ایسی نہیں آتی جس سے وہ

مُعْرِضِيْنَ ﴿٤٦﴾ وَاِذَا قِيْلَ لَهُمْ

اعراض نہ کرتے ہوں ﴿٤٦﴾ اور جب اُن سے کہا جاتا ہے کہ

اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ

اللہ نے جو کچھ تم کو دیا ہے اُس میں سے خرچ کرو، تو جن

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَنُطْعِمُ

لوگوں نے انکار کیا وہ ایمان لانے والوں سے کہتے ہیں کہ کیا ہم

مَنْ لَّوْ يَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗٓ ۖ

ایسے لوگوں کو کھلائیں جن کو اللہ چاہتا تو وہ اُن کو کھلا دیتا،

اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٤٧﴾

تم لوگ تو کھلی گمراہی میں ہو ﴿٤٧﴾

وَيَقُوْلُوْنَ مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ
اور وہ کہتے ہیں کہ یہ وعدہ کب ہوگا اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿۴۸﴾ مَا يَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَيْحَةً
سچے ہو ﴿۴۸﴾ یہ لوگ بس ایک چنگھاڑ کی راہ دیکھ رہے ہیں

وَّاحِدَةً تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾
جو اُن کو آ پکڑے گی اور وہ جھگڑتے ہی رہ جائیں گے ﴿۴۹﴾

فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى
پھر وہ نہ کوئی وصیت کر پائیں گے اور نہ اپنے

اَهْلِهِمْ يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ ع وَنُفِخَ فِي ع ۳ ۱۸ ۲
لوگوں کی طرف لوٹ سکیں گے ﴿۵۰﴾ اور صور

الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى
پھونکا جائے گا تو یکایک وہ قبروں سے

رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾ قَالُوْا يٰوَيْلَنَا
اپنے رب کی طرف چل پڑیں گے ﴿۵۱﴾ وہ کہیں گے: ہائے

وقف غفران وقف منزل وقف لازم ⋆ یہاں پر سکتہ واجب ہے

مَنۢ بَعَثَنَا مِنۡ مَّرۡقَدِنَا ۜسکتۃ هٰذَا مَا

ہماری بدبختی! ہماری قبر سے کس نے ہم کو اُٹھایا؟ یہ وہی ہے

وَعَدَ الرَّحۡمٰنُ وَصَدَقَ الۡمُرۡسَلُوۡنَ ﴿۵۲﴾

جس کا رحمان نے وعدہ کیا تھا اور پیغمبروں نے سچ کہا تھا ﴿۵۲﴾

اِنۡ كَانَتۡ اِلَّا صَيۡحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمۡ

اور کچھ نہیں، ایک زور کی آواز ہوگی جس کے بعد یہ سب کے

جَمِيۡعٌ لَّدَيۡنَا مُحۡضَرُوۡنَ ﴿۵۳﴾ فَالۡيَوۡمَ

سب ہمارے سامنے حاضر کر دیے جائیں گے ﴿۵۳﴾ پس آج کے

لَا تُظۡلَمُ نَفۡسٌ شَيۡـًٔـا وَّلَا تُجۡزَوۡنَ

دن کسی شخص پر کوئی ظلم نہ ہوگا، اور تم کو وہی بدلہ ملے گا

اِلَّا مَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ

جو تم کرتے تھے ﴿۵۴﴾ بے شک

اَصۡحٰبَ الۡجَنَّةِ الۡيَوۡمَ فِىۡ شُغُلٍ

جنت کے لوگ آج اپنے مشغلوں میں

فَكِهُوْنَ ۝۵۵ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ

خوش ہوں گے ۝۵۵ وہ اور اُن کی بیویاں سایوں میں

عَلَى الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ۝۵۶ لَهُمْ

مسہریوں پر تکیہ لگائے ہوئے بیٹھے ہوں گے ۝۵۶ اُن کے لیے

فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ۝۵۷

وہاں میوے ہوں گے اور اُن کے لیے وہ سب کچھ ہوگا جو وہ مانگیں گے ۝۵۷

سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ۝۵۸

اُن کو سلام کہلایا جائے گا مہربان رب کی طرف سے ۝۵۸

وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ۝۵۹

اور اے مجرمو! آج تم الگ ہو جاؤ ۝۵۹

اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ اٰدَمَ

اے اولادِ آدم! کیا میں نے تم کو تاکید نہیں کر دی تھی کہ

اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ

تم شیطان کی عبادت نہ کرنا ، بے شک

لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ۞٦٠ وَّاَنِ ۙ

وہ تمہارا کھلا ہوا دشمن ہے ۞٦٠ اور یہ کہ تم

اعْبُدُوْنِيْ ۚ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ۞٦١

میری ہی عبادت کرنا ، یہی سیدھا راستہ ہے ۞٦١

وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ۭ

اور اُس نے تم میں سے ایک بڑے گروہ کو گمراہ کردیا ،

اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا تَعْقِلُوْنَ ۞٦٢ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ

تو کیا تم سمجھتے نہیں تھے ؟ ۞٦٢ یہ ہے جہنم جس کا

الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ۞٦٣ اِصْلَوْهَا

تم سے وعدہ کیا جاتا تھا ۞٦٣ اب اپنے کفر کے

الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ تَكْفُرُوْنَ ۞٦٤

بدلے میں اِس میں داخل ہو جاؤ ۞٦٤

اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ

آج ہم اُن کے منھ پر مہر لگادیں گے اور اُن کے

وقف غفران

اَیۡدِیۡهِمۡ وَتَشۡهَدُ اَرۡجُلُهُمۡ بِمَا كَانُوۡا

ہاتھ ہم سے بولیں گے اور اُن کے پاؤں گواہی دیں گے جو کچھ

یَكۡسِبُوۡنَ ﴿٦٥﴾ وَلَوۡ نَشَآءُ لَطَمَسۡنَا عَلٰۤى

یہ لوگ کرتے تھے ﴿٦٥﴾ اور اگر ہم چاہتے تو اُن کی آنکھوں کو

اَعۡیُنِهِمۡ فَاسۡتَبَقُوا الصِّرَاطَ فَاَنّٰى

مِٹا دیتے پھر وہ راستے کی طرف دوڑتے تو اُن کو کہاں

یُبۡصِرُوۡنَ ﴿٦٦﴾ وَلَوۡ نَشَآءُ لَمَسَخۡنٰهُمۡ

نظر آتا ﴿٦٦﴾ اور اگر ہم چاہتے تو اُن کی جگہ ہی

عَلٰى مَكَانَتِهِمۡ فَمَا اسۡتَطَاعُوۡا مُضِیًّا

پر اُن کی صورتیں بدل دیتے، تو وہ نہ آگے بڑھ سکتے

وَّلَا یَرۡجِعُوۡنَ ﴿٦٧﴾ ع وَمَنۡ نُّعَمِّرۡهُ ع ۱۷ / ۴

اور نہ پیچھے لوٹ سکتے ﴿٦٧﴾ اور ہم جس کی عمر زیادہ کر دیتے ہیں

نُنَكِّسۡهُ فِی الۡخَلۡقِ ؕ اَفَلَا یَعۡقِلُوۡنَ ﴿٦٨﴾

تو اُس کو اُس کی پیدائش میں پیچھے لوٹا دیتے ہیں، تو کیا وہ سمجھتے نہیں؟ ﴿٦٨﴾

وَمَا عَلَّمْنٰهُ الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِيْ لَهٗ ؕ

اور ہم نے اُس (نبی ﷺ) کو شعر نہیں سکھایا اور نہ یہ اُس کے لائق ہے،

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ۙ ﴿٦٩﴾

یہ تو صرف ایک نصیحت ہے اور واضح قرآن ہے ﴿٦٩﴾

لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ

تاکہ وہ اُس شخص کو خبردار کردے جو زندہ ہو اور انکار کرنے والوں

عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٠﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا

پر حجّت قائم ہو جائے ﴿٧٠﴾ کیا اُنہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے

خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

اپنے ہاتھ کی بنائی ہوئی چیزوں میں سے اُن کے لیے مویشی پیدا

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿٧١﴾ وَذَلَّلْنٰهَا

کیے، تو وہ اُن کے مالک ہیں ﴿٧١﴾ اور ہم نے اُن کو اُن کا تابع

لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿٧٢﴾

بنا دیا، تو اُن میں سے کوئی اُن کی سواری ہے اور کسی کو وہ کھاتے ہیں ﴿٧٢﴾

وَلَهُمْ فِيهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ۭ
اور اُن کے لیے اُن میں فائدے ہیں اور پینے کی چیزیں بھی،

اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿٧٣﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ
تو کیا وہ شکر نہیں کرتے ؟ ﴿٧٣﴾ اور اُنہوں نے اللہ کے

اللّٰهِ اٰلِهَةً لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿٧٤﴾ ۭ
سوا دوسرے معبود بنائے کہ شاید اُن کی مدد کی جائے ﴿٧٤﴾

لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ وَهُمْ لَهُمْ
وہ اُن کی مدد نہ کرسکیں گے اور وہ اُن کی فوج ہو کر

جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿٧٥﴾ فَلَا يَحْزُنْكَ
حاضر کیے جائیں گے ﴿٧٥﴾ تو اُن کی بات آپ کو غمگین

قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا
نہ کرے، بے شک ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے ہیں اور جو کچھ

يُعْلِنُوْنَ ﴿٧٦﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ اَنَّا
وہ ظاہر کرتے ہیں ﴿٧٦﴾ کیا انسان نے نہیں دیکھا کہ ہم نے

وقف لازم

خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ

اُس کو ایک بوند سے پیدا کیا پھر وہ تڑاق پڑاق جھگڑالو

مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ

بن گیا ﴿۷۷﴾ ہمارے لیے مثالیں بیان کرنے لگا اور اپنی پیدائش

خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْيِ الْعِظَامَ وَهِيَ

کو بھول گیا، اور کہنے لگا کہ ہڈیاں جب چورا ہو جائیں گی پھر اُسے کون

رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِيْٓ

زندہ کرسکتا ہے؟ ﴿۷۸﴾ کہہ دیجیے کہ اُن کو وہی زندہ کرے گا جس نے

اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ

اُن کو پہلی مرتبہ پیدا کیا، اور وہ سب طرح پیدا کرنا

عَلِيْمُۨ ﴿۷۹﴾ ۙ الَّذِيْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ

جانتا ہے ﴿۷۹﴾ وہی ہے جس نے تمہارے لیے

الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ

ہرے بھرے درخت سے آگ پیدا کردی، پھر تم اُس سے

تُوْقِدُوْنَ ﴿٨٠﴾ اَوَ لَيْسَ الَّذِيْ خَلَقَ
آگ جلاتے ہو ﴿٨٠﴾ کیا جس نے آسمانوں اور زمین کو
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ عَلٰٓى اَنْ
پیدا کیا وہ اِس پر قادر نہیں کہ اِن جیسوں کو
يَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۗ وَهُوَ الْخَلّٰقُ
پیدا کردے؟ ہاں وہ قادر ہے، اور وہی ہے اصل پیدا کرنے والا،
الْعَلِيْمُ ﴿٨١﴾ اِنَّمَآ اَمْرُهٗٓ اِذَآ اَرَادَ
جاننے والا ﴿٨١﴾ اُس کا معاملہ تو بس یہ ہے کہ جب وہ کسی چیز کا
شَيْـًٔا اَنْ يَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَيَكُوْنُ ﴿٨٢﴾
ارادہ کرتا ہے تو کہتا ہے کہ ہو جا تو وہ ہو جاتی ہے ﴿٨٢﴾
فَسُبْحٰنَ الَّذِيْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ
پس پاک ہے وہ ذات جس کے ہاتھ میں
كُلِّ شَيْءٍ وَّاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٨٣﴾ ع
ہر چیز کا اختیار ہے، اور اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿٨٣﴾

وقف غفران

ع ٥ / ٦

سورۂ صافات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (١٨٢) آیتیں اور (٥) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٥٦) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٣٧) نمبر پر ہے اور سورۂ انعام کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (٨٦٠) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٣٨٢٦) حروف ہیں

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿١﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿٢﴾

قسم ہے قطار در قطار صف باندھنے والے فرشتوں کی ﴿١﴾ پھر ڈانٹنے والوں کی جھڑک کر ﴿٢﴾

فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿٣﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ

پھر اُن کی جو نصیحت سنانے والے ہیں ﴿٣﴾ کہ تمہارا معبود

لَوَاحِدٌ ؕ﴿٤﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

ایک ہی ہے ﴿٤﴾ آسمانوں اور زمین کا رب،

وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشَارِقِ ؕ﴿٥﴾

اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے اور سارے مشرقوں کا رب ﴿٥﴾

اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨ

ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے

الْكَوَاكِبِ ۙ﴿٦﴾ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ

سجایا ہے ﴿٦﴾ اور ہر سرکش شیطان سے اُس کو

مَّارِدٍ ۚ﴿۷﴾ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى

محفوظ کیا ہے ﴿۷﴾ وہ ملاءِ اعلیٰ کی طرف کان نہیں لگا سکتے

وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ﴿۸﴾ قلا دُحُوْرًا

اور وہ ہر طرف سے مارے جاتے ہیں ﴿۸﴾ بھگانے کے لیے،

وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ﴿۹﴾ لا اِلَّا مَنْ

اور اُن کے لیے ایک دائمی عذاب ہے ﴿۹﴾ مگر جو

خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ

شیطان کوئی بات اُچک لے تو ایک دہکتا ہوا شعلہ اُس کا پیچھا

ثَاقِبٌ ﴿۱۰﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا

کرتا ہے ﴿۱۰﴾ پس اُن سے پوچھیے کہ اُن کی پیدائش زیادہ مشکل ہے

اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ

یا اُن چیزوں کی جو ہم نے پیدا کی ہیں؟ ہم نے اُن کو چپکتی مٹی سے

لَّازِبٍ ﴿۱۱﴾ بَلْ عَجِبْتَ وَيَسْخَرُوْنَ ﴿۱۲﴾ ص

پیدا کیا ہے ﴿۱۱﴾ بلکہ تم تعجب کرتے ہو اور وہ مذاق اڑا رہے ہیں ﴿۱۲﴾

وَاِذَا ذُكِّرُوۡا لَا يَذۡكُرُوۡنَ ﴿۱۳﴾ وَاِذَا

اور جب اُن کو سمجھایا جاتا ہے تو وہ سمجھتے نہیں ﴿۱۳﴾ اور جب وہ کوئی

رَاَوۡا اٰيَةً يَّسۡتَسۡخِرُوۡنَ ﴿۱۴﴾ وَقَالُوۡۤا

نشانی دیکھتے ہیں تو وہ اُس کو ہنسی میں ڈال دیتے ہیں ﴿۱۴﴾ اور کہتے

اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا سِحۡرٌ مُّبِيۡنٌ ۚۖ ﴿۱۵﴾

ہیں کہ یہ تو بس ایک کھلا ہوا جادو ہے ﴿۱۵﴾

ءَاِذَا مِتۡنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَاِنَّا

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں بن جائیں گے تو پھر ہم

لَمَبۡعُوۡثُوۡنَ ۙ ﴿۱۶﴾ اَوَ اٰبَآؤُنَا الۡاَوَّلُوۡنَ ؕ ﴿۱۷﴾

اُٹھائے جائیں گے؟ ﴿۱۶﴾ اور کیا ہمارے اگلے باپ دادا بھی؟ ﴿۱۷﴾

قُلۡ نَعَمۡ وَاَنۡتُمۡ دَاخِرُوۡنَ ۚ ﴿۱۸﴾ فَاِنَّمَا هِىَ

کہہ دیجیے کہ ہاں، اور تم ذلیل بھی ہوں گے ﴿۱۸﴾ پس وہ تو ایک

زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ فَاِذَا هُمۡ يَنۡظُرُوۡنَ ﴿۱۹﴾

زوردار آواز ہوگی، پھر اُسی وقت وہ دیکھنے لگیں گے ﴿۱۹﴾

وَقَالُوْا یٰوَیْلَنَا هٰذَا یَوْمُ الدِّیْنِ ﴿۲۰﴾

اور وہ کہیں گے کہ ہائے ہماری بدبختی! یہ تو بدلے کا دن ہے ﴿۲۰﴾

هٰذَا یَوْمُ الْفَصْلِ الَّذِیْ كُنْتُمْ بِهٖ

یہ وہی فیصلے کا دن ہے جس کو تم جھٹلاتے

تُكَذِّبُوْنَ ﴿۲۱﴾ اُحْشُرُوا الَّذِیْنَ ظَلَمُوْا

تھے ﴿۲۱﴾ جمع کرو اُن کو جنہوں نے ظلم کیا

ع ۲۱ ۵

وَاَزْوَاجَهُمْ وَمَا كَانُوْا یَعْبُدُوْنَ ﴿۲۲﴾

اور اُن کے ساتھیوں کو اور اُن کے معبودوں کو ﴿۲۲﴾

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَاهْدُوْهُمْ اِلٰی

جن کی وہ اللہ کے سِوا عبادت کرتے تھے، پھر اُن سب کو

صِرَاطِ الْجَحِیْمِ ﴿۲۳﴾ وَقِفُوْهُمْ اِنَّهُمْ

دوزخ کا راستہ دِکھاؤ ﴿۲۳﴾ اور اُن کو ٹھہراؤ، اُن سے کچھ

مَّسْـُٔوْلُوْنَ ﴿۲۴﴾ مَا لَكُمْ لَا تَنَاصَرُوْنَ ﴿۲۵﴾

پوچھنا ہے ﴿۲۴﴾ تم کو کیا ہوا کہ تم ایک دوسرے کی مدد نہیں کرتے ﴿۲۵﴾

بَلْ هُمُ الْيَوْمَ مُسْتَسْلِمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَاَقْبَلَ
بلکہ آج تو وہ فرماں بردار ہیں ﴿٢٦﴾ اور وہ ایک دوسرے

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٧﴾
کی طرف متوجہ ہو کر سوال و جواب کریں گے ﴿٢٧﴾

قَالُوْٓا اِنَّكُمْ كُنْتُمْ تَاْتُوْنَنَا عَنِ الْيَمِيْنِ ﴿٢٨﴾
کہیں گے: تم ہمارے پاس دائیں طرف سے آتے تھے ﴿٢٨﴾

قَالُوْا بَلْ لَّمْ تَكُوْنُوْا مُؤْمِنِيْنَ ﴿٢٩﴾ وَمَا
وہ جواب دیں گے: بلکہ تم خود ایمان لانے والے نہیں تھے ﴿٢٩﴾ اور ہمارا

كَانَ لَنَا عَلَيْكُمْ مِّنْ سُلْطٰنٍ ۚ بَلْ كُنْتُمْ
تمہارے اوپر کوئی زور نہ تھا ؛ بلکہ تم خود ہی سرکش

قَوْمًا طٰغِيْنَ ﴿٣٠﴾ فَحَقَّ عَلَيْنَا قَوْلُ رَبِّنَآ ۖ
لوگ تھے ﴿٣٠﴾ پس ہم سب پر ہمارے رب کی بات پوری ہو کر رہی،

اِنَّا لَذَآئِقُوْنَ ﴿٣١﴾ فَاَغْوَيْنٰكُمْ اِنَّا كُنَّا
ہم کو اِس کا مزہ چکھنا ہی ہے ﴿٣١﴾ ہم نے تم کو گمراہ کیا، ہم خود بھی

غَوِيْنَ ﴿٣٢﴾ فَاِنَّهُمْ يَوْمَىِٕذٍ فِي الْعَذَابِ

گمراہ تھے ﴿٣٢﴾ پس وہ سب اُس دن عذاب میں

مُشْتَرِكُوْنَ ﴿٣٣﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَفْعَلُ

شریک ہوں گے ﴿٣٣﴾ ہم مجرموں کے ساتھ ایسا ہی

بِالْمُجْرِمِيْنَ ﴿٣٤﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْٓا اِذَا قِيْلَ

کرتے ہیں ﴿٣٤﴾ یہ وہ لوگ تھے کہ جب اُن سے

لَهُمْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَسْتَكْبِرُوْنَ ﴿٣٥﴾

کہا جاتا کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں تو وہ تکبّر کرتے تھے ﴿٣٥﴾

وَيَقُوْلُوْنَ اَىِٕنَّا لَتَارِكُوْٓا اٰلِهَتِنَا

اور وہ کہتے تھے کہ کیا ہم ایک دیوانے شاعر کے کہنے پر

لِشَاعِرٍ مَّجْنُوْنٍ ﴿٣٦﴾ بَلْ جَآءَ بِالْحَقِّ

اپنے معبودوں کو چھوڑ دیں ﴿٣٦﴾ بلکہ وہ حق لے کر آیا ہے،

وَصَدَّقَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣٧﴾ اِنَّكُمْ لَذَآىِٕقُوا

اور وہ رسولوں کی پیشین گوئیوں کا مصداق ہے ﴿٣٧﴾ بے شک تم کو دردناک

الْعَذَابِ الْاَلِيْمِ ﴿٣٨﴾ وَمَا تُجْزَوْنَ
عذاب چکھنا ہوگا ﴿٣٨﴾ اور تم اُسی کا بدلہ

اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿٣٩﴾ اِلَّا عِبَادَ
دیے جارہے ہو جو تم کرتے تھے ﴿٣٩﴾ مگر جو اللہ کے

اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٤٠﴾ اُولٰٓئِكَ لَهُمْ رِزْقٌ
چُنے ہوئے بندے ہیں ﴿٤٠﴾ اُن کے لیے معلوم رزق

مَّعْلُوْمٌ ﴿٤١﴾ فَوَاكِهُ ۚ وَهُمْ مُّكْرَمُوْنَ ﴿٤٢﴾
ہوگا ﴿٤١﴾ میوے، اور وہ نہایت عزّت سے ہوں گے ﴿٤٢﴾

فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ﴿٤٣﴾ عَلٰى سُرُرٍ
آرام کے باغوں میں ﴿٤٣﴾ تختوں پر آمنے سامنے

مُّتَقٰبِلِيْنَ ﴿٤٤﴾ يُطَافُ عَلَيْهِمْ بِكَاْسٍ
بیٹھے ہوں گے ﴿٤٤﴾ اُن کے پاس ایسا پیالہ لایا جائے گا جو بہتی ہوئی شراب

مِّنْ مَّعِيْنٍ ﴿٤٥﴾ بَيْضَآءَ لَذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٤٦﴾
سے بھرا جائے گا ﴿٤٥﴾ صاف شفّاف، پینے والوں کے لیے لذّت ﴿٤٦﴾

لَا فِيهَا غَوْلٌ وَّلَا هُمْ عَنْهَا يُنْزَفُونَ ﴿٤٧﴾

نہ ہی اُس میں کوئی نشہ ہوگا اور نہ وہ اُس سے بہکیں گے ﴿٤٧﴾

وَعِنْدَهُمْ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ عِينٌ ﴿٤٨﴾

اور اُن کے پاس نیچی نگاہ والی، بڑی آنکھوں والی عورتیں ہوں گی ﴿٤٨﴾

كَأَنَّهُنَّ بَيْضٌ مَّكْنُونٌ ﴿٤٩﴾ فَأَقْبَلَ

گویا کہ وہ انڈے ہیں جو چھپا کر رکھے ہوئے ہوں ﴿٤٩﴾ پھر وہ

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُونَ ﴿٥٠﴾

ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات کریں گے ﴿٥٠﴾

قَالَ قَآئِلٌ مِّنْهُمْ إِنِّي كَانَ لِي قَرِينٌ ﴿٥١﴾

اُن میں سے ایک کہنے والا کہے گا کہ میرا ایک ملاقاتی تھا ﴿٥١﴾

يَّقُولُ ءَإِنَّكَ لَمِنَ الْمُصَدِّقِينَ ﴿٥٢﴾

وہ کہا کرتا تھا کہ کیا تم بھی تصدیق کرنے والوں میں سے ہو؟ ﴿٥٢﴾

ءَإِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَّعِظَامًا ءَإِنَّا

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹی اور ہڈیاں ہو جائیں گے تو کیا ہم کو

لَمَدِيْنُوْنَ ﴿٥٣﴾ قَالَ هَلْ اَنْتُمْ مُّطَّلِعُوْنَ ﴿٥٤﴾

جزا ملے گی ؟ ﴿٥٣﴾ کہے گا : کیا تم جھانک کر دیکھو گے ؟ ﴿٥٤﴾

فَاطَّلَعَ فَرَاٰهُ فِيْ سَوَآءِ الْجَحِيْمِ ﴿٥٥﴾

تو وہ جھانکے گا اور اُس کو جہنم کے بیچ میں دیکھے گا ﴿٥٥﴾

قَالَ تَاللّٰهِ اِنْ كِدْتَّ لَتُرْدِيْنِ ﴿٥٦﴾

کہے گا کہ اللہ کی قسم ! تم تو مجھ کو تباہ کر دینے والے تھے ﴿٥٦﴾

وَلَوْ لَا نِعْمَةُ رَبِّيْ لَكُنْتُ مِنَ

اور اگر میرے رب کا فضل نہ ہوتا تو میں بھی اُنہیں لوگوں میں ہوتا

الْمُحْضَرِيْنَ ﴿٥٧﴾ اَفَمَا نَحْنُ بِمَيِّتِيْنَ ﴿٥٨﴾

جو پکڑے ہوئے آئے ہیں ﴿٥٧﴾ کیا اب ہم کو مرنا نہیں ہے ﴿٥٨﴾

اِلَّا مَوْتَتَنَا الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُعَذَّبِيْنَ ﴿٥٩﴾

مگر پہلی بار جو ہم مر چکے اور اب ہم کو عذاب نہ ہوگا ﴿٥٩﴾

اِنَّ هٰذَا لَهُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ﴿٦٠﴾

بے شک یہی بڑی کامیابی ہے ﴿٦٠﴾ ایسی ہی

لِمِثۡلِ هٰذَا فَلۡيَعۡمَلِ الۡعٰمِلُوۡنَ ﴿٦١﴾ اَذٰ لِكَ

کامیابی کے لیے عمل کرنے والوں کو عمل کرنا چاہیے ﴿٦١﴾ یہ مہمان

خَيۡرٌ نُّزُلًا اَمۡ شَجَرَةُ الزَّقُّوۡمِ ﴿٦٢﴾

نوازی اچھی ہے یا پھر زقّوم کا درخت ؟ ﴿٦٢﴾

اِنَّا جَعَلۡنٰهَا فِتۡنَةً لِّلظّٰلِمِيۡنَ ﴿٦٣﴾

ہم نے اُس کو ظالموں کے لیے فتنہ بنایا ہے ﴿٦٣﴾

اِنَّهَا شَجَرَةٌ تَخۡرُجُ فِىۡۤ اَصۡلِ

وہ ایک درخت ہے جو دوزخ کی تہہ سے نکلتا

الۡجَحِيۡمِ ﴿٦٤﴾ طَلۡعُهَا كَاَنَّهٗ رُءُوۡسُ

ہے ﴿٦٤﴾ اُس کا خوشہ ایسا ہے جیسے شیطان کے

الشَّيٰطِيۡنِ ﴿٦٥﴾ فَاِنَّهُمۡ لَاٰكِلُوۡنَ مِنۡهَا

سر ﴿٦٥﴾ تو وہ لوگ اُس سے کھائیں گے ،

فَمٰلِـُٔوۡنَ مِنۡهَا الۡبُطُوۡنَ ﴿٦٦﴾ ثُمَّ اِنَّ

پھر اُسی سے پیٹ بھریں گے ﴿٦٦﴾ پھر

ثُمَّ اِنَّ لَهُمْ عَلَيْهَا لَشَوْبًا مِّنْ حَمِيْمٍ ۚ ٦٧

اُن کو اُس کے اوپر کھولتا ہوا پانی مِلا کر دیا جائے گا ٦٧

ثُمَّ اِنَّ مَرْجِعَهُمْ لَاۡ اِلَى الْجَحِيْمِ ٦٨

پھر اُن کی واپسی دوزخ ہی کی طرف ہوگی ٦٨

اِنَّهُمْ اَلْفَوْا اٰبَآءَهُمْ ضَآلِّيْنَ ۙ ٦٩

اُنہوں نے اپنے باپ دادا کو گمراہی میں پایا ٦٩

فَهُمْ عَلٰٓى اٰثٰرِهِمْ يُهْرَعُوْنَ ٧٠ وَلَقَدْ

پھر وہ اُنہیں کے قدم بقدم دوڑتے رہے ٧٠ اور اُن سے

ضَلَّ قَبْلَهُمْ اَكْثَرُ الْاَوَّلِيْنَ ۙ ٧١ وَلَقَدْ

پہلے بھی اگلے لوگوں میں اکثر گمراہ ہوئے ٧١ اور ہم نے

اَرْسَلْنَا فِيْهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ٧٢ فَانْظُرْ

اُن میں بھی ڈرانے والے بھیجے ٧٢ تو دیکھیے

كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ الْمُنْذَرِيْنَ ۙ ٧٣ اِلَّا

اُن لوگوں کا کیا انجام ہوا جن کو ڈرایا گیا تھا ٧٣ مگر

احتیاط ←

ع ۵۳ ۲

عِبَادَ اللّٰهِ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۷۴﴾ وَلَقَدْ نَادٰىنَا

وہ جو اللہ کے چُنے ہوئے بندے تھے ﴿۷۴﴾ اور ہم کو نوح (علیہ السلام)

نُوْحٌ فَلَنِعْمَ الْمُجِيْبُوْنَ ﴿۷۵﴾ وَنَجَّيْنٰهُ

نے پکارا تو ہم کیا خوب پکار سُننے والے ہیں ﴿۷۵﴾ اور ہم نے اُس کو

وَاَهْلَهٗ مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۷۶﴾ وَجَعَلْنَا

اور اُس کے لوگوں کو بہت بڑے غم سے بچا لیا ﴿۷۶﴾ اور ہم نے

ذُرِّيَّتَهٗ هُمُ الْبٰقِيْنَ ﴿۷۷﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ

اُس کی نسل کو باقی رہنے والا بنایا ﴿۷۷﴾ اور ہم نے اُس کے طریقے

فِى الْاٰخِرِيْنَ ﴿۷۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِى

پر پچھلوں میں ایک گروہ کو چھوڑا ﴿۷۸﴾ سلام ہے نوح (علیہ السلام) پر

الْعٰلَمِيْنَ ﴿۷۹﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِى

تمام دنیا والوں میں ﴿۷۹﴾ ہم نیکی کرنے والوں کو

الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۸۰﴾ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا

ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿۸۰﴾ بے شک وہ ہمارے مؤمن

الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿٨١﴾ ثُمَّ اَغْرَقْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿٨٢﴾

بندوں میں سے تھے ﴿٨١﴾ پھر ہم نے دوسروں کو غرق کردیا ﴿٨٢﴾

وَاِنَّ مِنْ شِيْعَتِهٖ لَاِبْرٰهِيْمَ ﴿٨٣﴾ اِذْ جَآءَ

اور اُسی کے طریقے والوں میں سے ابراہیم (علیہ السلام) بھی تھے ﴿٨٣﴾ جب کہ وہ

رَبَّهٗ بِقَلْبٍ سَلِيْمٍ ﴿٨٤﴾ اِذْ قَالَ لِاَبِيْهِ

آئے اپنے رب کے پاس قلبِ سلیم کے ساتھ ﴿٨٤﴾ جب اُس نے اپنے باپ

وَقَوْمِهٖ مَاذَا تَعْبُدُوْنَ ﴿٨٥﴾ ج اَئِفْكًا اٰلِهَةً

سے اور اپنی قوم سے کہا کہ تم کس چیز کی عبادت کرتے ہو؟ ﴿٨٥﴾ کیا تم اللہ کے

دُوْنَ اللّٰهِ تُرِيْدُوْنَ ﴿٨٦﴾ ط فَمَا ظَنُّكُمْ بِرَبِّ

سوا من گھڑت معبودوں کو چاہتے ہو؟ ﴿٨٦﴾ تو خداوندِ عالم کے بارے میں تمہارا

الْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ فَنَظَرَ نَظْرَةً فِي النُّجُوْمِ ﴿٨٨﴾ لا

کیا خیال ہے؟ ﴿٨٧﴾ پھر ابراہیم (علیہ السلام) نے ستاروں پر ایک نظر ڈالی ﴿٨٨﴾

فَقَالَ اِنِّيْ سَقِيْمٌ ﴿٨٩﴾ فَتَوَلَّوْا عَنْهُ

پس کہا کہ میں بیمار ہوں ﴿٨٩﴾ پھر وہ لوگ اُس کو چھوڑ کر

وقف لازم

مُدۡبِرِيۡنَ ۝۹۰ فَرَاغَ اِلٰٓى اٰلِهَتِهِمۡ فَقَالَ
چلے گئے ۝۹۰ تو وہ اُن کے بتوں میں گھُس گئے، کہا کہ کیا تم

اَلَا تَاۡكُلُوۡنَ‌ ۝۹۱ مَا لَـكُمۡ لَا تَنۡطِقُوۡنَ ۝۹۲
کھاتے نہیں ہو؟ ۝۹۱ تم کو کیا ہوا کہ تم کچھ بولتے نہیں؟ ۝۹۲

فَرَاغَ عَلَيۡهِمۡ ضَرۡبًاۢ بِالۡيَمِيۡنِ ۝۹۳ فَاَقۡبَلُوۡۤا
پھر اُن کو مارا پوری قوّت کے ساتھ ۝۹۳ پھر لوگ اُس کے پاس

اِلَيۡهِ يَزِفُّوۡنَ‏ ۝۹۴ قَالَ اَتَعۡبُدُوۡنَ مَا
دوڑے ہوئے آئے ۝۹۴ ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا: کیا تم لوگ اُن چیزوں کو

تَنۡحِتُوۡنَ ۙ ۝۹۵ وَاللّٰهُ خَلَقَكُمۡ وَمَا
پوجتے ہو جن کو خود تراشتے ہو؟ ۝۹۵ اور اللہ ہی نے پیدا کیا ہے تم کو بھی اور اُن

تَعۡمَلُوۡنَ‏ ۝۹۶ قَالُوا ابۡنُوۡا لَهٗ بُنۡيَانًا
چیزوں کو بھی جن کو تم بناتے ہو ۝۹۶ اُنہوں نے کہا: اِس کے لیے ایک مکان بناؤ

فَاَلۡقُوۡهُ فِى الۡجَحِيۡمِ‏ ۝۹۷ فَاَرَادُوۡا بِهٖ
پھر اُس کو دہکتی ہوئی آگ میں ڈال دو ۝۹۷ پس اُنہوں نے اُس کے خلاف

كَيْدًا فَجَعَلْنٰهُمُ الْاَسْفَلِيْنَ ﴿٩٨﴾

ایک کارروائی کرنی چاہی تو ہم نے اُنہیں کو نیچا کر دیا ﴿٩٨﴾

وَقَالَ اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ ﴿٩٩﴾

اور اُس نے کہا کہ میں اپنے رب کی طرف جارہا ہوں، وہ میری رہنمائی فرمائے گا ﴿٩٩﴾

رَبِّ هَبْ لِیْ مِنَ الصّٰلِحِیْنَ ﴿١٠٠﴾

اے میرے پیارے رب! مجھ کو اولاد صالح عطا فرمایئے ﴿١٠٠﴾

فَبَشَّرْنٰهُ بِغُلٰمٍ حَلِیْمٍ ﴿١٠١﴾ فَلَمَّا

تو ہم نے اُس کو ایک بردبار لڑکے کی بشارت دی ﴿١٠١﴾ پس جب

بَلَغَ مَعَهُ السَّعْیَ قَالَ یٰبُنَیَّ اِنِّیْٓ

وہ اُس کے ساتھ چلنے پھرنے کی عمر کو پہونچا، اُس نے کہا کہ اے میرے بیٹے!

اَرٰی فِی الْمَنَامِ اَنِّیْٓ اَذْبَحُكَ فَانْظُرْ

میں خواب میں دیکھتا ہوں کہ تم کو ذبح کر رہا ہوں، پس تم سوچ لو کہ تمہاری

مَاذَا تَرٰی ؕ قَالَ یٰٓاَبَتِ افْعَلْ مَا

کیا رائے ہے، اُس نے کہا کہ اے میرے ابا! آپ کو جو حکم دیا جارہا ہے

تُؤۡمَرُ ۫ سَتَجِدُنِیۡۤ اِنۡ شَآءَ اللّٰہُ مِنَ

اُس کو کر ڈالیے، ان شاء اللہ آپ مجھ کو صبر کرنے والوں میں سے

الصّٰبِرِیۡنَ ﴿۱۰۲﴾ فَلَمَّاۤ اَسۡلَمَا وَ تَلَّہٗ

پائیں گے ﴿۱۰۲﴾ پس جب دونوں مطیع ہو گئے اور ابراہیم (علیہ السلام) نے اُس

لِلۡجَبِیۡنِ ﴿۱۰۳﴾ۚ وَ نَادَیۡنٰہُ اَنۡ یّٰۤاِبۡرٰہِیۡمُ ﴿۱۰۴﴾ۙ

کو ماتھے کے بل گرا دیا ﴿۱۰۳﴾ اور ہم نے اُس کو آواز دی کہ اے ابراہیم! ﴿۱۰۴﴾

قَدۡ صَدَّقۡتَ الرُّءۡیَا ۚ اِنَّا کَذٰلِکَ

تم نے خواب کو سچ کر دِکھایا ، بے شک ہم نیکی

نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۱۰۵﴾ اِنَّ ہٰذَا لَہُوَ

کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿۱۰۵﴾ یقیناً یہ ایک کھلی

الۡبَلٰٓؤُا الۡمُبِیۡنُ ﴿۱۰۶﴾ وَ فَدَیۡنٰہُ بِذِبۡحٍ

ہوئی آزمائش تھی ﴿۱۰۶﴾ اور ہم نے ایک بڑا ذبیحہ اُس کے

عَظِیۡمٍ ﴿۱۰۷﴾ وَ تَرَکۡنَا عَلَیۡہِ فِی

فدیے میں دے دیا ﴿۱۰۷﴾ اور ہم نے اُس پر پچھلوں میں

الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۰۸﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿۱۰۹﴾
ایک گروہ کو چھوڑا ﴿۱۰۸﴾ سلامتی ہو ابراہیم پر ﴿۱۰۹﴾

كَذٰلِكَ نَجْزِى الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۱۰﴾ اِنَّهٗ
ہم نیکی کرنے والوں کو اِسی طرح بدلہ دیتے ہیں ﴿۱۱۰﴾ بے شک

مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۱۱۱﴾ وَبَشَّرْنٰهُ
وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھا ﴿۱۱۱﴾ اور ہم نے اُس کو

بِاِسْحٰقَ نَبِيًّا مِّنَ الصّٰلِحِيْنَ ﴿۱۱۲﴾
اسحاق کی خوش خبری دی ، ایک نبی صالحین میں سے ﴿۱۱۲﴾

وَبٰرَكْنَا عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اِسْحٰقَ ؕ وَمِنْ
اور ہم نے اُس کو اور اسحاق کو برکت دی ، اور اُن دونوں کی

ذُرِّيَّتِهِمَا مُحْسِنٌ وَّظَالِمٌ لِّنَفْسِهٖ
نسل میں اچھے بھی ہیں اور ایسے بھی جو اپنے نفس پر صریح ظلم

مُبِيْنٌ ﴿۱۱۳﴾ ع وَلَقَدْ مَنَنَّا عَلٰى مُوْسٰى
کرنے والے ہیں ﴿۱۱۳﴾ اور ہم نے موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر

ع ۳ / ۳۹ / ۷

وَهٰرُوْنَ ﴿۱۱۴﴾ وَنَجَّيْنٰهُمَا وَقَوْمَهُمَا
احسان کیا ﴿۱۱۴﴾ اور اُن کو اور اُن کی قوم کو

مِنَ الْكَرْبِ الْعَظِيْمِ ﴿۱۱۵﴾ وَنَصَرْنٰهُمْ
ایک بڑی مصیبت سے نجات دی ﴿۱۱۵﴾ اور ہم نے اُن کی مدد کی

فَكَانُوْا هُمُ الْغٰلِبِيْنَ ﴿۱۱۶﴾ وَاٰتَيْنٰهُمَا
تو وہی غالب آنے والے بنے ﴿۱۱۶﴾ اور ہم نے اُن دونوں کو

الْكِتٰبَ الْمُسْتَبِيْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَهَدَيْنٰهُمَا
واضح کتاب دی ﴿۱۱۷﴾ اور ہم نے اُن دونوں کو

الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ﴿۱۱۸﴾ وَتَرَكْنَا
سیدھا راستہ دِکھایا ﴿۱۱۸﴾ اور ہم نے اُن کے طریقے پر

عَلَيْهِمَا فِي الْاٰخِرِيْنَ ﴿۱۱۹﴾ سَلٰمٌ
پیچھے والوں میں ایک گروہ کو چھوڑا ﴿۱۱۹﴾ سلامتی ہو

عَلٰى مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ﴿۱۲۰﴾ اِنَّا كَذٰلِكَ
موسیٰ اور ہارون (علیہما السلام) پر ﴿۱۲۰﴾ یقیناً ہم

نَجۡزِی الۡمُحۡسِنِیۡنَ ﴿۱۲۱﴾ اِنَّہُمَا مِنۡ

نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿۱۲۱﴾ بے شک وہ دونوں

عِبَادِنَا الۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۱۲۲﴾ وَاِنَّ اِلۡیَاسَ

ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھے ﴿۱۲۲﴾ اور بے شک اِلیاس (علیہ السلام)

لَمِنَ الۡمُرۡسَلِیۡنَ ﴿۱۲۳﴾ؕ اِذۡ قَالَ لِقَوۡمِہٖۤ

بھی پیغمبروں میں سے تھے ﴿۱۲۳﴾ جب کہ اُس نے اپنی قوم سے کہا:

اَلَا تَتَّقُوۡنَ ﴿۱۲۴﴾ اَتَدۡعُوۡنَ بَعۡلًا وَّتَذَرُوۡنَ

کیا تم ڈرتے نہیں؟ ﴿۱۲۴﴾ کیا تم لوگ بَعل (نامی بُت) کو پُکارتے ہو

اَحۡسَنَ الۡخَالِقِیۡنَ ﴿۱۲۵﴾ۙ اللّٰہَ رَبَّکُمۡ

اور بہترین خالق کو چھوڑ دیتے ہو؟ ﴿۱۲۵﴾ اللہ کو، جو تمہارا بھی رب ہے

وَرَبَّ اٰبَآئِکُمُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۱۲۶﴾ فَکَذَّبُوۡہُ

اور تمہارے اگلے باپ دادا کا بھی ﴿۱۲۶﴾ پس اُنہوں نے اُس کو جھٹلایا

فَاِنَّہُمۡ لَمُحۡضَرُوۡنَ ﴿۱۲۷﴾ۙ اِلَّا عِبَادَ اللّٰہِ

تو وہ ضرور (عذاب میں) پکڑے جائیں گے ﴿۱۲۷﴾ مگر جو اللہ کے خاص

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿١٢٨﴾ وَتَرَكْنَا عَلَيْهِ فِي
بندے تھے ﴿١٢٨﴾ اور ہم نے اُس کے طریقے پر پچھلوں میں بھی

الْاٰخِرِيْنَ ﴿١٢٩﴾ سَلٰمٌ عَلٰٓى اِلْ يَاسِيْنَ ﴿١٣٠﴾
ایک گروہ کو چھوڑا ﴿١٢٩﴾ سلامتی ہو الیاس (علیہ السلام) پر ﴿١٣٠﴾

اِنَّا كَذٰلِكَ نَجْزِي الْمُحْسِنِيْنَ ﴿١٣١﴾
ہم نیکی کرنے والوں کو ایسا ہی بدلہ دیتے ہیں ﴿١٣١﴾

اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿١٣٢﴾ وَاِنَّ
بے شک وہ ہمارے مؤمن بندوں میں سے تھے ﴿١٣٢﴾ اور بے شک

لُوْطًا لَّمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٣﴾ اِذْ نَجَّيْنٰهُ
لوط (علیہ السلام) بھی پیغمبروں میں سے تھے ﴿١٣٣﴾ جب کہ ہم نے اُس کو

وَاَهْلَهٗٓ اَجْمَعِيْنَ ﴿١٣٤﴾ اِلَّا عَجُوْزًا فِي
اور اُس کے تمام لوگوں کو نجات دی ﴿١٣٤﴾ مگر ایک بڑھیا جو پیچھے رہ

الْغٰبِرِيْنَ ﴿١٣٥﴾ ثُمَّ دَمَّرْنَا الْاٰخَرِيْنَ ﴿١٣٦﴾
جانے والوں میں سے تھی ﴿١٣٥﴾ پھر ہم نے دوسروں کو ہلاک کردیا ﴿١٣٦﴾

وَاِنَّكُمْ لَتَمُرُّوْنَ عَلَيْهِمْ مُّصْبِحِيْنَ ۙ﴿١٣٧﴾

اور تم اُن کی بستیوں پر گزرتے ہو صبح کو بھی ﴿١٣٧﴾

وَبِالَّيْلِ ۭ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ ﴿١٣٨﴾ۧ وَاِنَّ

ع ٤ ٢٥ ٨

اور رات کو بھی، تو کیا تم نہیں سمجھتے؟ ﴿١٣٨﴾ اور بے شک

يُوْنُسَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿١٣٩﴾ۭ اِذْ اَبَقَ اِلَى

یونس (علیہ السلام) بھی رسولوں میں سے تھے ﴿١٣٩﴾ جب کہ

الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ ﴿١٤٠﴾ۙ فَسَاهَمَ فَكَانَ

وہ بھاگ کر بھری ہوئی کشتی پر پہونچے ﴿١٤٠﴾ پھر قرعہ ڈالا

مِنَ الْمُدْحَضِيْنَ ﴿١٤١﴾ۚ فَالْتَقَمَهُ

تو پھر وہی قرعہ میں مغلوب ہوگئے ﴿١٤١﴾ پھر اُس کو مچھلی نے نگل لیا،

الْحُوْتُ وَهُوَ مُلِيْمٌ ﴿١٤٢﴾ فَلَوْلَآ اَنَّهٗ

اور وہ اپنے کو ملامت کر رہے تھے ﴿١٤٢﴾ پس اگر وہ

كَانَ مِنَ الْمُسَبِّحِيْنَ ﴿١٤٣﴾ۙ لَلَبِثَ فِيْ

تسبیح کرنے والوں میں سے نہ ہوتے ﴿١٤٣﴾ تو لوگوں کے

بَطْنِهٖٓ اِلٰى يَوْمِ يُبْعَثُوْنَ ﴿١٤٤﴾ فَنَبَذْنٰهُ

اُٹھائے جانے کے دن تک اُس کے پیٹ ہی میں رہتے ﴿١٤٤﴾ پھر ہم نے اُس

بِالْعَرَآءِ وَهُوَ سَقِيْمٌ ﴿١٤٥﴾ وَاَنْۢبَتْنَا عَلَيْهِ

کو ایک میدان میں ڈال دیا اور وہ نڈھال تھے ﴿١٤٥﴾ اور ہم نے اُس پر ایک

شَجَرَةً مِّنْ يَّقْطِيْنٍ ﴿١٤٦﴾ وَاَرْسَلْنٰهُ اِلٰى

بیل دار درخت اُگا دیا ﴿١٤٦﴾ اور ہم نے اُس کو

مِائَةِ اَلْفٍ اَوْ يَزِيْدُوْنَ ﴿١٤٧﴾ فَاٰمَنُوْا

ایک لاکھ یا اُس سے زیادہ لوگوں کی طرف بھیجا ﴿١٤٧﴾ پھر وہ لوگ ایمان لائے

فَمَتَّعْنٰهُمْ اِلٰى حِيْنٍ ﴿١٤٨﴾ فَاسْتَفْتِهِمْ

تو ہم نے اُن کو فائدہ اُٹھانے دیا ایک مدت تک ﴿١٤٨﴾ پس اُن سے پوچھیے کہ

اَلِرَبِّكَ الْبَنٰتُ وَلَهُمُ الْبَنُوْنَ ﴿١٤٩﴾

کیا تمہارے رب کے لیے بیٹیاں ہیں اور اُن کے لیے بیٹے؟ ﴿١٤٩﴾

اَمْ خَلَقْنَا الْمَلٰٓئِكَةَ اِنَاثًا وَّهُمْ

کیا ہم نے فرشتوں کو عورت بنایا ہے اور وہ

شٰهِدُوْنَ ﴿١٥٠﴾ اَلَآ اِنَّهُمْ مِّنْ اِفْكِهِمْ

دیکھ رہے تھے ﴿١٥٠﴾ سُن لو! یہ لوگ صرف من گھڑت بات کے طور

لَيَقُوْلُوْنَ ﴿١٥١﴾ وَلَدَ اللّٰهُ ۙ وَاِنَّهُمْ

پر ایسا کہتے ہیں ﴿١٥١﴾ کہ اللہ اولاد رکھتا ہے، اور یقیناً وہ

لَكٰذِبُوْنَ ﴿١٥٢﴾ اَصْطَفَى الْبَنٰتِ عَلَى

جھوٹے ہیں ﴿١٥٢﴾ کیا اللہ نے بیٹوں کے مقابلے میں بیٹیاں

الْبَنِيْنَ ﴿١٥٣﴾ مَا لَكُمْ ۫ كَيْفَ تَحْكُمُوْنَ ﴿١٥٤﴾

پسند کی ہیں ﴿١٥٣﴾ تم کو کیا ہوگیا ہے، تم کیسا حکم لگا رہے ہو ﴿١٥٤﴾

اَفَلَا تَذَكَّرُوْنَ ﴿١٥٥﴾ اَمْ لَكُمْ سُلْطٰنٌ

پھر کیا تم سوچ سے کام نہیں لیتے؟ ﴿١٥٥﴾ کیا تمہارے پاس

مُّبِيْنٌ ﴿١٥٦﴾ فَاْتُوْا بِكِتٰبِكُمْ اِنْ كُنْتُمْ

کوئی واضح دلیل ہے ﴿١٥٦﴾ تو اپنی کتاب لاؤ اگر تم

صٰدِقِيْنَ ﴿١٥٧﴾ وَجَعَلُوْا بَيْنَهٗ وَبَيْنَ

سچے ہو ﴿١٥٧﴾ اور اُنہوں نے اللہ اور جِنّات میں

الْجِنَّةِ نَسَبًا ؕ وَلَقَدْ عَلِمَتِ الْجِنَّةُ

بھی رشتے داری قرار دی ہے، اور جِنّات کو معلوم ہے کہ یقیناً

اِنَّهُمْ لَمُحْضَرُوْنَ ﴿۱۵۸﴾ سُبْحٰنَ اللّٰهِ

وہ پکڑے ہوئے آئیں گے ﴿۱۵۸﴾ اللہ پاک ہے اُن باتوں سے

عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۵۹﴾ اِلَّا عِبَادَ اللّٰهِ

جو یہ بیان کرتے ہیں ﴿۱۵۹﴾ مگر وہ جو اللہ کے چُنے ہوئے

الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۱۶۰﴾ فَاِنَّكُمْ وَمَا تَعْبُدُوْنَ ﴿۱۶۱﴾

بندے ہیں ﴿۱۶۰﴾ پس تم اور جن کی تم عبادت کرتے ہو ﴿۱۶۱﴾

مَاۤ اَنْتُمْ عَلَيْهِ بِفٰتِنِيْنَ ﴿۱۶۲﴾ اِلَّا مَنْ هُوَ

اللہ سے کسی کو پھیر نہیں سکتے ﴿۱۶۲﴾ مگر اُس کو جو جہنم میں

صَالِ الْجَحِيْمِ ﴿۱۶۳﴾ وَمَا مِنَّاۤ اِلَّا لَهٗ مَقَامٌ

پڑنے والا ہے ﴿۱۶۳﴾ اور ہم میں سے ہر ایک کا ایک مُعیّن مقام

مَّعْلُوْمٌ ﴿۱۶۴﴾ وَّاِنَّا لَنَحْنُ الصَّآفُّوْنَ ﴿۱۶۵﴾

ہے ﴿۱۶۴﴾ اور ہم اللہ کے حضور بس صف باندھے رہنے والے ہیں ﴿۱۶۵﴾

وَاِنَّا لَنَحۡنُ الۡمُسَبِّحُوۡنَ ﴿۱۶۶﴾ وَاِنۡ كَانُوۡا

اور ہم اُس کی تسبیح کرنے والے ہیں ﴿۱۶۶﴾ اور یہ لوگ کہا

لَيَقُوۡلُوۡنَ ﴿۱۶۷﴾ لَوۡ اَنَّ عِنۡدَنَا ذِكۡرًا

کرتے تھے ﴿۱۶۷﴾ کہ اگر ہمارے پاس پہلوں کی

مِّنَ الۡاَوَّلِيۡنَ ﴿۱۶۸﴾ لَـكُنَّا عِبَادَ اللّٰهِ

کوئی تعلیم ہوتی ﴿۱۶۸﴾ تو ہم اللہ کے خاص

الۡمُخۡلَصِيۡنَ ﴿۱۶۹﴾ فَكَفَرُوۡا بِهٖ فَسَوۡفَ

بندے ہوتے ﴿۱۶۹﴾ پھر اُنہوں نے اُس کا انکار کردیا تو جلد ہی

يَعۡلَمُوۡنَ ﴿۱۷۰﴾ وَلَقَدۡ سَبَقَتۡ كَلِمَتُنَا

وہ جان لیں گے ﴿۱۷۰﴾ اور اپنے بھیجے ہوئے

لِعِبَادِنَا الۡمُرۡسَلِيۡنَ ﴿۱۷۱﴾ اِنَّهُمۡ لَهُمُ

بندوں کے لیے ہمارا یہ فیصلہ پہلے ہی ہوچکا ہے ﴿۱۷۱﴾ کہ یقینی طور

الۡمَنۡصُوۡرُوۡنَ ﴿۱۷۲﴾ وَاِنَّ جُنۡدَنَا لَهُمُ

پر اُن کی مدد کی جائے گی ﴿۱۷۲﴾ اور یقیناً ہمارا لشکر ہی

الْغٰلِبُوْنَ ﴿۱۷۳﴾ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى

غالب رہنے والا ہے ﴿۱۷۳﴾ تو کچھ مدت تک اُن سے اعراض

حِيْنٍ ﴿۱۷۴﴾ وَّاَبْصِرْهُمْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۵﴾

کیجیے ﴿۱۷۴﴾ اور دیکھتے رہیے، جلد ہی وہ بھی دیکھ لیں گے ﴿۱۷۵﴾

اَفَبِعَذَابِنَا يَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿۱۷۶﴾ فَاِذَا

کیا وہ ہمارے عذاب کے لیے جلدی کر رہے ہیں؟ ﴿۱۷۶﴾ پس

نَزَلَ بِسَاحَتِهِمْ فَسَآءَ صَبَاحُ

جب وہ اُن کے صحن میں اُترے گا تو بڑی ہی بُری ہوگی اُن لوگوں کی

الْمُنْذَرِيْنَ ﴿۱۷۷﴾ وَتَوَلَّ عَنْهُمْ حَتّٰى

صبح جن کو ڈرایا جا چکا ہے ﴿۱۷۷﴾ تو اُن سے کچھ مدّت کے لیے اعراض

حِيْنٍ ﴿۱۷۸﴾ وَّاَبْصِرْ فَسَوْفَ يُبْصِرُوْنَ ﴿۱۷۹﴾

کیجیے ﴿۱۷۸﴾ اور دیکھتے رہیے، جلد ہی وہ خود دیکھ لیں گے ﴿۱۷۹﴾

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا

پاک ہے آپ کا رب، عزّت کا مالک، اُن باتوں سے جو یہ لوگ

يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ج وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾ج

بیان کرتے ہیں ﴿۱۸۰﴾ اور سلام ہے پیغمبروں پر ﴿۱۸۱﴾

ع ۵ ۴۴ ۹

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ع

اور ساری تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو رب ہے سارے جہانوں کا ﴿۱۸۲﴾

(سورۂ صٓ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۸۸) آیتیں اور (۵) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۸) نمبر پر ہے اور تلاوت کے اعتبار سے بھی (۳۸) نمبر پر ہے اور سورۂ قمر کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۷۳۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۳۰۶۷) حروف ہیں

صٓ وَالْقُرْاٰنِ ذِی الذِّكْرِ ﴿۱﴾ط بَلِ

صٓ قسم ہے نصیحت والے قرآن کی ﴿۱﴾ بلکہ

الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ عِزَّةٍ وَّشِقَاقٍ ﴿۲﴾

جن لوگوں نے انکار کیا وہ گھمنڈ اور ضد میں ہیں ﴿۲﴾

كَمْ اَهْلَكْنَا مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ قَرْنٍ

اُن سے پہلے ہم نے کتنی ہی قومیں ہلاک کردیں،

فَنَادَوْا وَّلَاتَ حِيْنَ مَنَاصٍ ﴿۳﴾

تو وہ پکارنے لگے اور وہ وقت بچنے کا نہ تھا ﴿۳﴾

وَعَجِبُوٓا اَنۡ جَآءَهُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡهُمۡ

اور اُن لوگوں نے تعجب کیا کہ اُن کے پاس اُن میں سے ایک ڈرانے والا آیا،

وَقَالَ الۡكٰفِرُوۡنَ هٰذَا سٰحِرٌ كَذَّابٌ ﴿۴﴾

اور انکار کرنے والوں نے کہا کہ یہ جادوگر ہے، جھوٹا ہے ﴿۴﴾

اَجَعَلَ الۡاٰلِهَةَ اِلٰهًا وَّاحِدًا ۖۚ اِنَّ هٰذَا

کیا اُس نے اتنے معبودوں کی جگہ ایک معبود کر دیا، یہ تو بڑی

لَشَیۡءٌ عُجَابٌ ﴿۵﴾ وَانۡطَلَقَ الۡمَلَاُ مِنۡهُمۡ

عجیب بات ہے ﴿۵﴾ اور اُن کے سردار اُٹھ کھڑے ہوئے کہ

اَنِ امۡشُوۡا وَاصۡبِرُوۡا عَلٰٓی اٰلِهَتِكُمۡ ۖۚ اِنَّ

چلو اور اپنے معبودوں پر جمے رہو، یہ کوئی

هٰذَا لَشَیۡءٌ یُّرَادُ ﴿۶﴾ مَا سَمِعۡنَا بِهٰذَا

مطلب کی بات ہے ﴿۶﴾ ہم نے یہ بات پچھلے

فِی الۡمِلَّةِ الۡاٰخِرَةِ ۖۚ اِنۡ هٰذَاۤ اِلَّا

مذہب میں نہیں سُنی، یہ صرف

اخْتِلَاقٌ ۝٧ ءَاُنْزِلَ عَلَيْهِ الذِّكْرُ

ایک بنائی بات ہے ۝٧ کیا ہم سب میں سے اِسی شخص پر کلامِ

مِنْۢ بَيْنِنَا ۭ بَلْ هُمْ فِيْ شَكٍّ مِّنْ

الٰہی نازل کیا گیا؛ بلکہ یہ لوگ میری یاددہانی کی طرف سے شک

ذِكْرِيْ ۚ بَلْ لَّمَّا يَذُوْقُوْا عَذَابِ ۝٨ۭ

میں ہیں، بلکہ اُنہوں نے اب تک میرے عذاب کا مزہ نہیں چکھا ۝٨

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَاۗىِٕنُ رَحْمَةِ رَبِّكَ

کیا آپ کے رب کی رحمت کے خزانے اُن کے پاس ہیں

الْعَزِيْزِ الْوَهَّابِ ۝٩ۚ اَمْ لَهُمْ مُّلْكُ

جو زبردست ہے، فیّاض ہے ۝٩ کیا آسمانوں اور زمین اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۣ قف

اُن کے درمیان کی چیزوں کی بادشاہی اُن کے اختیار میں ہے،

فَلْيَرْتَقُوْا فِي الْاَسْبَابِ ۝١٠ جُنْدٌ

پھر وہ سیڑھیاں لگا کر چڑھ جائیں ۝١٠ ایک لشکر

مَّا هُنَالِكَ مَهْزُوْمٌ مِّنَ الْاَحْزَابِ ﴿۱۱﴾

یہ بھی یہاں تباہ ہوگا سب لشکروں میں سے ﴿۱۱﴾

كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ نُوْحٍ وَّعَادٌ

اُن سے پہلے قومِ نوح اور عاد

وَّفِرْعَوْنُ ذُو الْاَوْتَادِ ﴿۱۲﴾ لا وَثَمُوْدُ

اور میخوں والا فرعون ﴿۱۲﴾ اور ثمود

وَقَوْمُ لُوْطٍ وَّاَصْحٰبُ لْـَٔيْكَةِ ط اُولٰٓئِكَ

اور قومِ لوط اور اصحابِ ایکہ نے جھٹلایا ، یہ لوگ

الْاَحْزَابُ ﴿۱۳﴾ اِنْ كُلٌّ اِلَّا كَذَّبَ

بڑی بڑی جماعتیں تھے ﴿۱۳﴾ اُن سب نے رسولوں کو جھٹلایا

الرُّسُلَ فَحَقَّ عِقَابِ ﴿۱۴﴾ ع وَمَا يَنْظُرُ ع ۱۴/۱۰

تو میرا عذاب نازل ہو کر رہا ﴿۱۴﴾ اور یہ لوگ

هٰٓؤُلَآءِ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً مَّا لَهَا

صرف ایک چنگھاڑ کے منتظر ہیں ،

مِنْ فَوَاقٍ ﴿۱۵﴾ وَقَالُوْا رَبَّنَا عَجِّلْ

جس کے بعد کوئی ڈھیل نہیں ﴿۱۵﴾ اور اُنہوں نے کہا کہ اے ہمارے رب!

لَّنَا قِطَّنَا قَبْلَ يَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۱۶﴾

ہمارا حصّہ ہم کو حساب کے دن سے پہلے دے دے ﴿۱۶﴾

اِصْبِرْ عَلٰى مَا يَقُوْلُوْنَ وَاذْكُرْ عَبْدَنَا

جو کچھ وہ کہتے ہیں اُس پر صبر کیجیے اور ہمارے بندے

دَاوٗدَ ذَا الْاَيْدِ ۚ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۷﴾ اِنَّا سَخَّرْنَا

داوٗد (علیہ السلام) کو یاد کیجیے جو قوت والا، رجوع کرنے والا تھا ﴿۱۷﴾ ہم نے

الْجِبَالَ مَعَهٗ يُسَبِّحْنَ بِالْعَشِيِّ

پہاڑوں کو اُس کے ساتھ مسخّر کردیا کہ وہ اُس کے ساتھ صبح و شام

وَالْاِشْرَاقِ ﴿۱۸﴾ وَالطَّيْرَ مَحْشُوْرَةً ؕ

تسبیح کرتے تھے ﴿۱۸﴾ اور پرندوں کو بھی جمع ہو کر،

كُلٌّ لَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿۱۹﴾ وَشَدَدْنَا مُلْكَهٗ

سب اللہ کی طرف رجوع کرنے والے تھے ﴿۱۹﴾ اور ہم نے اُس کی سلطنت مضبوط کی

وَاٰتَيْنٰهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿٢٠﴾

اور اُس کو حکمت عطا کی، اور معاملات کا فیصلہ کرنے کی صلاحیت دی ﴿٢٠﴾

وَهَلْ اَتٰىكَ نَبَؤُا الْخَصْمِ ۘ اِذْ تَسَوَّرُوا

اور کیا آپ کو خبر پہونچی ہے مُقدّمے والوں کی، جب کہ وہ دیوار

الْمِحْرَابَ ﴿٢١﴾ لا اِذْ دَخَلُوْا عَلٰى دَاوٗدَ فَفَزِعَ

پھاند کر عبادت خانے میں داخل ہو گئے ﴿٢١﴾ جب وہ داود (علیہ السلام)

مِنْهُمْ قَالُوْا لَا تَخَفْ ۚ خَصْمٰنِ بَغٰى

کے پاس پہونچے تو وہ اُن سے گھبرا گیا، اُنھوں نے کہا کہ آپ ڈریں نہیں،

بَعْضُنَا عَلٰى بَعْضٍ فَاحْكُمْ بَيْنَنَا

ہم ایک معاملے کے دو فریق ہیں، ایک نے دوسرے پر زیادتی کی ہے تو

بِالْحَقِّ وَلَا تُشْطِطْ وَاهْدِنَآ اِلٰى

آپ ہمارے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کیجیے، بے انصافی نہ کیجیے اور ہم کو

سَوَآءِ الصِّرَاطِ ﴿٢٢﴾ اِنَّ هٰذَآ اَخِیْ ۖ قف لَهٗ

راہِ راست بتایئے ﴿٢٢﴾ درحقیقت یہ میرا بھائی ہے، اُس کے پاس

وقف لازم

تِسۡعٌ وَّتِسۡعُوۡنَ نَعۡجَةً وَّلِیَ نَعۡجَةٌ

ننانوے دُنبیاں ہیں اور میرے پاس ایک دُنبی ہے، تو وہ کہتا

وَّاحِدَةٌ ۟ فَقَالَ اَکۡفِلۡنِیۡهَا وَعَزَّنِیۡ فِی

ہے کہ وہ بھی میرے حوالے کردے، اور اُس نے بات چیت

الۡخِطَابِ ﴿۲۳﴾ قَالَ لَقَدۡ ظَلَمَكَ بِسُؤَالِ

میں مجھ کو دبالیا ہے (۲۳) داؤد نے کہا: اُس نے تمہاری دُنبی کو اپنی

نَعۡجَتِكَ اِلٰی نِعَاجِهٖ ؕ وَاِنَّ کَثِیۡرًا مِّنَ

دُنبیوں میں مِلانے کا مطالبہ کرکے واقعی تم پر ظلم کیا ہے، اور اکثر

الۡخُلَطَآءِ لَیَبۡغِیۡ بَعۡضُهُمۡ عَلٰی بَعۡضٍ

شُرکاء ایک دوسرے پر زیادتی کیا کرتے ہیں

اِلَّا الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

مگر وہ جو ایمان رکھتے ہیں اور نیک عمل کرتے ہیں ،

وَقَلِیۡلٌ مَّا هُمۡ ؕ وَظَنَّ دَاوٗدُ اَنَّمَا فَتَنّٰهُ

اور ایسے لوگ بہت کم ہیں، اور داؤد کو خیال آیا کہ ہم نے اُس کا امتحان لیا ہے

فَاسْتَغْفَرَ رَبَّهٗ وَخَرَّ رَاكِعًا وَّاَنَابَ ۩ ﴿٢٤﴾

تو اُس نے اپنے رب سے معافی مانگی اور سجدے میں گر گئے اور رجوع ہوئے ﴿٢٤﴾

فَغَفَرْنَا لَهٗ ذٰلِكَ ؕ وَاِنَّ لَهٗ عِنْدَنَا

پھر ہم نے اُس کے لیے وہ معاف کر دیا، اور بے شک ہمارے

لَزُلْفٰى وَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿٢٥﴾ يٰدَاوٗدُ اِنَّا

یہاں اُس کے لیے تقرب ہے اور اچھا انجام ہے ﴿٢٥﴾ اے داوٗد!

جَعَلْنٰكَ خَلِيْفَةً فِى الْاَرْضِ فَاحْكُمْ

ہم نے تم کو زمین میں خلیفہ (حاکم) بنایا ہے تو لوگوں کے

بَيْنَ النَّاسِ بِالْحَقِّ وَلَا تَتَّبِعِ الْهَوٰى

درمیان انصاف کے ساتھ فیصلہ کرو اور خواہش کی پیروی نہ کرو،

فَيُضِلَّكَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ الَّذِيْنَ

کہ وہ تم کو اللہ کی راہ سے بھٹکا دے گی ، یقیناً

يَضِلُّوْنَ عَنْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَهُمْ

جو لوگ اللہ کی راہ سے بھٹکتے ہیں اُن کے لیے

عَذَابٌ شَدِيْدٌۢ بِمَا نَسُوْا يَوْمَ

سخت عذاب ہے اِس وجہ سے کہ وہ حساب کے دن کو

الْحِسَابِ ﴿٢٦﴾ وَمَا خَلَقْنَا السَّمَآءَ

بھولے رہے ﴿٢٦﴾ اور ہم نے آسمان اور زمین

ع ۱۲/۲

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا بَاطِلًا ؕ ذٰلِكَ

اور جو اُن کے درمیان ہے بے کار نہیں پیدا کیا ہے، یہ اُن

ظَنُّ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا ۚ فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ

لوگوں کا گمان ہے جنہوں نے انکار کیا، تو جن لوگوں نے

كَفَرُوْا مِنَ النَّارِ ﴿٢٧﴾ اَمْ نَجْعَلُ

انکار کیا اُن کے لیے بربادی ہے آگ سے ﴿٢٧﴾ کیا ہم اُن لوگوں

الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ

کو جو ایمان لائے اور اچھے کام کیے اُن کی مانند کر دیں گے

كَالْمُفْسِدِيْنَ فِي الْاَرْضِ ز اَمْ نَجْعَلُ

جو زمین میں فساد کرنے والے ہیں، یا ہم پرہیزگاروں کو

الْمُتَّقِيْنَ كَالْفُجَّارِ ﴿٢٨﴾ كِتٰبٌ اَنْزَلْنٰهُ

بدکاروں جیسا کردیں گے ﴿۲۸﴾ یہ ایک بابرکت کتاب ہے جو ہم نے

اِلَيْكَ مُبٰرَكٌ لِّيَدَّبَّرُوْٓا اٰيٰتِهٖ وَلِيَتَذَكَّرَ

آپ کی طرف اُتاری ہے؛ تاکہ لوگ اُس کی آیتوں پر غور کریں اور

اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿٢٩﴾ وَوَهَبْنَا لِدَاوٗدَ

تاکہ عقل والے اُس سے نصیحت حاصل کریں ﴿۲۹﴾ اور ہم نے داوٗد کو

سُلَيْمٰنَ ؕ نِعْمَ الْعَبْدُ ؕ اِنَّهٗٓ اَوَّابٌ ﴿٣٠﴾ؕ

سلیمان عطا کیا، بہترین بندہ، اپنے رب کی طرف بہت رجوع کرنے والا ﴿۳۰﴾

اِذْ عُرِضَ عَلَيْهِ بِالْعَشِيِّ الصّٰفِنٰتُ

جب شام کے وقت اُس کے سامنے تیز رفتار، عمدہ گھوڑے

الْجِيَادُ ﴿٣١﴾ۙ فَقَالَ اِنِّيْٓ اَحْبَبْتُ

پیش کیے گئے ﴿۳۱﴾ تو کہنے لگے: میں نے اپنے پروردگار کی یاد پر

حُبَّ الْخَيْرِ عَنْ ذِكْرِ رَبِّيْ ۚ حَتّٰى

اِن گھوڑوں کی محبّت کو ترجیح دی ؛ یہاں تک کہ

تَوَارَتْ بِالْحِجَابِ ﴿٣٢﴾ رُدُّوْهَا عَلَيَّ ؕ
آفتاب چھپ گیا ﴿٣٢﴾ اُن کو میرے پاس واپس لاؤ ،

فَطَفِقَ مَسْحًا بِالسُّوْقِ وَالْاَعْنَاقِ ﴿٣٣﴾
پھر وہ جھاڑنے لگا پنڈلیاں اور گردنیں ﴿٣٣﴾

وَلَقَدْ فَتَنَّا سُلَيْمٰنَ وَاَلْقَيْنَا عَلٰى
اور ہم نے سلیمان (علیہ السلام) کو آزمایا اور ہم نے اُس کے تخت پر

كُرْسِيِّهٖ جَسَدًا ثُمَّ اَنَابَ ﴿٣٤﴾ قَالَ
ایک جسم ڈال دیا، پھر اُس نے رجوع کیا ﴿٣٤﴾ اُس نے کہا کہ

رَبِّ اغْفِرْ لِيْ وَهَبْ لِيْ مُلْكًا
اے میرے رب! مجھ کو معاف کر دیجیے اور مجھ کو ایسی سلطنت

لَّا يَنْۢبَغِيْ لِاَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِيْ ۚ اِنَّكَ
دیجیے جو میرے بعد کسی کے لیے سزاوار نہ ہو، بے شک آپ

اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٣٥﴾ فَسَخَّرْنَا لَهُ الرِّيْحَ
بڑے دینے والے ہیں ﴿٣٥﴾ تو ہم نے ہوا کو اُس کے تابع کر دیا،

تَجۡرِيۡ بِاَمۡرِهٖ رُخَآءً حَيۡثُ اَصَابَۙ ﴿٣٦﴾

وہ اُس کے حکم سے نرمی کے ساتھ چلتی تھی جدھر وہ چاہتے ﴿٣٦﴾

وَالشَّيٰطِيۡنَ كُلَّ بَنَّآءٍ وَّغَوَّاصٍۙ ﴿٣٧﴾

اور جنات کو بھی اُس کا تابع کر دیا، ہر طرح کے عمارت بنانے والے، غوطہ لگانے والے ﴿٣٧﴾

وَّاٰخَرِيۡنَ مُقَرَّنِيۡنَ فِى الۡاَصۡفَادِ ﴿٣٨﴾

اور دوسرے جو زنجیروں میں جکڑے ہوئے رہتے ﴿٣٨﴾

هٰذَا عَطَآؤُنَا فَامۡنُنۡ اَوۡ اَمۡسِكۡ

یہ ہے ہمارا عطیہ ، اب تم احسان کرو یا روک رکھو،

بِغَيۡرِ حِسَابٍ ﴿٣٩﴾ وَاِنَّ لَهٗ عِنۡدَنَا

کچھ حساب نہیں ﴿٣٩﴾ اور یقیناً اُس کے لیے ہمارے یہاں

لَزُلۡفٰى وَحُسۡنَ مَاٰبٍ ﴿٤٠﴾ وَاذۡكُرۡ عَبۡدَنَاۤ

قُرب ہے اور بہتر انجام ﴿٤٠﴾ اور ہمارے بندے ایوب (علیہ السلام)

اَيُّوۡبَ‌ۘ اِذۡ نَادٰى رَبَّهٗۤ اَنِّىۡ مَسَّنِىَ

کو یاد کرو، جب اُس نے اپنے رب کو پکارا کہ شیطان نے مجھ کو

ع ٤ ١٤

وقف لازم

الشَّيۡطٰنُ بِنُصۡبٍ وَّعَذَابٍ ؕ ﴿۴۱﴾ اُرۡكُضۡ

تکلیف اور عذاب میں ڈال دیا ہے ﴿۴۱﴾ اپنا پاؤں

بِرِجۡلِكَ ۚ هٰذَا مُغۡتَسَلٌۢ بَارِدٌ

مارو ، یہ ٹھنڈا پانی ہے نہانے کے لیے اور پینے

وَّشَرَابٌ ﴿۴۲﴾ وَوَهَبۡنَا لَهٗۤ اَهۡلَهٗ

کے لیے ﴿۴۲﴾ اور ہم نے اُس کو اُس کا کُنبہ عطا کیا

وَمِثۡلَهُمۡ مَّعَهُمۡ رَحۡمَةً مِّنَّا وَذِكۡرٰى

اور اُن کے ساتھ اُن کے برابر اور بھی، اپنی رحمت کے طور پر اور

لِاُولِى الۡاَلۡبَابِ ﴿۴۳﴾ وَخُذۡ بِيَدِكَ

عقل والوں کے لیے نصیحت کے طور پر ﴿۴۳﴾ اور اپنے ہاتھ

ضِغۡثًا فَاضۡرِبۡ بِّهٖ وَلَا تَحۡنَثۡ ؕ

میں تنکوں کا ایک مٹھا لو اور اُس سے مارو اور قسم نہ توڑو ،

اِنَّا وَجَدۡنٰهُ صَابِرًا ؕ نِعۡمَ الۡعَبۡدُ ؕ

بے شک ہم نے اُس کو صبر کرنے والا پایا ، بہترین بندہ ،

إِنَّهُۥٓ أَوَّابٌ ﴿٤٤﴾ وَاذْكُرْ عِبَدَنَآ إِبْرَٰهِيمَ

اپنے رب کی طرف بہت رجوع کرنے والا ﴿۴۴﴾ اور ہمارے بندوں ابراہیم

وَإِسْحَٰقَ وَيَعْقُوبَ أُولِى الْأَيْدِى

اور اسحاق اور یعقوب کو یاد کرو ، وہ ہاتھوں والے

وَالْأَبْصَٰرِ ﴿٤٥﴾ إِنَّآ أَخْلَصْنَٰهُم بِخَالِصَةٍ

اور آنکھوں والے تھے ﴿۴۵﴾ ہم نے اُن کو ایک خاص بات کے ساتھ

ذِكْرَى الدَّارِ ﴿٤٦﴾ وَإِنَّهُمْ عِندَنَا

مخصوص کیا تھا کہ وہ آخرت کی یاد دہانی ہے ﴿۴۶﴾ اور وہ ہمارے

لَمِنَ الْمُصْطَفَيْنَ الْأَخْيَارِ ﴿٤٧﴾ وَاذْكُرْ

یہاں چُنے ہوئے نیک لوگوں میں سے تھے ﴿۴۷﴾ اور

إِسْمَٰعِيلَ وَالْيَسَعَ وَذَا الْكِفْلِ ۖ وَكُلٌّ

اسماعیل اور اَلیَسع اور ذوالکِفل کو یاد کرو ، سب

مِّنَ الْأَخْيَارِ ﴿٤٨﴾ هَٰذَا ذِكْرٌ ۚ وَإِنَّ

نیک لوگوں میں سے تھے ﴿۴۸﴾ یہ نصیحت ہے ، اور بے شک

لِلْمُتَّقِيْنَ لَحُسْنَ مَاٰبٍ ﴿۴۹﴾ جَنّٰتِ

اللہ سے ڈرنے والوں کے لیے اچھا ٹھکانہ ہے ﴿۴۹﴾ ہمیشہ کے

عَدْنٍ مُّفَتَّحَةً لَّهُمُ الْاَبْوَابُ ﴿۵۰﴾

باغ جن کے دروازے اُن کے لیے کُھلے ہوں گے ﴿۵۰﴾

مُتَّكِـِٕيْنَ فِيْهَا يَدْعُوْنَ فِيْهَا بِفَاكِهَةٍ

وہ اُن میں تکیہ لگائے بیٹھے ہوں گے ، بہت سے میوے

كَثِيْرَةٍ وَّشَرَابٍ ﴿۵۱﴾ وَعِنْدَهُمْ

اور مشروبات طلب کرتے ہوں گے ﴿۵۱﴾ اور اُن کے پاس

قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ اَتْرَابٌ ﴿۵۲﴾ هٰذَا مَا

شرمیلی ہم عُمر بیویاں ہوں گی ﴿۵۲﴾ یہ ہے وہ چیز جس کا

تُوْعَدُوْنَ لِيَوْمِ الْحِسَابِ ﴿۵۳﴾ اِنَّ

تم سے حساب کا دن آنے پر وعدہ کیا جاتا ہے ﴿۵۳﴾ یہ ہمارا

هٰذَا لَرِزْقُنَا مَا لَهٗ مِنْ نَّفَادٍ ﴿۵۴﴾

رزق ہے جو کبھی ختم ہونے والا نہیں ﴿۵۴﴾

الثلثة

هٰذَا ؕ وَاِنَّ لِلطّٰغِیْنَ لَشَرَّ مَاٰبٍ ۝۵۵ۙ

یہ بات ہو چکی ، اور سرکشوں کے لیے بُرا ٹھکانہ ہے ۝۵۵

جَهَنَّمَ ۚ یَصْلَوْنَهَا ۚ فَبِئْسَ الْمِهَادُ ۝۵۶

جہنم ، اُس میں وہ داخل ہوں گے ، پس کیا ہی بُری جگہ ہے ۝۵۶

هٰذَا ۙ فَلْیَذُوْقُوْهُ حَمِیْمٌ وَّغَسَّاقٌ ۝۵۷ۙ

یہ کھولتا ہوا پانی اور پیپ ہے ، تو یہ لوگ اِن کو چکھیں ۝۵۷

وَّاٰخَرُ مِنْ شَكْلِهٖۤ اَزْوَاجٌ ۝۵۸ؕ هٰذَا فَوْجٌ

اور اِس قِسم کی دوسری اور بھی چیزیں ہوں گی ۝۵۸ یہ ایک فوج

مُّقْتَحِمٌ مَّعَكُمْ ۚ لَا مَرْحَبًۢا بِهِمْ ؕ

تمہارے پاس گُھسی چلی آ رہی ہے ، اُن کے لیے کوئی استقبال

اِنَّهُمْ صَالُوا النَّارِ ۝۵۹ قَالُوْا بَلْ اَنْتُمْ ۘ

نہیں ، وہ آگ میں پڑنے والے ہیں ۝۵۹ وہ کہیں گے : بلکہ

لَا مَرْحَبًۢا بِكُمْ ؕ اَنْتُمْ قَدَّمْتُمُوْهُ

تمہارے لیے کوئی استقبال نہیں ، تمہیں تو یہ ہمارے آگے لائے ہو ،

لَنَا ۚ فَبِئْسَ الْقَرَارُ ﴿٦٠﴾ قَالُوْا رَبَّنَا

پس کیسا بُرا ہے یہ ٹھکانہ ﴿٦٠﴾ وہ کہیں گے کہ اے ہمارے رب!

مَنْ قَدَّمَ لَنَا هٰذَا فَزِدْهُ عَذَابًا

جو شخص اِس کو ہمارے آگے لایا اُس کو دوگنا عذاب دے

ضِعْفًا فِي النَّارِ ﴿٦١﴾ وَقَالُوْا مَا لَنَا

جہنم میں ﴿٦١﴾ اور وہ کہیں گے : کیا بات ہے کہ

لَا نَرٰى رِجَالًا كُنَّا نَعُدُّهُمْ مِّنَ

ہم اُن لوگوں کو یہاں نہیں دیکھ رہے ہیں جن کو ہم بُرے لوگوں

الْاَشْرَارِ ﴿٦٢﴾ اَتَّخَذْنٰهُمْ سِخْرِيًّا اَمْ

میں شُمار کرتے تھے ﴿٦٢﴾ کیا ہم نے اُن کو مذاق بنالیا تھا یا

زَاغَتْ عَنْهُمُ الْاَبْصَارُ ﴿٦٣﴾ اِنَّ ذٰلِكَ

اُن سے نگاہیں چوک رہی ہیں ﴿٦٣﴾ بے شک یہ بات

لَحَقٌّ تَخَاصُمُ اَهْلِ النَّارِ ﴿٦٤﴾ ع ٢٤/١٣

سچی ہے ، اہلِ دوزخ کا آپس میں جھگڑنا ﴿٦٤﴾

قُلْ اِنَّمَآ اَنَا مُنْذِرٌ ۖۗ وَّمَا مِنْ اِلٰهٍ
کہہ دیجیے کہ میں تو صرف ایک ڈرانے والا ہوں، اور کوئی معبود نہیں

اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ ۚ ﴿۶۵﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ
مگر اللہ ، یکتا اور غالب ﴿۶۵﴾ وہ رب ہے آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ
اور زمین کا اور اُن چیزوں کا جو اُن کے درمیان ہے، وہ زبردست ہے،

الْغَفَّارُ ﴿۶۶﴾ قُلْ هُوَ نَبَؤٌا عَظِيْمٌ ۙ ﴿۶۷﴾
بخشنے والا ہے ﴿۶۶﴾ کہہ دیجیے کہ یہ ایک بڑی خبر ہے ﴿۶۷﴾

اَنْتُمْ عَنْهُ مُعْرِضُوْنَ ﴿۶۸﴾ مَا كَانَ
جس سے تم بے پرواہ ہو رہے ہو ﴿۶۸﴾ مجھ کو

لِيَ مِنْ عِلْمٍۢ بِالْمَلَاِ الْاَعْلٰٓى اِذْ
عالَمِ بالا کی کچھ خبر نہ تھی جب کہ وہ آپس میں تکرار کر رہے

يَخْتَصِمُوْنَ ﴿۶۹﴾ اِنْ يُّوْحٰٓى اِلَيَّ اِلَّآ
تھے ﴿۶۹﴾ میرے پاس تو وحی بس اِسی لیے آتی ہے کہ

اَنَّمَآ اَنَا۠ نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٧٠﴾ اِذْ قَالَ

میں ایک کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿٧٠﴾ جب آپ کے

رَبُّكَ لِلْمَلٰٓئِكَةِ اِنِّيْ خَالِقٌۢ بَشَرًا

رب نے فرشتوں سے کہا کہ میں مٹی سے ایک انسان بنانے

مِّنْ طِيْنٍ ﴿٧١﴾ فَاِذَا سَوَّيْتُهٗ وَنَفَخْتُ

والا ہوں ﴿٧١﴾ پھر جب میں اُس کو درست کرلوں اور اُس میں اپنی

فِيْهِ مِنْ رُّوْحِيْ فَقَعُوْا لَهٗ سٰجِدِيْنَ ﴿٧٢﴾

روح پھونک دوں تو تم اُس کے آگے سجدے میں گر پڑنا ﴿٧٢﴾

فَسَجَدَ الْمَلٰٓئِكَةُ كُلُّهُمْ اَجْمَعُوْنَ ﴿٧٣﴾ لا

پس تمام فرشتوں نے سجدہ کیا ﴿٧٣﴾

اِلَّآ اِبْلِيْسَ ؕ اِسْتَكْبَرَ وَكَانَ مِنَ

مگر ابلیس، کہ اُس نے گھمنڈ کیا اور وہ انکار کرنے والوں میں

الْكٰفِرِيْنَ ﴿٧٤﴾ قَالَ يٰٓاِبْلِيْسُ مَا مَنَعَكَ

سے ہوگیا ﴿٧٤﴾ فرمایا کہ اے ابلیس! کس چیز نے تجھ کو روک دیا کہ

اَنۡ تَسۡجُدَ لِمَا خَلَقۡتُ بِيَدَىَّ ؕ

تو اُس کو سجدہ کرے جس کو میں نے اپنے ہاتھوں سے بنایا،

اَسۡتَكۡبَرۡتَ اَمۡ كُنۡتَ مِنَ الۡعَالِيۡنَ ﴿٧٥﴾

تو نے تکبّر کیا یا تو بڑے درجے والوں میں سے ہے؟ ﴿٧٥﴾

قَالَ اَنَا خَيۡرٌ مِّنۡهُ ؕ خَلَقۡتَنِىۡ مِنۡ نَّارٍ

اُس نے کہا کہ میں آدم سے بہتر ہوں، تو نے مجھ کو آگ سے پیدا کیا ہے

وَّخَلَقۡتَهٗ مِنۡ طِيۡنٍ ﴿٧٦﴾ قَالَ فَاخۡرُجۡ

اور اُس کو مٹّی سے ﴿٧٦﴾ فرمایا کہ تو یہاں سے نکل جا؛

مِنۡهَا فَاِنَّكَ رَجِيۡمٌ ﴿٧٧﴾ صلے وَّاِنَّ عَلَيۡكَ

کیونکہ تو مردود ہے ﴿٧٧﴾ اور تجھ پر میری

لَعۡنَتِىۡۤ اِلٰى يَوۡمِ الدِّيۡنِ ﴿٧٨﴾ قَالَ

لعنت ہے بدلے کے دن تک ﴿٧٨﴾ ابلیس نے کہا کہ اے میرے رب!

رَبِّ فَاَنۡظِرۡنِىۡۤ اِلٰى يَوۡمِ يُبۡعَثُوۡنَ ﴿٧٩﴾

مجھ کو مہلت دے اُس دن تک کے لیے جب لوگ دوبارہ اُٹھائے جائیں گے ﴿٧٩﴾

قَالَ فَاِنَّكَ مِنَ الْمُنْظَرِيْنَ ﴿٨٠﴾ اِلٰى

فرمایا کہ تجھ کو مہلت دی گئی ﴿٨٠﴾ وقت

يَوْمِ الْوَقْتِ الْمَعْلُوْمِ ﴿٨١﴾ قَالَ

مُعیّن تک کے لیے ﴿٨١﴾ اُس نے کہا کہ

فَبِعِزَّتِكَ لَاُغْوِيَنَّهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٢﴾

تیری عزّت کی قسم! میں اُن سب کو گمراہ کر کے رہوں گا ﴿٨٢﴾

اِلَّا عِبَادَكَ مِنْهُمُ الْمُخْلَصِيْنَ ﴿٨٣﴾

سوائے تیرے اُن بندوں کے جنہیں تو نے خالص کرلیا ہے ﴿٨٣﴾

قَالَ فَالْحَقُّ ۟ وَالْحَقَّ اَقُوْلُ ﴿٨٤﴾

فرمایا: تو حق یہ ہے، اور میں حق ہی کہتا ہوں ﴿٨٤﴾

لَاَمْلَئَنَّ جَهَنَّمَ مِنْكَ وَمِمَّنْ

کہ میں جہنم کو تجھ سے اور اُن تمام لوگوں سے بھر دوں گا

تَبِعَكَ مِنْهُمْ اَجْمَعِيْنَ ﴿٨٥﴾ قُلْ

جو اُن میں سے تیری پیروی کریں گے ﴿٨٥﴾ کہہ دیجیے کہ

مَآ اَسْـَٔلُكُمْ عَلَيْهِ مِنْ اَجْرٍ وَّمَآ اَنَاْ

میں اِس پر تم سے کوئی اجر نہیں مانگتا ، اور نہ میں

مِنَ الْمُتَكَلِّفِيْنَ ﴿٨٦﴾ اِنْ هُوَ اِلَّا

تکلّف کرنے والوں میں سے ہوں ﴿٨٦﴾ یہ تو بس ایک نصیحت ہے

ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٨٧﴾ وَلَتَعْلَمُنَّ نَبَاَهٗ

دنیا والوں کے لیے ﴿٨٧﴾ اور تم جلد اُس کی دی ہوئی

بَعْدَ حِيْنٍ ﴿٨٨﴾ ع

خبر کو جان لوگے ﴿٨٨﴾

ع ٥ ٢٤ ١٤

سورۂ زمر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (٥٢) سے (٥٤) تک مدینہ منورہ میں نازل ہوئی ہیں۔ اِس میں (٧٥) آیتیں اور (٨) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٥٩) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٣٩) نمبر پر ہے اور سورۂ سبا کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (١١٧٢) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٤٩٠٨) حروف ہیں

تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ

یہ کتاب اللہ کی طرف سے اُتاری گئی ہے جو زبردست ہے،

الْحَكِيْمِ ﴿١﴾ اِنَّآ اَنْزَلْنَآ اِلَيْكَ

حکمت والا ہے ﴿١﴾ بے شک ہم نے یہ کتاب آپ کی طرف

اَلْكِتٰبَ بِالْحَقِّ فَاعْبُدِ اللّٰهَ مُخْلِصًا

حق کے ساتھ اُتاری ہے، پس آپ اللہ ہی کی عبادت کیجیے

لَّهُ الدِّيْنَ ؕ﴿۲﴾ اَلَا لِلّٰهِ الدِّيْنُ

اُسی کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے ﴿۲﴾ سُن لو! دین خالص

الْخَالِصُ ؕ وَالَّذِيْنَ اتَّخَذُوْا مِنْ

صرف اللہ کے لیے ہے، اور جن لوگوں نے اُس کے سوا

دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءَ ۘ مَا نَعْبُدُهُمْ اِلَّا

دوسرے حمایتی بنا رکھے ہیں کہ ہم تو اُن کی عبادت صرف اِس

وقف لازم

لِيُقَرِّبُوْنَآ اِلَى اللّٰهِ زُلْفٰى ؕ اِنَّ اللّٰهَ

لیے کرتے ہیں کہ وہ ہم کو اللہ سے قریب کر دیں، بے شک اللہ

يَحْكُمُ بَيْنَهُمْ فِيْ مَا هُمْ فِيْهِ

اُن کے درمیان اُس بات کا فیصلہ کر دے گا جس میں

يَخْتَلِفُوْنَ ؕ۬ اِنَّ اللّٰهَ لَا يَهْدِيْ مَنْ

وہ اختلاف کر رہے ہیں، اللہ ایسے شخص کو ہدایت نہیں دیتا

هُوَ كٰذِبٌ كَفَّارٌ ۝۳ لَوْ اَرَادَ اللّٰهُ اَنْ

جو جھوٹا ہو، حق کو نہ ماننے والا ہو ۝۳ اگر اللہ چاہتا کہ

يَّتَّخِذَ وَلَدًا لَّاصْطَفٰى مِمَّا يَخْلُقُ

وہ بیٹا بنائے تو اپنی مخلوق میں سے جس کو چاہتا چُن

مَا يَشَآءُ ۙ سُبْحٰنَهٗ ؕ هُوَ اللّٰهُ الْوَاحِدُ

لیتا، وہ پاک ہے، وہ اللہ ہے، اکیلا،

الْقَهَّارُ ۝۴ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ

سب پر غالب ۝۴ اُس نے آسمانوں اور زمین کو حق کے ساتھ

بِالْحَقِّ ۚ يُكَوِّرُ الَّيْلَ عَلَى النَّهَارِ وَيُكَوِّرُ

پیدا کیا، وہ رات کو دن پر لپیٹتا ہے اور دن کو رات پر

النَّهَارَ عَلَى الَّيْلِ وَسَخَّرَ الشَّمْسَ

لپیٹتا ہے، اور اُس نے سورج اور چاند کو مُسخّر

وَالْقَمَرَ ؕ كُلٌّ يَّجْرِيْ لِاَجَلٍ مُّسَمًّى ؕ

کر رکھا ہے، ہر ایک مُعیّن مدت تک چل رہا ہے،

اَلَا هُوَ الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ ﴿٥﴾ خَلَقَكُمْ

سُن لو کہ وہ زبردست ہے ، بخشنے والا ہے ﴿٥﴾ اللہ نے

مِّنْ نَّفْسٍ وَّاحِدَةٍ ثُمَّ جَعَلَ مِنْهَا

تم کو ایک جان سے پیدا کیا پھر اُس نے اُسی سے اُس کا جوڑا بنایا

زَوْجَهَا وَاَنْزَلَ لَكُمْ مِّنَ الْاَنْعَامِ ثَمٰنِيَةَ

اور اُسی نے تمہارے لیے نَر و مادہ چوپایوں کی آٹھ قسمیں

اَزْوَاجٍ ؕ يَخْلُقُكُمْ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ

اُتاری ، وہ تم کو تمہاری ماؤں کے پیٹ میں بناتا ہے ایک

خَلْقًا مِّنْۢ بَعْدِ خَلْقٍ فِيْ ظُلُمٰتٍ ثَلٰثٍ ؕ

مرحلے کے بعد دوسرے مرحلے میں تین تاریکیوں کے اندر،

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبُّكُمْ لَهُ الْمُلْكُ ؕ لَاۤ اِلٰهَ

یہی اللہ تمہارا رب ہے، بادشاہت اُسی کی ہے، اُس کے سوا کوئی

اِلَّا هُوَ ۚ فَاَنّٰى تُصْرَفُوْنَ ﴿٦﴾ اِنْ تَكْفُرُوْا

معبود نہیں، پھر تم کہاں سے پھیرے جاتے ہو ﴿٦﴾ اگر تم انکار کرو

فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِیٌّ عَنۡكُمۡ ۟ وَلَا يَرۡضٰى

تو اللہ تم سے بے نیاز ہے، اور وہ اپنے بندوں کے لیے

لِعِبَادِهِ الۡكُفۡرَ ۚ وَاِنۡ تَشۡكُرُوۡا يَرۡضَهُ

انکار کو پسند نہیں کرتا، اور اگر تم شکر کرو تو وہ اُس کو تمہارے لیے پسند کرتا

لَكُمۡ ؕ وَلَا تَزِرُ وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰى ؕ

ہے، اور کوئی بوجھ اُٹھانے والا کسی دوسرے کا بوجھ نہ اُٹھائے گا،

ثُمَّ اِلٰى رَبِّكُمۡ مَّرۡجِعُكُمۡ فَيُنَبِّئُكُمۡ

پھر تمہارے رب ہی کی طرف تمہاری واپسی ہے تو

بِمَا كُنۡتُمۡ تَعۡمَلُوۡنَ ؕ اِنَّهٗ عَلِيۡمٌۢ بِذَاتِ

وہ تم کو بتا دے گا جو تم کرتے تھے، بے شک وہ دِلوں کی بات کو

الصُّدُوۡرِ ۞٧ وَاِذَا مَسَّ الۡاِنۡسَانَ

جاننے والا ہے ۞٧ اور جب انسان کو کوئی تکلیف پہونچتی ہے

ضُرٌّ دَعَا رَبَّهٗ مُنِيۡبًا اِلَيۡهِ ثُمَّ اِذَا

تو وہ اپنے رب کو پکارتا ہے اُس کی طرف رجوع ہو کر، پھر جب

خَوَّلَهٗ نِعۡمَةً مِّنۡهُ نَسِيَ مَا كَانَ

وہ اُس کو اپنے پاس سے نعمت دے دیتا ہے تو وہ اُس چیز کو بھول

يَدۡعُوۡۤا اِلَيۡهِ مِنۡ قَبۡلُ وَجَعَلَ لِلّٰهِ

جاتا ہے جس کے لیے وہ پہلے پکار رہا تھا، اور وہ دوسروں کو اللہ کے

اَنۡدَادًا لِّيُضِلَّ عَنۡ سَبِيۡلِهٖ ؕ قُلۡ

برابر ٹھہرانے لگتا ہے؛ تاکہ اُس کی راہ سے گمراہ کردے، کہہ دیجیے

تَمَتَّعۡ بِكُفۡرِكَ قَلِيۡلًا ۖ اِنَّكَ مِنۡ

کہ اپنے کفر سے تھوڑے دن فائدہ اُٹھا لے ، بے شک تو

اَصۡحٰبِ النَّارِ ۸ اَمَّنۡ هُوَ قَانِتٌ

آگ والوں میں سے ہے ۸ بھلا جو شخص رات کی

اٰنَآءَ الَّيۡلِ سَاجِدًا وَّقَآئِمًا يَّحۡذَرُ

گھڑیوں میں سجدہ اور قیام کی حالت میں عاجزی کر رہا ہو،

الۡاٰخِرَةَ وَيَرۡجُوۡا رَحۡمَةَ رَبِّهٖ ؕ قُلۡ

آخرت سے ڈرتا ہو اور اپنے رب کی رحمت کا اُمیدوار ہو، کہہ دیجیے:

هَلْ يَسْتَوِى الَّذِيْنَ يَعْلَمُوْنَ

کیا جاننے والے اور نہ جاننے والے

وَالَّذِيْنَ لَا يَعْلَمُوْنَ ؕ اِنَّمَا يَتَذَكَّرُ

برابر ہو سکتے ہیں ، نصیحت تو وہی لوگ پکڑتے ہیں

اُولُوا الْاَلْبَابِ ۹ قُلْ يٰعِبَادِ ع ٩ ١٥

جو عقل والے ہیں ۹ کہہ دیجیے کہ اے میرے بندو

الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ؕ لِلَّذِيْنَ

جو ایمان لائے ہو اپنے رب سے ڈرو ، جو لوگ

اَحْسَنُوْا فِىْ هٰذِهِ الدُّنْيَا حَسَنَةٌ ؕ

اِس دنیا میں نیکی کریں گے اُن کے لیے نیک صِلہ ہے ،

وَاَرْضُ اللّٰهِ وَاسِعَةٌ ؕ اِنَّمَا يُوَفَّى

اور اللہ کی زمین وسیع ہے ، بے شک صبر کرنے

الصّٰبِرُوْنَ اَجْرَهُمْ بِغَيْرِ حِسَابٍ ۱۰

والوں کو اُن کا اجر بے حساب دیا جائے گا ۱۰

قُلْ اِنِّيْٓ اُمِرْتُ اَنْ اَعْبُدَ اللّٰهَ
کہہ دیجیے کہ مجھ کو حکم دیا گیا ہے کہ میں اللہ ہی کی عبادت کروں،

مُخْلِصًا لَّهُ الدِّيْنَ ۙ﴿۱۱﴾ وَاُمِرْتُ
اُسی کے لیے دین کو خالص کرتے ہوئے ﴿۱۱﴾ اور مجھ کو حکم

لِاَنْ اَكُوْنَ اَوَّلَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۲﴾ قُلْ
دیا گیا ہے کہ میں سب سے پہلے خود مسلم بنوں ﴿۱۲﴾ کہہ دیجیے کہ

اِنِّيْٓ اَخَافُ اِنْ عَصَيْتُ رَبِّيْ عَذَابَ
اگر میں اپنے رب کی نافرمانی کروں تو میں ایک ہولناک

يَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۱۳﴾ قُلِ اللّٰهَ اَعْبُدُ
دن کے عذاب سے ڈرتا ہوں ﴿۱۳﴾ کہہ دیجیے کہ میں اللہ کی عبادت کرتا

مُخْلِصًا لَّهُ دِيْنِيْ ۙ﴿۱۴﴾ فَاعْبُدُوْا
ہوں اُسی کے لیے اپنے دین کو خالص کرتے ہوئے ﴿۱۴﴾ پس تم

مَا شِئْتُمْ مِّنْ دُوْنِهٖ ۭ قُلْ اِنَّ
اُس کے سوا جس کی چاہے عبادت کرو ، کہہ دیجیے کہ

الْخٰسِرِيْنَ الَّذِيْنَ خَسِرُوْٓا اَنْفُسَهُمْ
اصلی گھاٹے والے تو وہ ہیں جنھوں نے اپنے آپ کو اور اپنے گھر

وَاَهْلِيْهِمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ اَلَا ذٰلِكَ
والوں کو قیامت کے دن گھاٹے میں ڈالا ، سُن لو ! یہی

هُوَ الْخُسْرَانُ الْمُبِيْنُ ﴿١٥﴾ لَهُمْ مِّنْ
کُھلا ہوا گھاٹا ہے ﴿١٥﴾ اُن کے لیے اُن کے

فَوْقِهِمْ ظُلَلٌ مِّنَ النَّارِ وَمِنْ تَحْتِهِمْ
اوپر سے بھی آگ کے سائبان ہوں گے اور اُن کے نیچے سے

ظُلَلٌ ؕ ذٰلِكَ يُخَوِّفُ اللّٰهُ بِهٖ عِبَادَهٗ ؕ
بھی ، یہ چیز ہے جس سے اللہ اپنے بندوں کو ڈراتا ہے ،

يٰعِبَادِ فَاتَّقُوْنِ ﴿١٦﴾ وَالَّذِيْنَ اجْتَنَبُوا
اے میرے بندو! پس مجھ سے ڈرو ﴿١٦﴾ اور وہ لوگ جو شیطان

الطَّاغُوْتَ اَنْ يَّعْبُدُوْهَا وَاَنَابُوْٓا اِلَى
سے بچے کہ وہ اُس کی عبادت کریں اور وہ اللہ کی طرف رجوع ہوئے

اللّٰهِ لَهُمُ الْبُشْرٰى ۚ فَبَشِّرْ عِبَادِ ﴿۱۷﴾ لا

اُن کے لیے خوش خبری ہے، تو میرے اُن بندوں کو خوش خبری دے دو ﴿۱۷﴾

الَّذِيْنَ يَسْتَمِعُوْنَ الْقَوْلَ فَيَتَّبِعُوْنَ

جو بات کو غور سے سُنتے ہیں پھر اُس کے بہتر کی پیروی

اَحْسَنَهٗ ؕ اُولٰٓئِكَ الَّذِيْنَ هَدٰىهُمُ

کرتے ہیں ، یہی وہ لوگ ہیں جن کو اللہ نے ہدایت

اللّٰهُ وَاُولٰٓئِكَ هُمْ اُولُوا الْاَلْبَابِ ﴿۱۸﴾

بخشی ہے اور یہی ہیں جو عقل والے ہیں ﴿۱۸﴾

اَفَمَنْ حَقَّ عَلَيْهِ كَلِمَةُ الْعَذَابِ ؕ

کیا جس پر عذاب کی بات ثابت ہو چکی ،

اَفَاَنْتَ تُنْقِذُ مَنْ فِى النَّارِ ﴿۱۹﴾ ج لٰكِنِ

پس کیا آپ ایسے شخص کو بچا سکتے ہو جو کہ آگ میں ہے ﴿۱۹﴾ لیکن

الَّذِيْنَ اتَّقَوْا رَبَّهُمْ لَهُمْ غُرَفٌ

جو لوگ اپنے رب سے ڈرے اُن کے لیے بالا خانے ہیں

مِّنْ فَوْقِهَا غُرَفٌ مَّبْنِيَّةٌ ۙ تَجْرِيْ
جن کے اوپر اور بالاخانے ہیں بنے ہوئے، اُن کے

مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۬ ۙ وَعْدَ اللّٰهِ ؕ
نیچے نہریں بہتی ہیں، یہ اللہ کا وعدہ ہے،

لَا يُخْلِفُ اللّٰهُ الْمِيْعَادَ ﴿٢٠﴾ اَلَمْ تَرَ
اللہ اپنے وعدے کے خلاف نہیں کرتا ﴿٢٠﴾ کیا تم نے نہیں دیکھا

اَنَّ اللّٰهَ اَنْزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً
کہ اللہ نے آسمان سے پانی اُتارا

فَسَلَكَهٗ يَنَابِيْعَ فِي الْاَرْضِ ثُمَّ
پھر اُس کو زمین کے چشموں میں جاری کر دیا پھر

يُخْرِجُ بِهٖ زَرْعًا مُّخْتَلِفًا اَلْوَانُهٗ
وہ اُس سے مختلف قسم کی کھیتیاں نکالتا ہے،

ثُمَّ يَهِيْجُ فَتَرٰىهُ مُصْفَرًّا ثُمَّ
پھر وہ سوکھ جاتی ہیں تو تم اُس کو دیکھتے ہو کہ پیلی پڑ گئی ہیں پھر

يَجْعَلُهٗ حُطَامًا ؕ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ

وہ اُس کو ریزہ ریزہ کردیتا ہے ، بے شک اِس میں

لَذِكْرٰى لِاُولِي الْاَلْبَابِ ﴿٢١﴾ اَفَمَنْ

نصیحت ہے عقل والوں کے لیے ﴿٢١﴾ کیا وہ شخص

شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ فَهُوَ

جس کا سینہ اللہ نے اسلام کے لیے کھول دیا ہے پس وہ اپنے

عَلٰى نُوْرٍ مِّنْ رَّبِّهٖ ؕ فَوَيْلٌ لِّلْقٰسِيَةِ

رب کی طرف سے ایک روشنی پر ہے، تو خرابی ہے اُن کے لیے

قُلُوْبُهُمْ مِّنْ ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ فِيْ

جن کے دل اللہ کی نصیحت کے معاملے میں سخت ہوگئے، یہ لوگ

ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿٢٢﴾ اَللّٰهُ نَزَّلَ اَحْسَنَ

کُھلی ہوئی گمراہی میں ہیں ﴿٢٢﴾ اللہ نے بہترین کلام اُتارا ہے،

الْحَدِيْثِ كِتٰبًا مُّتَشَابِهًا مَّثَانِيَ

ایک ایسی کتاب آپس میں ملتی جلتی ، بار بار دُہرائی ہوئی ،

تَقْشَعِرُّ مِنْهُ جُلُوْدُ الَّذِيْنَ يَخْشَوْنَ

اُس سے اُن لوگوں کے رونگٹے کھڑے ہوجاتے ہیں جو اپنے رب سے

رَبَّهُمْ ۚ ثُمَّ تَلِيْنُ جُلُوْدُهُمْ وَقُلُوْبُهُمْ

ڈرنے والے ہیں، پھر اُن کے بدن اور اُن کے دل نرم ہو کر اللہ کی یاد کی

اِلٰى ذِكْرِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ هُدَى اللّٰهِ يَهْدِيْ

طرف متوجہ ہوجاتے ہیں، یہ اللہ کی ہدایت ہے، اُس سے وہ ہدایت

بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ

دیتا ہے جس کو وہ چاہتا ہے، اور جس کو اللہ گمراہ کردے تو اُس کو

فَمَا لَهٗ مِنْ هَادٍ ﴿٢٣﴾ اَفَمَنْ يَّتَّقِيْ

کوئی ہدایت دینے والا نہیں ﴿٢٣﴾ کیا وہ شخص جو قیامت کے دن اپنے

بِوَجْهِهٖ سُوْٓءَ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ

چہرے کو بُرے عذاب سے (بچنے کے لیے) ڈھال بنائے گا،

وَقِيْلَ لِلظّٰلِمِيْنَ ذُوْقُوْا مَا كُنْتُمْ

اور ظالموں سے کہا جائے گا کہ چکھو مزہ اُس کمائی کا

تَكْسِبُوْنَ ﴿٢٤﴾ كَذَّبَ الَّذِيْنَ مِنْ
جو تم کرتے تھے ﴿٢٤﴾ اُن سے پہلے والوں نے

قَبْلِهِمْ فَاَتٰىهُمُ الْعَذَابُ مِنْ حَيْثُ
بھی جھٹلایا تو اُن پر عذاب وہاں سے آگیا جدھر سے

لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَاَذَاقَهُمُ اللّٰهُ الْخِزْيَ
اُن کا خیال بھی نہ تھا ﴿٢٥﴾ تو اللہ نے اُن کو دنیا کی زندگی میں

فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَلَعَذَابُ الْاٰخِرَةِ
رُسوائی کا مزہ چکھایا اور آخرت کا عذاب اور بھی

اَكْبَرُ ۘ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَلَقَدْ
بڑا ہے ، کاش یہ لوگ جانتے ﴿٢٦﴾ اور ہم نے

ضَرَبْنَا لِلنَّاسِ فِيْ هٰذَا الْقُرْاٰنِ مِنْ كُلِّ
اِس قرآن میں ہر قِسم کی مثالیں بیان کی

مَثَلٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَذَكَّرُوْنَ ﴿٢٧﴾ قُرْاٰنًا
ہیں؛ تاکہ وہ نصیحت حاصل کریں ﴿٢٧﴾ یہ عربی قرآن ہے ،

وقف لازم

عَرَبِيًّا غَيْرَ ذِي عِوَجٍ لَّعَلَّهُمْ يَتَّقُونَ ﴿٢٨﴾

اِس میں کوئی ٹیڑھا پن نہیں؛ تاکہ لوگ ڈریں ﴿۲۸﴾

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا رَّجُلًا فِيهِ شُرَكَآءُ

اللہ مثال بیان کرتا ہے ایک شخص کی جس کی ملکیت میں کئی ضدی آقا

مُتَشٰكِسُونَ وَرَجُلًا سَلَمًا لِّرَجُلٍ ؕ

شریک ہیں اور دوسرا شخص پورا کا پورا ایک ہی آقا کا غلام ہے،

هَلْ يَسْتَوِيٰنِ مَثَلًا ؕ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ؕ

کیا اِن دونوں کا حال یکساں ہوگا؟ سب تعریف اللہ کے لیے ہے؛

بَلْ اَكْثَرُهُمْ لَا يَعْلَمُونَ ﴿٢٩﴾ اِنَّكَ مَيِّتٌ

لیکن اکثر لوگ نہیں جانتے ﴿۲۹﴾ آپ کو بھی مرنا ہے

وَّاِنَّهُمْ مَّيِّتُونَ ﴿٣٠﴾ ثُمَّ اِنَّكُمْ يَوْمَ

اور وہ بھی مرنے والے ہیں ﴿۳۰﴾ پھر تم لوگ قیامت کے

الْقِيٰمَةِ عِنْدَ رَبِّكُمْ تَخْتَصِمُونَ ﴿٣١﴾ ع ۳ / ۱۰ / ۱۷

دن اپنے رب کے سامنے اپنا مقدمہ پیش کروگے ﴿۳۱﴾

فَمَنْ اَظْلَمُ مِمَّنْ كَذَبَ عَلَى اللّٰهِ

اُس شخص سے زیادہ ظالم کون ہوگا جس نے اللہ پر جھوٹ باندھا

وَكَذَّبَ بِالصِّدْقِ اِذْ جَآءَهٗ ؕ اَلَيْسَ فِيْ

اور سچائی کو جھٹلادیا جب وہ اُس کے پاس آئی ، کیا ایسے

جَهَنَّمَ مَثْوًى لِّلْكٰفِرِيْنَ ﴿۳۲﴾ وَالَّذِيْ

کافروں کا ٹھکانہ جہنم میں نہ ہوگا ﴿۳۲﴾ اور جو شخص

جَآءَ بِالصِّدْقِ وَصَدَّقَ بِهٖٓ اُولٰٓئِكَ

سچائی لے کر آیا اور جس نے اُس کی تصدیق کی ، یہی لوگ اللہ

هُمُ الْمُتَّقُوْنَ ﴿۳۳﴾ لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ

سے ڈرنے والے ہیں ﴿۳۳﴾ اُن کے لیے اُن کے رب کے پاس

عِنْدَ رَبِّهِمْ ؕ ذٰلِكَ جَزٰٓؤُا الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۳۴﴾ ج

وہ سب ہے جو وہ چاہیں گے ، یہ بدلہ ہے نیکی کرنے والوں کا ﴿۳۴﴾

لِيُكَفِّرَ اللّٰهُ عَنْهُمْ اَسْوَاَ الَّذِيْ عَمِلُوْا

تاکہ اللہ اُن سے اُن کے بُرے اعمال کو دور کر دے

وَيَجْزِيَهُمْ اَجْرَهُمْ بِاَحْسَنِ الَّذِىْ
اور اُن کے نیک کاموں کے بدلے اُن کو اُن کا

كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۳۵﴾ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِكَافٍ
ثواب دے ﴿۳۵﴾ کیا اللہ اپنے بندوں کے لیے کافی

عَبْدَهٗ ؕ وَيُخَوِّفُوْنَكَ بِالَّذِيْنَ مِنْ
نہیں ہے؟ اور یہ لوگ اُس کے سِوا دوسروں سے آپ کو ڈراتے

دُوْنِهٖ ؕ وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ
ہیں ، اور اللہ جس کو گمراہ کردے اُس کو کوئی راستہ

هَادٍ ﴿۳۶﴾ۚ وَمَنْ يَّهْدِ اللّٰهُ فَمَا لَهٗ مِنْ
دکھانے والا نہیں ﴿۳۶﴾ اور اللہ جس کو ہدایت دے اُس کو

مُّضِلٍّ ؕ اَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيْزٍ ذِى
کوئی گمراہ کرنے والا نہیں ، کیا اللہ زبردست ، انتقام

انْتِقَامٍ ﴿۳۷﴾ وَلَئِنْ سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَ
لینے والا نہیں؟ ﴿۳۷﴾ اور اگر آپ اُن سے پوچھو کہ آسمانوں کو

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ ؕ قُلْ

اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ کہیں گے کہ اللہ نے، کہہ دیجیے:

اَفَرَءَيْتُمْ مَّا تَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ

تمہارا کیا خیال ہے، اللہ کے سوا تم جن کو پکارتے ہو اگر اللہ مجھ کو

اِنْ اَرَادَنِيَ اللّٰهُ بِضُرٍّ هَلْ هُنَّ كٰشِفٰتُ

کوئی تکلیف پہونچانا چاہے تو کیا یہ اُس کی دی ہوئی تکلیف کو دور

ضُرِّهٖٓ اَوْ اَرَادَنِيْ بِرَحْمَةٍ هَلْ هُنَّ

کر سکتے ہیں، یا اللہ مجھ پر کوئی مہربانی کرنا چاہے تو کیا یہ اُس کی مہربانی کو

مُمْسِكٰتُ رَحْمَتِهٖ ؕ قُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ ؕ

روکنے والے بن سکتے ہیں؟ کہہ دیجیے کہ اللہ میرے لیے کافی ہے،

عَلَيْهِ يَتَوَكَّلُ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۳۸﴾ قُلْ يٰقَوْمِ

بھروسہ کرنے والے اُسی پر بھروسہ کرتے ہیں ﴿۳۸﴾ کہہ دیں کہ

اعْمَلُوْا عَلٰى مَكَانَتِكُمْ اِنِّيْ عَامِلٌ ۚ

اے میری قوم! تم اپنی جگہ عمل کرو، میں بھی عمل کر رہا ہوں،

فَسَوۡفَ تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۳۹﴾ مَنۡ يَّاۡتِيۡهِ عَذَابٌ

تو تم جلد جان لو گے ﴿۳۹﴾ کہ کس پر رُسوا کرنے والا عذاب

يُّخۡزِيۡهِ وَيَحِلُّ عَلَيۡهِ عَذَابٌ مُّقِيۡمٌ ﴿۴۰﴾

آتا ہے اور کس پر وہ عذاب آتا ہے جو کبھی ٹلنے والا نہیں ﴿۴۰﴾

اِنَّاۤ اَنۡزَلۡنَا عَلَيۡكَ الۡكِتٰبَ لِلنَّاسِ

یقیناً ہم نے لوگوں کی ہدایت کے لیے یہ کتاب آپ پر حق کے ساتھ

بِالۡحَقِّ‌ ۚ فَمَنِ اهۡتَدٰى فَلِنَفۡسِهٖ‌ ۚ وَمَنۡ

اُتاری ہے، پس جو شخص ہدایت حاصل کرے گا وہ اپنے ہی لیے کرے گا،

ضَلَّ فَاِنَّمَا يَضِلُّ عَلَيۡهَا‌ ۚ وَمَاۤ اَنۡتَ

اور جو شخص گمراہ ہوگا تو اُس کی گمراہی اُسی پر پڑے گی، اور آپ

عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ ﴿۴۱﴾ ع اَللّٰهُ يَتَوَفَّى ع ۱۰

اُن کے اوپر ذمہ دار نہیں ہو ﴿۴۱﴾ اللہ ہی وفات دیتا ہے

الۡاَنۡفُسَ حِيۡنَ مَوۡتِهَا وَالَّتِىۡ لَمۡ تَمُتۡ

جانوں کو اُن کی موت کے وقت اور جن کی موت نہیں آئی

فِيْ مَنَامِهَا ۚ فَيُمْسِكُ الَّتِيْ قَضٰى

اُن کو سونے کے وقت ، پھر وہ اُن کو روک لیتا ہے جن کی

عَلَيْهَا الْمَوْتَ وَيُرْسِلُ الْاُخْرٰٓى اِلٰٓى

موت کا فیصلہ کر چکا ہے اور دوسروں کو ایک وقتِ مقرر تک کے

اَجَلٍ مُّسَمًّى ۭ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَاٰيٰتٍ

لیے چھوڑ دیتا ہے، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں اُن لوگوں

لِّقَوْمٍ يَّتَفَكَّرُوْنَ ﴿٤٢﴾ اَمِ اتَّخَذُوْا

کے لیے جو غور کرتے ہیں ﴿٤٢﴾ کیا اُنہوں نے اللہ کو چھوڑ کر

مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ شُفَعَاۗءَ ۭ قُلْ اَوَلَوْ كَانُوْا

دوسروں کو سفارشی بنا رکھا ہے ، کہیے کہ اگرچہ وہ

لَا يَمْلِكُوْنَ شَيْــــًٔا وَّلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿٤٣﴾

نہ کچھ اختیار رکھتے ہوں اور نہ کچھ سمجھتے ہوں ﴿٤٣﴾

قُلْ لِّلّٰهِ الشَّفَاعَةُ جَمِيْعًا ۭ لَهٗ مُلْكُ

کہہ دیجیے: سفارش ساری کی ساری اللہ کے اختیار میں ہے، آسمانوں اور

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ ثُمَّ اِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿٤٤﴾
زمین کی بادشاہی اُسی کی ہے، پھر تم اُسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿٤٤﴾

وَاِذَا ذُكِرَ اللّٰهُ وَحْدَهُ اشْمَاَزَّتْ
اور جب اکیلے اللہ کا ذکر کیا جاتا ہے تو اُن لوگوں کے

قُلُوْبُ الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِالْاٰخِرَةِ ۚ
دل کُڑھتے ہیں جو آخرت پر ایمان نہیں رکھتے ،

وَاِذَا ذُكِرَ الَّذِيْنَ مِنْ دُوْنِهٖۤ اِذَا هُمْ
اور جب اُس کے سِوا دوسروں کا ذکر ہوتا ہے تو اُس وقت وہ

يَسْتَبْشِرُوْنَ ﴿٤٥﴾ قُلِ اللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ
خوش ہو جاتے ہیں ﴿٤٥﴾ کہہ دیجیے کہ اے اللہ! آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ عٰلِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ
کے پیدا کرنے والے! غائب اور حاضر کے جاننے والے!

اَنْتَ تَحْكُمُ بَيْنَ عِبَادِكَ فِيْ مَا كَانُوْا
آپ اپنے بندوں کے درمیان اُس چیز کا فیصلہ فرمائیں گے جس میں

فِيْهِ يَخْتَلِفُوْنَ ﴿۴۶﴾ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ
وہ اختلاف کررہے ہیں ﴿۴۶﴾ اور اگر ظلم کرنے والوں کے پاس وہ

ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ
سب کچھ ہو جو زمین میں ہے اور اُسی کے برابر اور بھی، تو وہ

مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ
قیامت کے دن سخت عذاب سے بچنے کے لیے اُن کو فدیے

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ
میں دے دیں، اور اللہ کی طرف سے اُن کو وہ معاملہ پیش آئے گا

مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَبَدَا
جس کا اُن کو گمان بھی نہ تھا ﴿۴۷﴾ اور اُن کے سامنے

لَهُمْ سَيِّاٰتُ مَا كَسَبُوْا وَحَاقَ بِهِمْ
آجائیں گے اُن کے بُرے اعمال اور وہ چیز اُن کو گھیر لے گی

مَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۴۸﴾ فَاِذَا مَسَّ
جس کا وہ مذاق اُڑاتے تھے ﴿۴۸﴾ پس جب انسان کو

الْاِنْسَانَ ضُرٌّ دَعَانَا ۚ ثُمَّ اِذَا خَوَّلْنٰهُ

کوئی تکلیف پہونچتی ہے تو وہ ہم کو پکارتا ہے، پھر جب ہم اپنی

نِعْمَةً مِّنَّا ۙ قَالَ اِنَّمَآ اُوْتِيْتُهٗ عَلٰى

طرف سے اُس کو نعمت دے دیتے ہیں تو وہ کہتا ہے کہ یہ تو مجھ کو

عِلْمٍ ؕ بَلْ هِىَ فِتْنَةٌ وَّلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ

چلا جائے ﴿۵۲﴾ ہم اُن کو اپنی نشانیاں دکھائیں گے آفاق میں بھی

وَفِىۡۤ اَنۡفُسِهِمۡ حَتّٰى يَتَبَيَّنَ لَهُمۡ

اور خود اُن کے اندر بھی، یہاں تک کہ اُن پر ظاہر ہو جائے گا کہ

اَنَّهُ الۡحَـقُّ ؕ اَوَلَمۡ يَكۡفِ بِرَبِّكَ اَنَّهٗ

یہ قرآن حق ہے، کیا یہ بات کافی نہیں کہ آپ کا رب

عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ شَهِيۡدٌ ﴿۵۳﴾ اَلَاۤ اِنَّهُمۡ

ہر چیز کا گواہ ہے ﴿۵۳﴾ سُن لو ! یہ لوگ

فِىۡ مِرۡيَةٍ مِّنۡ لِّقَآءِ رَبِّهِمۡ ؕ

اپنے رب کی ملاقات میں شک رکھتے ہیں ،

اَلَاۤ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍ مُّحِيۡطٌ ﴿۵۴﴾ ع

سُن لو ! وہ ہر چیز کا احاطہ کیے ہوئے ہے ﴿۵۴﴾

ع ١٠

سورہ شوریٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر چند آیتیں (۲۳، ۲۴، ۲۵، ۲۷) مدینہ منورہ میں نازل ہوئیں، اس میں (۵۳) آیتیں اور (۵) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۲) نمبر پر ہے اور سورہ حم سجدہ کے بعد نازل ہوئی ہے۔

اس میں (۸۶۰) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۳۵۸۸) حروف ہیں

حٰمٓ ۚ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ كَذٰلِكَ يُوۡحِىۡۤ

حٰمٓ ﴿۱﴾ عٓسٓقٓ ﴿۲﴾ اسی طرح غالب اور

اِلَيۡكَ وَاِلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِكَ ۙ

حکمت والا اللہ وحی کرتا ہے آپ کی طرف اور اُن کی طرف

اللّٰهُ الۡعَزِيۡزُ الۡحَكِيۡمُ ﴿۳﴾ لَهٗ مَا فِى

جو آپ سے پہلے گزرے ہیں ﴿۳﴾ اُسی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِى الۡاَرۡضِ ؕ وَهُوَ الۡعَلِىُّ

آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور وہ سب سے اوپر ہے،

الۡعَظِيۡمُ ﴿۴﴾ تَكَادُ السَّمٰوٰتُ يَتَفَطَّرۡنَ

سب سے بڑا ہے ﴿۴﴾ قریب ہے کہ آسمان اپنے اوپر سے

مِنۡ فَوۡقِهِنَّ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ يُسَبِّحُوۡنَ

پھٹ پڑے اور فرشتے اپنے رب کی تسبیح کرتے ہیں

بِحَمۡدِ رَبِّهِمۡ وَيَسۡتَغۡفِرُوۡنَ لِمَنۡ

اُسی کی حمد کے ساتھ اور زمین والوں کے لیے معافی

فِى الۡاَرۡضِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الۡغَفُوۡرُ

مانگتے ہیں ، سن لو کہ اللہ ہی معاف کرنے والا ،

الرَّحِيۡمُ ﴿۵﴾ وَالَّذِيۡنَ اتَّخَذُوۡا مِنۡ

رحمت کرنے والا ہے ﴿۵﴾ اور جن لوگوں نے اُس کے سوا

دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ اللّٰهُ حَفِيۡظٌ عَلَيۡهِمۡ ۖ

دوسرے کارساز بنائے ہیں اللہ اُن کے اوپر نگہبان ہے،

وَمَاۤ اَنۡتَ عَلَيۡهِمۡ بِوَكِيۡلٍ ﴿۶﴾

اور آپ اُن کے اوپر ذمہ دار نہیں ﴿۶﴾

وَكَذٰلِكَ اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ قُرۡاٰنًا عَرَبِيًّا

اور ہم نے اِسی طرح آپ کی طرف عربی قرآن اُتارا ہے

لِّتُنۡذِرَ اُمَّ الۡقُرٰى وَمَنۡ حَوۡلَهَا

تاکہ آپ مکہ والوں کو اور اُس کے آس پاس والوں کو ڈرا دو

وَتُنۡذِرَ يَوۡمَ الۡجَمۡعِ لَا رَيۡبَ فِيۡهِ ؕ

اور اُن کو جمع ہونے کے دن سے ڈرا دو جس کے آنے میں کوئی شک نہیں،

فَرِيۡقٌ فِى الۡجَنَّةِ وَفَرِيۡقٌ فِى السَّعِيۡرِ ﴿۷﴾

ایک گروہ جنت میں ہوگا اور ایک گروہ آگ میں ﴿۷﴾

وَلَوۡ شَآءَ اللّٰهُ لَجَعَلَهُمۡ اُمَّةً وَّاحِدَةً
اور اگر اللہ چاہتا تو اُن سب کو ایک ہی اُمّت بنا دیتا ؛

وَّلٰكِنۡ يُّدۡخِلُ مَنۡ يَّشَآءُ فِىۡ
لیکن وہ جس کو چاہتا ہے اپنی رحمت میں

رَحۡمَتِهٖ ؕ وَالظّٰلِمُوۡنَ مَا لَهُمۡ مِّنۡ
داخل کرتا ہے ، اور ظالموں کا کوئی

وَّلِىٍّ وَّلَا نَصِيۡرٍ ﴿۸﴾ اَمِ اتَّخَذُوۡا
حامی و مددگار نہیں ﴿۸﴾ کیا اُنہوں نے اُس کے سِوا

مِنۡ دُوۡنِهٖۤ اَوۡلِيَآءَ ۚ فَاللّٰهُ هُوَ
دوسرے کارساز بنا رکھے ہیں ، پس اللہ ہی

الۡوَلِىُّ وَهُوَ يُحۡىِ الۡمَوۡتٰى ۏ وَهُوَ عَلٰى
کارساز ہے اور وہی مُردوں کو زندہ کرتا ہے اور وہ

ع ۹/۲ كُلِّ شَىۡءٍ قَدِيۡرٌ ﴿۹﴾ ع وَمَا اخۡتَلَفۡتُمۡ
ہر چیز پر قادر ہے ﴿۹﴾ اور جس کسی بات میں

فِيْهِ مِنْ شَيْءٍ فَحُكْمُهٗٓ اِلَى اللّٰهِ ؕ
تم اختلاف کرتے ہو اُس کا فیصلہ اللہ ہی کے سپرد ہے،

ذٰلِكُمُ اللّٰهُ رَبِّيْ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ ۖۗ
وہی اللہ میرا رب ہے ، اُسی پر میں نے بھروسہ کیا

وَاِلَيْهِ اُنِيْبُ ۝۱۰ فَاطِرُ السَّمٰوٰتِ
اور اُسی کی طرف میں رجوع کرتا ہوں ۝۱۰ وہ آسمانوں

وَالْاَرْضِ ؕ جَعَلَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ
اور زمین کا پیدا کرنے والا ہے ، اُس نے تمہاری جنس سے

اَزْوَاجًا وَّمِنَ الْاَنْعَامِ اَزْوَاجًا ۚ
تمہارے جوڑے پیدا کیے اور جانوروں کے بھی جوڑے بنائے،

يَذْرَؤُكُمْ فِيْهِ ؕ لَيْسَ كَمِثْلِهٖ
اُس کے ذریعے وہ تمہاری نسل چلاتا ہے،کوئی چیز اُس کے مثل

شَيْءٌ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ ۝۱۱ لَهٗ
نہیں اور وہ سُننے والا، دیکھنے والا ہے ۝۱۱ اُسی کے

مَقَالِيۡدُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ۚ يَبۡسُطُ

اختیار میں آسمانوں اور زمین کی کُنجیاں ہیں، وہ جس کے لیے چاہتا

الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ ؕ اِنَّهٗ

ہے زیادہ روزی دیتا ہے اور جس کو چاہتا ہے کم کر دیتا ہے، بے شک

بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿١٢﴾ شَرَعَ لَكُمۡ

وہ ہر چیز کا علم رکھنے والا ہے ﴿١٢﴾ اللہ نے تمہارے لیے

مِّنَ الدِّيۡنِ مَا وَصّٰى بِهٖ نُوۡحًا وَّالَّذِىۡۤ

وہی دین مقرر کیا ہے جس کا اُس نے نوح (علیہ السلام) کو

اَوۡحَيۡنَاۤ اِلَيۡكَ وَمَا وَصَّيۡنَا بِهٖۤ

حکم دیا تھا اور جس کی وحی ہم نے آپ کی طرف کی ہے اور جس کا

اِبۡرٰهِيۡمَ وَمُوۡسٰى وَعِيۡسٰۤى اَنۡ اَقِيۡمُوا

حکم ہم نے ابراہیم اور موسیٰ کو اور عیسیٰ (علیہم السلام) کو دیا تھا کہ

الدِّيۡنَ وَلَا تَتَفَرَّقُوۡا فِيۡهِ ؕ كَبُرَ عَلَى

دین کو قائم رکھو اور اُس میں اختلاف نہ ڈالو، مشرکین پر

الۡمُشۡرِكِيۡنَ مَا تَدۡعُوۡهُمۡ اِلَيۡهِ ؕ
وہ بات بہت بھاری ہے جس کی طرف آپ اُن کو بلا رہے ہو، اللہ جس کو

اَللّٰهُ يَجۡتَبِىۡۤ اِلَيۡهِ مَنۡ يَّشَآءُ وَيَهۡدِىۡۤ
چاہتا ہے اپنی طرف چُن لیتا ہے اور وہ اپنی طرف اُن کی رہنمائی کرتا

اِلَيۡهِ مَنۡ يُّنِيۡبُ ؕ ﴿١٣﴾ وَمَا تَفَرَّقُوۡۤا
ہے جو اُس کی طرف متوجہ ہوتے ہیں ﴿١٣﴾ اور جو لوگ متفرق ہوئے وہ

اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ الۡعِلۡمُ بَغۡيًاۢ
علم آنے کے بعد ہوئے صرف آپس کی ضد کی وجہ سے ،

بَيۡنَهُمۡ ؕ وَلَوۡلَا كَلِمَةٌ سَبَقَتۡ مِنۡ
اور اگر آپ کے رب کی طرف سے ایک وقت معین تک کی بات

رَّبِّكَ اِلٰٓى اَجَلٍ مُّسَمًّى لَّقُضِىَ بَيۡنَهُمۡ ؕ
طے نہ ہو چکی ہوتی تو اُن کے درمیان فیصلہ کردیا جاتا ،

وَاِنَّ الَّذِيۡنَ اُوۡرِثُوا الۡكِتٰبَ مِنۡۢ
اور جن لوگوں کو اُن کے بعد کتاب دی گئی

بَعۡدِہِمۡ لَفِیۡ شَکٍّ مِّنۡہُ مُرِیۡبٍ ﴿۱۴﴾

وہ اُس کی طرف سے شک میں پڑے ہوئے ہیں جس نے اُن کو تردُّد میں ڈال دیا ہے ﴿۱۴﴾

فَلِذٰلِکَ فَادۡعُ ۚ وَاسۡتَقِمۡ کَمَاۤ

پس آپ اُسی کی طرف بلایئے اور اُس پر جمے رہیے جس طرح

اُمِرۡتَ ۚ وَلَا تَتَّبِعۡ اَہۡوَآءَہُمۡ ۚ

آپ کو حکم ہوا ہے اور اُن کی خواہشوں کی پیروی نہ کیجیے ،

وَقُلۡ اٰمَنۡتُ بِمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰہُ مِنۡ

اور کہیے کہ اللہ نے جو کتاب اُتاری ہے میں اُس پر ایمان لاتا ہوں

کِتٰبٍ ۚ وَاُمِرۡتُ لِاَعۡدِلَ بَیۡنَکُمۡ ؕ

اور مجھ کو یہ حکم ہوا ہے کہ میں تمہارے درمیان انصاف کروں ،

اَللّٰہُ رَبُّنَا وَرَبُّکُمۡ ؕ لَنَاۤ اَعۡمَالُنَا

اللہ ہمارا رب ہے اور تمہارا بھی رب ہے ، ہمارا عمل

وَلَکُمۡ اَعۡمَالُکُمۡ ؕ لَا حُجَّۃَ بَیۡنَنَا

ہمارے لیے اور تمہارا عمل تمہارے لیے ، ہم میں اور تم میں

وَبَیۡنَكُمۡ ؕ اَللّٰهُ یَجۡمَعُ بَیۡنَنَا ۚ وَاِلَیۡهِ

کچھ جھگڑا نہیں، اللہ ہم سب کو جمع کرے گا اور اُسی کے پاس

الۡمَصِیۡرُ ؕ ﴿۱۵﴾ وَالَّذِیۡنَ یُحَآجُّوۡنَ فِی

جانا ہے ﴿۱۵﴾ اور جو لوگ اللہ کے بارے میں حجت کر رہے ہیں

اللّٰهِ مِنۡۢ بَعۡدِ مَا اسۡتُجِیۡبَ لَهٗ

بعد اِس کے کہ وہ مان لیا گیا اُن کی حجت

حُجَّتُهُمۡ دَاحِضَةٌ عِنۡدَ رَبِّهِمۡ

اُن کے رب کے نزدیک باطل ہے

وَعَلَیۡهِمۡ غَضَبٌ وَّلَهُمۡ عَذَابٌ

اور اُن پر غضب ہے اور اُن کے لیے سخت

شَدِیۡدٌ ﴿۱۶﴾ اَللّٰهُ الَّذِیۡۤ اَنۡزَلَ الۡكِتٰبَ

عذاب ہے ﴿۱۶﴾ اللہ ہی ہے جس نے حق کے ساتھ کتاب

بِالۡحَقِّ وَالۡمِیۡزَانَ ؕ وَمَا یُدۡرِیۡكَ

اُتاری اور ترازو بھی ، اور آپ کو کیا خبر کہ

لَعَلَّ السَّاعَةَ قَرِيْبٌ ﴿۱۷﴾ يَسْتَعْجِلُ

شاید وہ گھڑی قریب ہو ﴿۱۷﴾ جو لوگ اُس کا

بِهَا الَّذِيْنَ لَا يُؤْمِنُوْنَ بِهَا ۚ

یقین نہیں رکھتے وہ اُس کی جلدی کر رہے ہیں،

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا مُشْفِقُوْنَ مِنْهَا ۙ

اور جو لوگ یقین رکھنے والے ہیں وہ اُس سے ڈرتے ہیں

وَيَعْلَمُوْنَ اَنَّهَا الْحَقُّ ؕ اَلَآ اِنَّ

اور وہ جانتے ہیں کہ وہ برحق ہے ، یاد رکھو کہ

الَّذِيْنَ يُمَارُوْنَ فِي السَّاعَةِ لَفِيْ

جو لوگ اُس گھڑی کے بارے میں جھگڑتے ہیں

ضَلٰلٍ بَعِيْدٍ ﴿۱۸﴾ اَللّٰهُ لَطِيْفٌ بِعِبَادِهٖ

وہ گمراہی میں بہت دور نکل گئے ﴿۱۸﴾ اللہ اپنے بندوں پر مہربان

يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَ الْقَوِيُّ

ہے، وہ جس کو چاہتا ہے روزی دیتا ہے اور وہ قوّت والا ،

الۡعَزِیۡزُ ﴿۱۹﴾ ع مَنۡ کَانَ یُرِیۡدُ حَرۡثَ ع ۲ ۳

زبردست ہے ﴿۱۹﴾ جو شخص آخرت کی کھیتی چاہے

الۡاٰخِرَۃِ نَزِدۡ لَہٗ فِیۡ حَرۡثِہٖ ۚ وَمَنۡ

ہم اُس کو اُس کی کھیتی میں ترقّی دیں گے ، اور جو شخص

کَانَ یُرِیۡدُ حَرۡثَ الدُّنۡیَا نُؤۡتِہٖ

دنیا کی کھیتی چاہے ہم اُس کو اُس میں سے کچھ دے

مِنۡہَا ۙ وَمَا لَہٗ فِی الۡاٰخِرَۃِ مِنۡ

دیتے ہیں اور اُس کا آخرت میں کوئی

نَّصِیۡبٍ ﴿۲۰﴾ اَمۡ لَہُمۡ شُرَکٰٓؤُا شَرَعُوۡا

حصّہ نہیں ﴿۲۰﴾ کیا اُن کے کچھ شریک ہیں جنہوں نے

لَہُمۡ مِّنَ الدِّیۡنِ مَا لَمۡ یَاۡذَنۡۢ بِہِ

اُن کے لیے ایسا دین مقرر کیا ہے جس کی اللہ نے اجازت

اللّٰہُ ؕ وَلَوۡ لَا کَلِمَۃُ الۡفَصۡلِ لَقُضِیَ

نہیں دی ، اور اگر فیصلہ کی بات طے نہ پا چکی ہوتی

بَیۡنَهُمۡ ؕ وَ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ لَهُمۡ عَذَابٌ

تو اُن کا فیصلہ کر دیا جاتا، اور بے شک ظالموں کے لیے دردناک

اَلِیۡمٌ ﴿۲۱﴾ تَرَی الظّٰلِمِیۡنَ مُشۡفِقِیۡنَ

عذاب ہے ﴿۲۱﴾ آپ اُن ظالموں کو دیکھو گے کہ وہ ڈر رہے ہوں گے

مِمَّا کَسَبُوۡا وَ هُوَ وَاقِعٌۢ بِهِمۡ ؕ

اُس سے جو اُنہوں نے کمایا اور وہ اُن پر ضرور پڑنے والا ہے،

وَ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَ عَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فِیۡ

اور جو لوگ ایمان لائے اور اُنہوں نے اچھے کام کیے

رَوۡضٰتِ الۡجَنّٰتِ ۚ لَهُمۡ مَّا یَشَآءُوۡنَ

وہ جنت کے باغوں میں ہوں گے، اُن کے لیے اُن کے

عِنۡدَ رَبِّهِمۡ ؕ ذٰلِکَ هُوَ الۡفَضۡلُ

رب کے پاس وہ سب ہوگا جو وہ چاہیں گے، یہی بڑا

الۡکَبِیۡرُ ﴿۲۲﴾ ذٰلِکَ الَّذِیۡ یُبَشِّرُ اللّٰهُ

انعام ہے ﴿۲۲﴾ یہ چیز ہے جس کی خوش خبری اللہ

عِبَادَهُ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا
اپنے اُن بندوں کو دیتا ہے جو ایمان لائے اور جنھوں نے نیک

الصّٰلِحٰتِ ؕ قُلۡ لَّاۤ اَسۡـَٔلُكُمۡ عَلَيۡهِ
عمل کیے، کہہ دیجیے کہ میں اُس پر تم سے کوئی

اَجۡرًا اِلَّا الۡمَوَدَّةَ فِى الۡقُرۡبٰى ؕ وَمَنۡ
بدلہ نہیں چاہتا مگر قرابت داری کی محبت، اور جو شخص

يَّقۡتَرِفۡ حَسَنَةً نَّزِدۡ لَهٗ فِيۡهَا
کوئی نیکی کرے گا ہم اُس کے لیے اُس میں بھلائی بڑھا دیں

حُسۡنًا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوۡرٌ شَكُوۡرٌ ﴿۲۳﴾
گے، بے شک اللہ معاف کرنے والا ہے، قدردان ہے ﴿۲۳﴾

اَمۡ يَقُوۡلُوۡنَ افۡتَرٰى عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ۚ
کیا وہ کہتے ہیں کہ اُس نے اللہ پر جھوٹ باندھا ہے،

فَاِنۡ يَّشَاِ اللّٰهُ يَخۡتِمۡ عَلٰى قَلۡبِكَ ؕ
پس اگر اللہ چاہے تو وہ تمہارے دل پر مہر لگا دے ،

وَیَمۡحُ اللّٰہُ الۡبَاطِلَ وَیُحِقُّ الۡحَقَّ
اور اللہ باطل کو مٹاتا ہے اور حق کو ثابت کرتا ہے

بِکَلِمٰتِہٖ ؕ اِنَّہٗ عَلِیۡمٌۢ بِذَاتِ
اپنی باتوں سے ، بے شک وہ دلوں کی باتیں

الصُّدُوۡرِ ﴿۲۴﴾ وَہُوَ الَّذِیۡ یَقۡبَلُ
جانتا ہے ﴿۲۴﴾ اور وہی ہے جو اپنے بندوں کی

التَّوۡبَۃَ عَنۡ عِبَادِہٖ وَیَعۡفُوۡا عَنِ
توبہ قبول کرتا ہے اور بُرائیوں کو معاف

السَّیِّاٰتِ وَیَعۡلَمُ مَا تَفۡعَلُوۡنَ ﴿ۙ۲۵﴾
کرتا ہے ، اور وہ جانتا ہے جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۲۵﴾

وَیَسۡتَجِیۡبُ الَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا
اور وہ اُن لوگوں کی دعائیں قبول کرتا ہے جو ایمان لائے اور جنہوں نے

الصّٰلِحٰتِ وَیَزِیۡدُہُمۡ مِّنۡ فَضۡلِہٖ ؕ
نیک عمل کیے اور وہ اُن کو اپنے فضل سے زیادہ دے دیتا ہے،

وَالْكٰفِرُوْنَ لَهُمْ عَذَابٌ شَدِيْدٌ ۲۶

اور جو انکار کرنے والے ہیں اُن کے لیے سخت عذاب ہے ۲۶

وَلَوْ بَسَطَ اللّٰهُ الرِّزْقَ لِعِبَادِهٖ لَبَغَوْا

اور اگر اللہ اپنے بندوں کے لیے روزی کو کھول دیتا تو وہ

فِي الْاَرْضِ وَلٰكِنْ يُّنَزِّلُ بِقَدَرٍ مَّا

زمین میں فساد کرتے؛ لیکن وہ اندازے کے ساتھ اُتارتا ہے جتنا

يَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ بِعِبَادِهٖ خَبِيْرٌۢ بَصِيْرٌ ۲۷

چاہتا ہے، بے شک وہ اپنے بندوں کو جاننے والا، دیکھنے والا ہے ۲۷

وَهُوَ الَّذِيْ يُنَزِّلُ الْغَيْثَ مِنْۢ بَعْدِ

اور وہی ہے جو لوگوں کے مایوس ہو جانے کے بعد بارش برساتا

مَا قَنَطُوْا وَيَنْشُرُ رَحْمَتَهٗ ؕ وَهُوَ

ہے اور اپنی رحمت پھیلا دیتا ہے، اور وہ کام بنانے والا ہے،

الْوَلِيُّ الْحَمِيْدُ ۲۸ وَمِنْ اٰيٰتِهٖ خَلْقُ

قابلِ تعریف ہے ۲۸ اور اُسی کی نشانیوں میں سے ہے

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَثَّ فِیۡهِمَا
آسمانوں اور زمین کا پیدا کرنا اور وہ جاندار جو اُس نے اُن کے

مِنۡ دَآبَّةٍ ؕ وَهُوَ عَلٰی جَمۡعِهِمۡ
درمیان پھیلائے ہیں ، اور وہ اُن کو جب چاہے جمع کرنے

اِذَا یَشَآءُ قَدِیۡرٌ ۲۹ ع وَمَاۤ اَصَابَكُمۡ ع ۳ ۱۰ ۲ الربع
پر قادر ہے ۲۹ اور جو مصیبت تم کو پہونچتی ہے

مِّنۡ مُّصِیۡبَةٍ فَبِمَا كَسَبَتۡ
تو وہ تمہارے ہاتھوں کے کیے ہوئے کاموں ہی سے ،

اَیۡدِیۡكُمۡ وَیَعۡفُوۡا عَنۡ كَثِیۡرٍ ؕ ۳۰
اور بہت سے قصوروں کو وہ معاف کردیتا ہے ۳۰

وَمَاۤ اَنۡتُمۡ بِمُعۡجِزِیۡنَ فِی الۡاَرۡضِ ۚۖ
اور تم زمین میں اللہ کے قابو سے نکل نہیں سکتے ،

وَمَا لَكُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ مِنۡ وَّلِیٍّ
اور اللہ کے سوا نہ تمہارا کوئی کام بنانے والا ہے

وَّلَا نَصِیۡرٍ ﴿۳۱﴾ وَمِنۡ اٰیٰتِهِ الۡجَوَارِ

اور نہ کوئی مددگار ﴿۳۱﴾ اور اُس کی نشانیوں میں سے یہ ہے کہ

فِی الۡبَحۡرِ كَالۡاَعۡلَامِ ﴿۳۲﴾ؕ اِنۡ یَّشَاۡ

جہاز سمندر میں چلتے ہیں جیسے پہاڑ ﴿۳۲﴾ اگر وہ چاہے تو

یُسۡکِنِ الرِّیۡحَ فَیَظۡلَلۡنَ رَوَاكِدَ

وہ ہوا کو روک دے پھر وہ سمندر کی سطح پر ٹھہرے رہ

عَلٰی ظَهۡرِهٖ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِكَ لَاٰیٰتٍ لِّكُلِّ

جائیں، بے شک اِس کے اندر نشانیاں ہیں ہر اُس شخص کے لیے

صَبَّارٍ شَكُوۡرٍ ﴿۳۳﴾ۙ اَوۡ یُوۡبِقۡهُنَّ بِمَا

جو صبر کرنے والا، شکر کرنے والا ہے ﴿۳۳﴾ یا وہ اُن کو تباہ کر دے اُن

كَسَبُوۡا وَیَعۡفُ عَنۡ كَثِیۡرٍ ﴿۳۴﴾ۙ

کے اعمال کے سبب سے اور معاف کر دے بہت سے لوگوں کو ﴿۳۴﴾

وَّیَعۡلَمَ الَّذِیۡنَ یُجَادِلُوۡنَ فِیۡۤ

اور تاکہ جان لیں وہ لوگ جو ہماری نشانیوں میں

اٰيٰتِنَا ؕ مَا لَهُمْ مِّنْ مَّحِيْصٍ ﴿٣٥﴾
جھگڑتے ہیں کہ اُن کے لیے بھاگنے کی کوئی جگہ نہیں ﴿٣٥﴾

فَمَآ اُوْتِيْتُمْ مِّنْ شَيْءٍ فَمَتَاعُ
پس جو کچھ تم کو ملا ہے وہ محض دنیوی زندگی کے برتنے

الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۚ وَمَا عِنْدَ اللّٰهِ خَيْرٌ
کے لیے ہے، اور جو کچھ اللہ کے پاس ہے وہ زیادہ بہتر ہے

وَّاَبْقٰى لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ
اور باقی رہنے والا ہے اُن لوگوں کے لیے جو ایمان لائے اور وہ

يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿٣٦﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ
اپنے رب پر بھروسہ رکھتے ہیں ﴿٣٦﴾ اور وہ لوگ جو بڑے

كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ وَاِذَا مَا
گناہوں سے اور بے حیائی سے بچتے ہیں، اور جب اُن کو

غَضِبُوْا هُمْ يَغْفِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ ۚ وَالَّذِيْنَ
غصہ آتا ہے تو وہ معاف کر دیتے ہیں ﴿٣٧﴾ اور وہ جنہوں نے

اسْتَجَابُوْا لِرَبِّهِمْ وَاَقَامُوا الصَّلٰوةَ ۨ

اپنے رب کی دعوت کو قبول کیا اور نماز قائم کی

وَاَمْرُهُمْ شُوْرٰى بَيْنَهُمْ ۨ وَمِمَّا

اور وہ اپنا کام آپس کے مشورے سے کرتے ہیں، اور ہم نے

رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۳۸ وَالَّذِيْنَ اِذَآ

جو کچھ انہیں دیا ہے اُس میں سے خرچ کرتے ہیں ۳۸ اور وہ

اَصَابَهُمُ الْبَغْيُ هُمْ يَنْتَصِرُوْنَ ۳۹

لوگ کہ جب اُن پر چڑھائی ہوتی ہے تو وہ بدلہ لیتے ہیں ۳۹

وَجَزٰٓؤُا سَيِّئَةٍ سَيِّئَةٌ مِّثْلُهَا ۚ فَمَنْ

اور بُرائی کا بدلہ ہے ویسی ہی بُرائی، پھر جس نے

عَفَا وَاَصْلَحَ فَاَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ ؕ اِنَّهٗ

معاف کردیا اور اصلاح کی تو اُس کا اجر اللہ کے ذمّے ہے، بے شک

لَا يُحِبُّ الظّٰلِمِيْنَ ۴۰ وَلَمَنِ انْتَصَرَ

وہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا ۴۰ اور جو شخص اپنے مظلوم ہونے

بَعْدَ ظُلْمِهٖ فَاُولٰٓئِكَ مَا عَلَيْهِمْ
کے بعد بدلہ لے تو ایسے لوگوں کے اوپر

مِّنْ سَبِيْلٍ ﴿۴۱﴾ اِنَّمَا السَّبِيْلُ
کچھ الزام نہیں ﴿۴۱﴾ الزام صرف اُن پر ہے

عَلَى الَّذِيْنَ يَظْلِمُوْنَ النَّاسَ
جو لوگوں کے اوپر ظلم کرتے ہیں

وَيَبْغُوْنَ فِي الْاَرْضِ بِغَيْرِ الْحَقِّ ؕ
اور زمین میں ناحق سرکشی کرتے ہیں ،

اُولٰٓئِكَ لَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۴۲﴾ وَلَمَنْ
یہی لوگ ہیں جن کے لیے دردناک عذاب ہے ﴿۴۲﴾ اور جس

صَبَرَ وَغَفَرَ اِنَّ ذٰلِكَ لَمِنْ عَزْمِ
شخص نے صبر کیا اور معاف کر دیا تو بے شک یہ ہمّت کے

ع ۴ ۵ الْاُمُوْرِ ﴿۴۳﴾ ع وَمَنْ يُّضْلِلِ اللّٰهُ
کام ہیں ﴿۴۳﴾ اور جس شخص کو اللہ بھٹکا دے

فَمَا لَهٗ مِنۡ وَّلِىٍّ مِّنۡۢ بَعۡدِهٖ ؕ وَتَرَى

تو اُس کے بعد اُس کا کوئی کارساز نہیں ، اور آپ

الظّٰلِمِيۡنَ لَمَّا رَاَوُا الۡعَذَابَ يَقُوۡلُوۡنَ

ظالموں کو دیکھو گے کہ جب وہ عذاب کو دیکھیں گے

هَلۡ اِلٰى مَرَدٍّ مِّنۡ سَبِيۡلٍ ۚ ﴿٤٤﴾

تو وہ کہیں گے کہ کیا واپس جانے کی کوئی صورت ہے ﴿٤٤﴾

وَتَرٰٮهُمۡ يُعۡرَضُوۡنَ عَلَيۡهَا خٰشِعِيۡنَ

اور آپ اُن کو دیکھو گے کہ وہ دوزخ کے سامنے لائے جائیں گے،

مِنَ الذُّلِّ يَنۡظُرُوۡنَ مِنۡ طَرۡفٍ خَفِىٍّ ؕ

وہ ذلت سے جھکے ہوئے ہوں گے چھپی نگاہ سے دیکھتے ہوں گے،

وَقَالَ الَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡۤا اِنَّ الۡخٰسِرِيۡنَ

اور ایمان والے کہیں گے کہ خسارے والے وہی لوگ ہیں

الَّذِيۡنَ خَسِرُوۡۤا اَنۡفُسَهُمۡ وَاَهۡلِيۡهِمۡ

جنہوں نے قیامت کے دن اپنے آپ کو اور اپنے متعلّقین کو

یَوۡمَ الۡقِیٰمَۃِ ؕ اَلَاۤ اِنَّ الظّٰلِمِیۡنَ فِیۡ
خسارے میں ڈال دیا ، سُن لو ! ظالم لوگ ہمیشہ رہنے والے

عَذَابٍ مُّقِیۡمٍ ﴿۴۵﴾ وَ مَا کَانَ لَہُمۡ مِّنۡ
عذاب میں رہیں گے ﴿۴۵﴾ اور اُن کے لیے کوئی

اَوۡلِیَآءَ یَنۡصُرُوۡنَہُمۡ مِّنۡ دُوۡنِ
مددگار نہ ہوں گے جو اللہ کے مقابلے میں اُن کی

اللّٰہِ ؕ وَ مَنۡ یُّضۡلِلِ اللّٰہُ فَمَا لَہٗ مِنۡ
مدد کریں ، اور اللہ جس کو بھٹکا دے تو اُس کے لیے کوئی

سَبِیۡلٍ ﴿ؕ۴۶﴾ اِسۡتَجِیۡبُوۡا لِرَبِّکُمۡ
راستہ نہیں ﴿۴۶﴾ تم اپنے رب کی دعوت قبول کرو

مِّنۡ قَبۡلِ اَنۡ یَّاۡتِیَ یَوۡمٌ لَّا مَرَدَّ
اِس سے پہلے کہ ایسا دن آ جائے جس کے لیے اللہ کی

لَہٗ مِنَ اللّٰہِ ؕ مَا لَکُمۡ مِّنۡ مَّلۡجَاٍ
طرف سے ہٹنا نہ ہوگا ، اُس دن تمہارے لیے کوئی پناہ گاہ

يَّوۡمَئِذٍ وَّمَا لَكُمۡ مِّنۡ نَّكِيۡرٍ ﴿٤٧﴾
نہ ہوگی اور نہ تم کسی چیز کو رد کر سکو گے ﴿٤٧﴾

فَاِنۡ اَعۡرَضُوۡا فَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ عَلَيۡهِمۡ
پس اگر وہ اعراض کریں تو ہم نے آپ کو اُن کے اوپر نگران

حَفِيۡظًا ؕ اِنۡ عَلَيۡكَ اِلَّا الۡبَلٰغُ ؕ
بنا کر نہیں بھیجا ہے، آپ کے ذمّے صرف پہونچا دینا ہے،

وَاِنَّاۤ اِذَاۤ اَذَقۡنَا الۡاِنۡسَانَ مِنَّا
اور انسان کو جب ہم اپنی رحمت سے نوازتے ہیں

رَحۡمَةً فَرِحَ بِهَا ۚ وَاِنۡ تُصِبۡهُمۡ
تو وہ اُس پر خوش ہو جاتا ہے، اور اگر اُن کے اعمال

سَيِّئَةٌ ۢ بِمَا قَدَّمَتۡ اَيۡدِيۡهِمۡ فَاِنَّ
کے بدلے اُن پر کوئی مصیبت آ پڑتی ہے

الۡاِنۡسَانَ كَفُوۡرٌ ﴿٤٨﴾ لِلّٰهِ مُلۡكُ
تو آدمی ناشکری کرنے لگتا ہے ﴿٤٨﴾ آسمانوں اور زمین کی بادشاہی

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ يَخۡلُقُ مَا
اللہ ہی کے لیے ہے ، وہ جو چاہتا ہے پیدا

يَشَآءُ ؕ يَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ اِنَاثًا
کرتا ہے ، وہ جس کو چاہتا ہے بیٹیاں عطا کرتا ہے

وَّيَهَبُ لِمَنۡ يَّشَآءُ الذُّكُوۡرَ ۙ ﴿٤٩﴾
اور جس کو چاہتا ہے بیٹے عطا کرتا ہے ﴿٤٩﴾

اَوۡ يُزَوِّجُهُمۡ ذُكۡرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ
یا اُن کو جمع کر دیتا ہے بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی ،

وَيَجۡعَلُ مَنۡ يَّشَآءُ عَقِيۡمًا ؕ اِنَّهٗ
اور جس کو چاہتا ہے بے اولاد رکھتا ہے ، بے شک وہ

عَلِيۡمٌ قَدِيۡرٌ ﴿٥٠﴾ وَمَا كَانَ لِبَشَرٍ
جاننے والا ، قدرت والا ہے ﴿٥٠﴾ اور کسی آدمی کی یہ طاقت نہیں

اَنۡ يُّكَلِّمَهُ اللّٰهُ اِلَّا وَحۡيًا اَوۡ مِنۡ
کہ اللہ اُس سے کلام کرے مگر وحی کے ذریعے یا پردے کے

وَّرَآئِ حِجَابٍ اَوْ یُرْسِلَ رَسُوْلًا
پیچھے سے یا وہ کسی فرشتے کو بھیجے کہ وہ وحی کردے

فَیُوْحِیَ بِاِذْنِهٖ مَا یَشَآءُ ؕ اِنَّهٗ عَلِیٌّ
اُس کے حکم سے جو وہ چاہے، بے شک وہ سب سے اوپر ہے،

حَکِیْمٌ ﴿۵۱﴾ وَکَذٰلِكَ اَوْحَیْنَآ اِلَیْكَ
حکمت والا ہے ﴿۵۱﴾ اور اِسی طرح ہم نے آپ کی طرف بھی وحی

رُوْحًا مِّنْ اَمْرِنَا ؕ مَا کُنْتَ تَدْرِیْ
کی ہے ایک روح اپنے حکم سے، آپ نہیں جانتے تھے کہ کتاب

مَا الْکِتٰبُ وَلَا الْاِیْمَانُ وَلٰکِنْ
کیا ہے اور نہ یہ جانتے تھے کہ ایمان کیا ہے؛ لیکن ہم نے اُس کو

جَعَلْنٰهُ نُوْرًا نَّهْدِیْ بِهٖ مَنْ نَّشَآءُ
ایک نور بنایا، اُس سے ہم ہدایت دیتے ہیں اپنے بندوں

مِنْ عِبَادِنَا ؕ وَاِنَّكَ لَتَهْدِیْٓ اِلٰی
میں سے جس کو چاہتے ہیں، اور بے شک آپ ایک سیدھے راستے

صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ۝۵۲ لا صِرَاطِ اللّٰهِ

کی طرف رہنمائی کر رہے ہو (۵۲) اُس اللہ کے راستے

الَّذِيْ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي

کی طرف جس کو وہ سب کچھ ہے جو آسمانوں اور

ع ۵/۱۰/۶ الْاَرْضِ ط اَلَآ اِلَى اللّٰهِ تَصِيْرُ الْاُمُوْرُ ۝۵۳

زمین میں ہے، سُن لو! سارے معاملات اللہ ہی کی طرف لوٹنے والے ہیں (۵۳)

(سورۂ زخرف مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۵۴) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اِس میں (۸۹) آیتیں اور (۷) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۴۳) نمبر پر ہے اور سورۂ شوریٰ کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۸۴۸) کلمات ہیں | بسم اللہ الرحمن الرحیم | اس میں (۳۴۰۰) حروف ہیں

مع حٰمٓ ۝۱ ج وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ۝۲ لا اِنَّا

حٰمٓ (۱) قسم ہے اِس واضح کتاب کی (۲) ہم نے

جَعَلْنٰهُ قُرْءٰنًا عَرَبِيًّا لَّعَلَّكُمْ

اِس کو عربی زبان کا قرآن بنایا ہے؛ تاکہ تم

تَعْقِلُوْنَ ۝۳ ج وَاِنَّهٗ فِيْٓ اُمِّ الْكِتٰبِ

سمجھو (۳) اور بے شک یہ اصل کتاب میں

لَدَیۡنَا لَعَلِیٌّ حَکِیۡمٌ ؕ ﴿۴﴾ اَفَنَضۡرِبُ

ہمارے پاس ہے، بلند اور پُر حکمت ﴿۴﴾ کیا ہم تمہاری

عَنۡکُمُ الذِّکۡرَ صَفۡحًا اَنۡ کُنۡتُمۡ قَوۡمًا

نصیحت سے اس لیے نگاہیں پھیر لیں گے کہ تم حد سے

مُّسۡرِفِیۡنَ ﴿۵﴾ وَکَمۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ نَّبِیٍّ

گزرنے والے ہو ﴿۵﴾ اور ہم نے اگلے لوگوں میں کتنے ہی

فِی الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۶﴾ وَمَا یَاۡتِیۡہِمۡ مِّنۡ

نبی بھیجے ﴿۶﴾ اور اُن لوگوں کے پاس کوئی

نَّبِیٍّ اِلَّا کَانُوۡا بِہٖ یَسۡتَہۡزِءُوۡنَ ﴿۷﴾

نبی نہیں آیا جس کا اُنہوں نے مذاق نہ اُڑایا ہو ﴿۷﴾

فَاَہۡلَکۡنَاۤ اَشَدَّ مِنۡہُمۡ بَطۡشًا وَّمَضٰی

پھر جو لوگ اُن سے زیادہ طاقت ور تھے اُن کو ہم نے ہلاک کر دیا اور اگلے

مَثَلُ الۡاَوَّلِیۡنَ ﴿۸﴾ وَلَئِنۡ سَاَلۡتَہُمۡ

لوگوں کی مثالیں گزر چکیں ﴿۸﴾ اور اگر آپ اُن سے پوچھو کہ

مَّنۡ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ لَيَقُوۡلُنَّ

آسمانوں اور زمین کو کس نے پیدا کیا تو وہ ضرور کہیں گے کہ اُن کو

خَلَقَهُنَّ الۡعَزِيۡزُ الۡعَلِيۡمُ ۙ‏ ﴿٩﴾ الَّذِىۡ

زبردست ، جاننے والے نے پیدا کیا ﴿٩﴾ جس نے

جَعَلَ لَـكُمُ الۡاَرۡضَ مَهۡدًا وَّجَعَلَ

تمہارے لیے زمین کو فرش بنایا اور اُس میں

لَـكُمۡ فِيۡهَا سُبُلًا لَّعَلَّكُمۡ تَهۡتَدُوۡنَ‌ ۚ‏ ﴿١٠﴾

تمہارے لیے راستے بنائے؛ تاکہ تم راہ پاؤ ﴿١٠﴾

وَالَّذِىۡ نَزَّلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءًۢ

اور جس نے آسمان سے پانی اُتارا ایک اندازے

بِقَدَرٍ‌ ۚ فَاَنۡشَرۡنَا بِهٖ بَلۡدَةً مَّيۡتًا‌ ۚ

کے ساتھ، پھر ہم نے اُس سے مُردہ زمین کو زندہ کر دیا،

كَذٰلِكَ تُخۡرَجُوۡنَ‏ ﴿١١﴾ وَالَّذِىۡ خَلَقَ

اِسی طرح تم نکالے جاؤ گے ﴿١١﴾ اور جس نے تمام

الۡاَزۡوَاجَ كُلَّهَا وَجَعَلَ لَكُمۡ مِّنَ
قسمیں بنائیں اور تمہارے لیے وہ کشتیاں

الۡفُلۡكِ وَالۡاَنۡعَامِ مَا تَرۡكَبُوۡنَ ۙ﴿۱۲﴾
اور چوپائے بنائے جن پر تم سوار ہوتے ہو ﴿۱۲﴾

لِتَسۡتَوٗا عَلٰى ظُهُوۡرِهٖ ثُمَّ تَذۡكُرُوۡا
تاکہ تم اُن کی پیٹھ پر جم کر بیٹھو پھر تم اپنے رب کی

نِعۡمَةَ رَبِّكُمۡ اِذَا اسۡتَوَيۡتُمۡ عَلَيۡهِ
نعمت کو یاد کرو جب کہ تم اُن پر بیٹھو اور

وَتَقُوۡلُوۡا سُبۡحٰنَ الَّذِىۡ سَخَّرَ لَنَا
کہو کہ پاک ہے وہ جس نے اِن چیزوں کو ہمارے بس میں کر دیا،

هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقۡرِنِيۡنَ ۙ﴿۱۳﴾ وَاِنَّاۤ
اور ہم ایسے نہ تھے کہ اُن کو قابو میں کرتے ﴿۱۳﴾ اور بے شک

اِلٰى رَبِّنَا لَمُنۡقَلِبُوۡنَ ﴿۱۴﴾ وَجَعَلُوۡا لَهٗ
ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں ﴿۱۴﴾ اور اُن لوگوں نے

مِنۡ عِبَادِهٖ جُزۡءًا ؕ اِنَّ الۡاِنۡسَانَ

اللہ کے بندوں میں سے اللہ کا جز ٹھہرایا، بے شک انسان

ع ١ ١٥ ٧

لَكَفُوۡرٌ مُّبِيۡنٌ ؕ﴿۱۵﴾ اَمِ اتَّخَذَ مِمَّا

کھلا ناشکرا ہے ﴿۱۵﴾ کیا اللہ نے اپنی مخلوقات

يَخۡلُقُ بَنٰتٍ وَّاَصۡفٰكُمۡ بِالۡبَنِيۡنَ ﴿۱۶﴾

میں سے بیٹیاں پسند کیں اور تم کو بیٹوں سے نوازا؟ ﴿۱۶﴾

وَاِذَا بُشِّرَ اَحَدُهُمۡ بِمَا ضَرَبَ

اور جب اُن میں سے کسی کو اُس چیز کی خبر دی جاتی ہے جس کو وہ

لِلرَّحۡمٰنِ مَثَلًا ظَلَّ وَجۡهُهٗ مُسۡوَدًّا

رحمان کی طرف منسوب کرتا ہے تو اُس کا چہرہ سیاہ پڑ جاتا ہے

وَّهُوَ كَظِيۡمٌ ﴿۱۷﴾ اَوَمَنۡ يُّنَشَّؤُا

اور وہ غم سے بھر جاتا ہے ﴿۱۷﴾ کیا وہ جو زیور میں

فِى الۡحِلۡيَةِ وَهُوَ فِى الۡخِصَامِ غَيۡرُ

پرورش پائے اور جھگڑے میں بات

مُّبِيۡنٍ ﴿۱۸﴾ وَجَعَلُوا الۡمَلٰٓـئِكَةَ الَّذِيۡنَ
نہ کہہ سکے ﴿۱۸﴾ اور فرشتے جو رحمان کے بندے ہیں

هُمۡ عِبٰدُ الرَّحۡمٰنِ اِنَاثًا ؕ اَشَهِدُوۡا
اُن کو اُنہوں نے عورت قرار دے رکھا ہے، کیا وہ اُن کی پیدائش

خَلۡقَهُمۡ ؕ سَتُكۡتَبُ شَهَادَتُهُمۡ
کے وقت موجود تھے، اُن کا یہ دعویٰ لکھ لیا جائے گا اور اُن سے

وَيُسۡـئَلُوۡنَ ﴿۱۹﴾ وَقَالُوۡا لَوۡ شَآءَ الرَّحۡمٰنُ
پوچھ ہوگی ﴿۱۹﴾ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر رحمان چاہتا

مَا عَبَدۡنٰهُمۡ ؕ مَا لَهُمۡ بِذٰلِكَ مِنۡ
تو ہم اُن کی عبادت نہ کرتے ، اُن کو اُس کا کوئی

عِلۡمٍ ۗ اِنۡ هُمۡ اِلَّا يَخۡرُصُوۡنَ ﴿۲۰﴾ؕ اَمۡ
علم نہیں وہ محض بے تحقیق بات کر رہے ہیں ﴿۲۰﴾ کیا ہم نے

اٰتَيۡنٰهُمۡ كِتٰبًا مِّنۡ قَبۡلِهٖ فَهُمۡ بِهٖ
اُن کو اِس سے پہلے کوئی کتاب دی ہے تو اُنہوں نے اُس کو

مُّسۡتَمۡسِكُوۡنَ ﴿٢١﴾ بَلۡ قَالُوۡۤا اِنَّا
مضبوط پکڑ رکھا ہے ﴿٢١﴾ بلکہ وہ کہتے ہیں کہ ہم نے

وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّاِنَّا
اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم

عَلٰۤى اٰثٰرِهِمۡ مُّهۡتَدُوۡنَ ﴿٢٢﴾ وَكَذٰلِكَ
اُن کے پیچھے چل رہے ہیں ﴿٢٢﴾ اور اِسی طرح

مَاۤ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ فِىۡ قَرۡيَةٍ
ہم نے آپ سے پہلے جس بستی میں بھی کوئی

مِّنۡ نَّذِيۡرٍ اِلَّا قَالَ مُتۡرَفُوۡهَاۤ ۙ اِنَّا
ڈرانے والا بھیجا تو اُس کے خوش حال لوگوں نے کہا کہ

وَجَدۡنَاۤ اٰبَآءَنَا عَلٰۤى اُمَّةٍ وَّاِنَّا عَلٰۤى
ہم نے اپنے باپ دادا کو ایک طریقے پر پایا ہے اور ہم اُن کے

اٰثٰرِهِمۡ مُّقۡتَدُوۡنَ ﴿٢٣﴾ قٰلَ اَوَلَوۡ
پیچھے چلے جا رہے ہیں ﴿٢٣﴾ ڈرانے والے نے کہا: اگرچہ

جِئْتُكُمْ بِاَهْدٰى مِمَّا وَجَدْتُّمْ

میں اُس سے زیادہ صحیح راستہ تمہیں بتاؤں جس پر تم نے اپنے

عَلَيْهِ اٰبَآءَكُمْ ؕ قَالُوْٓا اِنَّا بِمَآ

باپ دادا کو پایا ہے، اُنہوں نے کہا کہ ہم اُس کے منکر ہیں

اُرْسِلْتُمْ بِهٖ كٰفِرُوْنَ ﴿٢٤﴾ فَانْتَقَمْنَا

جو دے کر تم بھیجے گئے ہو ﴿٢٤﴾ تو ہم نے اُن سے

مِنْهُمْ فَانْظُرْ كَيْفَ كَانَ عَاقِبَةُ

انتقام لیا ، پس دیکھو کہ کیسا انجام ہوا

الْمُكَذِّبِيْنَ ﴿٢٥﴾ وَاِذْ قَالَ اِبْرٰهِيْمُ النصف ع ۱۰ ۲ ۸

جھٹلانے والوں کا ﴿٢٥﴾ اور جب ابراہیم (علیہ السلام) نے اپنے

لِاَبِيْهِ وَقَوْمِهٖٓ اِنَّنِيْ بَرَآءٌ مِّمَّا

والد سے اور اپنی قوم سے کہا کہ میں اُن چیزوں سے بری ہوں

تَعْبُدُوْنَ ﴿٢٦﴾ لا اِلَّا الَّذِيْ فَطَرَنِيْ فَاِنَّهٗ

جن کی تم عبادت کرتے ہو ﴿٢٦﴾ مگر وہ جس نے مجھ کو پیدا کیا، پس بے شک وہ

سَيَهۡدِيۡنِ ﴿٢٧﴾ وَجَعَلَهَا كَلِمَةًۢ بَاقِيَةً

میری رہنمائی کرے گا ﴿۲۷﴾ اور ابراہیم (علیہ السلام) یہی کلمہ اپنے پیچھے

فِىۡ عَقِبِهٖ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿٢٨﴾

اپنی اولاد میں چھوڑ گئے؛ تاکہ وہ اُس کی طرف رجوع کریں ﴿۲۸﴾

بَلۡ مَتَّعۡتُ هٰٓؤُلَاۤءِ وَاٰبَآءَهُمۡ حَتّٰى

بلکہ میں نے اُن کو اور اُن کے باپ دادا کو دنیا کا سامان دیا یہاں

جَآءَهُمُ الۡحَـقُّ وَرَسُوۡلٌ مُّبِيۡنٌ ﴿٢٩﴾

تک کہ اُن کے پاس حق آیا اور رسول کھول کر سُنا دینے والا ﴿۲۹﴾

وَلَمَّا جَآءَهُمُ الۡحَـقُّ قَالُوۡا هٰذَا

اور جب اُن کے پاس حق آ گیا، اُنہوں نے کہا کہ یہ جادو ہے

سِحۡرٌ وَّاِنَّا بِهٖ كٰفِرُوۡنَ ﴿٣٠﴾ وَقَالُوۡا

اور ہم اُس کے منکر ہیں ﴿۳۰﴾ اور اُنہوں نے

لَوۡلَا نُزِّلَ هٰذَا الۡقُرۡاٰنُ عَلٰى

کہا کہ یہ قرآن دونوں بستیوں میں سے

رَجُلٍ مِّنَ الۡقَرۡیَتَیۡنِ عَظِیۡمٍ ﴿۳۱﴾
کسی بڑے آدمی پر کیوں نہیں اُتارا گیا ؟ ﴿۳۱﴾

اَهُمۡ یَقۡسِمُوۡنَ رَحۡمَتَ رَبِّكَ ؕ
کیا یہ لوگ آپ کے رب کی رحمت کو تقسیم کرتے ہیں؟

نَحۡنُ قَسَمۡنَا بَیۡنَهُمۡ مَّعِیۡشَتَهُمۡ
دنیا کی زندگی میں اُن کی روزی کو تو ہم نے تقسیم کیا ہے

فِی الۡحَیٰوةِ الدُّنۡیَا وَرَفَعۡنَا بَعۡضَهُمۡ
اور ہم نے ایک کو دوسرے پر فوقیت دی ہے ؛

فَوۡقَ بَعۡضٍ دَرَجٰتٍ لِّیَتَّخِذَ بَعۡضُهُمۡ
تاکہ وہ ایک دوسرے سے کام لیں ،

بَعۡضًا سُخۡرِیًّا ؕ وَرَحۡمَتُ رَبِّكَ خَیۡرٌ
اور آپ کے رب کی رحمت اُس سے بہتر ہے

مِّمَّا یَجۡمَعُوۡنَ ﴿۳۲﴾ وَلَوۡ لَاۤ اَنۡ یَّكُوۡنَ
جو یہ جمع کررہے ہیں ﴿۳۲﴾ اور اگر یہ بات نہ ہوتی کہ

النَّاسُ اُمَّةً وَّاحِدَةً لَّجَعَلۡنَا لِمَنۡ

سب لوگ ایک ہی طریقے کے ہو جائیں گے تو

يَّكۡفُرُ بِالرَّحۡمٰنِ لِبُيُوۡتِهِمۡ سُقُفًا

جو لوگ رحمان کا انکار کرتے ہیں اُن کے لیے ہم اُن کے گھروں

مِّنۡ فِضَّةٍ وَّمَعَارِجَ عَلَيۡهَا

کی چھتیں چاندی کی بنا دیتے اور زینے بھی جن پر وہ

يَظۡهَرُوۡنَ ۙ﴿۳۳﴾ وَلِبُيُوۡتِهِمۡ اَبۡوَابًا

چڑھتے ہیں ﴿۳۳﴾ اور اُن کے گھروں کے کواڑ بھی

وَّسُرُرًا عَلَيۡهَا يَتَّكِـُٔوۡنَ ۙ﴿۳۴﴾ وَزُخۡرُفًا ؕ

اور تخت بھی جن پر وہ تکیہ لگا کر بیٹھتے ہیں ﴿۳۴﴾ اور سونے کے بھی،

وَاِنۡ كُلُّ ذٰلِكَ لَمَّا مَتَاعُ الۡحَيٰوةِ

اور یہ چیزیں تو صرف دنیا کی زندگی کا سامان ہیں

الدُّنۡيَا ؕ وَالۡاٰخِرَةُ عِنۡدَ رَبِّكَ لِلۡمُتَّقِيۡنَ ﴿۳۵﴾ ع ۳ ۱۰ ۹

اور آخرت آپ کے رب کے پاس متّقیوں کے لیے ہے ﴿۳۵﴾

وَمَنْ يَّعْشُ عَنْ ذِكْرِ الرَّحْمٰنِ

اور جو شخص رحمان کی نصیحت سے اعراض کرتا ہے تو ہم اُس پر ایک

نُقَيِّضْ لَهٗ شَيْطٰنًا فَهُوَ لَهٗ قَرِيْنٌ ﴿۳۶﴾

شیطان مُسلّط کر دیتے ہیں پس وہ اُس کا ساتھی بن جاتا ہے ﴿۳۶﴾

وَاِنَّهُمْ لَيَصُدُّوْنَهُمْ عَنِ السَّبِيْلِ

اور وہ اُن کو راہ حق سے روکتے رہتے ہیں

وَيَحْسَبُوْنَ اَنَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۳۷﴾ حَتّٰٓى

اور یہ لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ ہدایت پر ہیں ﴿۳۷﴾ یہاں تک کہ جب

اِذَا جَآءَنَا قَالَ يٰلَيْتَ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ

وہ ہمارے پاس آئے گا تو وہ کہے گا کہ کاش میرے اور تیرے

بُعْدَ الْمَشْرِقَيْنِ فَبِئْسَ الْقَرِيْنُ ﴿۳۸﴾

درمیان مشرق اور مغرب کی دوری ہوتی، پس کیا ہی بُرا ساتھی تھا ﴿۳۸﴾

وَلَنْ يَّنْفَعَكُمُ الْيَوْمَ اِذْ ظَّلَمْتُمْ اَنَّكُمْ

اور جب کہ تم ظلم کر چکے تو آج یہ بات تم کو کچھ بھی فائدہ نہ دے گی کہ تم

فِي الۡعَذَابِ مُشۡتَرِكُوۡنَ ﴿٣٩﴾ اَفَاَنۡتَ

عذاب میں ایک دوسرے کے شریک ہو ﴿٣٩﴾ پس کیا آپ

تُسۡمِعُ الصُّمَّ اَوۡ تَهۡدِي الۡعُمۡيَ

بہروں کو سناؤ گے یا آپ اندھوں کو راہ دکھاؤ گے

وَمَنۡ كَانَ فِيۡ ضَلٰلٍ مُّبِيۡنٍ ﴿٤٠﴾ فَاِمَّا

اور اُن کو جو کھلی ہوئی گمراہی میں ہیں ﴿٤٠﴾ پس اگر

نَذۡهَبَنَّ بِكَ فَاِنَّا مِنۡهُمۡ مُّنۡتَقِمُوۡنَ ۙ ﴿٤١﴾

ہم آپ کو اٹھا لیں تو ہم اُن سے بدلہ لینے والے ہیں ﴿٤١﴾

اَوۡ نُرِيَنَّكَ الَّذِيۡ وَعَدۡنٰهُمۡ فَاِنَّا عَلَيۡهِمۡ

یا آپ کو دکھادیں گے وہ چیز جس کا ہم نے اُن سے وعدہ کیا ہے، پس ہم

مُّقۡتَدِرُوۡنَ ﴿٤٢﴾ فَاسۡتَمۡسِكۡ بِالَّذِيۡۤ

اُن پر پوری طرح قادر ہیں ﴿٤٢﴾ پس آپ اُس کو مضبوطی سے تھامے رہیے

اُوۡحِيَ اِلَيۡكَ ۚ اِنَّكَ عَلٰى صِرَاطٍ

جو آپ کے اوپر وحی کی گئی ہے، بے شک آپ ایک سیدھے

مُّسۡتَقِيۡمٍ ﴿٤٣﴾ وَاِنَّهٗ لَذِكۡرٌ لَّكَ

راستے پر ہو ﴿٤٣﴾ اور یہ آپ کے لیے اور آپ کی

وَلِقَوۡمِكَ ۚ وَسَوۡفَ تُسۡـَٔلُوۡنَ ﴿٤٤﴾

قوم کے لیے نصیحت ہے، اور جلد ہی تم سے پوچھ ہوگی ﴿٤٤﴾

وَسۡـَٔلۡ مَنۡ اَرۡسَلۡنَا مِنۡ قَبۡلِكَ مِنۡ

اور جن کو ہم نے آپ سے پہلے بھیجا ہے ہمارے رسولوں میں

رُّسُلِنَاۤ ۙ اَجَعَلۡنَا مِنۡ دُوۡنِ الرَّحۡمٰنِ

سے اُن سے پوچھ لیجیے کہ کیا ہم نے رحمان کے سوا دوسرے

اٰلِهَةً يُّعۡبَدُوۡنَ ﴿٤٥﴾ ع وَلَقَدۡ اَرۡسَلۡنَا ع ٤ / ١٠

معبود ٹھہرائے تھے کہ اُن کی عبادت کی جائے ﴿٤٥﴾ اور ہم نے

مُوۡسٰى بِاٰيٰتِنَاۤ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ وَمَلَا۟ئِهٖ

موسیٰ (علیہ السلام) کو اپنی نشانیوں کے ساتھ فرعون اور اُس کے اُمراء کے

فَقَالَ اِنِّىۡ رَسُوۡلُ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿٤٦﴾

پاس بھیجا تو اُس نے کہا کہ میں رَبُّ العالمین کا رسول ہوں ﴿٤٦﴾

فَلَمَّا جَآءَهُمۡ بِاٰيٰتِنَاۤ اِذَا هُمۡ مِّنۡهَا

پس جب وہ اُن کے پاس ہماری نشانیوں کے ساتھ آیا تو وہ اُس

يَضۡحَكُوۡنَ ﴿٤٧﴾ وَمَا نُرِيۡهِمۡ مِّنۡ اٰيَةٍ

پر ہنسنے لگے ﴿٤٧﴾ اور ہم اُن کو جو نشانیاں دِکھاتے تھے

اِلَّا هِىَ اَكۡبَرُ مِنۡ اُخۡتِهَا ؗ وَاَخَذۡنٰهُمۡ

وہ پہلی سے بڑھ کر ہوتی تھیں ، اور ہم نے

بِالۡعَذَابِ لَعَلَّهُمۡ يَرۡجِعُوۡنَ ﴿٤٨﴾

اُن کو عذاب میں پکڑا تاکہ وہ رجوع کریں ﴿٤٨﴾

وَقَالُوۡا يٰۤاَيُّهَ السّٰحِرُ ادۡعُ لَنَا رَبَّكَ بِمَا

اور اُنہوں نے کہا کہ اے جادوگر! ہمارے لیے اپنے رب سے دعا کرو اُس

عَهِدَ عِنۡدَكَ ۚ اِنَّنَا لَمُهۡتَدُوۡنَ ﴿٤٩﴾

عہد کی بناء پر جو اُس نے تم سے کیا ہے، ہم ضرور راہ پر آجائیں گے ﴿٤٩﴾

فَلَمَّا كَشَفۡنَا عَنۡهُمُ الۡعَذَابَ اِذَا

پھر جب ہم نے وہ عذاب اُن سے ہٹا دیا تو

هُمۡ یَنۡکُثُوۡنَ ﴿۵۰﴾ وَنَادٰی فِرۡعَوۡنُ فِیۡ

اُنہوں نے اپنا عہد توڑ دیا ﴿۵۰﴾ اور فرعون نے اپنی

قَوۡمِهٖ قَالَ یٰقَوۡمِ اَلَیۡسَ لِیۡ مُلۡكُ

قوم کے درمیان پُکار کر کہا کہ اے میری قوم !

مِصۡرَ وَهٰذِهِ الۡاَنۡهٰرُ تَجۡرِیۡ مِنۡ

کیا مصر کی بادشاہی میری نہیں ہے، اور یہ نہریں جو میرے نیچے

تَحۡتِیۡ ۚ اَفَلَا تُبۡصِرُوۡنَ ﴿۵۱﴾ؕ اَمۡ اَنَا خَیۡرٌ

بہہ رہی ہیں، کیا تم لوگ دیکھتے نہیں ﴿۵۱﴾ بلکہ میں بہتر ہوں

مِّنۡ هٰذَا الَّذِیۡ هُوَ مَهِیۡنٌ ۙ۬ وَّلَا یَکَادُ

اُس شخص سے جو کہ حقیر ہے اور صاف بول بھی

یُبِیۡنُ ﴿۵۲﴾ فَلَوۡلَاۤ اُلۡقِیَ عَلَیۡهِ اَسۡوِرَةٌ

نہیں سکتا ﴿۵۲﴾ پھر کیوں نہ اُس پر سونے کے

مِّنۡ ذَهَبٍ اَوۡ جَآءَ مَعَهُ الۡمَلٰٓئِکَةُ

کنگن آپڑے یا فرشتے اُس کے ساتھ

مُقۡتَرِنِيۡنَ ﴿٥٣﴾ فَاسۡتَخَفَّ قَوۡمَهٗ

جمع ہو کر آتے ﴿۵۳﴾ پس اُس نے اپنی قوم کو بے عقل کر دیا

فَاَطَاعُوۡهُ ؕ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا قَوۡمًا

پھر اُنہوں نے اُس کی بات مان لی، یہ نافرمان قِسم کے

فٰسِقِيۡنَ ﴿٥٤﴾ فَلَمَّاۤ اٰسَفُوۡنَا انۡتَقَمۡنَا

لوگ تھے ﴿۵۴﴾ پھر جب اُنہوں نے ہم کو غصہ دِلایا

مِنۡهُمۡ فَاَغۡرَقۡنٰهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ۙ ﴿٥٥﴾

تو ہم نے اُن سے بدلہ لیا اور ہم نے اُن سب کو غرق کر دیا ﴿۵۵﴾

ع ٥ ‖ فَجَعَلۡنٰهُمۡ سَلَفًا وَّمَثَلًا لِّلۡاٰخِرِيۡنَ ﴿٥٦﴾ ع

پھر ہم نے اُن کو ماضی کی داستان بنا دیا اور دوسروں کے لیے ایک نمونہ عبرت ﴿۵۶﴾

وَلَمَّا ضُرِبَ ابۡنُ مَرۡيَمَ مَثَلًا اِذَا

اور جب ابن مریم کی مثال دی گئی تو آپ کی

قَوۡمُكَ مِنۡهُ يَصِدُّوۡنَ ﴿٥٧﴾ وَقَالُوۡۤا

قوم کے لوگ اُس پر چِلّا اُٹھے ﴿۵۷﴾ اور اُنہوں نے کہا کہ

ءَاٰلِهَتُنَا خَيۡرٌ اَمۡ هُوَ ؕ مَا ضَرَبُوۡهُ لَكَ

ہمارے معبود اچھے ہیں یا وہ ؟ یہ مثال وہ آپ سے

اِلَّا جَدَلًا ؕ بَلۡ هُمۡ قَوۡمٌ خَصِمُوۡنَ ﴿۵۸﴾

صرف جھگڑنے کے لیے بیان کرتے ہیں؛ بلکہ یہ لوگ جھگڑالو ہیں ﴿۵۸﴾

اِنۡ هُوَ اِلَّا عَبۡدٌ اَنۡعَمۡنَا عَلَيۡهِ وَجَعَلۡنٰهُ

عیسیٰ (علیہ السلام) تو بس ہمارے ایک بندے تھے جس پر ہم نے فضل فرمایا

مَثَلًا لِّبَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ ؕ ﴿۵۹﴾ وَلَوۡ نَشَآءُ

اور اُس کو بنی اسرائیل کے لیے ایک مثال بنا دیا ﴿۵۹﴾ اور اگر ہم چاہیں

لَجَعَلۡنَا مِنۡكُمۡ مَّلٰٓئِكَةً فِى الۡاَرۡضِ

تو تمہارے اندر سے فرشتے بنا دیں جو زمین میں تمہارے

يَخۡلُفُوۡنَ ﴿۶۰﴾ وَاِنَّهٗ لَعِلۡمٌ لِّلسَّاعَةِ

جانشین ہوں ﴿۶۰﴾ اور بے شک عیسیٰ قیامت کا ایک نشان ہیں

فَلَا تَمۡتَرُنَّ بِهَا وَاتَّبِعُوۡنِ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ

تو تم اُس میں شک نہ کرو اور میری پیروی کرو، یہی سیدھا

مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿٦١﴾ وَلَا يَصُدَّنَّكُمُ الشَّيۡطٰنُ‌ۚ

راستہ ہے ﴿٦١﴾ اور شیطان تم کو اُس سے روکنے نہ پائے،

اِنَّهٗ لَـكُمۡ عَدُوٌّ مُّبِيۡنٌ ﴿٦٢﴾ وَلَمَّا جَآءَ

بے شک وہ تمہارا کُھلا دُشمن ہے ﴿٦٢﴾ اور جب

عِيۡسٰى بِالۡبَيِّنٰتِ قَالَ قَدۡ جِئۡتُكُمۡ

عیسیٰ (علیہ السلام) کُھلی نشانیوں کے ساتھ آئے، اُس نے کہا کہ میں

بِالۡحِكۡمَةِ وَلِاُبَيِّنَ لَـكُمۡ بَعۡضَ

تمہارے پاس حکمت لے کر آیا ہوں اور تاکہ میں تم پر واضح کردوں

الَّذِىۡ تَخۡتَلِفُوۡنَ فِيۡهِ‌ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ

بعض باتیں جن میں تم اختلاف کررہے ہو، پس تم اللہ سے ڈرو

وَاَطِيۡعُوۡنِ ﴿٦٣﴾ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ رَبِّىۡ وَرَبُّكُمۡ

اور میری اطاعت کرو ﴿٦٣﴾ بے شک اللہ ہی میرا رب ہے اور تمہارا رب بھی،

فَاعۡبُدُوۡهُ‌ ؕ هٰذَا صِرَاطٌ مُّسۡتَقِيۡمٌ ﴿٦٤﴾

تو تم اُسی کی عبادت کرو، یہی سیدھا راستہ ہے ﴿٦٤﴾

فَاخْتَلَفَ الْاَحْزَابُ مِنْۢ بَیْنِهِمْ ۚ
پھر گروہوں نے آپس میں اختلاف کیا،

فَوَیْلٌ لِّلَّذِیْنَ ظَلَمُوْا مِنْ عَذَابِ
پس تباہی ہے اُن لوگوں کے لیے جنھوں نے ظلم کیا ایک دردناک

یَوْمٍ اَلِیْمٍ ﴿۶۵﴾ هَلْ یَنْظُرُوْنَ اِلَّا
دن کے عذاب سے ﴿۶۵﴾ یہ لوگ بس قیامت کا

السَّاعَةَ اَنْ تَاْتِیَهُمْ بَغْتَةً وَّهُمْ
انتظار کر رہے ہیں کہ وہ اُن پر اچانک آ پڑے اور اُن کو

لَا یَشْعُرُوْنَ ﴿۶۶﴾ اَلْاَخِلَّآءُ یَوْمَئِذٍۭ
خبر بھی نہ ہو ﴿۶۶﴾ تمام دوست اُس دن

بَعْضُهُمْ لِبَعْضٍ عَدُوٌّ اِلَّا الْمُتَّقِیْنَ ﴿۶۷﴾ ع ط ع ۶ ۱۱ ۱۲
ایک دوسرے کے دشمن ہوں گے سوائے ڈرنے والوں کے ﴿۶۷﴾

یٰعِبَادِ لَا خَوْفٌ عَلَیْكُمُ الْیَوْمَ وَلَآ اَنْتُمْ
اے میرے بندو! آج تم پر نہ کوئی خوف ہے اور نہ تم

تَحۡزَنُوۡنَ ۚ﴿۶۸﴾ اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا بِاٰیٰتِنَا
غمگین ہوں گے ﴿۶۸﴾ جو لوگ ہماری آیتوں پر ایمان لائے

وَکَانُوۡا مُسۡلِمِیۡنَ ۚ﴿۶۹﴾ اُدۡخُلُوا الۡجَنَّۃَ
اور فرماں بردار رہے ﴿۶۹﴾ جنّت میں داخل ہو جاؤ

اَنۡتُمۡ وَاَزۡوَاجُکُمۡ تُحۡبَرُوۡنَ ﴿۷۰﴾
اور تمہاری بیویاں اور تم خوش کیے جاؤ گے ﴿۷۰﴾

یُطَافُ عَلَیۡہِمۡ بِصِحَافٍ مِّنۡ ذَہَبٍ
اُن کے سامنے سونے کی رکابیاں اور پیالے پیش کیے

وَّاَکۡوَابٍ ۚ وَفِیۡہَا مَا تَشۡتَہِیۡہِ
جائیں گے ، اور وہاں وہ چیزیں ہوں گی جن کو

الۡاَنۡفُسُ وَتَلَذُّ الۡاَعۡیُنُ ۚ وَاَنۡتُمۡ
جی چاہے گا اور جن سے آنکھوں کو لذت ہوگی ، اور تم یہاں

فِیۡہَا خٰلِدُوۡنَ ۚ﴿۷۱﴾ وَتِلۡکَ الۡجَنَّۃُ الَّتِیۡۤ
ہمیشہ رہو گے ﴿۷۱﴾ اور یہ وہ جنت ہے جس کے

أُورِثۡتُمُوهَا بِمَا كُنتُمۡ تَعۡمَلُونَ ﴿٧٢﴾

تم مالک بنا دیے گئے اُس کی وجہ سے جو تم کرتے تھے ﴿٧٢﴾

لَكُمۡ فِيهَا فَٰكِهَةٞ كَثِيرَةٞ مِّنۡهَا

تمہارے لیے اُس میں بہت سے میوے ہیں جن میں سے

تَأۡكُلُونَ ﴿٧٣﴾ إِنَّ ٱلۡمُجۡرِمِينَ فِي عَذَابِ

تم کھاؤ گے ﴿٧٣﴾ بے شک مجرم لوگ ہمیشہ دوزخ کے

جَهَنَّمَ خَٰلِدُونَ ﴿٧٤﴾ لَا يُفَتَّرُ عَنۡهُمۡ

عذاب میں رہیں گے ﴿٧٤﴾ وہ اُن سے ہلکا نہ کیا جائے گا

وَهُمۡ فِيهِ مُبۡلِسُونَ ﴿٧٥﴾ وَمَا ظَلَمۡنَٰهُمۡ

اور وہ اُس میں مایوس پڑے رہیں گے ﴿٧٥﴾ اور ہم نے اُن پر ظلم

وَلَٰكِن كَانُواْ هُمُ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٧٦﴾ وَنَادَوۡاْ

نہیں کیا بلکہ وہ خود ہی ظالم تھے ﴿٧٦﴾ اور وہ پکاریں گے کہ

يَٰمَٰلِكُ لِيَقۡضِ عَلَيۡنَا رَبُّكَۖ قَالَ

اے مالک! تمہارا رب ہمارا خاتمہ ہی کر دے، فرشتہ کہے گا:

اِنَّكُمْ مّٰكِثُوْنَ ﴿۷۷﴾ لَقَدْ جِئْنٰكُمْ

تم کو اِسی طرح پڑے رہنا ہے ﴿۷۷﴾ ہم تمہارے پاس

بِالْحَقِّ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَكُمْ لِلْحَقِّ

حق لے کر آئے مگر تم میں سے اکثر حق سے

كٰرِهُوْنَ ﴿۷۸﴾ اَمْ اَبْرَمُوْۤا اَمْرًا فَاِنَّا

بیزار رہے ﴿۷۸﴾ کیا اُنہوں نے کوئی بات ٹھہرا لی ہے تو ہم بھی

مُبْرِمُوْنَ ﴿۷۹﴾ اَمْ يَحْسَبُوْنَ اَنَّا

ایک بات ٹھہرالیں گے ﴿۷۹﴾ کیا اُن کا گمان ہے کہ ہم اُن کے

لَا نَسْمَعُ سِرَّهُمْ وَنَجْوٰىهُمْ ؕ بَلٰى

رازوں کو اور اُن کے مشوروں کو نہیں سُن رہے ہیں، ہاں!

وَرُسُلُنَا لَدَيْهِمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿۸۰﴾ قُلْ

اور ہمارے بھیجے ہوئے اُن کے پاس لکھتے رہتے ہیں ﴿۸۰﴾ کہہ

اِنْ كَانَ لِلرَّحْمٰنِ وَلَدٌ ۖۗ فَاَنَا اَوَّلُ

دیجیے کہ اگر رحمان کے کوئی اولاد ہو تو میں سب سے پہلے

الۡعٰبِدِيۡنَ ﴿٨١﴾ سُبۡحٰنَ رَبِّ السَّمٰوٰتِ

اُس کی عبادت کرنے والا ہوں ﴿٨١﴾ آسمانوں اور زمین کا خداوند،

وَالۡاَرۡضِ رَبِّ الۡعَرۡشِ عَمَّا يَصِفُوۡنَ ﴿٨٢﴾

عرش کا مالک، وہ اُن باتوں سے پاک ہے جس کو لوگ بیان کرتے ہیں ﴿٨٢﴾

فَذَرۡهُمۡ يَخُوۡضُوۡا وَيَلۡعَبُوۡا حَتّٰى

پس اُن کو چھوڑ دیجیے کہ وہ بحث کریں اور کھیلیں یہاں تک کہ وہ

يُلٰقُوۡا يَوۡمَهُمُ الَّذِىۡ يُوۡعَدُوۡنَ ﴿٨٣﴾

اُس دن سے دو چار ہوں جس کا اُن سے وعدہ کیا جا رہا ہے ﴿٨٣﴾

وَهُوَ الَّذِىۡ فِى السَّمَآءِ اِلٰهٌ وَّفِى

اور وہی ہے جو آسمان میں اللہ ہے اور وہی

الۡاَرۡضِ اِلٰهٌ‌ ؕ وَهُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ﴿٨٤﴾

زمین میں اللہ ہے، اور وہ حکمت والا، علم والا ہے ﴿٨٤﴾

وَتَبٰرَكَ الَّذِىۡ لَهٗ مُلۡكُ السَّمٰوٰتِ

اور بڑی بابرکت ہے وہ ذات جس کی بادشاہی آسمانوں

وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا ۚ وَعِنْدَهٗ

اور زمین میں ہے اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے، اور اُسی کے

عِلْمُ السَّاعَةِ ۚ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۸۵﴾

پاس قیامت کی خبر ہے اور اُسی کی طرف تم لوٹائے جاؤ گے ﴿۸۵﴾

وَلَا يَمْلِكُ الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ

اور اللہ کے سوا جن کو یہ لوگ پکارتے ہیں

دُوْنِهِ الشَّفَاعَةَ اِلَّا مَنْ شَهِدَ

وہ سفارش کا اختیار نہیں رکھتے، مگر وہ جو حق کی

بِالْحَقِّ وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۸۶﴾ وَلَئِنْ

گواہی دیں گے اور وہ جانتے ہوں گے ﴿۸۶﴾ اور اگر آپ اُن سے

سَاَلْتَهُمْ مَّنْ خَلَقَهُمْ لَيَقُوْلُنَّ اللّٰهُ

پوچھو کہ اُن کو کس نے پیدا کیا ہے تو وہ یہی کہیں گے کہ اللہ نے، پھر وہ کہاں

فَاَنّٰى يُؤْفَكُوْنَ ﴿۸۷﴾ لا وَقِيْلِهٖ يٰرَبِّ

بھٹک جاتے ہیں ﴿۸۷﴾ اور اُس کو رسول کے اِس کہنے کی خبر ہے کہ اے میرے رب!

إِنَّ هٰٓؤُلَآءِ قَوْمٌ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٨٨﴾ وقف لازم

یہ ایسے لوگ ہیں کہ ایمان نہیں لاتے ﴿٨٨﴾

فَاصْفَحْ عَنْهُمْ وَقُلْ سَلٰمٌ ؕ

پس اُن سے درگزر کیجیے اور کہیے کہ سلام ہے (تم کو)،

فَسَوْفَ يَعْلَمُوْنَ ﴿٨٩﴾ ع

پس جلد ہی اُن کو معلوم ہوجائے گا ﴿٨٩﴾

ع ٢٢ ١٣

(سورہ دخان مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٥٩) آیتیں اور (٣) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٤) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٤٤) نمبر پر ہے اور سورہ زخرف کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٣٤٦) کلمات ہیں — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اس میں (١٤٢١) حروف ہیں

حٰمٓ ﴿١﴾ وَالْكِتٰبِ الْمُبِيْنِ ﴿٢﴾ إِنَّآ مع

حٰمٓ ﴿١﴾ قسم ہے اِس واضح کتاب کی ﴿٢﴾ ہم نے اِس کو

أَنْزَلْنٰهُ فِيْ لَيْلَةٍ مُّبٰرَكَةٍ إِنَّا كُنَّا

ایک برکت والی رات میں اُتارا ہے، بے شک ہم آگاہ

مُنْذِرِيْنَ ﴿٣﴾ فِيْهَا يُفْرَقُ كُلُّ أَمْرٍ

کرنے والے تھے ﴿٣﴾ اِس رات میں ہر حکمت والا معاملہ

حَکِیۡمٍ ۝۴ۙ اَمۡرًا مِّنۡ عِنۡدِنَا ؕ اِنَّا

طے کیا جاتا ہے ۝۴ ہمارے حکم سے ، بے شک

کُنَّا مُرۡسِلِیۡنَ ۝۵ۚ رَحۡمَةً مِّنۡ رَّبِّکَ ؕ

ہم تھے بھیجنے والے ۝۵ آپ کے رب کی رحمت سے ،

اِنَّهٗ هُوَ السَّمِیۡعُ الۡعَلِیۡمُ ۝۶ۙ رَبِّ

وہی سُننے والا، جاننے والا ہے ۝۶ آسمانوں اور زمین

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ وَمَا بَیۡنَهُمَا ۘ اِنۡ

وقف لازم

کا رب اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے، اگر تم

کُنۡتُمۡ مُّوۡقِنِیۡنَ ۝۷ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

یقین کرنے والے ہو ۝۷ اُس کے سوا کوئی معبود نہیں ہے،

یُحۡیٖ وَیُمِیۡتُ ؕ رَبُّکُمۡ وَرَبُّ اٰبَآئِکُمُ

وہی زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، تمہارا بھی رب اور تمہارے اگلے

الۡاَوَّلِیۡنَ ۝۸ بَلۡ هُمۡ فِیۡ شَكٍّ

باپ دادا کا بھی رب ۝۸ بلکہ وہ شک میں پڑے ہوئے

يَلۡعَبُوۡنَ ﴿۹﴾ فَارۡتَقِبۡ يَوۡمَ تَاۡتِى

کھیل رہے ہیں ﴿۹﴾ پس انتظار کیجیے اُس دن کا جب

السَّمَآءُ بِدُخَانٍ مُّبِيۡنٍۙ ﴿۱۰﴾ يَّغۡشَى

آسمان ایک کُھلے ہوئے دھویں کے ساتھ ظاہر ہوگا ﴿۱۰﴾ وہ لوگوں

النَّاسَ‌ؕ هٰذَا عَذَابٌ اَلِيۡمٌ ﴿۱۱﴾ رَبَّنَا

کو گھیر لے گا، یہ ایک دردناک عذاب ہے ﴿۱۱﴾ اے ہمارے رب!

اكۡشِفۡ عَنَّا الۡعَذَابَ اِنَّا مُؤۡمِنُوۡنَ ﴿۱۲﴾

ہم پر سے عذاب ٹال دیجیے، ہم ایمان لاتے ہیں ﴿۱۲﴾

اَنّٰى لَهُمُ الذِّكۡرٰى وَقَدۡ جَآءَهُمۡ

اُن کے لیے نصیحت کہاں، اور اُن کے پاس رسول آچکا تھا

رَسُوۡلٌ مُّبِيۡنٌۙ ﴿۱۳﴾ ثُمَّ تَوَلَّوۡا عَنۡهُ

کھول کر سُنانے والا ﴿۱۳﴾ پھر اُنہوں نے اُس سے پیٹھ پھیری

وَقَالُوۡا مُعَلَّمٌ مَّجۡنُوۡنٌ‌ ۘ ﴿۱۴﴾ اِنَّا

اور کہا کہ یہ تو ایک سِکھایا ہوا دیوانہ ہے ﴿۱۴﴾ ہم

وقف لازم

كَاشِفُوا الۡعَذَابِ قَلِيۡلًا اِنَّكُمۡ

کچھ وقت کے لیے عذاب کو ہٹادیں، تم پھر اپنی اُسی

عَآئِدُوۡنَ ﴿۱۵﴾ يَوۡمَ نَبۡطِشُ الۡبَطۡشَةَ

حالت پر آجاؤ گے ﴿۱۵﴾ جس دن ہم پکڑیں گے

وقف لازم

الۡكُبۡرٰى ۚ اِنَّا مُنۡتَقِمُوۡنَ ﴿۱۶﴾ وَلَقَدۡ

بڑی پکڑ، اُس دن ہم پورا بدلہ لیں گے ﴿۱۶﴾ اور اُن سے

فَتَنَّا قَبۡلَهُمۡ قَوۡمَ فِرۡعَوۡنَ وَجَآءَهُمۡ

پہلے ہم نے فرعون کی قوم کو آزمایا، اور اُن کے پاس

رَسُوۡلٌ كَرِيۡمٌ ﴿۱۷﴾ اَنۡ اَدُّوۡۤا اِلَىَّ عِبَادَ

ایک معزّز رسول آیا ﴿۱۷﴾ کہ اللہ کے بندوں کو میرے حوالے کرو،

اللّٰهِ ؕ اِنِّىۡ لَـكُمۡ رَسُوۡلٌ اَمِيۡنٌ ﴿۱۸﴾ وَّاَنۡ

میں تمہارے لیے ایک معتبر رسول ہوں ﴿۱۸﴾ اور یہ کہ اللہ کے

لَّا تَعۡلُوۡا عَلَى اللّٰهِ ۚ اِنِّىۡۤ اٰتِيۡكُمۡ

مقابلے میں سرکشی نہ کرو، میں تمہارے سامنے ایک واضح دلیل

بِسُلْطٰنٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۹﴾ وَاِنِّیْ عُذْتُ بِرَبِّیْ

پیش کرتا ہوں ﴿۱۹﴾ اور میں اپنے اور تمہارے رب کی پناہ لے

وَرَبِّكُمْ اَنْ تَرْجُمُوْنِ ﴿۲۰﴾ وَاِنْ

چکا ہوں اِس بات سے کہ تم مجھے سنگسار کرو ﴿۲۰﴾ اور اگر

لَّمْ تُؤْمِنُوْا لِیْ فَاعْتَزِلُوْنِ ﴿۲۱﴾ فَدَعَا

تم مجھ پر ایمان نہیں لاتے تو تم مجھ سے الگ رہو ﴿۲۱﴾ پس موسیٰ

رَبَّهٗۤ اَنَّ هٰۤؤُلَآءِ قَوْمٌ مُّجْرِمُوْنَ ﴿۲۲﴾

(علیہ السلام) نے اپنے رب کو پکارا کہ یہ لوگ مجرم ہیں ﴿۲۲﴾

الثلثة

فَاَسْرِ بِعِبَادِیْ لَیْلًا اِنَّكُمْ مُّتَّبَعُوْنَ ﴿۲۳﴾

تو اب تم میرے بندوں کو رات ہی رات میں لے کر چلے جاؤ، تمہارا پیچھا کیا جائے گا ﴿۲۳﴾

وَاتْرُكِ الْبَحْرَ رَهْوًا ؕ اِنَّهُمْ جُنْدٌ

اور تم دریا کو تھما ہوا چھوڑ دو ، اُن کا لشکر

مُّغْرَقُوْنَ ﴿۲۴﴾ كَمْ تَرَكُوْا مِنْ جَنّٰتٍ

ڈوبنے والا ہے ﴿۲۴﴾ اُنہوں نے کتنے ہی باغ

وَّعُیُوۡنٍ ﴿۲۵﴾ وَّزُرُوۡعٍ وَّمَقَامٍ کَرِیۡمٍ ﴿۲۶﴾

اور چشمے ﴿۲۵﴾ اور کھیتیاں اور عمدہ مکانات ﴿۲۶﴾

وَّنَعۡمَةٍ کَانُوۡا فِیۡهَا فٰکِهِیۡنَ ﴿۲۷﴾

اور آرام کے سامان جن میں وہ خوش رہتے تھے سب چھوڑ دیے ﴿۲۷﴾

کَذٰلِكَ ۟ وَاَوۡرَثۡنٰهَا قَوۡمًا اٰخَرِیۡنَ ﴿۲۸﴾

اِسی طرح ہوا، اور ہم نے دوسری قوم کو اُن کا مالک بنا دیا ﴿۲۸﴾

فَمَا بَکَتۡ عَلَیۡهِمُ السَّمَآءُ وَالۡاَرۡضُ

پس نہ اُن پر آسمان رویا اور نہ زمین ،

وَمَا کَانُوۡا مُنۡظَرِیۡنَ ﴿۲۹﴾ ع وَلَقَدۡ

اور نہ اُن کو مہلت دی گئی ﴿۲۹﴾ اور ہم نے

ع ۲۹/۱۴

نَجَّیۡنَا بَنِیۡۤ اِسۡرَآءِیۡلَ مِنَ الۡعَذَابِ

بنی اسرائیل کو ذلّت والے عذاب سے

الۡمُهِیۡنِ ﴿۳۰﴾ مِنۡ فِرۡعَوۡنَ ؕ اِنَّهٗ کَانَ

نجات دی ﴿۳۰﴾ یعنی فرعون سے ، بے شک وہ

عَالِيًا مِّنَ الْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۱﴾ وَلَقَدِ

سرکش اور حد سے نکل جانے والوں میں سے تھا ﴿۳۱﴾ اور ہم نے

اخْتَرْنٰهُمْ عَلٰى عِلْمٍ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿۳۲﴾ ج

اُن کو اپنے علم کی رو سے دنیا والوں پر ترجیح دی ﴿۳۲﴾

وَاٰتَيْنٰهُمْ مِّنَ الْاٰيٰتِ مَا فِيْهِ

اور ہم نے اُن کو ایسی نشانیاں دیں جن میں

بَلٰٓؤٌا مُّبِيْنٌ ﴿۳۳﴾ اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ

کھلا ہوا انعام تھا ﴿۳۳﴾ یقیناً یہ لوگ

لَيَقُوْلُوْنَ ﴿۳۴﴾ لا اِنْ هِيَ اِلَّا مَوْتَتُنَا

کہتے ہیں ﴿۳۴﴾ بس یہی ہمارا پہلا مرنا ہے

الْاُوْلٰى وَمَا نَحْنُ بِمُنْشَرِيْنَ ﴿۳۵﴾ فَاْتُوْا

اور ہم پھر اُٹھائے نہیں جائیں گے ﴿۳۵﴾ اگر تم

بِاٰبَآئِنَآ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِيْنَ ﴿۳۶﴾ اَهُمْ

سچے ہو تو لے آؤ ہمارے باپ دادا کو ﴿۳۶﴾ کیا یہ

خَيۡرٌ اَمۡ قَوۡمُ تُبَّعٍ ۙ وَّالَّذِيۡنَ مِنۡ

بہتر ہیں یا تُبّع کی قوم اور جو اُن سے پہلے تھے، ہم نے

قَبۡلِهِمۡ ؕ اَهۡلَكۡنٰهُمۡ ۫ اِنَّهُمۡ كَانُوۡا

اُن کو ہلاک کر دیا ہے ، بے شک وہ

مُجۡرِمِيۡنَ ۝٣٧ وَمَا خَلَقۡنَا السَّمٰوٰتِ

نافرمان تھے ۝٣٧ اور ہم نے آسمانوں

وَالۡاَرۡضَ وَمَا بَيۡنَهُمَا لٰعِبِيۡنَ ۝٣٨

اورزمین کواور جو کچھ اُن کے درمیان ہے کھیل کے طور پر نہیں بنایا ۝٣٨

مَا خَلَقۡنٰهُمَاۤ اِلَّا بِالۡحَقِّ وَلٰكِنَّ

اُن کو ہم نے حق کے ساتھ بنایا ہے لیکن اُن کے

اَكۡثَرَهُمۡ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۝٣٩ اِنَّ يَوۡمَ

اکثر لوگ نہیں جانتے ۝٣٩ بے شک فیصلے کا دن

الۡفَصۡلِ مِيۡقَاتُهُمۡ اَجۡمَعِيۡنَ ۝٤٠ ۙ

اُن سب کا طے شدہ وقت ہے ۝٤٠

یَوۡمَ لَا یُغۡنِیۡ مَوۡلًی عَنۡ مَّوۡلًی شَیۡـًٔا
جس دن کوئی رشتے دار کسی رشتے دار کے کام نہیں آئے گا اور نہ

وَّ لَا هُمۡ یُنۡصَرُوۡنَ ﴿۴۱﴾ اِلَّا مَنۡ رَّحِمَ
اُن کی کچھ حمایت کی جائے گی ﴿۴۱﴾ ہاں مگر وہ جس پر اللہ رحم

اللّٰهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡعَزِیۡزُ الرَّحِیۡمُ ﴿۴۲﴾ ع ۲ ۱۴ ۱۵
فرمائے ، بے شک وہ زبردست ہے، رحمت والا ہے ﴿۴۲﴾

اِنَّ شَجَرَتَ الزَّقُّوۡمِ ﴿۴۳﴾ طَعَامُ
یقین جانو کہ زقّوم کا درخت ﴿۴۳﴾ گنہ گار کا

الۡاَثِیۡمِ ﴿۴۴﴾ كَالۡمُهۡلِ ۚ یَغۡلِیۡ فِی معانقۃ ۱۲
کھانا ہوگا ﴿۴۴﴾ تیل کی تلچھٹ جیسا ، وہ پیٹ میں

الۡبُطُوۡنِ ﴿۴۵﴾ كَغَلۡیِ الۡحَمِیۡمِ ﴿۴۶﴾ خُذُوۡهُ
کھولے گا ﴿۴۵﴾ جس طرح گرم پانی کھولتا ہے ﴿۴۶﴾ اُس کو

فَاعۡتِلُوۡهُ اِلٰی سَوَآءِ الۡجَحِیۡمِ ﴿۴۷﴾
پکڑو اور اُس کو گھسیٹتے ہوئے جہنّم کے بیچ تک لے جاؤ ﴿۴۷﴾

ثُمَّ صُبُّوۡا فَوۡقَ رَاۡسِهٖ مِنۡ عَذَابِ
پھر اُس کے سر پر کھولتے ہوئے پانی کا عذاب

الۡحَمِيۡمِ ﴿٤٨﴾ ذُقۡ ۚۙ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡعَزِيۡزُ
اُنڈیل دو ﴿٤٨﴾ چکھ اِس کو ، تو بڑا مُعزَّز ،

الۡكَرِيۡمُ ﴿٤٩﴾ اِنَّ هٰذَا مَا كُنۡتُمۡ بِهٖ
مکرّم ہے ﴿٤٩﴾ یہ وہی چیز ہے جس میں تم شک کرتے

تَمۡتَرُوۡنَ ﴿٥٠﴾ اِنَّ الۡمُتَّقِيۡنَ فِىۡ مَقَامٍ
تھے ﴿٥٠﴾ بے شک اللہ سے ڈرنے والے امن کی

اَمِيۡنٍ ۙ﴿٥١﴾ فِىۡ جَنّٰتٍ وَّعُيُوۡنٍ ۚۙ﴿٥٢﴾
جگہ میں ہوں گے ﴿٥١﴾ باغوں اور چشموں میں ﴿٥٢﴾

يَّلۡبَسُوۡنَ مِنۡ سُنۡدُسٍ وَّاِسۡتَبۡرَقٍ
باریک ریشم اور دبیز ریشم کے لباس پہنے ہوئے آمنے سامنے بیٹھے

مُّتَقٰبِلِيۡنَ ۚۙ﴿٥٣﴾ كَذٰلِكَ ۖ وَزَوَّجۡنٰهُمۡ
ہوں گے ﴿٥٣﴾ اُن کے ساتھ یہی معاملہ ہوگا، اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی حوروں کا

بِحُوۡرٍ عِيۡنٍ ﴿٥٤﴾ يَدۡعُوۡنَ فِيۡهَا بِكُلِّ

اُن سے بیاہ کر دیں گے ﴿۵۴﴾ وہ اُس میں طلب کریں گے ہر قسم

فَاكِهَةٍ اٰمِنِيۡنَ ﴿٥٥﴾ لَا يَذُوۡقُوۡنَ فِيۡهَا

کے میوے نہایت اطمینان سے ﴿۵۵﴾ وہ وہاں موت کو نہ چکھیں

الۡمَوۡتَ اِلَّا الۡمَوۡتَةَ الۡاُوۡلٰى ۚ وَوَقٰهُمۡ

گے مگر وہ موت جو پہلے آچکی ہے ، اور اللہ نے اُن کو

عَذَابَ الۡجَحِيۡمِ ﴿٥٦﴾ فَضۡلًا مِّنۡ رَّبِّكَ ؕ

جہنم کے عذاب سے بچا لیا ﴿۵۶﴾ یہ آپ کے رب کے فضل سے

ذٰلِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿٥٧﴾ فَاِنَّمَا

ہوگا ، یہی ہے بڑی کامیابی ﴿۵۷﴾ پس ہم نے اِس

يَسَّرۡنٰهُ بِلِسَانِكَ لَعَلَّهُمۡ يَتَذَكَّرُوۡنَ ﴿٥٨﴾

کتاب کو آپ کی زبان میں آسان بنادیا ہے تاکہ لوگ نصیحت حاصل کریں ﴿۵۸﴾

فَارۡتَقِبۡ اِنَّهُمۡ مُّرۡتَقِبُوۡنَ ﴿٥٩﴾ ع

پس آپ بھی انتظار کیجیے، وہ بھی انتظار کر رہے ہیں ﴿۵۹﴾ ع ۳ ۱۷ ۱۶

(سورہ جاثیہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (١٤) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (٣٧) آیتیں اور (٤) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٥) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٤٥) نمبر پر ہے اور سورہ دخان کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (٤٨٨) کلمات ہیں

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

اس میں (٢١٩١) حروف ہیں

حٰمٓ ۚ ﴿١﴾ تَنۡزِيۡلُ الۡكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ

حٰمٓ ﴿١﴾ یہ نازل کی ہوئی کتاب ہے غالب ،

الۡعَزِيۡزِ الۡحَكِيۡمِ ﴿٢﴾ اِنَّ فِى السَّمٰوٰتِ

حکمت والے اللہ کی طرف سے ﴿٢﴾ بے شک آسمانوں

وَالۡاَرۡضِ لَاٰيٰتٍ لِّلۡمُؤۡمِنِيۡنَ ؕ ﴿٣﴾ وَفِىۡ

اور زمین میں نشانیاں ہیں ایمان والوں کے لیے ﴿٣﴾ اور تمہارے بنانے

خَلۡقِكُمۡ وَمَا يَبُثُّ مِنۡ دَآبَّةٍ اٰيٰتٌ

میں اور اُن حیوانات میں جو اُس نے زمین میں پھیلا رکھے ہیں نشانیاں ہیں

لِّقَوۡمٍ يُّوۡقِنُوۡنَ ۙ ﴿٤﴾ وَاخۡتِلَافِ الَّيۡلِ

اُن لوگوں کے لیے جو یقین رکھتے ہیں ﴿٤﴾ اور رات اور دن کے

وَالنَّهَارِ وَمَاۤ اَنۡزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ

آنے جانے میں اور اُس رزق میں جس کو اللہ نے آسمان سے اُتارا

مِنۡ رِّزۡقٍ فَاَحۡيَا بِهِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ
پھر اُس سے زمین کو زندہ کر دیا اُس کے مر جانے کے

مَوۡتِهَا وَتَصۡرِيۡفِ الرِّيٰحِ اٰيٰتٌ لِّقَوۡمٍ
بعد اور ہواؤں کی گردش میں بھی نشانیاں ہیں اُن لوگوں کے لیے

يَّعۡقِلُوۡنَ ۝۵ تِلۡكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتۡلُوۡهَا
جو عقل رکھتے ہیں ۝۵ یہ اللہ کی آیتیں ہیں جن کو ہم حق کے ساتھ

عَلَيۡكَ بِالۡحَقِّ ۚ فَبِاَىِّ حَدِيۡثٍۢ بَعۡدَ
آپ کو سنا رہے ہیں، پھر اللہ اور اُس کی آیتوں کے بعد کون سی

اللّٰهِ وَاٰيٰتِهٖ يُؤۡمِنُوۡنَ ۝۶ وَيۡلٌ لِّكُلِّ
بات ہے جس پر وہ ایمان لائیں گے ۝۶ خرابی ہے ہر اُس شخص

اَفَّاكٍ اَثِيۡمٍ ۝۷ لا يَّسۡمَعُ اٰيٰتِ اللّٰهِ تُتۡلٰى
کے لیے جو جھوٹا، گنہ گار ہو ۝۷ جو اللہ کی آیتوں کو سنتا ہے جب کہ

عَلَيۡهِ ثُمَّ يُصِرُّ مُسۡتَكۡبِرًا كَاَنۡ لَّمۡ
وہ اُس کے سامنے پڑھی جاتی ہیں پھر وہ تکبر کے ساتھ اَڑا رہتا ہے گویا اُس نے

يَسۡمَعۡهَا ۚ فَبَشِّرۡهُ بِعَذَابٍ اَلِيۡمٍ ﴿۸﴾

اُس کو سنا ہی نہیں، پس آپ اُس کو ایک دردناک عذاب کی خوش خبری دے دیجیے ﴿۸﴾

وَاِذَا عَلِمَ مِنۡ اٰيٰتِنَا شَيۡـئَاْ اتَّخَذَهَا

اور جب وہ ہماری آیتوں میں سے کسی چیز کی خبر پاتا ہے تو وہ اُس کو

هُزُوًا ؕ اُولٰٓٮِٕكَ لَهُمۡ عَذَابٌ مُّهِيۡنٌ ؕ ﴿۹﴾

مذاق بنا لیتا ہے، ایسے لوگوں کے لیے ذلّت کا عذاب ہے ﴿۹﴾

مِنۡ وَّرَآٮِٕهِمۡ جَهَنَّمُ ۚ وَلَا يُغۡنِىۡ

اُن کے آگے جہنم ہے ، اور جو کچھ اُنھوں نے کمایا

عَنۡهُمۡ مَّا كَسَبُوۡا شَيۡـئًا وَّلَا مَا اتَّخَذُوۡا

وہ اُن کے کچھ کام آنے والا نہیں اور نہ وہ

مِنۡ دُوۡنِ اللّٰهِ اَوۡلِيَآءَ ۚ وَلَهُمۡ

جن کو اُنھوں نے اللہ کے سوا کارساز بنایا ، اور اُن

عَذَابٌ عَظِيۡمٌ ؕ ﴿۱۰﴾ هٰذَا هُدًى ۚ

کے لیے بڑا عذاب ہے ﴿۱۰﴾ یہ ہدایت ہے ،

وَالَّذِیۡنَ کَفَرُوۡا بِاٰیٰتِ رَبِّہِمۡ لَہُمۡ
اور جنہوں نے اپنے رب کی آیتوں کا انکار کیا اُن کے لیے

عَذَابٌ مِّنۡ رِّجۡزٍ اَلِیۡمٌ ﴿۱۱﴾ ع اَللّٰہُ
سختی کا دردناک عذاب ہے ﴿۱۱﴾ اللہ ہی ہے

ع ۱۱ ۱۷

الَّذِیۡ سَخَّرَ لَکُمُ الۡبَحۡرَ لِتَجۡرِیَ
جس نے تمہارے لیے سمندر کو مُسخَّر کردیا ؛

الۡفُلۡکُ فِیۡہِ بِاَمۡرِہٖ وَلِتَبۡتَغُوۡا مِنۡ
تاکہ اُس کے حکم سے اُس میں کشتیاں چلیں اور تاکہ تم اُس کا

فَضۡلِہٖ وَلَعَلَّکُمۡ تَشۡکُرُوۡنَ ﴿۱۲﴾ ج وَسَخَّرَ
فضل تلاش کرو اور تاکہ تم شُکر کرو ﴿۱۲﴾ اور اُس نے

لَکُمۡ مَّا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الۡاَرۡضِ
آسمانوں اور زمین کی چیزوں کو تمہارے لیے مُسخَّر کردیا

جَمِیۡعًا مِّنۡہُ ؕ اِنَّ فِیۡ ذٰلِکَ لَاٰیٰتٍ
سب کو اپنی طرف سے ، بے شک اِس میں نشانیاں ہیں

لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ ﴿١٣﴾ قُلۡ لِّلَّذِيۡنَ
اُن لوگوں کے لیے جو غور کرتے ہیں ﴿١٣﴾ ایمان والوں سے

اٰمَنُوۡا يَغۡفِرُوۡا لِلَّذِيۡنَ لَا يَرۡجُوۡنَ
کہہ دیجیے کہ اُن لوگوں سے درگزر کریں جو اللہ کے

اَيَّامَ اللّٰهِ لِيَجۡزِىَ قَوۡمًاۢ بِمَا كَانُوۡا
دِنوں کی اُمید نہیں رکھتے ؛ تاکہ اللہ ایک قوم کو اُس کی کمائی کا

يَكۡسِبُوۡنَ ﴿١٤﴾ مَنۡ عَمِلَ صَالِحًا
بدلہ دے ﴿١٤﴾ جو شخص نیک عمل کرے گا تو اُس کا فائدہ

فَلِنَفۡسِهٖ‌ ۚ وَمَنۡ اَسَآءَ فَعَلَيۡهَا‌ ۚ ثُمَّ
اُسی کے لیے ہے، اور جس شخص نے بُرا کیا تو اُس کا وبال اُسی پر پڑے

اِلٰى رَبِّكُمۡ تُرۡجَعُوۡنَ ﴿١٥﴾ وَلَقَدۡ اٰتَيۡنَا
گا، پھر تم اپنے رب کی طرف لوٹائے جاؤ گے ﴿١٥﴾ اور ہم نے

بَنِىۡۤ اِسۡرَآءِيۡلَ الۡكِتٰبَ وَالۡحُكۡمَ
بنی اسرائیل کو کتاب اور حکم

وَالنُّبُوَّةَ وَرَزَقْنٰهُمْ مِّنَ الطَّيِّبٰتِ

اور نبوت دی اور اُن کو پاکیزہ رزق عطا کیا

وَفَضَّلْنٰهُمْ عَلَى الْعٰلَمِيْنَ ﴿١٦﴾ وَاٰتَيْنٰهُمْ

اور ہم نے اُن کو دنیا والوں پر فضیلت بخشی ﴿١٦﴾ اور ہم نے

بَيِّنٰتٍ مِّنَ الْاَمْرِ ۚ فَمَا اخْتَلَفُوْٓا

اُن کو دین کے بارے میں کھلی کھلی دلیلیں دیں، پھر اُنہوں نے اختلاف

اِلَّا مِنْۢ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ ۙ

نہیں کیا مگر اِس کے بعد کہ اُن کے پاس علم آچکا تھا آپس کی ضد

بَغْيًاۢ بَيْنَهُمْ ؕ اِنَّ رَبَّكَ يَقْضِيْ

کی وجہ سے، بے شک آپ کا رب قیامت کے دن اُن کے

بَيْنَهُمْ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ فِيْمَا كَانُوْا فِيْهِ

درمیان فیصلہ کردے گا اُن چیزوں کے بارے میں جن میں وہ

يَخْتَلِفُوْنَ ﴿١٧﴾ ثُمَّ جَعَلْنٰكَ عَلٰى شَرِيْعَةٍ

باہم اختلاف کرتے تھے ﴿١٧﴾ پھر ہم نے آپ کو دین کے

مِّنَ الۡاَمۡرِ فَاتَّبِعۡهَا وَلَا تَتَّبِعۡ اَهۡوَآءَ

ایک واضح طریقے پر قائم کیا پس آپ اُسی پر چلیے اور اُن لوگوں

الَّذِيۡنَ لَا يَعۡلَمُوۡنَ ۱۸ اِنَّهُمۡ لَنۡ يُّغۡنُوۡا

تَوَّابٌ رَّحِیْمٌ ﴿۱۲﴾ یٰۤاَیُّهَا النَّاسُ اِنَّا

معاف کرنے والا، رحم کرنے والا ہے ﴿۱۲﴾ اے لوگو! ہم نے

خَلَقْنٰكُمْ مِّنْ ذَكَرٍ وَّاُنْثٰی وَجَعَلْنٰكُمْ

تم کو ایک مرد اور ایک عورت سے پیدا کیا اور تم کو قوموں

شُعُوْبًا وَّقَبَآىِٕلَ لِتَعَارَفُوْا ؕ اِنَّ

اور خاندانوں میں تقسیم کردیا تاکہ تم ایک دوسرے کو پہچانو، بے شک اللہ

اَكْرَمَكُمْ عِنْدَ اللّٰهِ اَتْقٰىكُمْ ؕ

کے نزدیک تم میں سب سے زیادہ عزت والا وہ ہے جو سب سے زیادہ پرہیزگار ہے،

اِنَّ اللّٰهَ عَلِیْمٌ خَبِیْرٌ ﴿۱۳﴾ قَالَتِ

بے شک اللہ جاننے والا، خبر رکھنے والا ہے ﴿۱۳﴾ دیہاتی کہتے ہیں

الْاَعْرَابُ اٰمَنَّا ؕ قُلْ لَّمْ تُؤْمِنُوْا

کہ ہم ایمان لائے، کہہ دیجیے کہ تم ایمان نہیں لائے؛

وَلٰكِنْ قُوْلُوْٓا اَسْلَمْنَا وَلَمَّا يَدْخُلِ
بلکہ یوں کہو کہ ہم نے اسلام قبول کیا ، اور ابھی تک

الْاِيْمَانُ فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاِنْ تُطِيْعُوا
ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا ، اور اگر تم اللہ

اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ لَا يَلِتْكُمْ مِّنْ
اور اُس کے رسول کی اطاعت کرو تو اللہ تمہارے اعمال

اَعْمَالِكُمْ شَيْـًٔا ؕ اِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ
میں سے کچھ کمی نہیں کرے گا، بے شک اللہ بخشنے والا ،

رَّحِيْمٌ ﴿۱۴﴾ اِنَّمَا الْمُؤْمِنُوْنَ الَّذِيْنَ
رحم کرنے والا ہے ﴿۱۴﴾ مؤمن تو بس وہ ہیں جو اللہ

اٰمَنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ لَمْ يَرْتَابُوْا
اور اُس کے رسول پر ایمان لائے پھر اُنہوں نے شک

وَجٰهَدُوْا بِاَمْوَالِهِمْ وَاَنْفُسِهِمْ
نہیں کیا اور اپنے مال اور اپنی جانوں سے اللہ کے

فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ ؕ اُولٰٓئِكَ هُمُ
راستے میں جہاد کیا ، یہی

الصّٰدِقُوْنَ ⑮ قُلْ اَتُعَلِّمُوْنَ اللّٰهَ
سچے لوگ ہیں ⑮ کہہ دیجیے : کیا تم اللہ کو اپنے دین سے

بِدِيْنِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ مَا فِي
آگاہ کر رہے ہو؛ حالانکہ اللہ جانتا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ؕ وَاللّٰهُ
آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے، اور اللہ

بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ ⑯ يَمُنُّوْنَ عَلَيْكَ
ہر چیز سے باخبر ہے ⑯ یہ لوگ آپ پر احسان رکھتے ہیں کہ

اَنْ اَسْلَمُوْا ؕ قُلْ لَّا تَمُنُّوْا عَلَيَّ
اُنہوں نے اسلام قبول کیا ہے ، کہہ دیجیے کہ اپنے اسلام کا

اِسْلَامَكُمْ ۚ بَلِ اللّٰهُ يَمُنُّ عَلَيْكُمْ
احسان مجھ پر نہ رکھو، بلکہ اللہ کا تم پر احسان ہے کہ

اَنۡ هَدٰىكُمۡ لِلۡاِيۡمَانِ اِنۡ كُنۡتُمۡ

اُس نے تم کو ایمان کی ہدایت دی، اگر تم

صٰدِقِيۡنَ ﴿۱۷﴾ اِنَّ اللّٰهَ يَعۡلَمُ غَيۡبَ

سچے ہو ﴿۱۷﴾ بے شک اللہ آسمانوں اور زمین کی

السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ ؕ وَاللّٰهُ بَصِيۡرٌۢ

چھپی باتوں کو جانتا ہے ، اور اللہ دیکھتا ہے

بِمَا تَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۸﴾ ع

جو کچھ تم کرتے ہو ﴿۱۸﴾

(سورۂ ق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۳۸) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۴۵) آیتیں اور (۳) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵۰) نمبر پر ہے اور سورۂ مرسلات کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۳۵۷) کلمات ہیں	بسم اللہ الرحمٰن الرحیم	اس میں (۱۴۹۴) حروف ہیں

قٓ ۚ وَالۡقُرۡاٰنِ الۡمَجِيۡدِ ﴿۱﴾ ج بَلۡ عَجِبُوۡۤا

قٓ، قسم ہے باعظمت قرآن کی ﴿۱﴾ بلکہ اُن کو تعجب ہوا کہ

اَنۡ جَآءَهُمۡ مُّنۡذِرٌ مِّنۡهُمۡ فَقَالَ

اُن کے پاس اُنہیں میں سے ایک ڈرانے والا آیا ،

ع ۱۸ / ۲

(۷) اَلْمَنْزِلُ السَّابِعُ

الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا شَيْءٌ عَجِيْبٌ ۚ ﴿٢﴾

پس منکروں نے کہا کہ یہ تعجّب کی چیز ہے ﴿٢﴾

ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا ۚ ذٰلِكَ رَجْعٌۢ

کیا جب ہم مر جائیں گے اور مٹّی ہو جائیں گے، یہ دوبارہ زندہ ہونا

بَعِيْدٌ ﴿٣﴾ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنْقُصُ الْاَرْضُ

بہت بعید ہے ﴿٣﴾ ہم کو معلوم ہے جتنا زمین اُن کے اندر سے گھٹاتی

مِنْهُمْ ۚ وَعِنْدَنَا كِتٰبٌ حَفِيْظٌ ﴿٤﴾

ہے، اور ہمارے پاس کتاب ہے جس میں سب کچھ محفوظ ہے ﴿٤﴾

بَلْ كَذَّبُوْا بِالْحَقِّ لَمَّا جَآءَهُمْ فَهُمْ

بلکہ اُنہوں نے حق کو جھٹلایا ہے جب کہ وہ اُن کے پاس آ چکا ہے، پس

فِيْٓ اَمْرٍ مَّرِيْجٍ ﴿٥﴾ اَفَلَمْ يَنْظُرُوْٓا اِلَى

وہ الجھن میں پڑے ہوئے ہیں ﴿٥﴾ بھلا کیا اُنہوں نے اپنے اوپر آسمان

السَّمَآءِ فَوْقَهُمْ كَيْفَ بَنَيْنٰهَا وَزَيَّنّٰهَا

کو نہیں دیکھا کہ ہم نے اُسے کیسے بنایا اور ہم نے اُسے خوبصورتی بخشی ہے

وَمَا لَهَا مِنْ فُرُوْجٍ ﴿٦﴾ وَالْاَرْضَ
اور اُس میں کسی قسم کے رخنے نہیں ہیں ﴿٦﴾ اور زمین کو

مَدَدْنٰهَا وَاَلْقَيْنَا فِيْهَا رَوَاسِيَ
ہم نے پھیلایا اور اُس میں پہاڑ ڈال دیے

وَاَنْۢبَتْنَا فِيْهَا مِنْ كُلِّ زَوْجٍۢ بَهِيْجٍ ﴿٧﴾ لا
اور اُس میں ہر قسم کی رونق کی چیزیں اُگائی ﴿٧﴾

تَبْصِرَةً وَّذِكْرٰى لِكُلِّ عَبْدٍ مُّنِيْبٍ ﴿٨﴾
سمجھانے کو اور یاد دلانے کو، ہر اُس بندے کے لیے جو رجوع کرے ﴿٨﴾

وَنَزَّلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً مُّبٰرَكًا
اور ہم نے آسمان سے برکت والا پانی اُتارا

فَاَنْۢبَتْنَا بِهٖ جَنّٰتٍ وَّحَبَّ الْحَصِيْدِ ﴿٩﴾ لا
پھر اُس سے ہم نے باغ اُگائے اور کاٹی جانے والی فصلیں ﴿٩﴾

وَالنَّخْلَ بٰسِقٰتٍ لَّهَا طَلْعٌ نَّضِيْدٌ ﴿١٠﴾ لا
اور کھجوروں کے لمبے درخت جن میں تہ بہ تہ خوشے لگتے ہیں ﴿١٠﴾

رِّزْقًا لِّلْعِبَادِ ۙ وَاَحْيَيْنَا بِهٖ بَلْدَةً مَّيْتًا ؕ

بندوں کی روزی کے لیے، اور ہم نے اُس کے ذریعے سے مُردہ

كَذٰلِكَ الْخُرُوْجُ ﴿۱۱﴾ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ

زمین کو زندہ کیا، اِسی طرح زمین سے نکلنا ہوگا ﴿۱۱﴾ اُن سے پہلے

قَوْمُ نُوْحٍ وَّاَصْحٰبُ الرَّسِّ وَثَمُوْدُ ۙ ﴿۱۲﴾

نوح (علیہ السلام) کی قوم اور اصحاب الرس اور ثمود ﴿۱۲﴾

وَعَادٌ وَّفِرْعَوْنُ وَاِخْوَانُ لُوْطٍ ۙ ﴿۱۳﴾

اور عاد اور فرعون اور لوط (علیہ السلام) کے بھائی ﴿۱۳﴾

وَّاَصْحٰبُ الْاَيْكَةِ وَقَوْمُ تُبَّعٍ ؕ كُلٌّ

اور ایکہ والے اور تُبّع کی قوم نے بھی جھٹلایا، سب نے

كَذَّبَ الرُّسُلَ فَحَقَّ وَعِيْدِ ﴿۱۴﴾

پیغمبروں کو جھٹلایا پس میرا ڈرانا اُن پر واقع ہو کر رہا ﴿۱۴﴾

اَفَعَيِيْنَا بِالْخَلْقِ الْاَوَّلِ ؕ بَلْ هُمْ فِيْ

کیا ہم پہلی بار پیدا کرنے سے عاجز رہے، بلکہ یہ لوگ

ع ۱۵/۱۵

لَبْسٍ مِّنْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ ﴿۱۵﴾ وَلَقَدْ

از سرِ نو پیدا کرنے کی طرف سے شبہ میں ہیں ﴿۱۵﴾ اور ہم نے

خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ وَنَعْلَمُ مَا تُوَسْوِسُ

انسان کو پیدا کیا اور ہم جانتے ہیں اُن باتوں کو جو اُس کے

بِهٖ نَفْسُهٗ ۖ وَنَحْنُ اَقْرَبُ اِلَيْهِ مِنْ

دل میں آتی ہیں ، اور ہم رگِ گردن سے بھی

حَبْلِ الْوَرِيْدِ ﴿۱۶﴾ اِذْ يَتَلَقَّى الْمُتَلَقِّيٰنِ

زیادہ اُس سے قریب ہیں ﴿۱۶﴾ جب دو لینے والے لیتے رہتے

عَنِ الْيَمِيْنِ وَعَنِ الشِّمَالِ قَعِيْدٌ ﴿۱۷﴾

ہیں جو کہ دائیں اور بائیں طرف بیٹھے ہیں ﴿۱۷﴾

مَا يَلْفِظُ مِنْ قَوْلٍ اِلَّا لَدَيْهِ رَقِيْبٌ

وہ کوئی بات نہیں نکالتا مگر اُس کے سامنے ایک نگران

عَتِيْدٌ ﴿۱۸﴾ وَجَآءَتْ سَكْرَةُ الْمَوْتِ

تیار ہوتا ہے ﴿۱۸﴾ اور موت کی بے ہوشی حق کے ساتھ

بِالْحَقِّؕ ذٰلِكَ مَا كُنْتَ مِنْهُ تَحِيْدُ ⑲

آپہونچی ، یہ وہی چیز ہے جس سے تو بھاگتا تھا ⑲

وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْوَعِيْدِ ⑳

اور صور پھونکا جائے گا ، یہ ڈرانے کا دن ہوگا ⑳

وَجَآءَتْ كُلُّ نَفْسٍ مَّعَهَا سَآئِقٌ

اور ہر شخص اِس طرح آئے گا کہ اُس کے ساتھ ایک ہانکنے والا ہے

وَّشَهِيْدٌ ㉑ لَقَدْ كُنْتَ فِيْ غَفْلَةٍ

اور ایک گواہی دینے والا ㉑ تم اِس سے غفلت میں رہے

مِّنْ هٰذَا فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ

پس ہم نے تمہارے اوپر سے پردہ ہٹادیا ،

فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ㉒ وَقَالَ

پس آج تمہاری نگاہ تیز ہے ㉒ اور اُس کے

قَرِيْنُهٗ هٰذَا مَا لَدَيَّ عَتِيْدٌؕ ㉓

ساتھ کا فرشتہ کہے گا : یہ جو میرے تھا حاضر ہے ㉓

اَلْقِيَا فِيْ جَهَنَّمَ كُلَّ كَفَّارٍ عَنِيْدٍ ﴿۲۴﴾ لا

جہنم میں ڈال دو ہر ایک ناشکرے مخالف کو ﴿۲۴﴾

مَّنَّاعٍ لِّلْخَيْرِ مُعْتَدٍ مُّرِيْبِ ﴿۲۵﴾ لا

نیکی سے روکنے والا، حد سے بڑھنے والا، شبہ ڈالنے والا ﴿۲۵﴾

الَّذِيْ جَعَلَ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ

جس نے اللہ کے ساتھ دوسرے معبود بنائے،

فَاَلْقِيٰهُ فِي الْعَذَابِ الشَّدِيْدِ ﴿۲۶﴾

پس اُس کو ڈال دو سخت عذاب میں ﴿۲۶﴾

قَالَ قَرِيْنُهٗ رَبَّنَا مَآ اَطْغَيْتُهٗ

اُس کا ساتھی شیطان کہے گا کہ اے ہمارے رب! میں نے اِسے

وَلٰكِنْ كَانَ فِيْ ضَلٰلٍۭ بَعِيْدٍ ﴿۲۷﴾ قَالَ

سرکش نہیں بنایا؛ بلکہ وہ خود راہ بھولا ہوا، دور پڑا تھا ﴿۲۷﴾ ارشاد ہوگا:

لَا تَخْتَصِمُوْا لَدَيَّ وَقَدْ قَدَّمْتُ

میرے سامنے جھگڑا نہ کرو، اور میں نے پہلے ہی تم کو

اِلَيۡكُمۡ بِالۡوَعِيۡدِ ﴿۲۸﴾ مَا يُبَدَّلُ

عذاب سے ڈرا دیا تھا ﴿۲۸﴾ میرے یہاں بات

الۡقَوۡلُ لَدَىَّ وَمَاۤ اَنَاۡ بِظَلَّامٍ

بدلی نہیں جاتی اور میں بندوں پر ظلم کرنے والا

لِّلۡعَبِيۡدِ ﴿۲۹﴾ يَوۡمَ نَقُوۡلُ لِجَهَنَّمَ هَلِ

نہیں ہوں ﴿۲۹﴾ جس دن ہم جہنم سے کہیں گے:

امۡتَلَاۡتِ وَتَقُوۡلُ هَلۡ مِنۡ مَّزِيۡدٍ ﴿۳۰﴾

کیا تو بھر گئی ، اور وہ کہے گی کہ کچھ اور بھی ہے ﴿۳۰﴾

وَاُزۡلِفَتِ الۡجَنَّةُ لِلۡمُتَّقِيۡنَ غَيۡرَ

اور جنّت ڈرنے والوں کے قریب لائی جائے گی ، کچھ دور

بَعِيۡدٍ ﴿۳۱﴾ هٰذَا مَا تُوۡعَدُوۡنَ لِكُلِّ

نہ رہے گی ﴿۳۱﴾ یہ ہے وہ چیز جس کا تم سے وعدہ کیا جاتا تھا، ہر رجوع کرنے

اَوَّابٍ حَفِيۡظٍ ﴿۳۲﴾ مَنۡ خَشِىَ الرَّحۡمٰنَ

والے اور یاد رکھنے والے کے لیے ﴿۳۲﴾ جو شخص رحمان سے ڈرا

ع ۲ / ۱۴ / ۱۶

بِالْغَيْبِ وَجَآءَ بِقَلْبٍ مُّنِيْبِ ۣ ۳۳ لا

بن دیکھے اور رجوع ہونے والا دل لے کر آیا ۳۳

ادْخُلُوْهَا بِسَلٰمٍ ؕ ذٰلِكَ يَوْمُ الْخُلُوْدِ ۳۴

داخل ہو جاؤ اُس میں سلامتی کے ساتھ، یہ دن ہمیشہ رہے گا ۳۴

لَهُمْ مَّا يَشَآءُوْنَ فِيْهَا وَلَدَيْنَا

وہاں اُن کے لیے وہ سب ہوگا جو وہ چاہیں، اور ہمارے پاس

مَزِيْدٌ ۳۵ وَكَمْ اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنْ

مزید ہے ۳۵ اور ہم اُن سے پہلے کتنی ہی قوموں کو ہلاک کر چکے

قَرْنٍ هُمْ اَشَدُّ مِنْهُمْ بَطْشًا فَنَقَّبُوْا

ہیں، وہ قوت میں اُن سے زیادہ تھیں، پس اُنہوں نے

فِي الْبِلَادِ ؕ هَلْ مِنْ مَّحِيْصٍ ۳٦ اِنَّ

مُلکوں کو چھان مارا کہ ہے کوئی پناہ کی جگہ ۳٦ بے شک

فِيْ ذٰلِكَ لَذِكْرٰى لِمَنْ كَانَ لَهٗ

اِس میں یاد دہانی ہے اُس شخص کے لیے جس کے پاس

قَلْبٌ اَوْ اَلْقَى السَّمْعَ وَهُوَ
دل ہو یا وہ کان لگائے متوجہ

شَهِيْدٌ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ خَلَقْنَا السَّمٰوٰتِ
ہو کر ﴿٣٧﴾ اور ہم نے آسمانوں اور

وَالْاَرْضَ وَمَا بَيْنَهُمَا فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ۖ ق
زمین کو اور جو کچھ اُن کے درمیان ہے چھ دن میں بنایا

وَّمَا مَسَّنَا مِنْ لُّغُوْبٍ ﴿٣٨﴾ فَاصْبِرْ عَلٰى
اور ہم کو کچھ تکان نہیں ہوئی ﴿٣٨﴾ پس جو کچھ وہ کہتے اُس پر

مَا يَقُوْلُوْنَ وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ قَبْلَ
صبر کیجیے اور اپنے رب کی تسبیح کیجیے حمد کے ساتھ

طُلُوْعِ الشَّمْسِ وَقَبْلَ الْغُرُوْبِ ۚ ﴿٣٩﴾
سورج نکلنے سے پہلے اور اُس کے ڈوبنے سے پہلے ﴿٣٩﴾

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاَدْبَارَ
اور رات کے حصّوں میں بھی اُس کی تسبیح کیجیے، اور سجدوں کے

السُّجُوْدِ ﴿۴۰﴾ وَاسْتَمِعْ يَوْمَ يُنَادِ

بعد بھی ﴿۴۰﴾ اور ذرا توجہ سے سنیے جس دن ایک پکارنے والا

الْمُنَادِ مِنْ مَّكَانٍ قَرِيْبٍ ﴿۴۱﴾ يَّوْمَ

ایک قریبی جگہ سے پکارے گا ﴿۴۱﴾ اُس دن

يَسْمَعُوْنَ الصَّيْحَةَ بِالْحَقِّ ؕ ذٰلِكَ

اُس بھیانک آواز کو برابر سن لیں گے، یہ دن ہوگا مُردوں کے

يَوْمُ الْخُرُوْجِ ﴿۴۲﴾ اِنَّا نَحْنُ نُحْيٖ

زندہ ہو کر نکل پڑنے کا ﴿۴۲﴾ بے شک ہم ہی جِلاتے ہیں

وَنُمِيْتُ وَاِلَيْنَا الْمَصِيْرُ ﴿۴۳﴾ يَوْمَ

اور ہم ہی مارتے ہیں اور ہماری ہی طرف لوٹنا ہے ﴿۴۳﴾ جس دن

تَشَقَّقُ الْاَرْضُ عَنْهُمْ سِرَاعًا ؕ

زمین اُن پر سے کُھل جائے گی، وہ سب دوڑتے ہوں گے،

ذٰلِكَ حَشْرٌ عَلَيْنَا يَسِيْرٌ ﴿۴۴﴾ نَحْنُ

یہ اکٹھا کرنا ہمارے لیے آسان ہے ﴿۴۴﴾ ہم جانتے ہیں

اَعْلَمُ بِمَا يَقُوْلُوْنَ وَمَآ اَنْتَ عَلَيْهِمْ

جو کچھ یہ لوگ کہہ رہے ہیں، اور آپ اُن پر جبر کرنے والے

بِجَبَّارٍ قف فَذَكِّرْ بِالْقُرْاٰنِ مَنْ

نہیں ہو، پس آپ قرآن کے ذریعے اُس شخص کو نصیحت کیجیے

يَّخَافُ وَعِيْدِ ﴿۴۵﴾ ع ع ۳ ۱۶ ۱۷

جو میرے ڈرانے سے ڈرے ﴿۴۵﴾

(سورۃ ذاریات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۶۰) آیتیں اور (۳) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۶۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵۱) نمبر پر ہے اور سورۃ احقاف کے بعد نازل ہوئی ہے۔)

اس میں (۳۶۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۲۳۹) حروف ہیں

وَالذّٰرِيٰتِ ذَرْوًا ﴿۱﴾ لا فَالْحٰمِلٰتِ وِقْرًا ﴿۲﴾ لا

قسم ہے اُن ہواؤں کی جو گرد اُڑانے والی ہیں ﴿۱﴾ پھر وہ اُٹھا لیتی ہیں بوجھ ﴿۲﴾

فَالْجٰرِيٰتِ يُسْرًا ﴿۳﴾ لا فَالْمُقَسِّمٰتِ

پھر وہ چلنے لگتی ہیں آہستہ ﴿۳﴾ پھر الگ الگ کرتی ہیں

اَمْرًا ﴿۴﴾ لا اِنَّمَا تُوْعَدُوْنَ لَصَادِقٌ ﴿۵﴾ لا

معاملہ ﴿۴﴾ بے شک تم سے جو وعدہ کیا جا رہا ہے وہ سچ ہے ﴿۵﴾

وَّاِنَّ الدِّيۡنَ لَوَاقِعٌ ؕ ﴿٦﴾ وَالسَّمَآءِ ذَاتِ

اور بے شک انصاف ہونا ضرور ہے ﴿٦﴾ قسم ہے جال دار

الۡحُبُكِ ۙ ﴿٧﴾ اِنَّكُمۡ لَفِىۡ قَوۡلٍ مُّخۡتَلِفٍ ۙ ﴿٨﴾

آسمان کی ﴿٧﴾ بے شک تم ایک اختلاف میں پڑے ہوئے ہو ﴿٨﴾

يُّؤۡفَكُ عَنۡهُ مَنۡ اُفِكَ ؕ ﴿٩﴾ قُتِلَ

اُس سے وہی پھرتا ہے جو پھیرا گیا ﴿٩﴾ مارے گئے اٹکل

الۡخَرّٰصُوۡنَ ۙ ﴿١٠﴾ الَّذِيۡنَ هُمۡ فِىۡ غَمۡرَةٍ

سے باتیں کرنے والے ﴿١٠﴾ جو غفلت میں بھولے

سَاهُوۡنَ ۙ ﴿١١﴾ يَسۡـَٔلُوۡنَ اَيَّانَ يَوۡمُ

ہوئے ہیں ﴿١١﴾ وہ پوچھتے ہیں کہ کب ہے بدلے کا

الدِّيۡنِ ؕ ﴿١٢﴾ يَوۡمَ هُمۡ عَلَى النَّارِ يُفۡتَنُوۡنَ ﴿١٣﴾

دن ﴿١٢﴾ جس دن وہ آگ پر رکھے جائیں گے ﴿١٣﴾

ذُوۡقُوۡا فِتۡنَتَكُمۡ ؕ هٰذَا الَّذِىۡ كُنۡتُمۡ بِهٖ

چکھو مزہ اپنی شرارت کا، یہ ہے وہ چیز جس کی

تَسْتَعْجِلُوْنَ ﴿١٤﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ
تم جلدی کررہے تھے ﴿١٤﴾ بے شک ڈرنے والے لوگ باغوں

وَّعُيُوْنٍ ﴿١٥﴾ اٰخِذِيْنَ مَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ؕ
اور چشموں میں ہوں گے ﴿١٥﴾ لے رہے ہوں گے جو کچھ اُن کے

اِنَّهُمْ كَانُوْا قَبْلَ ذٰلِكَ مُحْسِنِيْنَ ﴿١٦﴾ ؕ
رب نے اُن کو دیا، یقیناً وہ اِس سے پہلے نیکی کرنے والے تھے ﴿١٦﴾

كَانُوْا قَلِيْلًا مِّنَ الَّيْلِ مَا يَهْجَعُوْنَ ﴿١٧﴾
وہ راتوں کو کم سوتے تھے ﴿١٧﴾

وَبِالْاَسْحَارِ هُمْ يَسْتَغْفِرُوْنَ ﴿١٨﴾ وَفِيْٓ
اور سحر کے وقتوں میں وہ معافی مانگتے تھے ﴿١٨﴾ اور اُن

اَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّآئِلِ وَالْمَحْرُوْمِ ﴿١٩﴾
کے مال میں سائل اور محروم کا حصّہ تھا ﴿١٩﴾

وَفِي الْاَرْضِ اٰيٰتٌ لِّلْمُوْقِنِيْنَ ﴿٢٠﴾ لا
اور زمین میں نشانیاں ہیں یقین کرنے والوں کے لیے ﴿٢٠﴾

وَفِيْٓ اَنْفُسِكُمْ ؕ اَفَلَا تُبْصِرُوْنَ ﴿٢١﴾ وَفِي السَّمَآءِ

اور خود تمہارے اندر بھی، کیا تم دیکھتے نہیں ﴿٢١﴾ اور آسمان میں تمہاری

رِزْقُكُمْ وَمَا تُوْعَدُوْنَ ﴿٢٢﴾ فَوَرَبِّ

روزی ہے اور وہ چیز بھی جس کا تم سے وعدہ کیا جارہا ہے ﴿٢٢﴾ پس آسمان

السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ اِنَّهٗ لَحَقٌّ مِّثْلَ

اور زمین کے رب کی قسم! وہ یقینی ہے

مَآ اَنَّكُمْ تَنْطِقُوْنَ ﴿٢٣﴾ هَلْ اَتٰىكَ

جیسا کہ تم بولتے ہو ﴿٢٣﴾ کیا آپ کو

ع ١ ٢٣ ١٨

حَدِيْثُ ضَيْفِ اِبْرٰهِيْمَ الْمُكْرَمِيْنَ ﴿٢٤﴾

وقف لازم

ابراہیم (علیہ السلام) کے معزز مہمانوں کی بات پہونچی ﴿٢٤﴾

اِذْ دَخَلُوْا عَلَيْهِ فَقَالُوْا سَلٰمًا ؕ قَالَ

جب وہ اُس کے پاس آئے پھر اُس کو سلام کیا، اُس نے کہا:

سَلٰمٌ ۚ قَوْمٌ مُّنْكَرُوْنَ ﴿٢٥﴾ فَرَاغَ اِلٰٓى اَهْلِهٖ

تم لوگوں کو بھی سلام ہے، کچھ اجنبی لوگ ہیں ﴿٢٥﴾ پھر وہ اپنے گھر کی طرف

فَجَآءَ بِعِجۡلٍ سَمِيۡنٍ ﴿٢٦﴾ فَقَرَّبَهٗۤ اِلَيۡهِمۡ
چلے اور ایک بچھڑا بھنا ہوا لے آئے ﴿٢٦﴾ پھر اُس کو اُن کے پاس رکھا،

قَالَ اَلَا تَاۡكُلُوۡنَ ﴿٢٧﴾ فَاَوۡجَسَ مِنۡهُمۡ
اُس نے کہا: آپ لوگ کھاتے کیوں نہیں؟ ﴿٢٧﴾ پھر وہ دل

خِيۡفَةً ؕ قَالُوۡا لَا تَخَفۡ ؕ وَبَشَّرُوۡهُ
میں اُن سے ڈرے، اُنہوں نے کہا: ڈریے مت، اور اُن کو

بِغُلٰمٍ عَلِيۡمٍ ﴿٢٨﴾ فَاَقۡبَلَتِ امۡرَاَتُهٗ
سمجھ دار لڑکے کی بشارت دی ﴿٢٨﴾ پھر اُس کی بیوی بولتی ہوئی آئی

فِىۡ صَرَّةٍ فَصَكَّتۡ وَجۡهَهَا وَقَالَتۡ
پھر ماتھے پر ہاتھ مارا اور کہنے لگی کہ

عَجُوۡزٌ عَقِيۡمٌ ﴿٢٩﴾ قَالُوۡا كَذٰلِكِ ۙ قَالَ
بوڑھی، بانجھ ﴿٢٩﴾ اُنہوں نے کہا کہ ایسا ہی فرمایا ہے تمہارے

رَبُّكِ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الۡحَكِيۡمُ الۡعَلِيۡمُ ﴿٣٠﴾
رب نے، بے شک وہ حکمت والا، جاننے والا ہے ﴿٣٠﴾

الجزء (۲۷)

قَالَ فَمَا خَطْبُكُمْ اَيُّهَا الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۳۱﴾

ابراہیم (علیہ السلام) نے کہا کہ اے فرشتو! تم کو کیا کام درپیش ہے؟ ﴿۳۱﴾

قَالُوْٓا اِنَّآ اُرْسِلْنَآ اِلٰى قَوْمٍ

اُنہوں نے کہا کہ ہم ایک مجرم قوم (قومِ لوط) کی طرف

مُّجْرِمِيْنَ ﴿۳۲﴾ لِنُرْسِلَ عَلَيْهِمْ

بھیجے گئے ہیں ﴿۳۲﴾ تاکہ اُن پر پکی ہوئی مٹی کے پتھر

حِجَارَةً مِّنْ طِيْنٍ ﴿۳۳﴾ مُّسَوَّمَةً عِنْدَ

برسائیں ﴿۳۳﴾ جو نشان لگائے ہوئے ہیں آپ کے رب کے پاس

رَبِّكَ لِلْمُسْرِفِيْنَ ﴿۳۴﴾ فَاَخْرَجْنَا

اُن لوگوں کے لیے جو حد سے گزرنے والے ہیں ﴿۳۴﴾ پھر وہاں

مَنْ كَانَ فِيْهَا مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۳۵﴾

جتنے ایمان والے تھے اُن کو ہم نے نکال دیا ﴿۳۵﴾

فَمَا وَجَدْنَا فِيْهَا غَيْرَ بَيْتٍ مِّنَ

پس وہاں ہم نے ایک گھر کے سِوا کوئی مسلم

الْمُسْلِمِيْنَ ﴿٣٦﴾ وَتَرَكْنَا فِيْهَآ اٰيَةً

گھر نہ پایا ﴿٣٦﴾ اور ہم نے اُس میں ایک نشانی چھوڑی

لِّلَّذِيْنَ يَخَافُوْنَ الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٣٧﴾

اُن لوگوں کے لیے جو دردناک عذاب سے ڈرتے ہیں ﴿٣٧﴾

وَفِيْ مُوْسٰٓى اِذْ اَرْسَلْنٰهُ اِلٰى فِرْعَوْنَ

اور موسیٰ (علیہ السلام) میں بھی نشانی ہے جب کہ ہم نے اُس کو فرعون

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ فَتَوَلّٰى بِرُكْنِهٖ

کے پاس ایک کھلی دلیل کے ساتھ بھیجا ﴿٣٨﴾ تو وہ اپنی قوت کے

وَقَالَ سٰحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿٣٩﴾ فَاَخَذْنٰهُ

ساتھ پھر گیا اور کہا کہ یہ جادوگر ہے یا مجنون ہے ﴿٣٩﴾ پس ہم نے

وَجُنُوْدَهٗ فَنَبَذْنٰهُمْ فِي الْيَمِّ وَهُوَ

اُس کو اور اُس کی فوج کو پکڑا پھر اُن کو سمندر میں پھینک دیا اور وہ

مُلِيْمٌ ﴿٤٠﴾ وَفِيْ عَادٍ اِذْ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمُ

قابلِ ملامت تھا ﴿٤٠﴾ اور عاد میں بھی نشانی ہے جب کہ ہم نے اُن پر

الرِّيْحَ الْعَقِيْمَ ﴿۴۱﴾ مَا تَذَرُ مِنْ شَيْءٍ
ایک بے نفع ہوا بھیج دی ﴿۴۱﴾ وہ جس چیز پر

اَتَتْ عَلَيْهِ اِلَّا جَعَلَتْهُ كَالرَّمِيْمِ ﴿۴۲﴾
سے بھی گزری اُس کو ریزہ ریزہ کرکے چھوڑ دیا ﴿۴۲﴾

وَفِيْ ثَمُوْدَ اِذْ قِيْلَ لَهُمْ تَمَتَّعُوْا حَتّٰى
اور ثمود میں بھی نشانی ہے جب کہ اُن سے کہا گیا کہ تھوڑی مدت تک

حِيْنٍ ﴿۴۳﴾ فَعَتَوْا عَنْ اَمْرِ رَبِّهِمْ
کے لیے فائدہ اُٹھالو ﴿۴۳﴾ پس اُنہوں نے اپنے رب کے حکم سے

فَاَخَذَتْهُمُ الصّٰعِقَةُ وَهُمْ يَنْظُرُوْنَ ﴿۴۴﴾
سرکشی کی، پس اُن کو کڑک نے پکڑ لیا اور وہ دیکھ رہے تھے ﴿۴۴﴾

فَمَا اسْتَطَاعُوْا مِنْ قِيَامٍ وَّمَا كَانُوْا
پھر وہ نہ اُٹھ سکے اور نہ اپنا

مُنْتَصِرِيْنَ ﴿۴۵﴾ وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ
بچاؤ کر سکے ﴿۴۵﴾ اور نوح (علیہ السلام) کی قوم کو بھی

قَبْلُ ۚ اِنَّهُمْ كَانُوْا قَوْمًا فٰسِقِيْنَ ﴿٤٦﴾ ع

اِس سے پہلے ، بے شک وہ نافرمان لوگ تھے ﴿٤٦﴾

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا

اور ہم نے آسمان کو اپنی قدرت سے بنایا اور ہم کشادہ

لَمُوْسِعُوْنَ ﴿٤٧﴾ وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا

کرنے والے ہیں ﴿٤٧﴾ اور زمین کو ہم نے بچھایا، پس کیا ہی

فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿٤٨﴾ وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ

خوب بچھانے والے ہیں ﴿٤٨﴾ اور ہم نے ہر چیز کو

خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿٤٩﴾

جوڑا جوڑا بنایا ہے ؛ تاکہ تم دھیان کرو ﴿٤٩﴾

فَفِرُّوْٓا اِلَى اللّٰهِ ۗ اِنِّيْ لَكُمْ مِّنْهُ

پس دوڑو اللہ کی طرف ، میں اُس کی طرف سے

نَذِيْرٌ مُّبِيْنٌ ﴿٥٠﴾ ج وَلَا تَجْعَلُوْا مَعَ

ایک کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿٥٠﴾ اور اللہ کے ساتھ

اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ؕ اِنِّیْ لَكُمْ مِّنْهُ

کوئی اور معبود نہ بناؤ، میں اُس کی طرف سے تمہارے لیے

نَذِیْرٌ مُّبِیْنٌ ﴿۵۱﴾ كَذٰلِكَ مَاۤ اَتَى

کھلا ڈرانے والا ہوں ﴿۵۱﴾ اِسی طرح اُن کے

الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا

اگلوں کے پاس کوئی پیغمبر ایسا نہیں آیا جس کو اُنہوں

قَالُوْا سَاحِرٌ اَوْ مَجْنُوْنٌ ﴿۵۲﴾ اَتَوَاصَوْا

نے جادوگر یا مجنون نہ کہا ہو ﴿۵۲﴾ کیا یہ ایک دوسرے کو اِس

بِهٖ ۚ بَلْ هُمْ قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿۵۳﴾

کی وصیت کرتے چلے آرہے ہیں؛ بلکہ یہ سرکش لوگ ہیں ﴿۵۳﴾

فَتَوَلَّ عَنْهُمْ فَمَاۤ اَنْتَ بِمَلُوْمٍ ﴿۵۴﴾

پس آپ اُن سے اعراض کیجیے، آپ پر کچھ الزام نہیں ﴿۵۴﴾

وَّذَكِّرْ فَاِنَّ الذِّكْرٰى تَنْفَعُ

اور سمجھاتے رہیے؛ کیونکہ سمجھانا ایمان والوں کو نفع

الْمُؤْمِنِيْنَ ۝۵۵ وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ

دیتا ہے ۝۵۵ اور میں نے جن اور انسان کو صرف اِسی لیے

وَالْاِنْسَ اِلَّا لِيَعْبُدُوْنِ ۝۵۶ مَآ اُرِيْدُ

پیدا کیا ہے کہ وہ میری عبادت کریں ۝۵۶ میں اُن سے

مِنْهُمْ مِّنْ رِّزْقٍ وَّمَآ اُرِيْدُ اَنْ

رزق نہیں چاہتا اور نہ یہ چاہتا ہوں کہ وہ مجھ کو

يُّطْعِمُوْنِ ۝۵۷ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ

کِھلائیں ۝۵۷ بے شک اللہ ہی روزی دینے والا،

ذُو الْقُوَّةِ الْمَتِيْنُ ۝۵۸ فَاِنَّ لِلَّذِيْنَ

بڑی قوت والا ، زبردست ہے ۝۵۸ پس جن لوگوں نے

ظَلَمُوْا ذَنُوْبًا مِّثْلَ ذَنُوْبِ

ظلم کیا اُن کا ڈول بھر چکا ہے جیسے اُن کے ساتھیوں کے

اَصْحٰبِهِمْ فَلَا يَسْتَعْجِلُوْنِ ۝۵۹

ڈول بھرے تھے، پس وہ مجھ سے جلدی نہ کریں ۝۵۹

فَوَيْلٌ لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا مِنْ يَّوْمِهِمُ

پس منکروں کے لیے خرابی ہے اُن کے اُس دن سے جس کا

ع ۳ ۲ ۲ الَّذِيْ يُوْعَدُوْنَ ﴿۶۰﴾

اُن سے وعدہ کیا جارہا ہے ﴿۶۰﴾

(سورہ طور مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۴۹) آیتیں اور (۲) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے
(۷۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵۲) نمبر پر ہے اور سورہ سجدہ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۳۱۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۵۰۰) حروف ہیں

وَالطُّوْرِ ﴿۱﴾ وَكِتٰبٍ مَّسْطُوْرٍ ﴿۲﴾ فِيْ

قسم ہے طور کی ﴿۱﴾ اور لکھی ہوئی کتاب کی ﴿۲﴾ کھلے

رَقٍّ مَّنْشُوْرٍ ﴿۳﴾ وَّالْبَيْتِ الْمَعْمُوْرِ ﴿۴﴾

ہوئے ورق میں ﴿۳﴾ اور آباد گھر کی ﴿۴﴾

وَالسَّقْفِ الْمَرْفُوْعِ ﴿۵﴾ وَالْبَحْرِ

اور اونچی چھت کی ﴿۵﴾ اور اُبلتے ہوئے

الْمَسْجُوْرِ ﴿۶﴾ اِنَّ عَذَابَ رَبِّكَ

سمندر کی ﴿۶﴾ بے شک آپ کے رب کا عذاب

لَوَاقِعٌ ۙ ﴿۷﴾ مَّا لَهٗ مِنْ دَافِعٍ ۙ ﴿۸﴾
واقع ہو کر رہے گا ﴿۷﴾ اُس کو کوئی ٹالنے والا نہیں ﴿۸﴾

يَّوْمَ تَمُوْرُ السَّمَآءُ مَوْرًا ۙ ﴿۹﴾ وَّتَسِيْرُ
جس دن آسمان ڈگمگائے گا ﴿۹﴾ اور پہاڑ

الْجِبَالُ سَيْرًا ؕ ﴿۱۰﴾ فَوَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ
چلنے لگیں گے ﴿۱۰﴾ پس خرابی ہے اُس دن

لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ۙ ﴿۱۱﴾ الَّذِيْنَ هُمْ فِيْ خَوْضٍ
جھٹلانے والوں کے لیے ﴿۱۱﴾ جو باتیں بناتے ہیں

يَّلْعَبُوْنَ ۘ ﴿۱۲﴾ يَوْمَ يُدَعُّوْنَ اِلٰى نَارِ
کھیلتے ہوئے ﴿۱۲﴾ جس دن وہ جہنم کی آگ کی طرف

جَهَنَّمَ دَعًّا ؕ ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ
دھکیلے جائیں گے ﴿۱۳﴾ یہ ہے وہ آگ جس کو

كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ
تم جھٹلاتے تھے ﴿۱۴﴾ کیا یہ جادو ہے

وقف لازم

اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿١٥﴾ اِصْلَوْهَا

یا تم کو نظر نہیں آتا ﴿١٥﴾ اُس میں داخل ہوجاؤ ،

فَاصْبِرُوْٓا اَوْ لَا تَصْبِرُوْا ۚ سَوَآءٌ عَلَيْكُمْ ؕ

پھر تم صبر کرو یا صبر نہ کرو تمہارے لیے برابر ہے،

اِنَّمَا تُجْزَوْنَ مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٦﴾

تم وہی بدلہ پا رہے ہو جو تم کرتے تھے ﴿١٦﴾

اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَعِيْمٍ ﴿١٧﴾ ۙ

بے شک متقی لوگ باغوں اور نعمتوں میں ہوں گے ﴿١٧﴾

فٰكِهِيْنَ بِمَآ اٰتٰىهُمْ رَبُّهُمْ ۚ وَوَقٰىهُمْ

وہ خوش دل ہوں گے اُن چیزوں سے جو اُن کے رب نے اُنہیں دی ہوں گی،

رَبُّهُمْ عَذَابَ الْجَحِيْمِ ﴿١٨﴾ كُلُوْا وَاشْرَبُوْا

اور اُن کے رب نے اُن کو دوزخ کے عذاب سے بچالیا ﴿١٨﴾ کھاؤ اور پیو

هَنِيْٓـًٔا بِمَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿١٩﴾ ۙ مُتَّكِـِٕيْنَ

مزے کے ساتھ اپنے اعمال کے بدلے میں ﴿١٩﴾ تکیہ لگائے ہوئے

عَلٰى سُرُرٍ مَّصْفُوْفَةٍ ۚ وَزَوَّجْنٰهُمْ

صف بہ صف تختوں کے اوپر، اور ہم بڑی بڑی آنکھوں والی

بِحُوْرٍ عِيْنٍ ﴿۲۰﴾ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ

حوریں اُن سے بیاہ دیں گے ﴿۲۰﴾ اور جو لوگ ایمان لائے اور

ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ

اُن کی اولاد بھی اُن کی راہ پر ایمان کے ساتھ چلی، اُن کے ساتھ ہم

وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ

اُن کی اولاد کو بھی جمع کر دیں گے اور اُن کے عمل میں سے کوئی چیز کم

كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ﴿۲۱﴾ وَاَمْدَدْنٰهُمْ

نہیں کریں گے، ہر آدمی اپنی کمائی میں پھنسا ہوا ہے ﴿۲۱﴾ اور ہم اُن

بِفَاكِهَةٍ وَّلَحْمٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ﴿۲۲﴾

کی پسند کے میوے اور گوشت اُن کو برابر دیتے رہیں گے ﴿۲۲﴾

يَتَنَازَعُوْنَ فِيْهَا كَاْسًا لَّا لَغْوٌ فِيْهَا

اُن کے درمیان شراب کے پیالوں کے تبادلے ہو رہے ہوں گے، جو لغویت

وَلَا تَاْثِيْمٌ ﴿٢٣﴾ وَيَطُوْفُ عَلَيْهِمْ غِلْمَانٌ

اور گناہ سے پاک ہوگی ﴿٢٣﴾ اور اُن کی خدمت میں لڑکے دوڑتے پھر رہے

لَّهُمْ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ ﴿٢٤﴾ وَاَقْبَلَ

ہوں گے، گویا کہ وہ حفاظت سے رکھے ہوئے موتی ہیں ﴿٢٤﴾ اور وہ

بَعْضُهُمْ عَلٰى بَعْضٍ يَّتَسَآءَلُوْنَ ﴿٢٥﴾

ایک دوسرے کی طرف متوجہ ہو کر بات کریں گے ﴿٢٥﴾

قَالُوْٓا اِنَّا كُنَّا قَبْلُ فِيْٓ اَهْلِنَا

وہ کہیں گے: ہم اِس سے پہلے اپنے گھر والوں میں ڈرتے

مُشْفِقِيْنَ ﴿٢٦﴾ فَمَنَّ اللّٰهُ عَلَيْنَا وَوَقٰىنَا

رہتے تھے ﴿٢٦﴾ پس اللہ نے ہم پر فضل فرمایا اور ہم کو سخت گرمی

عَذَابَ السَّمُوْمِ ﴿٢٧﴾ اِنَّا كُنَّا مِنْ قَبْلُ

کے عذاب سے بچا لیا ﴿٢٧﴾ ہم اِس سے پہلے اُسی کو پکارتے

ع ٢٨/٢ نَدْعُوْهُ ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْبَرُّ الرَّحِيْمُ ﴿٢٨﴾ ع

تھے، بے شک وہ نیک سلوک والا، مہربان ہے ﴿٢٨﴾

فَذَكِّرْ فَمَآ اَنْتَ بِنِعْمَتِ رَبِّكَ بِكَاهِنٍ

پس آپ نصیحت کرتے رہیے، اپنے رب کے فضل سے آپ نہ کاہن ہو

وَّلَا مَجْنُوْنٍ ﴿٢٩﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ شَاعِرٌ

اور نہ مجنون ﴿٢٩﴾ کیا وہ کہتے ہیں کہ یہ ایک شاعر ہے،

نَّتَرَبَّصُ بِهٖ رَيْبَ الْمَنُوْنِ ﴿٣٠﴾ قُلْ

ہم اُس پر حادثۂ موت کے منتظر ہیں ﴿٣٠﴾ کہہ دیجیے کہ انتظار

تَرَبَّصُوْا فَاِنِّيْ مَعَكُمْ مِّنَ الْمُتَرَبِّصِيْنَ ﴿٣١﴾

کرو، میں بھی تمہارے ساتھ انتظار کرنے والوں میں ہوں ﴿٣١﴾

اَمْ تَاْمُرُهُمْ اَحْلَامُهُمْ بِهٰذَآ اَمْ هُمْ

کیا اُن کی عقلیں اُن کو یہی سکھاتی ہیں یا یہ سرکش

قَوْمٌ طَاغُوْنَ ﴿٣٢﴾ اَمْ يَقُوْلُوْنَ تَقَوَّلَهٗ

لوگ ہیں ﴿٣٢﴾ کیا وہ کہتے ہیں کہ یہ قرآن کو خود بنا لایا ہے؛

بَلْ لَّا يُؤْمِنُوْنَ ﴿٣٣﴾ فَلْيَاْتُوْا بِحَدِيْثٍ

بلکہ وہ ایمان نہیں لانا چاہتے ﴿٣٣﴾ پس وہ اُس کے مانند

مِّثْلِهٖٓ اِنْ كَانُوْا صٰدِقِيْنَ ﴿٣٤﴾ اَمْ خُلِقُوْا مِنْ

کوئی کلام لے کر آئیں اگر وہ سچے ہیں ﴿٣٤﴾ کیا وہ کسی خالق کے

غَيْرِ شَيْءٍ اَمْ هُمُ الْخٰلِقُوْنَ ﴿٣٥﴾ اَمْ خَلَقُوا

بغیر پیدا ہو گئے یا وہ خود ہی خالق ہیں ﴿٣٥﴾ کیا زمین و

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ بَلْ لَّا يُوْقِنُوْنَ ﴿٣٦﴾

آسمان کو اُنہوں نے پیدا کیا ہے؛ بلکہ وہ یقین نہیں رکھتے ﴿٣٦﴾

اَمْ عِنْدَهُمْ خَزَآئِنُ رَبِّكَ اَمْ هُمُ

کیا اُن کے پاس آپ کے رب کی خزانے ہیں یا وہ

الْمُصَيْطِرُوْنَ ﴿٣٧﴾ اَمْ لَهُمْ سُلَّمٌ

داروغہ ہیں ﴿٣٧﴾ کیا اُن کے پاس کوئی سیڑھی ہے جس پر

يَّسْتَمِعُوْنَ فِيْهِ ۚ فَلْيَاْتِ مُسْتَمِعُهُمْ

وہ باتیں سُن لیا کرتے ہیں، تو اُن کا سُننے والا کوئی کُھلی

بِسُلْطٰنٍ مُّبِيْنٍ ﴿٣٨﴾ اَمْ لَهُ الْبَنٰتُ وَلَكُمُ

دلیل لے آئے ﴿٣٨﴾ کیا اللہ کے لیے بیٹیاں ہیں اور تمہارے لیے

الْبَنُوْنَ ﴿٣٩﴾ؕ اَمْ تَسْـَٔلُهُمْ اَجْرًا فَهُمْ مِّنْ

بیٹے ﴿٣٩﴾ کیا آپ اُن سے معاوضہ مانگتے ہو کہ وہ تاوان

مَّغْرَمٍ مُّثْقَلُوْنَ ﴿٤٠﴾ؕ اَمْ عِنْدَهُمُ الْغَيْبُ

کے بوجھ سے دبے جارہے ہیں ﴿٤٠﴾ کیا اُن کے پاس غیب ہے

فَهُمْ يَكْتُبُوْنَ ﴿٤١﴾ؕ اَمْ يُرِيْدُوْنَ كَيْدًا ؕ

کہ وہ لکھ لیتے ہیں ﴿٤١﴾ کیا وہ کوئی تدبیر کرنا چاہتے ہیں،

فَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا هُمُ الْمَكِيْدُوْنَ ﴿٤٢﴾ؕ اَمْ

پس انکار کرنے والے خود ہی اُس تدبیر میں گرفتار ہوں گے ﴿٤٢﴾ کیا

لَهُمْ اِلٰهٌ غَيْرُ اللّٰهِ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا

اللہ کے سِوا اُن کا اور کوئی معبود ہے، اللہ پاک ہے اُن کے

يُشْرِكُوْنَ ﴿٤٣﴾ وَاِنْ يَّرَوْا كِسْفًا

شریک بنانے سے ﴿٤٣﴾ اور اگر وہ آسمان سے کوئی

مِّنَ السَّمَآءِ سَاقِطًا يَّقُوْلُوْا سَحَابٌ

ٹکڑا گرتا ہوا دیکھیں تو وہ کہیں گے کہ یہ تہہ بہ تہہ

مَّرْكُوْمٌ ﴿۴۴﴾ فَذَرْهُمْ حَتّٰى يُلٰقُوْا يَوْمَهُمُ

بادل ہے ﴿۴۴﴾ پس اُن کو چھوڑ دیجیے یہاں تک کہ وہ اپنے اُس دن سے

الَّذِيْ فِيْهِ يُصْعَقُوْنَ ﴿۴۵﴾ يَوْمَ لَا يُغْنِيْ

دو چار ہوں جس میں اُن کے ہوش جاتے رہیں گے ﴿۴۵﴾ جس دن اُن کی

عَنْهُمْ كَيْدُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا هُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۴۶﴾

تدبیریں اُن کے کچھ کام نہ آئیں گی اور نہ اُن کو کوئی مدد ملے گی ﴿۴۶﴾

وَاِنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا عَذَابًا دُوْنَ ذٰلِكَ

اور اُن ظالموں کے لیے اِس کے سِوا بھی عذاب ہے ؛

وَلٰكِنَّ اَكْثَرَهُمْ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۴۷﴾ وَاصْبِرْ

لیکن اُن میں سے اکثر نہیں جانتے ﴿۴۷﴾ اور آپ صبر کے ساتھ

لِحُكْمِ رَبِّكَ فَاِنَّكَ بِاَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ

اپنے رب کے فیصلے کا انتظار کیجیے، بے شک آپ ہماری نگاہ میں ہو، اور اپنے

بِحَمْدِ رَبِّكَ حِيْنَ تَقُوْمُ ﴿۴۸﴾

رب کی تسبیح کیجیے اُس کی حمد کے ساتھ جس وقت آپ اُٹھتے ہو ﴿۴۸﴾

ع ٢ ٢١ ٤

وَمِنَ الَّيْلِ فَسَبِّحْهُ وَاِدْبَارَ النُّجُوْمِ ﴿۴۹﴾ ع

اور رات کو بھی اُس کی تسبیح کیجیے اور ستاروں کے پیچھے ہٹنے کے وقت بھی ﴿۴۹﴾

(سورۂ نجم مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۳۲) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (۶۲) آیتیں اور (۳) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۳) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵۳) نمبر پر ہے اور سورۂ اخلاص کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۳۶۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۴۰۵) حروف ہیں

وَالنَّجْمِ اِذَا هَوٰى ﴿۱﴾ لا مَا ضَلَّ صَاحِبُكُمْ

قسم ہے ستارے کی جب وہ غروب ہو ﴿۱﴾ تمہارا ساتھی نہ بھٹکا

وَمَا غَوٰى ﴿۲﴾ ج وَمَا يَنْطِقُ عَنِ الْهَوٰى ﴿۳﴾ ط

ہے اور نہ گمراہ ہوا ہے ﴿۲﴾ اور وہ اپنے جی سے نہیں بولتا ﴿۳﴾

اِنْ هُوَ اِلَّا وَحْيٌ يُّوْحٰى ﴿۴﴾ لا عَلَّمَهٗ شَدِيْدُ

یہ ایک وحی ہے جو اُس پر بھیجی جاتی ہے ﴿۴﴾ اُس کو زبردست قوت والے

الْقُوٰى ﴿۵﴾ لا ذُوْ مِرَّةٍ ط فَاسْتَوٰى ﴿۶﴾ لا وَهُوَ

نے تعلیم دی ہے ﴿۵﴾ عاقل ودانا نے، پھر وہ نمودار ہوا ﴿۶﴾ اور وہ آسمان

بِالْاُفُقِ الْاَعْلٰى ﴿۷﴾ ط ثُمَّ دَنَا فَتَدَلّٰى ﴿۸﴾ لا

کے اونچے کنارے پر تھا ﴿۷﴾ پھر وہ نزدیک ہوا پس وہ اُتر آیا ﴿۸﴾

فَكَانَ قَابَ قَوْسَيْنِ اَوْ اَدْنٰى ۚ ﴿٩﴾ فَاَوْحٰٓى

پھر دو کمانوں کے برابر یا اُس سے بھی کم فاصلہ رہ گیا ﴿٩﴾ پھر اللہ نے وحی کی اپنے

اِلٰى عَبْدِهٖ مَآ اَوْحٰى ۗ ﴿١٠﴾ مَا كَذَبَ الْفُؤَادُ

بندے کی طرف جو وحی کی ﴿١٠﴾ جھوٹ نہیں کہا رسول کے دل نے جو اُس نے

مَا رَاٰى ﴿١١﴾ اَفَتُمٰرُوْنَهٗ عَلٰى مَا يَرٰى ﴿١٢﴾

دیکھا ﴿١١﴾ اب کیا تم اُس چیز پر اُس سے جھگڑتے ہو جو اُس نے دیکھا ہے ﴿١٢﴾

وَلَقَدْ رَاٰهُ نَزْلَةً اُخْرٰى ۙ ﴿١٣﴾ عِنْدَ سِدْرَةِ

اور اُس نے ایک بار اور بھی ﴿١٣﴾ اُس کو سِدرۃُ المنتہیٰ کے پاس اُترتے

الْمُنْتَهٰى ﴿١٤﴾ عِنْدَهَا جَنَّةُ الْمَاْوٰى ۗ ﴿١٥﴾

دیکھا ہے ﴿١٤﴾ اُس کے پاس ہی بہشت ہے، آرام سے رہنے کی ﴿١٥﴾

اِذْ يَغْشَى السِّدْرَةَ مَا يَغْشٰى ۙ ﴿١٦﴾ مَا زَاغَ

جب کہ سِدرہ (بیری) پر چھا رہا تھا جو کچھ کہ چھا رہا تھا ﴿١٦﴾ نگاہ

الْبَصَرُ وَمَا طَغٰى ﴿١٧﴾ لَقَدْ رَاٰى مِنْ اٰيٰتِ

بہکی نہیں اور نہ حد سے بڑھی ﴿١٧﴾ اُس نے اپنے رب کی بڑی بڑی

رَبِّهِ الْكُبْرٰى ﴿١٨﴾ اَفَرَءَيْتُمُ اللّٰتَ وَالْعُزّٰى ﴿١٩﴾

نشانیاں دیکھیں ﴿١٨﴾ بھلا تم نے لات اور عزّیٰ پر غور کیا ہے ﴿١٩﴾

وَمَنٰوةَ الثَّالِثَةَ الْاُخْرٰى ﴿٢٠﴾ اَلَكُمُ

اور تیسرے ایک منات پر ﴿٢٠﴾ کیا تمہارے لیے

الذَّكَرُ وَلَهُ الْاُنْثٰى ﴿٢١﴾ تِلْكَ اِذًا قِسْمَةٌ

بیٹے ہیں اور اللہ کے لیے بیٹیاں ﴿٢١﴾ یہ تو بہت بے ڈھنگی

ضِيْزٰى ﴿٢٢﴾ اِنْ هِيَ اِلَّآ اَسْمَآءٌ سَمَّيْتُمُوْهَآ

تقسیم ہوئی ﴿٢٢﴾ یہ محض نام ہیں جو تم نے اور تمہارے

اَنْتُمْ وَاٰبَآؤُكُمْ مَّآ اَنْزَلَ اللّٰهُ بِهَا

باپ دادا نے رکھ لیے ہیں ، اللہ نے اُن کے حق میں کوئی

مِنْ سُلْطٰنٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ

دلیل نہیں اُتاری ، وہ محض گمان کی پیروی کر رہے ہیں

وَمَا تَهْوَى الْاَنْفُسُ ۚ وَلَقَدْ جَآءَهُمْ

اور نفس کی خواہش کی ؛ حالانکہ اُن کے پاس اُن کے رب کی

مِّنۡ رَّبِّهِمُ الۡهُدٰى ﴿۲۳﴾ اَمۡ لِلۡاِنۡسَانِ
جانب سے ہدایت آ چکی ہے ﴿۲۳﴾ کیا انسان وہ سب پا لیتا ہے

مَا تَمَنّٰى ﴿۲۴﴾ فَلِلّٰهِ الۡاٰخِرَةُ وَالۡاُوۡلٰى ﴿۲۵﴾
جو وہ چاہے ﴿۲۴﴾ پس اللہ کے اختیار میں ہے آخرت اور دنیا ﴿۲۵﴾

ع ۲۵ ۵

وَكَمۡ مِّنۡ مَّلَكٍ فِى السَّمٰوٰتِ لَا تُغۡنِىۡ
اور آسمانوں میں کتنے فرشتے ہیں جن کی سفارش کچھ بھی

شَفَاعَتُهُمۡ شَيۡـًٔا اِلَّا مِنۡۢ بَعۡدِ اَنۡ يَّاۡذَنَ
کام نہیں آ سکتی، مگر بعد اِس کے کہ اللہ اجازت دے

اللّٰهُ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَرۡضٰى ﴿۲۶﴾ اِنَّ الَّذِيۡنَ
جس کو وہ چاہے اور پسند کرے ﴿۲۶﴾ بے شک جو لوگ

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِالۡاٰخِرَةِ لَيُسَمُّوۡنَ الۡمَلٰٓـئِكَةَ
آخرت پر ایمان نہیں رکھتے وہ فرشتوں کو عورت کے

تَسۡمِيَةَ الۡاُنۡثٰى ﴿۲۷﴾ وَمَا لَهُمۡ بِهٖ مِنۡ
نام دیتے ہیں ﴿۲۷﴾ حالانکہ اُن کے پاس اُس پر

عِلْمٍ ؕ اِنْ يَّتَّبِعُوْنَ اِلَّا الظَّنَّ ۚ وَاِنَّ

کوئی دلیل نہیں ، وہ محض گمان پر چل رہے ہیں ، اور

الظَّنَّ لَا يُغْنِيْ مِنَ الْحَقِّ شَيْـًٔا ۚ ﴿٢٨﴾

گمان حقیقی بات میں ذرا بھی مفید نہیں ﴿٢٨﴾

فَاَعْرِضْ عَنْ مَّنْ تَوَلّٰى ۙ عَنْ ذِكْرِنَا

پس آپ ایسے شخص سے اعراض کیجیے جو ہماری نصیحت سے منہ

وَلَمْ يُرِدْ اِلَّا الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿٢٩﴾ ؕ ذٰلِكَ

موڑے اور وہ دنیا کی زندگی کے سوا اور کچھ نہ چاہے ﴿٢٩﴾ اُن کی

مَبْلَغُهُمْ مِّنَ الْعِلْمِ ؕ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ

سمجھ بس یہیں تک پہونچی ہے ، آپ کا رب خوب جانتا ہے

اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِيْلِهٖ وَهُوَ

کہ کون اُس کے راستے سے بھٹکا ہوا ہے اور وہ اُس کو بھی خوب

اَعْلَمُ بِمَنِ اهْتَدٰى ﴿٣٠﴾ وَلِلّٰهِ مَا فِى

جانتا ہے جو راہِ راست پر ہے ﴿٣٠﴾ اور اللہ ہی کا ہے جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۙ لِيَجْزِيَ
آسمانوں میں ہے اور جو کچھ زمین میں ہے؛ تاکہ وہ بدلہ دے

الَّذِيْنَ اَسَآءُوْا بِمَا عَمِلُوْا وَيَجْزِيَ الَّذِيْنَ
بُرا کام کرنے والوں کو اُن کے کیے کا اور بدلہ دے بھلائی

اَحْسَنُوْا بِالْحُسْنٰى ۚ ﴿٣١﴾ اَلَّذِيْنَ يَجْتَنِبُوْنَ
والوں کو بھلائی سے ﴿٣١﴾ جو کہ بڑے گناہوں سے اور

كَبٰٓئِرَ الْاِثْمِ وَالْفَوَاحِشَ اِلَّا اللَّمَمَ ؕ
بے حیائی سے بچتے ہیں مگر کچھ آلودگی، بے شک آپ کا

اِنَّ رَبَّكَ وَاسِعُ الْمَغْفِرَةِ ؕ هُوَ اَعْلَمُ
رب بڑی بخشش والا ہے، وہ تم کو خوب جانتا ہے جب کہ

بِكُمْ اِذْ اَنْشَاَكُمْ مِّنَ الْاَرْضِ وَاِذْ
اُس نے تم کو زمین سے پیدا کیا، اور جب تم

اَنْتُمْ اَجِنَّةٌ فِيْ بُطُوْنِ اُمَّهٰتِكُمْ ۚ
اپنی ماؤں کے پیٹ میں بچّے کی شکل میں تھے،

فَلَا تُزَكُّوٓا اَنۡفُسَكُمۡ ؕ هُوَ اَعۡلَمُ بِمَنِ

تو تم اپنے کو مقدّس نہ سمجھو ، وہ تقوے والوں کو خوب

اتَّقٰی ع ٣٢ اَفَرَءَيۡتَ الَّذِىۡ تَوَلّٰىۙ ٣٣ ع ٢

جانتا ہے ٣٢ بھلا آپ نے اُس شخص کو دیکھا جس نے اعراض کیا ٣٣

وَاَعۡطٰى قَلِيۡلًا وَّاَكۡدٰى ٣٤ اَعِنۡدَهٗ

تھوڑا سا دیا اور رُک گیا ٣٤ کیا اُس کے پاس

عِلۡمُ الۡغَيۡبِ فَهُوَ يَرٰى ٣٥ اَمۡ

غیب کا علم ہے پس وہ دیکھ رہا ہے ٣٥ کیا اُس

لَمۡ يُنَبَّاۡ بِمَا فِىۡ صُحُفِ مُوۡسٰىۙ ٣٦

کو خبر نہیں پہونچی اُس بات کی جو موسیٰ (علیہ السلام) کے صحیفوں میں ہے ٣٦

وَاِبۡرٰهِيۡمَ الَّذِىۡ وَفّٰٓىۙ ٣٧ اَلَّا تَزِرُ

اور ابراہیم (علیہ السلام) کی جس نے اپنا قول پورا کر دیا ٣٧ کہ کوئی اُٹھانے

وَازِرَةٌ وِّزۡرَ اُخۡرٰىۙ ٣٨ وَاَنۡ لَّيۡسَ

والا کسی دوسرے کا بوجھ نہیں اُٹھائے گا ٣٨ اور یہ کہ انسان کے لیے

لِلْاِنْسَانِ اِلَّا مَا سَعٰى ﴿٣٩﴾ وَاَنَّ سَعْيَهٗ

وہی ہے جو اُس نے کوشش کی ﴿٣٩﴾ اور یہ کہ اُس کی کوشش

سَوْفَ يُرٰى ﴿٤٠﴾ ثُمَّ يُجْزٰىهُ الْجَزَآءَ

جلد ہی دیکھی جائے گی ﴿٤٠﴾ پھر اُس کو پورا بدلہ دیا

الْاَوْفٰى ﴿٤١﴾ وَاَنَّ اِلٰى رَبِّكَ الْمُنْتَهٰى ﴿٤٢﴾

جائے گا ﴿٤١﴾ اور یہ کہ سب کو آپ کے رب تک پہونچنا ہے ﴿٤٢﴾

وَاَنَّهٗ هُوَ اَضْحَكَ وَاَبْكٰى ﴿٤٣﴾ وَاَنَّهٗ

اور بے شک وہی ہنساتا ہے اور رُلاتا ہے ﴿٤٣﴾ اور وہی

هُوَ اَمَاتَ وَاَحْيَا ﴿٤٤﴾ وَاَنَّهٗ خَلَقَ

مارتا ہے اور زندگی دیتا ہے ﴿٤٤﴾ اور اُسی نے دونوں قِسم

الزَّوْجَيْنِ الذَّكَرَ وَالْاُنْثٰى ﴿٤٥﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ

نَر اور مادہ کو پیدا کیا ﴿٤٥﴾ ایک بوند سے جب کہ

اِذَا تُمْنٰى ﴿٤٦﴾ وَاَنَّ عَلَيْهِ النَّشْاَةَ

وہ ٹپکائی جائے ﴿٤٦﴾ اور اُسی کے ذمّے ہے

الْاُخْرٰى ﴿٤٧﴾ وَاَنَّهٗ هُوَ اَغْنٰى وَاَقْنٰى ﴿٤٨﴾

دوسری بار اُٹھانا ﴿٤٧﴾ اور اُسی نے دولت دی اور سرمایہ محفوظ رکھا ﴿٤٨﴾

وَاَنَّهٗ هُوَ رَبُّ الشِّعْرٰى ﴿٤٩﴾ وَاَنَّهٗۤ اَهْلَكَ

اور وہی شِعریٰ کا رب ہے ﴿٤٩﴾ اور اللہ نے ہلاک کیا

عَادَا الْاُوْلٰى ﴿٥٠﴾ وَثَمُوْدَاۡ فَمَاۤ اَبْقٰى ﴿٥١﴾

عادِ اوّل کو ﴿٥٠﴾ اور ثمود کو ، پھر کسی کو باقی نہ چھوڑا ﴿٥١﴾

وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ ؕ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ

اور قومِ نوح کو اُس سے پہلے ، بے شک وہ نہایت

اَظْلَمَ وَاَطْغٰى ﴿٥٢﴾ وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى ﴿٥٣﴾

ظالم اور سرکش تھے ﴿٥٢﴾ اور اُلٹی ہوئی بستیوں کو بھی پھینک دیا ﴿٥٣﴾

فَغَشّٰىهَا مَا غَشّٰى ﴿٥٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

پس اُن کو ڈھانک لیا جس چیز نے ڈھانک لیا ﴿٥٤﴾ پس تم اپنے

رَبِّكَ تَتَمَارٰى ﴿٥٥﴾ هٰذَا نَذِيْرٌ مِّنَ

رب کے کن کن کرشموں کو جھٹلاؤ گے ﴿٥٥﴾ یہ ایک ڈرانے والا ہے

النُّذُرِ الْاُوْلٰى ﴿۵۶﴾ اَزِفَتِ الْاٰزِفَةُ ﴿۵۷﴾ ج

پہلے ڈرانے والوں کی طرح ﴿۵۶﴾ قریب آنے والی قریب آ گئی ﴿۵۷﴾

لَيْسَ لَهَا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ كَاشِفَةٌ ﴿۵۸﴾ ط

اللہ کے سِوا کوئی اُس کو ہٹانے والا نہیں ﴿۵۸﴾

اَفَمِنْ هٰذَا الْحَدِيْثِ تَعْجَبُوْنَ ﴿۵۹﴾ لا

کیا تم کو اِس بات سے تعجب ہوتا ہے ﴿۵۹﴾

وَتَضْحَكُوْنَ وَلَا تَبْكُوْنَ ﴿۶۰﴾ لا وَاَنْتُمْ سٰمِدُوْنَ ﴿۶۱﴾

اور تم ہنستے ہو اور تم روتے نہیں ﴿۶۰﴾ اور تم تکبّر کرتے ہو ﴿۶۱﴾

ع ۳ ۳۰ ۷ سَجدة ۱۲

فَاسْجُدُوْا لِلّٰهِ وَاعْبُدُوْا ﴿۶۲﴾ سَجدة ۱۲ ع

پس اللہ کے لیے سجدہ کرو اور اُسی کی عبادت کرو ﴿۶۲﴾

(سورۂ قمر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی مگر آیت (۴۴ تا ۴۶) مدینہ منورہ میں نازل ہوئی۔ اِس میں (۵۵) آیتیں اور (۳) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (۳۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۵۴) نمبر پر ہے اور سورۂ طارق کے بعد نازل ہوئی ہے)

اِس میں (۳۴۲) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اِس میں (۱۴۲۳) حروف ہیں

اِقْتَرَبَتِ السَّاعَةُ وَانْشَقَّ الْقَمَرُ ﴿۱﴾

قیامت قریب آ گئی اور چاند پھٹ گیا ﴿۱﴾

وَاِنْ يَّرَوْا اٰيَةً يُّعْرِضُوْا وَيَقُوْلُوْا

اور وہ کوئی بھی نشانی دیکھیں تو وہ اعراض ہی کریں گے اور کہیں گے

سِحْرٌ مُّسْتَمِرٌّ ۝٢ وَكَذَّبُوْا وَاتَّبَعُوْٓا

کہ یہ تو جادو ہے جو پہلے سے چلا آرہا ہے ۝٢ اور اُنہوں نے جھٹلا دیا

اَهْوَآءَهُمْ وَكُلُّ اَمْرٍ مُّسْتَقِرٌّ ۝٣

اور اپنی خواہشوں کی پیروی کی اور ہر کام کا وقت مقرر ہے ۝٣

وَلَقَدْ جَآءَهُمْ مِّنَ الْاَنْۢبَآءِ مَا فِيْهِ

اور اُن کو وہ خبریں پہونچ چکی ہیں جس میں کافی عبرت

مُزْدَجَرٌ ۝٤ۙ حِكْمَةٌۢ بَالِغَةٌ فَمَا تُغْنِ

ہے ۝٤ نہایت درجے کی حکمت ، مگر تنبیہات اُن کو فائدہ

النُّذُرُ ۝٥ۙ فَتَوَلَّ عَنْهُمْ ۘ يَوْمَ يَدْعُ وقف لازم

نہیں دیتیں ۝٥ پس اُن سے اعراض کیجیے، جس دن پکارنے والا

الدَّاعِ اِلٰى شَيْءٍ نُّكُرٍ ۝٦ۙ خُشَّعًا

ایک ناگوار چیز کی طرف پکارے گا ۝٦ آنکھیں جھکائے

اَبْصَارُهُمْ يَخْرُجُوْنَ مِنَ الْاَجْدَاثِ

ہوئے قبروں سے نکل پڑیں گے گویا کہ

كَاَنَّهُمْ جَرَادٌ مُّنْتَشِرٌ ۝٧ مُّهْطِعِيْنَ

وہ بکھری ہوئی ٹڈیاں ہیں ۝٧ بھاگتے ہوئے

اِلَى الدَّاعِ ؕ يَقُوْلُ الْكٰفِرُوْنَ هٰذَا

پکارنے والے کی طرف ، منکر کہیں گے کہ یہ

يَوْمٌ عَسِرٌ ۝٨ كَذَّبَتْ قَبْلَهُمْ قَوْمُ

دن بڑا سخت ہے ۝٨ اُن سے پہلے نوح (علیہ السلام) کی قوم نے جھٹلایا،

نُوْحٍ فَكَذَّبُوْا عَبْدَنَا وَقَالُوْا مَجْنُوْنٌ

اُنہوں نے ہمارے بندے کی تکذیب کی اور کہا کہ دیوانہ ہے

وَّازْدُجِرَ ۝٩ فَدَعَا رَبَّهٗۤ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ

اور جھڑک دیا ۝٩ پس اُس نے اپنے رب کو پکارا کہ میں مغلوب ہوں

فَانْتَصِرْ ۝١٠ فَفَتَحْنَاۤ اَبْوَابَ السَّمَآءِ

پس تو بدلہ لے ۝١٠ پس ہم نے آسمان کے دروازے موسلا دھار

بِمَآءٍ مُّنْهَمِرٍ ﴿١١﴾ وَّفَجَّرْنَا الْاَرْضَ

بارش سے کھول دیے ﴿١١﴾ اور زمین سے چشمے بہا دیے،

عُيُوْنًا فَالْتَقَى الْمَآءُ عَلٰٓى اَمْرٍ قَدْ قُدِرَ ﴿١٢﴾

پس سب پانی ایک کام پر مل گیا جو مقدر ہو چکا تھا ﴿١٢﴾

وَحَمَلْنٰهُ عَلٰى ذَاتِ اَلْوَاحٍ وَّدُسُرٍ ﴿١٣﴾

اور ہم نے اُس کو ایک تختوں اور کیلوں والی پر اُٹھا لیا ﴿١٣﴾

تَجْرِيْ بِاَعْيُنِنَا جَزَآءً لِّمَنْ كَانَ

وہ ہماری آنکھوں کے سامنے چلتی رہی، اُس شخص کا بدلہ لینے کے لیے

كُفِرَ ﴿١٤﴾ وَلَقَدْ تَّرَكْنٰهَآ اٰيَةً فَهَلْ مِنْ

جس کی ناقدری کی گئی تھی ﴿١٤﴾ اور اُس کو ہم نے نشانی کے لیے چھوڑ دیا،

مُّدَّكِرٍ ﴿١٥﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿١٦﴾

پھر کوئی ہے سوچنے والا؟ ﴿١٥﴾ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا ﴿١٦﴾

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ

اور ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی ہے

مُّدَّكِرٍ ﴿١٧﴾ كَذَّبَتْ عَادٌ فَكَيْفَ كَانَ

نصیحت حاصل کرنے والا ؟ ﴿١٧﴾ عاد نے جھٹلایا تو کیسا تھا

عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿١٨﴾ اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ

میرا عذاب اور میرا ڈرانا ﴿١٨﴾ ہم نے اُن پر

رِيْحًا صَرْصَرًا فِيْ يَوْمِ نَحْسٍ مُّسْتَمِرٍّ ﴿١٩﴾

ایک سخت ہوا بھیجی مسلسل نحوست کے دن ﴿١٩﴾

تَنْزِعُ النَّاسَ ۙ كَاَنَّهُمْ اَعْجَازُ نَخْلٍ

وہ لوگوں کو اُکھاڑ پھینکتی تھی جیسے کہ وہ اُکھڑے ہوئے کھجوروں

مُّنْقَعِرٍ ﴿٢٠﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِيْ وَنُذُرِ ﴿٢١﴾

کے تنے ہوں ﴿٢٠﴾ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا ﴿٢١﴾

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

اور ہم نے قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی

ع ١ ٢٢ ٨ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٢٢﴾ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ بِالنُّذُرِ ﴿٢٣﴾

ہے نصیحت حاصل کرنے والا ﴿٢٢﴾ ثمود نے ڈر سنانے کو جھٹلایا ﴿٢٣﴾

فَقَالُوْٓا اَبَشَرًا مِّنَّا وَاحِدًا نَّتَّبِعُهٗٓ ۙ

پس اُنہوں نے کہا کہ کیا ہم اپنے ہی اندر کے ایک آدمی کے کہنے پر چلیں گے،

اِنَّآ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿٢٤﴾ ءَاُلْقِيَ

اِس صورت میں تو ہم غلطی اور جنون میں پڑ جائیں گے ﴿٢٤﴾ کیا ہم

الذِّكْرُ عَلَيْهِ مِنْۢ بَيْنِنَا بَلْ هُوَ كَذَّابٌ

سب میں سے اُسی پر نصیحت اُتری ہے؛ بلکہ وہ جھوٹا ہے

اَشِرٌ ﴿٢٥﴾ سَيَعْلَمُوْنَ غَدًا مَّنِ الْكَذَّابُ

بڑا بننے والا ﴿٢٥﴾ اب وہ کل کے دن جان لیں گے کہ کون جھوٹا ہے اور

الْاَشِرُ ﴿٢٦﴾ اِنَّا مُرْسِلُوا النَّاقَةِ فِتْنَةً

بڑا بننے والا ﴿٢٦﴾ ہم اونٹنی کو بھیجنے والے ہیں اُن کے لیے آزمائش

لَّهُمْ فَارْتَقِبْهُمْ وَاصْطَبِرْ ﴿٢٧﴾ وَنَبِّئْهُمْ

بنا کر، پس آپ اُن کا انتظار کیجیے اور صبر کیجیے ﴿٢٧﴾ اور اُن کو آگاہ کر

اَنَّ الْمَآءَ قِسْمَةٌۢ بَيْنَهُمْ ۚ كُلُّ شِرْبٍ

دیجیے کہ پانی اُن میں بانٹ دیا گیا ہے، ہر ایک باری پر

مُّحْتَضَرٌ ﴿٢٨﴾ فَنَادَوْا صَاحِبَهُمْ فَتَعَاطٰى

حاضر ہو ﴿٢٨﴾ پھر اُنہوں نے اپنے آدمی کو پکارا، پس اُس نے وار کیا

فَعَقَرَ ﴿٢٩﴾ فَكَيْفَ كَانَ عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿٣٠﴾

اور اونٹنی کو کاٹ ڈالا ﴿٢٩﴾ پھر کیسا تھا میرا عذاب اور میرا ڈرانا ﴿٣٠﴾

اِنَّآ اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ صَيْحَةً وَّاحِدَةً

ہم نے اُن پر ایک چنگھاڑ بھیجی، تو وہ باڑھ والے کی

فَكَانُوْا كَهَشِيْمِ الْمُحْتَظِرِ ﴿٣١﴾ وَلَقَدْ

روندی ہوئی باڑھ کی طرح ہوکر رہ گئے ﴿٣١﴾ اور ہم نے

يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٣٢﴾

قرآن کو نصیحت کے لیے آسان کر دیا، تو کیا کوئی ہے نصیحت حاصل کرنے والا ﴿٣٢﴾

كَذَّبَتْ قَوْمُ لُوْطٍ بِالنُّذُرِ ﴿٣٣﴾ اِنَّآ

لوط (علیہ السلام) کی قوم نے ڈر سنانے والوں کو جھٹلایا ﴿٣٣﴾ ہم نے اُن

اَرْسَلْنَا عَلَيْهِمْ حَاصِبًا اِلَّآ اٰلَ لُوْطٍ ؕ

پر پتھر برسانے والی ہوا بھیجی، صرف لوط کے گھر والے اُس سے بچے،

نَجَّيْنٰهُمْ بِسَحَرٍ ﴿٣٤﴾ نِّعْمَةً مِّنْ

اُن کو ہم نے بچا لیا سحر کے وقت ﴿٣٤﴾ اپنی جانب سے فضل کر

عِنْدِنَا ؕ كَذٰلِكَ نَجْزِىْ مَنْ شَكَرَ ﴿٣٥﴾

کے، ہم اِسی طرح بدلہ دیتے ہیں اُس کو جو شکر کرے ﴿٣٥﴾

وَلَقَدْ اَنْذَرَهُمْ بَطْشَتَنَا فَتَمَارَوْا

اور لوط (علیہ السلام) نے اُن کو ہماری پکڑ سے ڈرایا، پھر اُنہوں نے ہمارے

بِالنُّذُرِ ﴿٣٦﴾ وَلَقَدْ رَاوَدُوْهُ عَنْ ضَيْفِهٖ

ڈرانے میں جھگڑے پیدا کیے ﴿٣٦﴾ اور وہ اُس کے مہمانوں کو اُس

فَطَمَسْنَآ اَعْيُنَهُمْ فَذُوْقُوْا عَذَابِىْ

سے لینے لگے پس ہم نے اُن کی آنکھیں مٹا دیں، اب چکھو میرا

وَنُذُرِ ﴿٣٧﴾ وَلَقَدْ صَبَّحَهُمْ بُكْرَةً عَذَابٌ

عذاب اور میرا ڈرانا ﴿٣٧﴾ اور صبح سویرے اُن پر عذاب آ پڑا

مُّسْتَقِرٌّ ﴿٣٨﴾ فَذُوْقُوْا عَذَابِىْ وَنُذُرِ ﴿٣٩﴾

جو ٹھہر چکا تھا ﴿٣٨﴾ اب چکھو میرا عذاب اور میرا ڈرانا ﴿٣٩﴾

وَلَقَدْ يَسَّرْنَا الْقُرْاٰنَ لِلذِّكْرِ فَهَلْ

اور ہم نے قرآن کو نصیحت حاصل کرنے کے لیے آسان کر دیا ہے تو کیا کوئی

مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٤٠﴾ ع وَلَقَدْ جَآءَ اٰلَ فِرْعَوْنَ

ہے نصیحت حاصل کرنے والا ﴿٤٠﴾ اور فرعون والوں کے پاس پہونچے

ع ۲ ۱۸ ۹

النُّذُرُ ﴿٤١﴾ ج كَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كُلِّهَا

ڈرانے والے ﴿٤١﴾ اُنہوں نے ہماری تمام نشانیوں کو جُھٹلایا تو ہم نے

فَاَخَذْنٰهُمْ اَخْذَ عَزِيْزٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٤٢﴾

اُن کو ایک غالب اور قوت والے کے پکڑنے کی طرح پکڑا ﴿٤٢﴾

اَكُفَّارُكُمْ خَيْرٌ مِّنْ اُولٰٓئِكُمْ اَمْ لَكُمْ

کیا تمہارے منکر اُن لوگوں سے بہتر ہیں یا تمہارے لیے آسمانی کتابوں

بَرَآءَةٌ فِي الزُّبُرِ ﴿٤٣﴾ ج اَمْ يَقُوْلُوْنَ نَحْنُ

میں معافی لکھ دی گئی ہے ﴿٤٣﴾ کیا وہ کہتے ہیں کہ ہم ایسی جماعت

جَمِيْعٌ مُّنْتَصِرٌ ﴿٤٤﴾ سَيُهْزَمُ الْجَمْعُ

ہیں جو غالب رہیں گے ﴿٤٤﴾ جلد ہی یہ جماعت شکست کھائے گی

وَيُوَلُّوْنَ الدُّبُرَ ﴿٤٥﴾ بَلِ السَّاعَةُ

اور پیٹھ پھیر کر بھاگے گی ﴿٤٥﴾ بلکہ قیامت کے دن اُن کے وعدے کا

مَوْعِدُهُمْ وَالسَّاعَةُ اَدْهٰى وَاَمَرُّ ﴿٤٦﴾

وقت ہے ، اور قیامت بڑی سخت اور بڑی کڑوی چیز ہے ﴿٤٦﴾

اِنَّ الْمُجْرِمِيْنَ فِيْ ضَلٰلٍ وَّسُعُرٍ ﴿٤٧﴾

بے شک مجرم لوگ گمراہی میں اور بے عقلی میں ہیں ﴿٤٧﴾

وقف لازم

يَوْمَ يُسْحَبُوْنَ فِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِهِمْ ؕ

جس دن وہ منھ کے بل آگ میں گھسیٹے جائیں گے ،

ذُوْقُوْا مَسَّ سَقَرَ ﴿٤٨﴾ اِنَّا كُلَّ شَيْءٍ

چکھو مزا آگ کا ﴿٤٨﴾ بے شک ہم نے ہر چیز کو

خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿٤٩﴾ وَمَاۤ اَمْرُنَاۤ اِلَّا

پیدا کیا ہے اندازے سے ﴿٤٩﴾ اور ہمارا حکم بس

وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ﴿٥٠﴾ وَلَقَدْ

یکبارگی آجائے گا جیسے آنکھ کا جھپکنا ﴿٥٠﴾ اور ہم

اَهْلَكْنَآ اَشْيَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿٥١﴾

ہلاک کر چکے ہیں تمہارے ساتھ والوں کو پھر کیا کوئی ہے سوچنے والا ﴿٥١﴾

وَكُلُّ شَيْءٍ فَعَلُوْهُ فِي الزُّبُرِ ﴿٥٢﴾ وَكُلُّ

اور جو کچھ اُنہوں نے کیا سب کتابوں میں درج ہے ﴿٥٢﴾ اور ہر

صَغِيْرٍ وَّكَبِيْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿٥٣﴾ اِنَّ الْمُتَّقِيْنَ

چھوٹی اور بڑی بات لکھی ہوئی ہے ﴿٥٣﴾ بے شک ڈرنے والے

فِيْ جَنّٰتٍ وَّنَهَرٍ ﴿٥٤﴾ فِيْ مَقْعَدِ صِدْقٍ

باغوں میں اور نہروں میں ہوں گے ﴿٥٤﴾ بیٹھے سچی بیٹھک میں،

عِنْدَ مَلِيْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿٥٥﴾ ع

قدرت والے بادشاہ کے پاس ﴿٥٥﴾

ع ٣ ١٥ ١٠

(سورۂ رحمٰن مدینہ منورہ میں نازل ہوئی، اس میں (٧٨) آیتیں اور (٣) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٩٧) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٥٥) نمبر پر ہے اور سورۂ رعد کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٣٥١) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (١٦٣٦) حروف ہیں

اَلرَّحْمٰنُ ﴿١﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ﴿٢﴾ خَلَقَ

رحمان نے ﴿١﴾ قرآن کی تعلیم دی ﴿٢﴾ اُس نے انسان کو

الْاِنْسَانَ ﴿٣﴾ۙ عَلَّمَهُ الْبَيَانَ ﴿٤﴾ اَلشَّمْسُ

پیدا کیا ﴿٣﴾ اُس کو بولنا سکھایا ﴿٤﴾ سورج

وَالْقَمَرُ بِحُسْبَانٍ ﴿٥﴾ۙ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ

اور چاند کے لیے ایک حساب ہے ﴿٥﴾ اور ستارے اور درخت

يَسْجُدٰنِ ﴿٦﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ

سجدہ کرتے ہیں ﴿٦﴾ اور اُس نے آسمان کو اونچا کیا اور اُس نے

الْمِيْزَانَ ﴿٧﴾ۙ اَلَّا تَطْغَوْا فِي الْمِيْزَانِ ﴿٨﴾

ترازو رکھ دیے ﴿٧﴾ کہ تم تولنے میں زیادتی نہ کرو ﴿٨﴾

وَاَقِيْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا

اور انصاف کے ساتھ سیدھی ترازو تولو اور تول میں نہ

الْمِيْزَانَ ﴿٩﴾ وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ﴿١٠﴾ۙ

گھٹاؤ ﴿٩﴾ اور اُس نے مخلوق کے لیے زمین بنائی ﴿١٠﴾

فِيْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿١١﴾ۖ

اُس میں میوے ہیں اور کھجور ہیں جن کے اوپر غلاف ہوتا ہے ﴿١١﴾

وَالْحَبُّ ذُو الْعَصْفِ وَالرَّيْحَانُ ﴿١٢﴾

اور بھُس والے اناج بھی ہیں، اور خوشبو دار پھول بھی ﴿١٢﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٣﴾ خَلَقَ

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿١٣﴾ اُس نے

الْاِنْسَانَ مِنْ صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ﴿١٤﴾

پیدا کیا انسان کو ٹھیکرے کی طرح کھنکناتی مٹّی سے ﴿١٤﴾

وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿١٥﴾

اور اُس نے جنّات کو آگ کی لپٹ سے پیدا کیا ﴿١٥﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٦﴾ رَبُّ

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿١٦﴾ وہ مالک ہے

الْمَشْرِقَيْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَيْنِ ﴿١٧﴾ فَبِاَيِّ

دونوں مشرق کا اور دونوں مغرب کا ﴿١٧﴾ پھر تم اپنے رب کی

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿١٨﴾ مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ

کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿١٨﴾ اُس نے چلائے دو دریا،

يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾

مل کر چلنے والے ﴿١٩﴾ دونوں کے درمیان ایک پردہ ہے جس سے وہ تجاوز نہیں کرتے ﴿٢٠﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢١﴾ يَخْرُجُ

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٢١﴾ اُن دونوں سے

مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٢٢﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

موتی اور مونگا نکلتا ہے ﴿٢٢﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٣﴾ وَلَهُ الْجَوَارِ الْمُنْشَئٰتُ

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٢٣﴾ اور اُسی کے ہیں جہاز، سمندر میں اونچے

فِي الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿٢٤﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ النصف

کھڑے ہوئے جیسے پہاڑ ﴿٢٤﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٥﴾ كُلُّ مَنْ عَلَيْهَا ع ١١ ٢٥

کو جھٹلاؤ گے ﴿٢٥﴾ جو بھی زمین پر ہے وہ فنا ہونے والا

فَانٍ ﴿٢٦﴾ وَّيَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ

ہے ﴿٢٦﴾ اور آپ کے رب کی ذات باقی رہے گی، عظمت والی

وَالْاِكْرَامِ ﴿٢٧﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٢٨﴾

اور عزّت والی ﴿٢٧﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٢٨﴾

یَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ

اُسی سے مانگتے ہیں جو آسمانوں میں اور زمین میں ہیں، ہر روز

یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ﴿٢٩﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اُس کا ایک کام ہے ﴿٢٩﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ

تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٠﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَیُّهَ الثَّقَلٰنِ ﴿٣١﴾

گے ﴿٣٠﴾ ہم جلدی فارغ ہونے والے ہیں تمہاری طرف سے اے دو بھاری قافلو ﴿٣١﴾

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٢﴾ یٰمَعْشَرَ

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٣٢﴾ اے

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ

جنّات اور انسان کے گروہ ! اگر تم سے ہو سکے

تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

کہ تم آسمانوں اور زمین کی حدود سے نکل جاؤ

فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۚ ﴿٣٣﴾

تو نکل جاؤ ، تم نہیں نکل سکتے بغیر سند کے ﴿٣٣﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٤﴾ يُرْسَلُ

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٣٤﴾ تم پر

عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ۬ وَّنُحَاسٌ

چھوڑے جائیں گے آگ کے شعلے اور دھواں

فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۚ ﴿٣٥﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

تو تم بچاؤ نہ کرسکو گے ﴿٣٥﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٦﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ

جھٹلاؤ گے ﴿٣٦﴾ پھر جب آسمان پھٹ کر کھال کی مانند

فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۚ ﴿٣٧﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

سُرخ ہو جائے گا ﴿٣٧﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٣٨﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ

جُھٹلاؤ گے ﴿٣٨﴾ پس اُس دن کسی انسان یا جن سے

عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِاَيِّ

اُس کے گناہ کے بارے میں پوچھ نہ ہوگی ﴿۳۹﴾ پھر تم

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ

اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿۴۰﴾ مجرم پہچان لیے

الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ

جائیں گے اپنی علامتوں سے، پھر پکڑا جائے گا پیشانی کے بال

وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

سے اور پاؤں سے ﴿۴۱﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ

جھٹلاؤ گے ﴿۴۲﴾ یہ جہنم ہے جس کو مجرم لوگ جھوٹ

بِهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا

بتاتے تھے ﴿۴۳﴾ وہ پھریں گے اُس کے درمیان اور کھولتے

وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پانی کے درمیان ﴿۴۴﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

وقف لازم

تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٥﴾ وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ

جھٹلاؤ گے ﴿٤٥﴾ اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑے ہونے سے ڈرے اُس

جَنَّتٰنِ ﴿٤٦﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٧﴾

کے لیے دو باغ ہیں ﴿٤٦﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٤٧﴾

ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿٤٨﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

دونوں بہت شاخوں والے ﴿٤٨﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

تُكَذِّبٰنِ ﴿٤٩﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿٥٠﴾

کو جھٹلاؤ گے ﴿٤٩﴾ اُن کے اندر دو چشمے جاری ہوں گے ﴿٥٠﴾

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥١﴾ فِيْهِمَا

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٥١﴾ دونوں

مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿٥٢﴾ فَبِاَيِّ

باغوں میں ہر پھل کی دو قسمیں ﴿٥٢﴾ پھر تم اپنے رب

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٣﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى

کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٥٣﴾ وہ تکیہ لگائے

فُرُشٍۢ بَطَآئِنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا

ایسے بچھونوں پر بیٹھے ہوں گے جن کے اَستر دبیز ریشم کے ہوں گے، اور

الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿٥٤﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

پھل اُن باغوں کا جھک رہا ہوگا ﴿٥٤﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن

تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٥﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ

نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٥٥﴾ اُن میں نیچی نگاہ والی عورتیں ہوں گی جنہیں

لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿٥٦﴾

اُن لوگوں سے پہلے نہ کسی انسان نے چھوا ہوگا اور نہ کسی جن نے ﴿٥٦﴾

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٧﴾ كَاَنَّهُنَّ

پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٥٧﴾ وہ ایسی ہوں

الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿٥٨﴾ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ

گی جیسے کہ یاقوت اور مرجان ﴿٥٨﴾ پھر تم اپنے رب کی کن

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿٥٩﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ

کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿٥٩﴾ نیکی کا بدلہ نیکی کے سوا

اِلَّا الۡاِحۡسَانُ ﴿۶۰﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
اور کیا ہے ﴿۶۰﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنۡ دُوۡنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ۚ
جھٹلاؤ گے ﴿۶۱﴾ اور اُن کے سوا دو باغ اور ہیں ﴿۶۲﴾

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ۙ
پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿۶۳﴾

مُدۡهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
دونوں گہرے سبز سیاہی مائل ﴿۶۴﴾ پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ۚ فِیۡهِمَا عَیۡنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ۚ
کو جھٹلاؤ گے ﴿۶۵﴾ اُن میں دو چشمے ہوں گے اُبلتے ہوئے ﴿۶۶﴾

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِیۡهِمَا
پھر تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو جھٹلاؤ گے ﴿۶۷﴾ اُن میں

سِرَاجًا وَّهَّاجًا ﴿١٣﴾ وَّاَنْزَلْنَا مِنَ

ہم نے بھرپور روشنی والا چراغ بنا دیا ﴿١٣﴾ اور ہم نے ہی

الْمُعْصِرٰتِ مَآءً ثَجَّاجًا ﴿١٤﴾ لِّنُخْرِجَ

بھرے ہوئے بادلوں سے موسلا دھار پانی برسایا ﴿١٤﴾ تاکہ اُس سے

بِهٖ حَبًّا وَّنَبَاتًا ﴿١٥﴾ وَّجَنّٰتٍ اَلْفَافًا ﴿١٦﴾

غلّہ اور دوسری سبزیاں بھی اُگائیں ﴿١٥﴾ اور گھنے باغات بھی ﴿١٦﴾

اِنَّ يَوْمَ الْفَصْلِ كَانَ مِيْقَاتًا ﴿١٧﴾ يَّوْمَ

بے شک فیصلے کے دن کا وقت طے ہو چکا ہے ﴿١٧﴾ یہ وہ دن ہوگا

يُنْفَخُ فِي الصُّوْرِ فَتَاْتُوْنَ اَفْوَاجًا ﴿١٨﴾

کہ صور میں پھونک ماری جائے گی اور تم فوج کی فوج نکل آؤ گے ﴿١٨﴾

وَّفُتِحَتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ اَبْوَابًا ﴿١٩﴾

اور آسمان کھول دیا جائے گا تو اُس کے دروازے ہی دروازے ہو جائیں گے ﴿١٩﴾

وَّسُيِّرَتِ الْجِبَالُ فَكَانَتْ سَرَابًا ﴿٢٠﴾ اِنَّ

اور چلائے جائیں گے پہاڑ تو وہ ہو جائیں گے چمکتی ریت ﴿٢٠﴾ بے شک

جَهَنَّمَ كَانَتْ مِرْصَادًا ﴿٢١﴾ لِّلطّٰغِيْنَ

دوزخ تاک میں ہے ﴿٢١﴾ شر پھیلانے والوں کا وہی

مَاٰبًا ﴿٢٢﴾ لّٰبِثِيْنَ فِيْهَآ اَحْقَابًا ﴿٢٣﴾

ٹھکانہ ہے ﴿٢٢﴾ جہنم میں یہ لوگ بے مدّت پڑے ہی رہیں گے ﴿٢٣﴾

لَا يَذُوْقُوْنَ فِيْهَا بَرْدًا وَّلَا شَرَابًا ﴿٢٤﴾

اُن کو ٹھنڈی چیز کا ذائقہ اور پیاس بجھانے کو کوئی چیز کبھی نہیں ملے گی ﴿٢٤﴾

اِلَّا حَمِيْمًا وَّغَسَّاقًا ﴿٢٥﴾ جَزَآءً

ہاں مگر گرم گرم پانی اور بہتی پیپ (جتنی چاہیں پی لیں) ﴿٢٥﴾ اُن کو یہ

وِّفَاقًا ﴿٢٦﴾ اِنَّهُمْ كَانُوْا لَا يَرْجُوْنَ حِسَابًا ﴿٢٧﴾

بدلہ پورا پورا ملے گا ﴿٢٦﴾ اُن کو اپنے حساب کی امید نہیں تھی ﴿٢٧﴾

وَّكَذَّبُوْا بِاٰيٰتِنَا كِذَّابًا ؕ ﴿٢٨﴾ وَكُلَّ شَيْءٍ

اور ہماری آیات کو جھوٹ ثابت کرنے میں بڑا زور لگاتے تھے ﴿٢٨﴾ اور ہم نے ہر

اَحْصَيْنٰهُ كِتٰبًا ۙ ﴿٢٩﴾ فَذُوْقُوْا فَلَنْ نَّزِيْدَكُمْ

چیز کو گھیر کر شمار کر کے کتاب میں لکھ دیا تھا ﴿٢٩﴾ بس اب چکھتے رہو، ہم اس عذاب کو

اِلَّا عَذَابًا ؑ ﴿٣٠﴾ اِنَّ لِلْمُتَّقِيْنَ مَفَازًا ۙ ﴿٣١﴾ ع ٣

بڑھاتے ہی رہیں گے ﴿٣٠﴾ بے شک پرہیزگار ہی کامیاب ہوں گے ﴿٣١﴾

حَدَآئِقَ وَاَعْنَابًا ۙ ﴿٣٢﴾ وَّكَوَاعِبَ اَتْرَابًا ۙ ﴿٣٣﴾

گھنے پھل دار درخت اور انگور ﴿٣٢﴾ اور نوجوان ہم عمر عورتیں ﴿٣٣﴾

وَّكَاْسًا دِهَاقًا ؕ ﴿٣٤﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا

اور لبالب بھرے جام ہیں ﴿٣٤﴾ وہاں خلافِ ادب اور جھوٹی

لَغْوًا وَّلَا كِذّٰبًا ۚ ﴿٣٥﴾ جَزَآءً مِّنْ رَّبِّكَ

بات کبھی نہیں سنیں گے ﴿٣٥﴾ آپ کے رب کی طرف سے پورے

عَطَآءً حِسَابًا ۙ ﴿٣٦﴾ رَّبِّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

حساب سے جزا عطا کی جائے گی ﴿٣٦﴾ آسمانوں اور زمین کا

وَمَا بَيۡنَهُمَا الرَّحۡمٰنِ لَا يَمۡلِكُوۡنَ مِنۡهُ

اور اُن کے درمیان کی سب چیزوں کا وہی رب ہے، رحمان عالی شان ایسا کہ کسی کو اُس

خِطَابًا ۚ ﴿۳۷﴾ يَوۡمَ يَقُوۡمُ الرُّوۡحُ وَالۡمَلٰٓئِكَةُ

سے بات کرنے کی جرات نہیں ہو سکتی ﴿۳۷﴾ جس دن جبریل اور تمام فرشتے

صَفًّا ۙ لَّا يَتَكَلَّمُوۡنَ اِلَّا مَنۡ اَذِنَ لَهُ

صف باندھے کھڑے ہوں گے، کوئی بول نہ سکے گا مگر جس کو

الرَّحۡمٰنُ وَقَالَ صَوَابًا ﴿۳۸﴾ ذٰلِكَ الۡيَوۡمُ

رحمان اجازت عطا فرمائے اور وہ بات بھی ٹھیک کہے ﴿۳۸﴾ اُس دن کا

الۡحَقُّ ۚ فَمَنۡ شَآءَ اتَّخَذَ اِلٰى رَبِّهٖ

آنا سچ ہے، اب جو چاہے اپنے رب کے یہاں اپنا ٹھکانہ

مَاٰبًا ﴿۳۹﴾ اِنَّآ اَنۡذَرۡنٰكُمۡ عَذَابًا قَرِيۡبًا ۚ۬ ۵

بنالے ﴿۳۹﴾ بے شک ہم نے تم کو قریب آنے والے عذاب سے خبردار کر دیا ہے،

يَّوۡمَ يَنۡظُرُ الۡمَرۡءُ مَا قَدَّمَتۡ يَدٰهُ

جس دن آدمی دیکھ لے گا جو کچھ اُس کے ہاتھوں نے آگے بھیجا تھا

وَيَقُولُ الْكَافِرُ يٰلَيْتَنِىْ كُنْتُ تُرٰبًا ﴿٤٠﴾ ع ٢/٢

اور کافر کہے گا کہ ہائے میری کمبختی! کاش میں مٹّی ہوگیا ہوتا ﴿٤٠﴾

(سورۂ نازعات مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (٤٦) آیتیں اور (٢) رکوع ہیں، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨١) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٧٩) نمبر پر ہے اور سورۂ نباء کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (١٩٧) کلمات ہیں — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اس میں (٧٥٣) حروف ہیں

وَالنّٰزِعٰتِ غَرْقًا ﴿١﴾ وَّالنّٰشِطٰتِ

اُن فرشتوں کی قسم جو سختی سے جان نکالنے والے ہیں ﴿١﴾ اور اُن کی جو سہولت

نَشْطًا ﴿٢﴾ وَّالسّٰبِحٰتِ سَبْحًا ﴿٣﴾

سے جان نکالنے والے ہیں ﴿٢﴾ اور اُن کی جو تیر کر آنے والے ہیں ﴿٣﴾

فَالسّٰبِقٰتِ سَبْقًا ﴿٤﴾ فَالْمُدَبِّرٰتِ اَمْرًا ﴿٥﴾ وقف لازم

پھر اُن کی جو دوڑ کر آنے والے ہیں ﴿٤﴾ پھر اُن کی جو امور کی تدبیر کرنے والے ہیں ﴿٥﴾

يَوْمَ تَرْجُفُ الرَّاجِفَةُ ﴿٦﴾ تَتْبَعُهَا

جس دن ہلا دینے والی ہلا ڈالے گی ﴿٦﴾ اُس کے پیچھے ایک اور آنے

الرَّادِفَةُ ﴿٧﴾ قُلُوْبٌ يَّوْمَئِذٍ وَّاجِفَةٌ ﴿٨﴾

والی چیز آئے گی ﴿٧﴾ کتنے دل اُس دن دھڑکتے ہوں گے ﴿٨﴾

وقف لازم
اَبۡصَارُهَا خَاشِعَةٌ ۘ ﴿۹﴾ يَقُوۡلُوۡنَ ءَاِنَّا

اُن کی آنکھیں جھک رہی ہوں گی ﴿۹﴾ وہ کہتے ہیں کہ کیا ہم پہلی

لَمَرۡدُوۡدُوۡنَ فِي الۡحَافِرَةِ ؕ ﴿۱۰﴾ ءَاِذَا كُنَّا

والی حالت میں پھر واپس ہوں گے؟ ﴿۱۰﴾ کیا جب ہم بوسیدہ

عِظَامًا نَّخِرَةً ؕ ﴿۱۱﴾ قَالُوۡا تِلۡكَ اِذًا كَرَّةٌ

ہڈیاں ہو جائیں گے؟ ﴿۱۱﴾ اُنہوں نے کہا کہ یہ واپسی تو بڑے

وقف لازم
خَاسِرَةٌ ۘ ﴿۱۲﴾ فَاِنَّمَا هِيَ زَجۡرَةٌ وَّاحِدَةٌ ۙ ﴿۱۳﴾

گھاٹے کی ہوگی ﴿۱۲﴾ وہ تو بس ایک ڈانٹ ہوگی ﴿۱۳﴾

فَاِذَا هُمۡ بِالسَّاهِرَةِ ؕ ﴿۱۴﴾ هَلۡ اَتٰىكَ

پھر یکایک وہ میدان میں موجود ہوں گے ﴿۱۴﴾ کیا آپ کو

وقف لازم
حَدِيۡثُ مُوۡسٰى ۘ ﴿۱۵﴾ اِذۡ نَادٰىهُ رَبُّهٗ بِالۡوَادِ

موسیٰ (علیہ السلام) کی بات پہونچی ہے؟ ﴿۱۵﴾ جب کہ اُس کے رب نے

الۡمُقَدَّسِ طُوًى ۚ ﴿۱۶﴾ اِذۡهَبۡ اِلٰى فِرۡعَوۡنَ

اُس کو طُویٰ کی مقدّس وادی میں پکارا ﴿۱۶﴾ کہ فرعون کے پاس جاؤ

اِنَّهٗ طَغٰى ﴿ۖ۱۷﴾ فَقُلْ هَلْ لَّكَ اِلٰٓى اَنْ

وہ سرکش ہو گیا ہے ﴿۱۷﴾ پھر اُس سے کہو کہ کیا تجھ کو اِس بات کی خواہش ہے کہ تو

تَزَكّٰى ﴿ۙ۱۸﴾ وَاَهْدِيَكَ اِلٰى رَبِّكَ فَتَخْشٰى ﴿ۚ۱۹﴾

درست ہو جائے ﴿۱۸﴾ اور میں تجھ کو تیرے رب کی راہ دکھاؤں پھر تو ڈرے ﴿۱۹﴾

فَاَرٰىهُ الْاٰيَةَ الْكُبْرٰى ﴿ۖ۲۰﴾ فَكَذَّبَ

پس موسیٰ (علیہ السلام) نے اُس کو بڑی نشانی دکھائی ﴿۲۰﴾ پھر اُس نے

وَعَصٰى ﴿ۖ۲۱﴾ ثُمَّ اَدْبَرَ يَسْعٰى ﴿ۖ۲۲﴾

جھٹلایا اور نہ مانا ﴿۲۱﴾ پھر وہ پلٹا کوشش کرتے ہوئے ﴿۲۲﴾

فَحَشَرَ فَنَادٰى ﴿ۖ۲۳﴾ فَقَالَ اَنَا رَبُّكُمُ

پھر اُس نے جمع کیا پھر اُس نے آواز لگائی ﴿۲۳﴾ پس اُس نے کہا کہ میں تمہارا

الْاَعْلٰى ﴿ۖ۲۴﴾ فَاَخَذَهُ اللّٰهُ نَكَالَ الْاٰخِرَةِ

سب سے بڑا رب ہوں ﴿۲۴﴾ پس اللہ نے اُس کو آخرت اور دنیا کے

وَالْاُوْلٰى ﴿ؕ۲۵﴾ اِنَّ فِيْ ذٰلِكَ لَعِبْرَةً

عذاب میں پکڑا ﴿۲۵﴾ بے شک اِس میں نصیحت ہے

ع ٤٢/٢

لِّمَنۡ يَّخۡشٰى ﴿٢٦﴾ ءَاَنۡتُمۡ اَشَدُّ خَلۡقًا

ہر اُس شخص کے لیے جو ڈرے ﴿٢٦﴾ کیا تمہارا بنانا زیادہ مشکل ہے

اَمِ السَّمَآءُ ؕ بَنٰىهَا ﴿٢٧﴾ رَفَعَ سَمۡكَهَا

یا آسمان کا، اللہ نے اُس کو بنایا ﴿٢٧﴾ اُس کی چھت کو بلند کیا

فَسَوّٰىهَا ﴿٢٨﴾ وَاَغۡطَشَ لَيۡلَهَا وَاَخۡرَجَ

پھر اُس کو درست بنایا ﴿٢٨﴾ اور اُس کی رات کو اندھیری بنایا ہے اور اُس کے

ضُحٰىهَا ﴿٢٩﴾ وَالۡاَرۡضَ بَعۡدَ ذٰلِكَ

دِن کی دھوپ باہر نکال دی ہے ﴿٢٩﴾ اور زمین کو اُس کے

دَحٰىهَا ﴿٣٠﴾ اَخۡرَجَ مِنۡهَا مَآءَهَا

بعد پھیلایا ﴿٣٠﴾ اُس سے اُس کا پانی

وَمَرۡعٰىهَا ﴿٣١﴾ وَالۡجِبَالَ اَرۡسٰىهَا ﴿٣٢﴾

اور چارہ نکالا ﴿٣١﴾ اور پہاڑوں کو قائم کر دیا ﴿٣٢﴾

مَتَاعًا لَّكُمۡ وَلِاَنۡعَامِكُمۡ ﴿٣٣﴾ فَاِذَا

سامانِ حیات کے طور پر تمہارے لیے اور تمہارے چوپایوں کے لیے ﴿٣٣﴾ پھر جب

جَآءَتِ الطَّآمَّةُ الْكُبْرٰى ﴿۳۴﴾ۖ يَوْمَ يَتَذَكَّرُ
وہ بڑا ہنگامہ آئے گا ﴿۳۴﴾ جس دن انسان اپنے کیے کو

الْاِنْسَانُ مَا سَعٰى ﴿۳۵﴾ۙ وَبُرِّزَتِ الْجَحِيْمُ
یاد کرے گا ﴿۳۵﴾ اور دیکھنے والوں کے سامنے دوزخ

لِمَنْ يَّرٰى ﴿۳۶﴾ فَاَمَّا مَنْ طَغٰى ﴿۳۷﴾ۙ وَاٰثَرَ
ظاہر کر دی جائے گی ﴿۳۶﴾ پس جس نے سرکشی کی ﴿۳۷﴾ اور دنیا

الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا ﴿۳۸﴾ۙ فَاِنَّ الْجَحِيْمَ هِيَ
کی زندگی کو ترجیح دی ﴿۳۸﴾ تو یقیناً دوزخ اُس کا

الْمَاْوٰى ﴿۳۹﴾ؕ وَاَمَّا مَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ
ٹھکانہ ہوگا ﴿۳۹﴾ اور جو شخص اپنے رب کے سامنے کھڑا ہونے

وَنَهَى النَّفْسَ عَنِ الْهَوٰى ﴿۴۰﴾ۙ فَاِنَّ
سے ڈرا اور نفس کو خواہش سے روکا ﴿۴۰﴾ تو

الْجَنَّةَ هِيَ الْمَاْوٰى ﴿۴۱﴾ؕ يَسْـَٔلُوْنَكَ
جنّت اُس کا ٹھکانہ ہوگا ﴿۴۱﴾ وہ آپ سے

عَنِ السَّاعَةِ اَيَّانَ مُرْسٰىهَا ﴿٤٢﴾ فِيْمَ

قیامت کے بارے میں پوچھتے ہیں کہ وہ کب واقع ہوگی ﴿۴۲﴾ آپ کو

اَنْتَ مِنْ ذِكْرٰىهَا ﴿٤٣﴾ اِلٰى رَبِّكَ

کیا کام اُس کے ذکر سے ﴿۴۳﴾ یہ معاملہ آپ کے رب کے

مُنْتَهٰىهَا ﴿٤٤﴾ اِنَّمَآ اَنْتَ مُنْذِرُ

حوالے ہے ﴿۴۴﴾ آپ تو بس ڈرانے والے ہو

مَنْ يَّخْشٰىهَا ﴿٤٥﴾ كَاَنَّهُمْ يَوْمَ يَرَوْنَهَا

اُس شخص کو جو ڈرے ﴿۴۵﴾ جس دن یہ اُس کو دیکھ لیں گے اُس دن

لَمْ يَلْبَثُوْٓا اِلَّا عَشِيَّةً اَوْ ضُحٰىهَا ﴿٤٦﴾ ع

اُنہیں معلوم ہوگا جیسے وہ ایک شام یا ایک صبح سے زیادہ نہیں رہے ﴿۴۶﴾

(سورۂ عبس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۴۲) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۴) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۰) نمبر پر ہے اور سورۂ نجم کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۵۳۳) حروف ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۳۰) کلمات ہیں

عَبَسَ وَتَوَلّٰٓى ﴿١﴾ اَنْ جَآءَهُ الْاَعْمٰى ﴿٢﴾

(پیارے نبی نے) منہ بنایا اور رُخ پھیر لیا ﴿۱﴾ یہ کہ اُن کے پاس ایک نابینا آیا ﴿۲﴾

وَمَا يُدۡرِيۡكَ لَعَلَّهٗ يَزَّكّٰىٓ ۙ﴿۳﴾ اَوۡ

اور آپ کو کیا خبر شاید وہ پاکیزگی حاصل کرتا ﴿۳﴾ یا

يَذَّكَّرُ فَتَنۡفَعَهُ الذِّكۡرٰى ؕ﴿۴﴾ اَمَّا

نصیحت قبول کرتا تو یہ نصیحت اُس کو مفید ہوتی ﴿۴﴾ تو جو شخص (دین

مَنِ اسۡتَغۡنٰى ۙ﴿۵﴾ فَاَنۡتَ لَهٗ تَصَدّٰى ؕ﴿۶﴾

سے) بے پروائی کرتا ہے ﴿۵﴾ تو آپ اُس کی فکر میں پڑ جاتے ہو ﴿۶﴾

وَمَا عَلَيۡكَ اَلَّا يَزَّكّٰى ؕ﴿۷﴾ وَاَمَّا مَنۡ

حالانکہ آپ پر کوئی الزام نہیں کہ وہ نہ درست ہو ﴿۷﴾ جو آپ کے

جَآءَكَ يَسۡعٰى ۙ﴿۸﴾ وَهُوَ يَخۡشٰى ۙ﴿۹﴾ فَاَنۡتَ

پاس دوڑتا ہوا آیا ﴿۸﴾ اور وہ ڈرتا بھی ہے ﴿۹﴾ تو آپ اُس سے

عَنۡهُ تَلَهّٰى ۚ﴿۱۰﴾ كَلَّاۤ اِنَّهَا تَذۡكِرَةٌ ۚ﴿۱۱﴾

بے رُخی کرتے ہیں ﴿۱۰﴾ ہرگز ایسا نہ کیجیے، قرآن تو محض ایک نصیحت ہے ﴿۱۱﴾

فَمَنۡ شَآءَ ذَكَرَهٗ ۘ﴿۱۲﴾ فِىۡ صُحُفٍ

لہٰذا جو چاہے اُس کو قبول کرے ﴿۱۲﴾ قابلِ ادب ورقوں میں

وقف لازم

مُّكَرَّمَةٍ ﴿١٣﴾ مَّرْفُوْعَةٍ مُّطَهَّرَةٍ ﴿١٤﴾

لکھا ہوا ﴿١٣﴾ بلند مقام پر رکھے ہوئے اور پاک ہیں ﴿١٤﴾

بِاَيْدِيْ سَفَرَةٍ ﴿١٥﴾ كِرَامٍ بَرَرَةٍ ﴿١٦﴾

ایسے لکھنے والوں کے ہاتھوں میں ﴿١٥﴾ جو باعزّت، فرماں بردار ہیں ﴿١٦﴾

قُتِلَ الْاِنْسَانُ مَآ اَكْفَرَهٗ ﴿١٧﴾ مِنْ

خدا کی مار ہو انسان پر وہ کیسا ناشکرا ہے ﴿١٧﴾ خدا نے

اَيِّ شَيْءٍ خَلَقَهٗ ﴿١٨﴾ مِنْ نُّطْفَةٍ ؕ

اُس کو کس چیز سے بنایا ہے ﴿١٨﴾ نطفے سے اُس کو بنایا

خَلَقَهٗ فَقَدَّرَهٗ ﴿١٩﴾ ثُمَّ السَّبِيْلَ

پھر اُس کا اندازہ مقرر کیا ﴿١٩﴾ پھر اُس کے لیے راستہ

يَسَّرَهٗ ﴿٢٠﴾ ثُمَّ اَمَاتَهٗ فَاَقْبَرَهٗ ﴿٢١﴾

آسان کردیا ﴿٢٠﴾ پھر اُس کو موت دی پھر قبر میں دفن کردیا ﴿٢١﴾

ثُمَّ اِذَا شَآءَ اَنْشَرَهٗ ﴿٢٢﴾ كَلَّا لَمَّا يَقْضِ

پھر جب وہ چاہے گا تو اُسے دوبارہ زندہ کرے گا ﴿٢٢﴾ ہرگز نہیں، خدا نے جو حکم دیا

مَآ اَمَرَهٗ ؕ ﴿۲۳﴾ فَلْيَنْظُرِ الْاِنْسَانُ اِلٰى

اُس نے اُس پر عمل نہ کیا ﴿۲۳﴾ انسان کو چاہیے کہ اپنے کھانے کی

طَعَامِهٖۤ ۙ ﴿۲۴﴾ اَنَّا صَبَبْنَا الْمَآءَ صَبًّا ۙ ﴿۲۵﴾

طرف نظر کرے ﴿۲۴﴾ کہ ہم نے اوپر سے خوب پانی برسایا ﴿۲۵﴾

ثُمَّ شَقَقْنَا الْاَرْضَ شَقًّا ۙ ﴿۲۶﴾ فَاَنْۢبَتْنَا

پھر ہم نے عجیب طریقے سے زمین کو پھاڑا ﴿۲۶﴾ پھر ہم نے

فِيْهَا حَبًّا ۙ ﴿۲۷﴾ وَّعِنَبًا وَّقَضْبًا ۙ ﴿۲۸﴾

اُس میں اناج اُگایا ﴿۲۷﴾ اور انگور اور ترکاری ﴿۲۸﴾

وَّزَيْتُوْنًا وَّنَخْلًا ۙ ﴿۲۹﴾ وَّحَدَآئِقَ غُلْبًا ۙ ﴿۳۰﴾

اور زیتون اور کھجوریں ﴿۲۹﴾ اور گنجان باغات ﴿۳۰﴾

وَّفَاكِهَةً وَّاَبًّا ۙ ﴿۳۱﴾ مَّتَاعًا لَّكُمْ

اور میوے اور چارہ پیدا کیا ﴿۳۱﴾ تمہارے اپنے اور تمہارے چوپایوں

وَلِاَنْعَامِكُمْ ؕ ﴿۳۲﴾ فَاِذَا جَآءَتِ الصَّآخَّةُ ۫ ﴿۳۳﴾

کے لیے فائدے کی خاطر ﴿۳۲﴾ پھر جب شور والی قیامت آجائے گی ﴿۳۳﴾

يَوۡمَ يَفِرُّ الۡمَرۡءُ مِنۡ اَخِيۡهِ ﴿٣٤﴾ وَاُمِّهٖ

اُس دن آدمی بھاگے گا دور اپنے بھائی سے ﴿٣٤﴾ اور اپنی ماں اور اپنے باپ

وَاَبِيۡهِ ﴿٣٥﴾ وَصَاحِبَتِهٖ وَبَنِيۡهِ ﴿٣٦﴾ لِكُلِّ

سے ﴿٣٥﴾ اور اپنی بیوی اور اپنے بیٹوں سے ﴿٣٦﴾ اُن میں سے ہر شخص اُس روز

امۡرِیٴٍ مِّنۡهُمۡ يَوۡمَئِذٍ شَاۡنٌ يُّغۡنِيۡهِ ﴿٣٧﴾

ایک ہی فکر میں ہوگا جو اُس کو دوسری طرف متوجہ نہ ہونے دے گی ﴿٣٧﴾

وُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ مُّسۡفِرَةٌ ﴿٣٨﴾ ضَاحِكَةٌ

اُس روز بہت سے چہرے چمک رہے ہوں گے ﴿٣٨﴾ ہنستے

مُّسۡتَبۡشِرَةٌ ﴿٣٩﴾ وَوُجُوۡهٌ يَّوۡمَئِذٍ عَلَيۡهَا

خوشیاں مناتے ﴿٣٩﴾ اور بہت سے چہرے اُس دن ایسے ہوں گے جن پر گرد

غَبَرَةٌ ﴿٤٠﴾ تَرۡهَقُهَا قَتَرَةٌ ﴿٤١﴾ اُولٰٓئِكَ

ہی گرد نظر آئے گی ﴿٤٠﴾ (اور) اُن پر سیاہی چڑھ رہی ہوگی ﴿٤١﴾ یہی

هُمُ الۡكَفَرَةُ الۡفَجَرَةُ ﴿٤٢﴾

لوگ کافر اور بدکار ہیں ﴿٤٢﴾

ع ٤٢ ٥

(سورۂ تکویر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۲۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے نازل ہونے کے اعتبار سے (۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۱) نمبر پر ہے اور سورۂ لہب کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۰۴) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اس میں (۵۳۰) حروف ہیں

إِذَا ٱلشَّمۡسُ كُوِّرَتۡ ۝١ وَإِذَا ٱلنُّجُومُ

جب سورج لپیٹ لیا جائے گا ۝١ اور جب ستارے

ٱنكَدَرَتۡ ۝٢ وَإِذَا ٱلۡجِبَالُ سُيِّرَتۡ ۝٣

بے نور ہو جائیں گے ۝٢ اور جب پہاڑ چلائے جائیں گے ۝٣

وَإِذَا ٱلۡعِشَارُ عُطِّلَتۡ ۝٤ وَإِذَا ٱلۡوُحُوشُ

اور جب دس ماہ کی حاملہ اونٹنیاں چھوڑ دی جائیں گی ۝٤ اور جب وحشی جانور

حُشِرَتۡ ۝٥ وَإِذَا ٱلۡبِحَارُ سُجِّرَتۡ ۝٦

اکٹھے کیے جائیں گے ۝٥ اور جب سمندر بھڑکائے جائیں گے ۝٦

وَإِذَا ٱلنُّفُوسُ زُوِّجَتۡ ۝٧ وَإِذَا

اور جب جانیں (جسموں سے) ملا دی جائیں گی ۝٧ اور جب

ٱلۡمَوۡءُۥدَةُ سُئِلَتۡ ۝٨ بِأَيِّ ذَنۢبٖ

زندہ دفن کی گئی لڑکی سے پوچھا جائے گا ۝٨ کہ کس گناہ کی وجہ سے

قُتِلَتْ ۝٩ وَاِذَا الصُّحُفُ نُشِرَتْ ۝١٠

وہ قتل کی گئی ۝٩ اور جب نامۂ اعمال کھول دیے جائیں گے ۝١٠

وَاِذَا السَّمَآءُ كُشِطَتْ ۝١١ وَاِذَا الْجَحِيْمُ

اور جب آسمان کی کھال اُتار لی جائے گی ۝١١ اور جب جہنّم

سُعِّرَتْ ۝١٢ وَاِذَا الْجَنَّةُ اُزْلِفَتْ ۝١٣

بھڑکائی جائے گی ۝١٢ اور جب جنّت نزدیک کردی جائے گی ۝١٣

عَلِمَتْ نَفْسٌ مَّآ اَحْضَرَتْ ۝١٤

تو اُس دن ہر شخص جان لے گا جو کچھ لے کر آیا ہوگا ۝١٤

فَلَآ اُقْسِمُ بِالْخُنَّسِ ۝١٥ الْجَوَارِ

میں قسم کھاتا ہوں پیچھے ہٹنے والے ۝١٥ پھر چلنے پھرنے والے

الْكُنَّسِ ۝١٦ وَالَّيْلِ اِذَا عَسْعَسَ ۝١٧

چھپنے والے سِتاروں کی ۝١٦ اور رات کی جب جانے لگے ۝١٧

وَالصُّبْحِ اِذَا تَنَفَّسَ ۝١٨ اِنَّهٗ لَقَوْلُ

اور صبح کی جب چمکنے لگے ۝١٨ یقیناً یہ

رَسُوْلٍ كَرِيْمٍ ﴿١٩﴾ ذِيْ قُوَّةٍ عِنْدَ

ایک بزرگ رسول کا کہا ہوا ہے ﴿١٩﴾ جو قوت والا ہے، عرش والے

ذِي الْعَرْشِ مَكِيْنٍ ﴿٢٠﴾ مُّطَاعٍ ثَمَّ

(اللہ) کے نزدیک بلند مرتبہ ہے ﴿٢٠﴾ جس کی اطاعت کی جاتی ہے،

اَمِيْنٍ ﴿٢١﴾ وَمَا صَاحِبُكُمْ بِمَجْنُوْنٍ ﴿٢٢﴾

امین ہے ﴿٢١﴾ اور تمہارا ساتھی دیوانہ نہیں ہے ﴿٢٢﴾

وَلَقَدْ رَاٰهُ بِالْاُفُقِ الْمُبِيْنِ ﴿٢٣﴾ وَمَا هُوَ

اُس نے اُس (فرشتے) کو آسمان کے کھلے کنارے پر دیکھا بھی ہے ﴿٢٣﴾ اور یہ

عَلَى الْغَيْبِ بِضَنِيْنٍ ﴿٢٤﴾ وَمَا هُوَ بِقَوْلِ

غیب کی باتوں کو بتانے پر بخیل بھی نہیں ﴿٢٤﴾ اور یہ قرآن

شَيْطٰنٍ رَّجِيْمٍ ﴿٢٥﴾ فَاَيْنَ تَذْهَبُوْنَ ﴿٢٦﴾

شیطان مردود کا کلام نہیں ﴿٢٥﴾ پھر تم کہاں جا رہے ہو ﴿٢٦﴾

اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ لِّلْعٰلَمِيْنَ ﴿٢٧﴾

یہ تو تمام جہان والوں کے لیے نصیحت نامہ ہے ﴿٢٧﴾

لِمَنۡ شَآءَ مِنۡكُمۡ اَنۡ يَّسۡتَقِيۡمَ ؕ ۲۸

(خاص طور پر) اُس کے لیے جو تم میں سے سیدھی راہ پر چلنا چاہے ۲۸

وَمَا تَشَآءُوۡنَ اِلَّاۤ اَنۡ يَّشَآءَ اللّٰهُ

اور تم بغیر پروردگارِ عالم کے چاہے کچھ نہیں

ع ۲۹ ۱ رَبُّ الۡعٰلَمِيۡنَ ۲۹ ع

چاہ سکتے ۲۹

سورۂ انفطار مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۹) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے اور
تلاوت کے اعتبار سے (۸۲) نمبر پر ہے اور سورۂ نازعات کے بعد نازل ہوئی)

اس میں (۸۰) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (۳۲۷) حروف ہیں

اِذَا السَّمَآءُ انۡفَطَرَتۡ ۙ ۱ وَاِذَا الۡكَوَاكِبُ

جب آسمان پھٹ جائے گا ۱ اور جب ستارے

انۡتَثَرَتۡ ۙ ۲ وَاِذَا الۡبِحَارُ فُجِّرَتۡ ۙ ۳

جھڑ جائیں گے ۲ اور جب سمندر بہا دیے جائیں گے ۳

وَاِذَا الۡقُبُوۡرُ بُعۡثِرَتۡ ۙ ۴ عَلِمَتۡ

اور جب قبریں اُکھیڑ دی جائیں گی ۴ تو ہر شخص کو

نَفْسٌ مَّا قَدَّمَتْ وَاَخَّرَتْ ۵

اُس کا اگلا پچھلا کیا دھرا سب معلوم ہو جائے گا ۵

يٰۤاَيُّهَا الْاِنْسَانُ مَا غَرَّكَ بِرَبِّكَ

اے انسان! تجھے کس چیز نے اپنے ربِّ کریم کے بارے میں دھوکے

الْكَرِيْمِ ۶ الَّذِيْ خَلَقَكَ فَسَوّٰىكَ

میں ڈال رکھا ہے ۶ جس نے تجھے پیدا کیا پھر تجھے درست کیا

فَعَدَلَكَ ۷ فِيْۤ اَيِّ صُوْرَةٍ مَّا شَآءَ

اور تجھے معتدل بنایا ۷ اُس نے جس صورت میں چاہا

رَكَّبَكَ ۸ كَلَّا بَلْ تُكَذِّبُوْنَ بِالدِّيْنِ ۹

تجھے جوڑ دیا ۸ ہرگز نہیں! بلکہ تم لوگ جزا و سزا کو جھٹلاتے ہو ۹

وَاِنَّ عَلَيْكُمْ لَحٰفِظِيْنَ ۱۰ كِرَامًا

حالانکہ تم پر نگران (فرشتے) مقرّر ہیں ۱۰ معزّز

كَاتِبِيْنَ ۱۱ يَعْلَمُوْنَ مَا تَفْعَلُوْنَ ۱۲

لکھنے والے ۱۱ وہ جانتے ہیں جو تم کرتے ہو ۱۲

اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِيْ نَعِيْمٍ ۙ﴿١٣﴾ وَّاِنَّ

یقیناً نیک لوگ ضرور نعمتوں میں ہوں گے ﴿١٣﴾ اور یقیناً

الْفُجَّارَ لَفِيْ جَحِيْمٍ ۙ﴿١٤﴾ يَّصْلَوْنَهَا يَوْمَ

بدکار لوگ ضرور دوزخ میں ہوں گے ﴿١٤﴾ وہ روزِ جزا کو اُس میں داخل

الدِّيْنِ ﴿١٥﴾ وَمَا هُمْ عَنْهَا بِغَآئِبِيْنَ ؕ﴿١٦﴾

ہوں گے ﴿١٥﴾ اور وہ اُس سے غائب (دور) نہ ہو سکیں گے ﴿١٦﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ۙ﴿١٧﴾ ثُمَّ

اور آپ کو کیا خبر کہ روزِ جزا کیا ہے ﴿١٧﴾ پھر

مَآ اَدْرٰىكَ مَا يَوْمُ الدِّيْنِ ؕ﴿١٨﴾ يَوْمَ

آپ کو کیا خبر کہ روزِ جزا کیا ہے ﴿١٨﴾ اُس دن

لَا تَمْلِكُ نَفْسٌ لِّنَفْسٍ شَيْـًٔا ؕ وَالْاَمْرُ

کوئی شخص کسی کے لیے کچھ بھی اختیار نہ رکھے گا، اور اُس دن حکم

يَوْمَئِذٍ لِّلّٰهِ ع ﴿١٩﴾

صرف اللہ کا ہوگا ﴿١٩﴾

ع ١٩

(سورۂ مطفّفین مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، یہ مکہ مکرمہ میں نازل ہونے والی سورتوں میں آخری سورۃ ہے، اس میں (٣٦) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٦) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٨٣) نمبر پر ہے اور سورۂ عنکبوت کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (١٦٩) کلمات ہیں	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اس میں (٧٣٠) حروف ہیں

وَيْلٌ لِّلْمُطَفِّفِيْنَ ۙ (١) الَّذِيْنَ اِذَا

بڑی خرابی ہے ناپ تول میں کمی کرنے والوں کی (١) کہ جب

اكْتَالُوْا عَلَى النَّاسِ يَسْتَوْفُوْنَ ۖ (٢)

لوگوں سے ناپ کر لیتے ہیں تو پورا پورا لیتے ہیں (٢)

وَاِذَا كَالُوْهُمْ اَوْ وَّزَنُوْهُمْ يُخْسِرُوْنَ ؕ (٣)

اور جب اُنہیں ناپ کر یا تول کر دیتے ہیں تو کم دیتے ہیں (٣)

اَلَا يَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ۙ (٤)

کیا اُنہیں اپنے مرنے کے بعد جی اُٹھنے کا خیال نہیں (٤)

لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ۙ (٥) يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ

اُس عظیم دن کے لیے (٥) جس دن سب لوگ

لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ؕ (٦) كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

ربُّ العالمین کے سامنے کھڑے ہوں گے (٦) ہرگز نہیں! یقیناً

الْفُجَّارِ لَفِيْ سِجِّيْنٍ ﴿٧﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

بدکاروں کا نامۂ اعمال سجّین میں ہے ﴿٧﴾ اور آپ کو کیا معلوم

مَا سِجِّيْنٌ ﴿٨﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿٩﴾

کہ سجّین کیا ہے ﴿٨﴾ (یہ تو) لکھی ہوئی کتاب ہے ﴿٩﴾

وَيْلٌ يَّوْمَئِذٍ لِّلْمُكَذِّبِيْنَ ﴿١٠﴾ الَّذِيْنَ

اُس دن جھٹلانے والوں کی بڑی خرابی ہے ﴿١٠﴾ جو

يُكَذِّبُوْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ ﴿١١﴾ وَمَا يُكَذِّبُ

جزاوسزا کے دن کو جھٹلاتے رہے ﴿١١﴾ اُسے صرف وہی جھٹلاتا ہے جو حد سے

بِهٖٓ اِلَّا كُلُّ مُعْتَدٍ اَثِيْمٍ ﴿١٢﴾ اِذَا تُتْلٰى عَلَيْهِ

آگے نکل جانے والا (اور) گنہ گار ہوتا ہے ﴿١٢﴾ جب اُس کے سامنے ہماری

اٰيٰتُنَا قَالَ اَسَاطِيْرُ الْاَوَّلِيْنَ ﴿١٣﴾

آیتیں پڑھی جاتی ہیں تو وہ کہہ دیتا ہے کہ یہ اگلوں کے افسانے ہیں ﴿١٣﴾

كَلَّا بَلْ ٭سكتة رَانَ عَلٰى قُلُوْبِهِمْ مَّا كَانُوْا

یوں نہیں ؛ بلکہ اُن کے دلوں پر اُن کے اعمال کی وجہ سے زنگ

٭یہاں پر سکتہ واجب ہے

يَكْسِبُوْنَ ﴿١٤﴾ كَلَّآ اِنَّهُمْ عَنْ رَّبِّهِمْ يَوْمَىِٕذٍ

(چڑھ گیا) ہے ﴿١٤﴾ ہرگز نہیں! یقیناً یہ لوگ اپنے رب سے

لَّمَحْجُوْبُوْنَ ﴿١٥﴾ ثُمَّ اِنَّهُمْ لَصَالُوا

اُس دن حجاب میں ہوں گے ﴿١٥﴾ پھر یہ لوگ یقیناً جہنم

الْجَحِيْمِ ﴿١٦﴾ ثُمَّ يُقَالُ هٰذَا الَّذِیْ

میں جھونکے جائیں گے ﴿١٦﴾ پھر کہہ دیا جائے گا کہ یہی ہے وہ

كُنْتُمْ بِهٖ تُكَذِّبُوْنَ ﴿١٧﴾ كَلَّآ اِنَّ كِتٰبَ

جسے تم جھٹلاتے رہے ﴿١٧﴾ ہرگز نہیں! بے شک نیک لوگوں کا

الْاَبْرَارِ لَفِیْ عِلِّيِّيْنَ ﴿١٨﴾ وَمَآ اَدْرٰىكَ

نامۂ اعمال عِلّیین میں ہے ﴿١٨﴾ اور آپ کیا سمجھتے ہو کہ عِلّیین کیا

مَا عِلِّيُّوْنَ ﴿١٩﴾ كِتٰبٌ مَّرْقُوْمٌ ﴿٢٠﴾ يَّشْهَدُهُ

ہے ﴿١٩﴾ (وہ تو) لکھی ہوئی کتاب ہے ﴿٢٠﴾ مقرب (فرشتے) اُس کا

الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿٢١﴾ اِنَّ الْاَبْرَارَ لَفِیْ نَعِيْمٍ ﴿٢٢﴾

مشاہدہ کرتے ہیں ﴿٢١﴾ یقیناً نیک لوگ (بڑی) نعمتوں میں ہوں گے ﴿٢٢﴾

عَلَى الْاَرَآئِكِ يَنْظُرُوْنَ ﴿٢٣﴾ تَعْرِفُ

تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے ﴿٢٣﴾ آپ اُن کے

فِيْ وُجُوْهِهِمْ نَضْرَةَ النَّعِيْمِ ﴿٢٤﴾

چہروں سے ہی نعمتوں کی تر و تازگی پہچان لو گے ﴿٢٤﴾

يُسْقَوْنَ مِنْ رَّحِيْقٍ مَّخْتُوْمٍ ﴿٢٥﴾

اُنہیں پلائی جائے گی خالص شراب جس پر مُہر لگی ہوگی ﴿٢٥﴾

خِتٰمُهٗ مِسْكٌ ؕ وَفِيْ ذٰلِكَ فَلْيَتَنَافَسِ

جس پر مُشک کی مُہر ہوگی، اور سبقت لے جانے والوں کو اِسی میں سبقت

الْمُتَنَافِسُوْنَ ﴿٢٦﴾ وَمِزَاجُهٗ مِنْ تَسْنِيْمٍ ﴿٢٧﴾

کرنی چاہیے ﴿٢٦﴾ اور اُس شراب میں تسنیم (چشمہ) کا پانی ملا ہوا ہوگا ﴿٢٧﴾

عَيْنًا يَّشْرَبُ بِهَا الْمُقَرَّبُوْنَ ﴿٢٨﴾

(یعنی) وہ چشمہ جس کا پانی مقرّب لوگ پئیں گے ﴿٢٨﴾

اِنَّ الَّذِيْنَ اَجْرَمُوْا كَانُوْا مِنَ الَّذِيْنَ

گنہ گار لوگ ایمان داروں کی

اٰمَنُوْا يَضْحَكُوْنَ ﴿٢٩﴾ ۖ وَاِذَا مَرُّوْا بِهِمْ

ہنسی اُڑایا کرتے تھے ﴿٢٩﴾ اور اُن کے پاس سے گزرتے ہوئے

يَتَغَامَزُوْنَ ﴿٣٠﴾ ۖ وَاِذَا انْقَلَبُوْٓا اِلٰٓى اَهْلِهِمُ

آنکھ کے اشارے کرتے تھے ﴿٣٠﴾ اور جب اپنے گھر والوں کی طرف

انْقَلَبُوْا فَكِهِيْنَ ﴿٣١﴾ ۖ وَاِذَا رَاَوْهُمْ قَالُوْٓا

لوٹتے تو دل لگیاں کرتے تھے ﴿٣١﴾ اور جب اُنہیں دیکھتے تو کہتے:

اِنَّ هٰٓؤُلَآءِ لَضَآلُّوْنَ ﴿٣٢﴾ ۙ وَمَآ اُرْسِلُوْا

یقیناً یہ لوگ گمراہ (بے راہ) ہیں ﴿٣٢﴾ حالانکہ وہ

عَلَيْهِمْ حٰفِظِيْنَ ﴿٣٣﴾ ؕ فَالْيَوْمَ الَّذِيْنَ

اُن پر محافظ بنا کر نہیں بھیجے گئے ﴿٣٣﴾ پس آج

اٰمَنُوْا مِنَ الْكُفَّارِ يَضْحَكُوْنَ ﴿٣٤﴾ ۙ

ایمان والے اُن کافروں پر ہنسیں گے ﴿٣٤﴾

عَلَى الْاَرَآئِكِ ۙ يَنْظُرُوْنَ ﴿٣٥﴾ ؕ هَلْ ثُوِّبَ

تختوں پر بیٹھے دیکھ رہے ہوں گے ﴿٣٥﴾ کہ کافر لوگوں کو واقعی

ع ٣٦/٨

اَلْكُفَّارُ مَا كَانُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٣٦﴾ ع

اُن کاموں کا بدلہ مل گیا جو وہ کیا کرتے تھے ﴿٣٦﴾

(سورۂ انشقاق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٢٥) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (٨٣) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٨٤) نمبر پر ہے اور سورۂ انفطار کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (١٠٧) کلمات ہیں	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اس میں (٤٣٠) حروف ہیں

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ﴿١﴾ لا وَاَذِنَتْ

جب آسمان پھٹ جائے گا ﴿١﴾ اور اپنے پروردگار کا فرمان

لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٢﴾ لا وَاِذَا الْاَرْضُ

بجالائے گا اور اُسے واجب بھی یہی ہے ﴿٢﴾ اور جب زمین ہموار کردی

مُدَّتْ ﴿٣﴾ ط وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ﴿٤﴾ لا

جائے گی ﴿٣﴾ اور جو کچھ اُس میں ہے اُسے نکال کر باہر ڈال دے گی اور بالکل خالی ہوجائے گی ﴿٤﴾

وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ﴿٥﴾ ط يٰٓاَيُّهَا

اور اپنے پروردگار کے ارشاد کی تعمیل کرے گی اور اُس کو لازم بھی یہی ہے ﴿٥﴾ اے

الْاِنْسَانُ اِنَّكَ كَادِحٌ اِلٰى رَبِّكَ

انسان! یقیناً تیرے رب کی طرف پہونچنے کے لیے تجھے خوب

كَدْحًا فَمُلٰقِيْهِ ۚ ۝٦ فَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ
محنت کرنی ہے پھر تو اُس سے ملنے والا ہے ۝٦ تو جس کا

كِتٰبَهٗ بِيَمِيْنِهٖ ۙ ۝٧ فَسَوْفَ يُحَاسَبُ
نامۂ اعمال اُس کے داہنے ہاتھ میں دیا جائے گا ۝٧ اُس سے حساب

حِسَابًا يَّسِيْرًا ۙ ۝٨ وَّيَنْقَلِبُ اِلٰٓى
آسان لیا جائے گا ۝٨ اور وہ اپنے گھر والوں میں

اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۭ ۝٩ وَاَمَّا مَنْ اُوْتِيَ
خوش خوش آئے گا ۝٩ اور جس کا نامۂ اعمال اُس کی

كِتٰبَهٗ وَرَاۗءَ ظَهْرِهٖ ۙ ۝١٠ فَسَوْفَ
پیٹھ کے پیچھے سے دیا جائے گا ۝١٠ تو وہ

يَدْعُوْا ثُبُوْرًا ۙ ۝١١ وَّيَصْلٰى سَعِيْرًا ۭ ۝١٢
موت کو پکارے گا ۝١١ اور دوزخ میں داخل ہوگا ۝١٢

اِنَّهٗ كَانَ فِيْٓ اَهْلِهٖ مَسْرُوْرًا ۭ ۝١٣ اِنَّهٗ
یہ اپنے اہل وعیال میں مست رہتا تھا ۝١٣ اور خیال کرتا تھا کہ

ظَنَّ اَنۡ لَّنۡ يَّحُوۡرَ ۚ﴿۱۴﴾ بَلٰٓى ۚ اِنَّ رَبَّهٗ

خدا کی طرف پھر کر نہ جائے گا ﴿۱۴﴾ ہاں ہاں! اُس کا پروردگار

كَانَ بِهٖ بَصِيۡرًا ؕ﴿۱۵﴾ فَلَاۤ اُقۡسِمُ

اُس کو دیکھ رہا تھا ﴿۱۵﴾ ہمیں شام کی سُرخی

بِالشَّفَقِ ۙ﴿۱۶﴾ وَالَّيۡلِ وَمَا وَسَقَ ۙ﴿۱۷﴾

کی قسم ﴿۱۶﴾ اور رات کی اور جن چیزوں کو وہ اکٹھا کر لیتی ہے اُن کی ﴿۱۷﴾

وَالۡقَمَرِ اِذَا اتَّسَقَ ۙ﴿۱۸﴾ لَتَرۡكَبُنَّ

اور چاند کی جب کامل ہو جائے ﴿۱۸﴾ کہ تم سب ایک منزل سے

طَبَقًا عَنۡ طَبَقٍ ؕ﴿۱۹﴾ فَمَا لَهُمۡ

دوسری منزل کی طرف چڑھتے جاؤ گے ﴿۱۹﴾ تو اُن لوگوں کو کیا ہوا

لَا يُؤۡمِنُوۡنَ ۙ﴿۲۰﴾ وَاِذَا قُرِئَ عَلَيۡهِمُ

ہے کہ ایمان نہیں لاتے ہیں ﴿۲۰﴾ اور جب اُن کے سامنے

سجدة ١٣ الۡقُرۡاٰنُ لَا يَسۡجُدُوۡنَ ۩ ؕ﴿۲۱﴾ بَلِ الَّذِيۡنَ

قرآن پڑھا جاتا ہے تو وہ سجدہ نہیں کرتے ﴿۲۱﴾ بلکہ کافر

كَفَرُوْا يُكَذِّبُوْنَ ۝۲۲ۖ وَاللّٰهُ اَعْلَمُ

جھٹلاتے ہیں ۝۲۲ اور اللہ اُن باتوں کو جو یہ اپنے دلوں

بِمَا يُوْعُوْنَ ۝۲۳ۖ فَبَشِّرْهُمْ بِعَذَابٍ

میں چھپاتے ہیں خوب جانتا ہے ۝۲۳ تو اُن کو دُکھ دینے والے

اَلِيْمٍ ۝۲۴ۙ اِلَّا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا

عذاب کی خبر سنا دیجیے ۝۲۴ ہاں جو لوگ ایمان لائے اور

الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ اَجْرٌ غَيْرُ مَمْنُوْنٍ ۝۲۵ ع

نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے بے انتہا اجر ہے ۝۲۵

ع ۲۵ ۹

سورہ بروج مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی۔ اِس میں (۲۲) آیتیں اور (۱) رکوع ہے۔ نازل ہونے کے اعتبار سے (۲۷) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۵) نمبر پہ ہے اور سورۂ شمس کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۱۰۹) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۴۶۵) حروف ہیں

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الْبُرُوْجِ ۝۱ۙ وَالْيَوْمِ

بُرجوں والے آسمان کی قسم ۝۱ اور اُس دن کی قسم جس کا

الْمَوْعُوْدِ ۝۲ۙ وَشَاهِدٍ وَّمَشْهُوْدٍ ۝۳ؕ

وعدہ ہُوا ہے ۝۲ اور حاضر ہونے والے کی اور اُس کی جس کے پاس لوگ حاضر ہوں ۝۳

اِبتداءِ اَوساطِ مُفصّل

قُتِلَ اَصْحٰبُ الْاُخْدُوْدِ ۙ﴿٤﴾ النَّارِ ذَاتِ

خندق والوں پر اللہ کی مار پڑی ﴿٤﴾ اُنہوں نے خندق کھود کر اُس میں

الْوَقُوْدِ ۙ﴿٥﴾ اِذْ هُمْ عَلَيْهَا قُعُوْدٌ ۙ﴿٦﴾

آگ بھڑکائی ﴿٥﴾ جب وہ اُس کے پاس بیٹھے ہوئے تھے ﴿٦﴾

وَّهُمْ عَلٰى مَا يَفْعَلُوْنَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ

اور مؤمنوں کے ساتھ جو کچھ ظلم کر رہے تھے وہ اُن کی آنکھوں کے

شُهُوْدٌ ؕ﴿٧﴾ وَمَا نَقَمُوْا مِنْهُمْ اِلَّآ اَنْ

سامنے ہو رہا تھا ﴿٧﴾ وہ ایمان والوں میں کوئی عیب نہیں پا سکے مگر یہ بات اُنہیں بُری لگی

يُّؤْمِنُوْا بِاللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْحَمِيْدِ ۙ﴿٨﴾

کہ وہ اللہ پر ایمان لے آئے جو ہر طرح سے غالب ہے، تعریف کا مستحق ہے ﴿٨﴾

الَّذِىْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ

آسمانوں اور زمین کی سلطنت اور بادشاہی اکیلے اللہ کے لیے ہے،

وَاللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىْءٍ شَهِيْدٌ ؕ﴿٩﴾ اِنَّ

اور واقعی اللہ ہر چیز پر آپ ہی گواہ موجود ہے ﴿٩﴾ ایمان والوں

الَّذِيْنَ فَتَنُوا الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنٰتِ

اور ایمان والیوں کو ستانے کے بعد جنہوں نے

ثُمَّ لَمْ يَتُوْبُوْا فَلَهُمْ عَذَابُ جَهَنَّمَ

توبہ نہیں کی اُن کے لیے جہنم کا عذاب ہے اور بہت ہی

وَلَهُمْ عَذَابُ الْحَرِيْقِ ﴿۱۰﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ

تیز جلن کا عذاب اُن کو بھگتنا ہوگا ﴿۱۰﴾ بے شک جو لوگ

اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ لَهُمْ جَنّٰتٌ

ایمان لائے اور نیک عمل کرتے رہے اُن کے لیے ایسی جنتیں

تَجْرِيْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ ۬ ذٰلِكَ

ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہوں گی ، یہ بہت ہی

الْفَوْزُ الْكَبِيْرُ ﴿۱۱﴾ اِنَّ بَطْشَ رَبِّكَ

بڑی کامیابی ہے ﴿۱۱﴾ بے شک آپ کے پروردگار کی پکڑ بھی

لَشَدِيْدٌ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾

بہت سخت ہے ﴿۱۲﴾ یقیناً پہلی بار بھی اُس نے پیدا کیا اور دوبارہ بھی وہی پیدا کرے گا ﴿۱۳﴾

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿١٤﴾ ذُو الْعَرْشِ

اور وہ بہت بخشنے والا، بہت محبّت کرنے والا ہے ﴿١٤﴾ عرش کا مالک ہے،

الْمَجِيْدُ ﴿١٥﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿١٦﴾ هَلْ

بزرگی والا ہے ﴿١٥﴾ جو کچھ ارادہ کرتا ہے کر گزرتا ہے ﴿١٦﴾ کیا آپ

اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿١٧﴾ فِرْعَوْنَ

کے پاس اُن بڑے لشکروں کا حال پہونچا ﴿١٧﴾ فرعون

وَثَمُوْدَ ﴿١٨﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ

اور ثمود کے لشکر ﴿١٨﴾ بلکہ یہ منکر جھٹلانے میں بڑا زور دکھا

تَكْذِيْبٍ ﴿١٩﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ

رہے ہیں ﴿١٩﴾ اُنہیں معلوم کرادیجیے کہ اللہ نے ہر طرف سے اُن پر عذاب کا

مُّحِيْطٌ ﴿٢٠﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿٢١﴾

گھیرا ڈال دیا ہے ﴿٢٠﴾ بلکہ یہ تو وہ قرآن ہے جو بڑی شان والا ہے ﴿٢١﴾

ع ٢٢ / ١٠ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿٢٢﴾

جیسا لوحِ محفوظ میں تھا ویسا ہی یہاں آیا ہے ﴿٢٢﴾

(سورۂ طارق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۱۷) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے
(۳۶) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۶) نمبر پر ہے اور سورۂ بلد کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۶۱) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اس میں (۲۳۹) حروف ہیں

وَالسَّمَآءِ وَالطَّارِقِ ۙ﴿۱﴾ وَمَآ اَدۡرٰىكَ
قسم ہے آسمان کی اور رات میں نمودار ہونے والے کی ﴿۱﴾ اور آپ کیا

مَا الطَّارِقُ ۙ﴿۲﴾ النَّجۡمُ الثَّاقِبُ ۙ﴿۳﴾
جانو کہ وہ رات میں نمودار ہونے والا کیا ہے ﴿۲﴾ چمکتا ہوا تارہ ﴿۳﴾

اِنۡ كُلُّ نَفۡسٍ لَّمَّا عَلَيۡهَا حَافِظٌ ؕ﴿۴﴾
کوئی جان ایسی نہیں جس کے اوپر نگہبان نہ ہو ﴿۴﴾

فَلۡيَنۡظُرِ الۡاِنۡسَانُ مِمَّ خُلِقَ ؕ﴿۵﴾ خُلِقَ
تو انسان کو دیکھنا چاہیے کہ وہ کس چیز سے پیدا کیا گیا ہے ﴿۵﴾ وہ

مِنۡ مَّآءٍ دَافِقٍ ۙ﴿۶﴾ يَّخۡرُجُ مِنۡۢ
ایک اُچھلتے ہوئے پانی سے پیدا کیا گیا ہے ﴿۶﴾ جو نکلتا ہے

بَيۡنِ الصُّلۡبِ وَالتَّرَآٮِٕبِ ؕ﴿۷﴾ اِنَّهٗ عَلٰى
پیٹھ اور سینے کے درمیان سے ﴿۷﴾ بے شک وہ اُس کے

رَجۡعِهٖ لَقَادِرٌؕ ﴿۸﴾ يَوۡمَ تُبۡلَى السَّرَآٮِٕرُۙ ﴿۹﴾

دوبارہ پیدا کرنے پر قادر ہے ﴿۸﴾ جس دن چھپی باتیں پرکھی جائیں گی ﴿۹﴾

فَمَا لَهٗ مِنۡ قُوَّةٍ وَّلَا نَاصِرٍؕ ﴿۱۰﴾

اُس وقت انسان کے پاس کوئی زور نہ ہوگا اور نہ کوئی مددگار ﴿۱۰﴾

وَالسَّمَآءِ ذَاتِ الرَّجۡعِۙ ﴿۱۱﴾ وَالۡاَرۡضِ

بارش والے آسمان کی قسم! ﴿۱۱﴾ اور پھوٹ نکلنے والی

ذَاتِ الصَّدۡعِۙ ﴿۱۲﴾ اِنَّهٗ لَقَوۡلٌ فَصۡلٌۙ ﴿۱۳﴾

زمین کی ﴿۱۲﴾ بے شک یہ دو ٹوک بات ہے ﴿۱۳﴾

وَّمَا هُوَ بِالۡهَزۡلِؕ ﴿۱۴﴾ اِنَّهُمۡ يَكِيۡدُوۡنَ

اور یہ ہنسی کی بات نہیں ﴿۱۴﴾ وہ تدبیر کرنے میں لگے

كَيۡدًاۙ ﴿۱۵﴾ وَّاَكِيۡدُ كَيۡدًاۚۖ ﴿۱۶﴾ فَمَهِّلِ

ہوئے ہیں ﴿۱۵﴾ اور میں بھی تدبیر کرنے میں لگا ہوا ہوں ﴿۱۶﴾ پھر

الۡكٰفِرِيۡنَ اَمۡهِلۡهُمۡ رُوَيۡدًاࣖ ﴿۱۷﴾

کافروں کو مہلت دے دیجیے، اُن کو تھوڑی سی مہلت دے دیجیے ﴿۱۷﴾

ع ۱۷ / ۱

(سورۂ اعلیٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ، اس میں (۱۹) آیتیں ہیں اور (۱) رکوع ہے ، نازل ہونے کے اعتبار سے (۸) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۸۷) نمبر پر ہے اور سورۂ تکویر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۷۲) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اس میں (۲۹۱) حروف ہیں

سَبِّحِ اسۡمَ رَبِّکَ الۡاَعۡلَی ۙ﴿۱﴾ الَّذِیۡ

اپنے رب کے نام کی پاکی بیان کرتے رہیے جو بہت عالی شان ہے ﴿۱﴾ جس نے

خَلَقَ فَسَوّٰی ۪ۙ﴿۲﴾ وَ الَّذِیۡ قَدَّرَ

بنایا پھر درست کیا ﴿۲﴾ اور جس نے تجویز کیا پھر

فَہَدٰی ۪ۙ﴿۳﴾ وَ الَّذِیۡۤ اَخۡرَجَ الۡمَرۡعٰی ۪ۙ﴿۴﴾

راہ بتا دی ﴿۳﴾ اور جس نے (زمین سے) چارہ اُگایا ﴿۴﴾

فَجَعَلَہٗ غُثَآءً اَحۡوٰی ؕ﴿۵﴾ سَنُقۡرِئُکَ

پھر اُس کو سیاہ (رنگ کا) کوڑا کر دیا ﴿۵﴾ ہم آپ کو پڑھا دیں گے

فَلَا تَنۡسٰۤی ۙ﴿۶﴾ اِلَّا مَا شَآءَ اللّٰہُ ؕ اِنَّہٗ

پھر آپ نہ بھولیں گے ﴿۶﴾ مگر جو اللہ چاہے ، بے شک

یَعۡلَمُ الۡجَہۡرَ وَ مَا یَخۡفٰی ؕ﴿۷﴾ وَ نُیَسِّرُکَ

وہ جانتا ہے ہر کھلے اور چھپے کو ﴿۷﴾ اور ہم آپ کے لیے

لِلْيُسْرٰى ۚ ﴿۸﴾ فَذَكِّرْ اِنْ نَّفَعَتِ

آسانی کا سامان کردیں گے ﴿۸﴾ تو آپ نصیحت کرتے رہیے، اگر نصیحت

الذِّكْرٰى ۗ ﴿۹﴾ سَيَذَّكَّرُ مَنْ يَّخْشٰى ۙ ﴿۱۰﴾

کرنا مفید ہو ﴿۹﴾ جلد ہی نصیحت مانے گا جو اللہ سے ڈرتا ہے ﴿۱۰﴾

وَيَتَجَنَّبُهَا الْاَشْقَى ۙ ﴿۱۱﴾ الَّذِىْ

اور جو بدنصیب ہوگا وہ اُس سے منھ موڑتا رہے گا ﴿۱۱﴾ جو بڑی

يَصْلَى النَّارَ الْكُبْرٰى ۚ ﴿۱۲﴾ ثُمَّ لَا يَمُوْتُ

آگ میں داخل ہوگا ﴿۱۲﴾ پھر وہ اُس میں نہ تو مرے گا

فِيْهَا وَلَا يَحْيٰى ۗ ﴿۱۳﴾ قَدْ اَفْلَحَ

اور نہ ہی جیے گا ﴿۱۳﴾ با مُراد ہوا وہ شخص

مَنْ تَزَكّٰى ۙ ﴿۱۴﴾ وَذَكَرَ اسْمَ رَبِّهٖ

جو پاک ہوا ﴿۱۴﴾ اور وہ اپنے رب کا نام لیتا رہا

فَصَلّٰى ۗ ﴿۱۵﴾ بَلْ تُؤْثِرُوْنَ الْحَيٰوةَ

اور نماز پڑھتا رہا ﴿۱۵﴾ (اے منکرو!) تم تو دنیا کی زندگی کو

الدُّنْيَا ﴿١٦﴾ وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى ﴿١٧﴾

مقدّم رکھتے ہو ﴿١٦﴾ حالانکہ آخرت کہیں بہتر اور پائیدار ہے ﴿١٧﴾

اِنَّ هٰذَا لَفِي الصُّحُفِ الْاُوْلٰى ﴿١٨﴾

یہی بات پہلے صحیفوں میں لکھی گئی ہے ﴿١٨﴾

صُحُفِ اِبْرٰهِيْمَ وَمُوْسٰى ﴿١٩﴾ ع ١٩ ١٢

(یعنی) ابراہیم او موسیٰ (علیہما السلام) کے صحیفوں میں ﴿١٩﴾

(سورۂ غاشیہ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی ،اس میں (٢٦) آیتیں اور (١) رکوع ہے ،نازل ہونے کے اعتبار سے (٦٨) نمبر پہ ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٨٨) نمبر پہ ہے اور سورۂ ذاریات کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٣٨١) حروف ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٩٢) کلمات ہیں

هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْغَاشِيَةِ ﴿١﴾

کیا آپ کو بھی چھپا لینے والی (قیامت) کی خبر پہونچی ہے ﴿١﴾

وُجُوْهٌ يَّوْمَئِذٍ خَاشِعَةٌ ﴿٢﴾ عَامِلَةٌ

اُس دن بہت سے چہرے ذلیل ہوں گے ﴿٢﴾ (اور) محنت کرنے

نَّاصِبَةٌ ﴿٣﴾ تَصْلٰى نَارًا حَامِيَةً ﴿٤﴾

والے تھکے ہوں گے ﴿٣﴾ وہ دہکتی ہوئی آگ میں جائیں گے ﴿٤﴾

تُسْقٰى مِنْ عَيْنٍ اٰنِيَةٍ ؕ ﴿٥﴾ لَيْسَ لَهُمْ
اور نہایت گرم چشمے کا پانی اُن کو پلایا جائے گا ﴿٥﴾ اُن کے لیے

طَعَامٌ اِلَّا مِنْ ضَرِيْعٍ ۙ ﴿٦﴾ لَّا يُسْمِنُ
سوائے کانٹے دار درختوں کے اور کچھ کھانا نہ ہوگا ﴿٦﴾ جو نہ موٹا

وَلَا يُغْنِيْ مِنْ جُوْعٍ ؕ ﴿٧﴾ وُجُوْهٌ
کرے گا اور نہ بھوک مٹائے گا ﴿٧﴾ بہت سے چہرے اُس دن

يَّوْمَئِذٍ نَّاعِمَةٌ ۙ ﴿٨﴾ لِّسَعْيِهَا رَاضِيَةٌ ۙ ﴿٩﴾
تروتازہ (اور آسودہ حال) ہوں گے ﴿٨﴾ اپنی کوشش پر خوش ہوں گے ﴿٩﴾

فِيْ جَنَّةٍ عَالِيَةٍ ۙ ﴿١٠﴾ لَّا تَسْمَعُ فِيْهَا
عالی شان جنّت میں ہوں گے ﴿١٠﴾ جہاں کوئی بے ہودہ بات

لَاغِيَةً ؕ ﴿١١﴾ فِيْهَا عَيْنٌ جَارِيَةٌ ۘ ﴿١٢﴾
نہیں سُنیں گے ﴿١١﴾ جہاں بہتا ہوا چشمہ ہوگا ﴿١٢﴾

وقف لازم

فِيْهَا سُرُرٌ مَّرْفُوْعَةٌ ۙ ﴿١٣﴾ وَّاَكْوَابٌ
(اور) اُس میں اونچے اونچے تخت ہوں گے ﴿١٣﴾ اور ترتیب سے پیالے

مَّوْضُوعَةٌ ۙ ﴿١٤﴾ وَّنَمَارِقُ مَصْفُوفَةٌ ۙ ﴿١٥﴾

رکھے ہوئے ہوں گے ﴿١٤﴾ اور ایک قطار میں لگے ہوئے تکیے ہوں گے ﴿١٥﴾

وَّزَرَابِيُّ مَبْثُوثَةٌ ؕ ﴿١٦﴾ اَفَلَا يَنْظُرُوْنَ

اور مخملی مَسندیں پھیلی پڑی ہوں گی ﴿١٦﴾ کیا یہ اونٹوں کو

اِلَى الْاِبِلِ كَيْفَ خُلِقَتْ ﴿١٧﴾ وقفة وَاِلَى

نہیں دیکھتے کہ وہ کس طرح پیدا کیے گئے ہیں؟ ﴿١٧﴾ اور

السَّمَآءِ كَيْفَ رُفِعَتْ ﴿١٨﴾ وقفة وَاِلَى

آسمان کو کہ کس طرح اونچا کیا گیا ہے؟ ﴿١٨﴾ اور

الْجِبَالِ كَيْفَ نُصِبَتْ ﴿١٩﴾ وقفة وَاِلَى

پہاڑوں کی طرف کہ کس طرح گاڑ دیے گئے ہیں؟ ﴿١٩﴾ اور

الْاَرْضِ كَيْفَ سُطِحَتْ ﴿٢٠﴾ فَذَكِّرْ قف

زمین کی طرف کہ کس طرح بچھائی گئی ہے؟ ﴿٢٠﴾ پس آپ نصیحت کردیا کریں،

اِنَّمَآ اَنْتَ مُذَكِّرٌ ؕ ﴿٢١﴾ لَسْتَ عَلَيْهِمْ

آپ صرف نصیحت کرنے والے ہیں ﴿٢١﴾ آپ کچھ اُن پر

بِمُصَيْطِرٍ ﴿٢٢﴾ اِلَّا مَنْ تَوَلّٰى وَ كَفَرَ ﴿٢٣﴾

مُسلّط نہیں ہیں ﴿٢٢﴾ مگر وہ جس نے منھ پھیرا اور کفر کیا ﴿٢٣﴾

فَيُعَذِّبُهُ اللّٰهُ الْعَذَابَ الْاَكْبَرَ ﴿٢٤﴾

اُسے اللہ بہت بڑا عذاب دے گا ﴿٢٤﴾

اِنَّ اِلَيْنَآ اِيَابَهُمْ ﴿٢٥﴾ ثُمَّ اِنَّ

بے شک ہماری طرف اُن کا لوٹنا ہے ﴿٢٥﴾ پھر بے شک

ع ٢٦ النّصف ١٣

عَلَيْنَا حِسَابَهُمْ ﴿٢٦﴾

ہمارے ذمّے ہے اُن سے حساب لینا ﴿٢٦﴾

(سورۂ فجر مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٣٠) آیتیں اور (١) رکوع ہے، یہ سورت نازل ہونے کے اعتبار سے (١٠) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٨٩) نمبر پر ہے اور سورۂ لیل کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (١٣٩) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (٥٩٧) حروف ہیں

وَالْفَجْرِ ﴿١﴾ وَلَيَالٍ عَشْرٍ ﴿٢﴾ وَّالشَّفْعِ

قسم ہے فجر کے وقت کی ﴿١﴾ اور دس راتوں کی ﴿٢﴾ اور جفت

وَالْوَتْرِ ﴿٣﴾ وَالَّيْلِ اِذَا يَسْرِ ﴿٤﴾ هَلْ فِيْ

اور طاق کی ﴿٣﴾ اور رات کی جب وہ چل کھڑی ہو ﴿٤﴾ ایک عقل والے

ذٰلِكَ قَسَمٌ لِّذِيْ حِجْرٍ ۭ ﴿٥﴾ اَلَمْ تَرَ

(کو یقین دلانے) کے لیے یہ قسمیں کافی ہیں کہ نہیں؟ ﴿٥﴾ کیا آپ نے نہیں

كَيْفَ فَعَلَ رَبُّكَ بِعَادٍ ﴿٦﴾ اِرَمَ

دیکھا کہ آپ کے رب نے عاد کے ساتھ کیسا سلوک کیا تھا؟ ﴿٦﴾ اِرم

ذَاتِ الْعِمَادِ ﴿٧﴾ الَّتِيْ لَمْ يُخْلَقْ

جو اونچے ستونوں والے تھے ﴿٧﴾ جن کے مانند کوئی قوم

مِثْلُهَا فِي الْبِلَادِ ﴿٨﴾ وَثَمُوْدَ الَّذِيْنَ

مُلکوں میں پیدا نہیں کی گئی ﴿٨﴾ اور ثمود کے ساتھ

جَابُوا الصَّخْرَ بِالْوَادِ ﴿٩﴾ وَفِرْعَوْنَ

جو وادی میں چٹانیں تراشتے تھے ﴿٩﴾ اور میخوں والے

ذِي الْاَوْتَادِ ﴿١٠﴾ الَّذِيْنَ طَغَوْا فِي

فرعون کے ساتھ ﴿١٠﴾ وہ جنہوں نے شہروں میں

الْبِلَادِ ﴿١١﴾ فَاَكْثَرُوْا فِيْهَا الْفَسَادَ ﴿١٢﴾

سرکشی کی ﴿١١﴾ اور اُن میں بہت زیادہ فساد پھیلایا ﴿١٢﴾

فَصَبَّ عَلَيْهِمْ رَبُّكَ سَوْطَ عَذَابٍ ۚ ﴿١٣﴾

تب آپ کے رب نے اُن پر عذاب کا کوڑا برسایا ﴿١٣﴾

اِنَّ رَبَّكَ لَبِالْمِرْصَادِ ؕ ﴿١٤﴾ فَاَمَّا

بے شک آپ کا رب (مجرموں کی) گھات میں ہے ﴿١٤﴾ لیکن

الْاِنْسَانُ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ رَبُّهٗ فَاَكْرَمَهٗ

انسان جو ہے، جب اُس کا رب اُسے آزمائے اور اُسے عزت

وَنَعَّمَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَكْرَمَنِ ؕ ﴿١٥﴾

اور نعمت دے، تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے عزّت بخشی ﴿١٥﴾

وَاَمَّآ اِذَا مَا ابْتَلٰىهُ فَقَدَرَ عَلَيْهِ

مگر جب وہ اُسے آزمائے اور اُس کا رزق اُس پر تنگ

رِزْقَهٗ ۙ فَيَقُوْلُ رَبِّيْٓ اَهَانَنِ ۚ ﴿١٦﴾

کر دے تو وہ کہتا ہے کہ میرے رب نے مجھے ذلیل کر دیا ﴿١٦﴾

كَلَّا بَلْ لَّا تُكْرِمُوْنَ الْيَتِيْمَ ۙ ﴿١٧﴾

ہرگز نہیں! بلکہ تم یتیم کی عزت نہیں کرتے ﴿١٧﴾

وَلَا تَحٰٓضُّوْنَ عَلٰى طَعَامِ الْمِسْكِيْنِ ﴿١٨﴾ۙ

اور باہم مسکین کو کھانا کھلانے کی ترغیب نہیں دیتے ﴿١٨﴾

وَتَاْكُلُوْنَ التُّرَاثَ اَكْلًا لَّمًّا ﴿١٩﴾ۙ وَّتُحِبُّوْنَ

اور تم میراث کا سارا مال سمیٹ کر کھا جاتے ہو ﴿١٩﴾ اور تم مال سے

الْمَالَ حُبًّا جَمًّا ﴿٢٠﴾ؕ كَلَّآ اِذَا دُكَّتِ الْاَرْضُ

جی بھر کر پیار کرتے ہو ﴿٢٠﴾ ہرگز نہیں! جب زمین خوب کوٹ کوٹ کر

دَكًّا دَكًّا ﴿٢١﴾ۙ وَّجَآءَ رَبُّكَ وَالْمَلَكُ صَفًّا

ریزہ ریزہ کر دی جائے گی ﴿٢١﴾ اور آپ کا رب اور فرشتے صف

صَفًّا ﴿٢٢﴾ۚ وَجِایْٓءَ یَوْمَىِٕذٍۭ بِجَهَنَّمَ ۙ۬ ۵

در صف آئیں گے ﴿٢٢﴾ اور اُس دن جہنّم (سامنے) لائی جائے گی،

یَوْمَىِٕذٍ یَّتَذَكَّرُ الْاِنْسَانُ وَاَنّٰى لَهُ

اُس دن انسان (اپنے کرتوت) یاد کرے گا، اور یہ یاد کرنا اُس کے لیے

الذِّكْرٰى ﴿٢٣﴾ؕ یَقُوْلُ یٰلَیْتَنِیْ قَدَّمْتُ

کیونکر (مفید) ہوگا ﴿٢٣﴾ وہ کہے گا: کاش! میں نے اپنی اِس زندگی کے لیے

لِحَيَاتِيْ ﴿٢٤﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُعَذِّبُ عَذَابَهٗٓ

کچھ آگے بھیجا ہوتا ﴿٢٤﴾ چنانچہ اُس دن اُس جیسا عذاب دینے والا اور

اَحَدٌ ﴿٢٥﴾ وَّلَا يُوْثِقُ وَثَاقَهٗٓ اَحَدٌ ﴿٢٦﴾

کوئی نہ ہوگا ﴿٢٥﴾ اور اُس جیسا جکڑنے والا بھی اور کوئی نہیں ہوگا ﴿٢٦﴾

يٰٓاَيَّتُهَا النَّفْسُ الْمُطْمَئِنَّةُ ﴿٢٧﴾ ارْجِعِيْٓ

اے مطمئن روح! ﴿٢٧﴾ تو اپنے رب کی طرف چل اِس حال

اِلٰى رَبِّكِ رَاضِيَةً مَّرْضِيَّةً ﴿٢٨﴾ فَادْخُلِيْ

میں کہ تو اُس سے راضی، وہ تجھ سے راضی ﴿٢٨﴾ پھر تو میرے

فِيْ عِبٰدِيْ ﴿٢٩﴾ وَادْخُلِيْ جَنَّتِيْ ﴿٣٠﴾

بندوں میں داخل ہوجا ﴿٢٩﴾ اور میری جنّت میں داخل ہوجا ﴿٣٠﴾

(سورۂ بلد مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (٢٠) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (٣٥) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٩٠) نمبر پر ہے اور سورۂ قاف کے بعد نازل ہوئی ہے)

اِس میں (٨٢) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اِس میں (٣٢٠) حروف ہیں

لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ ﴿١﴾ وَاَنْتَ حِلٌّۢ

میں اِس شہر کی قسم کھاتا ہوں ﴿١﴾ اور آپ اُس شہر میں

بِهٰذَا الْبَلَدِ ۙ﴿۲﴾ وَوَالِدٍ وَّمَا وَلَدَ ۙ﴿۳﴾

مقیم ہیں ﴿۲﴾ اور (قسم ہے) انسانی باپ اور اولاد کی ﴿۳﴾

لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْ كَبَدٍ ؕ﴿۴﴾

یقیناً ہم نے انسان کو (بڑی) مشقّت میں پیدا کیا ہے ﴿۴﴾

اَیَحْسَبُ اَنْ لَّنْ یَّقْدِرَ عَلَیْهِ اَحَدٌ ۘ﴿۵﴾

وقف لازم

کیا وہ یہ سمجھتا ہے کہ اُس پر کسی کا بس نہیں چلے گا ؟ ﴿۵﴾

یَقُوْلُ اَهْلَكْتُ مَالًا لُّبَدًا ؕ﴿۶﴾ اَیَحْسَبُ

کہتا (پھرتا) ہے کہ میں نے تو بہت کچھ مال خرچ کر ڈالا ﴿۶﴾ کیا (یوں)

اَنْ لَّمْ یَرَهٗۤ اَحَدٌ ؕ﴿۷﴾ اَلَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ

سمجھتا ہے کہ کسی نے اُسے دیکھا (ہی) نہیں ﴿۷﴾ کیا ہم نے اُس کی دو آنکھیں

عَیْنَیْنِ ۙ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَیْنِ ۙ﴿۹﴾ وَهَدَیْنٰهُ

نہیں بنائیں ﴿۸﴾ اور ایک زبان اور دو ہونٹ نہیں دیے؟ ﴿۹﴾ اور ہم نے دکھا

النَّجْدَیْنِ ۚ﴿۱۰﴾ فَلَا اقْتَحَمَ الْعَقَبَةَ ۖ﴿۱۱﴾

دیے اُس کو دونوں راستے ﴿۱۰﴾ پھر اُس سے نہ ہوسکا کہ گھاٹی میں داخل ہوتا ﴿۱۱﴾

وَمَآ اَدْرٰىكَ مَا الْعَقَبَةُ ۖ﴿۱۲﴾ فَكُّ

اور آپ کو کیا پتہ کہ وہ گھاٹی کیا ہے ﴿۱۲﴾ کسی کی گردن

رَقَبَةٍ ۙ﴿۱۳﴾ اَوْ اِطْعٰمٌ فِيْ يَوْمٍ ذِيْ

(غلام، لونڈی) کو آزاد کرنا ﴿۱۳﴾ یا بھوک والے دن میں

مَسْغَبَةٍ ۙ﴿۱۴﴾ يَّتِيْمًا ذَا مَقْرَبَةٍ ۙ﴿۱۵﴾

کھانا کھلانا ﴿۱۴﴾ کسی یتیم رشتے دار کو ﴿۱۵﴾

اَوْ مِسْكِيْنًا ذَا مَتْرَبَةٍ ۖ﴿۱۶﴾ ثُمَّ

یا خاکسار مسکین کو ﴿۱۶﴾ پھر

كَانَ مِنَ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَوَاصَوْا

اُن لوگوں میں سے ہو جاتا جو ایمان لاتے ہیں اور ایک

بِالصَّبْرِ وَتَوَاصَوْا بِالْمَرْحَمَةِ ۖ﴿۱۷﴾

دوسرے کو صبر کی اور رحم کرنے کی وَصِیَّت کرتے ہیں ﴿۱۷﴾

اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۖ﴿۱۸﴾

یہی لوگ ہیں دائیں بازو والے (خوش بختی والے) ﴿۱۸﴾

وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْا بِاٰيٰتِنَا هُمْ اَصْحٰبُ

اور جن لوگوں نے ہماری آیتوں کے ساتھ کفر کیا یہ کم بختی والے

الْمَشْــَٔمَةِ ﴿١٩﴾ عَلَيْهِمْ نَارٌ مُّؤْصَدَةٌ ﴿٢٠﴾ ع

ہیں ﴿١٩﴾ اُن ہی پر آگ ہوگی جو چاروں طرف سے گھیری ہوئی ہوگی ﴿٢٠﴾

ع ٢٠ ١٥

(سورۂ شمس مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (١٥) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے
(٢٦) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٩١) نمبر پر ہے اور سورۂ قدر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اِس میں (٥٤) کلمات ہیں — بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ — اِس میں (٢٤٧) حروف ہیں

وَالشَّمْسِ وَضُحٰىهَا ﴿١﴾ وَالْقَمَرِ اِذَا

سورج کی قسم اور اُس کی روشنی کی ﴿١﴾ اور چاند کی جب

تَلٰىهَا ﴿٢﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا جَلّٰىهَا ﴿٣﴾

اُس کے پیچھے نکلے ﴿٢﴾ اور دن کی جب اُسے چمکا دے ﴿٣﴾

وَالَّيْلِ اِذَا يَغْشٰىهَا ﴿٤﴾ وَالسَّمَآءِ

اور رات کی جب اُسے چھپالے ﴿٤﴾ اور آسمان کی

وَمَا بَنٰىهَا ﴿٥﴾ وَالْاَرْضِ وَمَا

اور اُس ذات کی جس نے اُسے بنایا ﴿٥﴾ اور زمین کی اور جس نے اُسے

طَحٰىهَا ۝۶ وَنَفْسٍ وَّمَا سَوّٰىهَا ۝۷

پھیلایا (۶) اور انسان کی اور اُس کی جس نے اُس کے اعضاء کو برابر کیا (۷)

فَاَلْهَمَهَا فُجُوْرَهَا وَتَقْوٰىهَا ۝۸ قَدْ

پھر اُس کو بدکاری سے بچنے اور پرہیزگاری کرنے کی سمجھ دی (۸) کہ جس

اَفْلَحَ مَنْ زَكّٰىهَا ۝۹ وَقَدْ خَابَ

نے اپنے نفس یعنی روح کو پاک رکھا وہ مُراد کو پہونچا (۹) اور جس نے اُسے

مَنْ دَسّٰىهَا ۝۱۰ كَذَّبَتْ ثَمُوْدُ

خاک میں ملایا وہ خسارے میں رہا (۱۰) قومِ ثمود نے اپنی سرکشی کے سبب

بِطَغْوٰىهَآ ۝۱۱ اِذِ انْۢبَعَثَ اَشْقٰىهَا ۝۱۲

پیغمبر کو جھُٹلایا (۱۱) جب اُن میں سے ایک نہایت بدبخت اُٹھا (۱۲)

فَقَالَ لَهُمْ رَسُوْلُ اللّٰهِ نَاقَةَ اللّٰهِ

تو اللہ کے پیغمبر (صالح علیہ السلام) نے اُن سے کہا کہ اللہ کی اونٹنی اور اُس کے پانی

وَسُقْيٰهَا ۝۱۳ فَكَذَّبُوْهُ فَعَقَرُوْهَا ۵

پینے کی باری سے ڈرو (۱۳) مگر اُنہوں نے پیغمبر کو جھُٹلایا اور اونٹنی کے پیر کاٹ دیے

فَدَمۡدَمَ عَلَیۡهِمۡ رَبُّهُمۡ بِذَنۡۢبِهِمۡ

تو خدا نے اُن کے گناہ کے سبب اُن پر عذاب نازل کیا اور سب کو ہلاک کر کے

فَسَوّٰىهَا ﴿۱۴﴾ وَلَا یَخَافُ عُقۡبٰهَا ﴿۱۵﴾ ع ۱۵/۱۶

برابر کر دیا ﴿۱۴﴾ اور اُس کو اُن کے بدلہ لینے کا کچھ بھی ڈر نہیں ﴿۱۵﴾

(سورۂ لیل مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اِس میں (۲۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۹) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۲) نمبر پر ہے اور سورۂ اعلیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۷۱) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ | اس میں (۳۱۰) حروف ہیں

وَالَّیۡلِ اِذَا یَغۡشٰى ﴿۱﴾ وَالنَّهَارِ اِذَا

رات کی قسم جب وہ چھا جائے ﴿۱﴾ اور دن کی قسم

تَجَلّٰى ﴿۲﴾ وَمَا خَلَقَ الذَّكَرَ وَالۡاُنۡثٰۤى ﴿۳﴾

جب چمک اُٹھے ﴿۲﴾ اور جس نے نر اور مادہ کو پیدا کر دیا ﴿۳﴾

اِنَّ سَعۡیَكُمۡ لَشَتّٰى ﴿۴﴾ فَاَمَّا مَنۡ

بے شک تم سب کی کوشش الگ الگ قسم کی ہے ﴿۴﴾ پھر جس نے

اَعۡطٰى وَاتَّقٰى ﴿۵﴾ وَصَدَّقَ بِالۡحُسۡنٰى ﴿۶﴾

اللہ کے لیے دیا اور بچ کر چلا ﴿۵﴾ اور بھلی بات کو سچ مانا ﴿۶﴾

فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْيُسْرٰىؕ ۝۷ وَاَمَّا

پھر تو ہم اُس کو سہولت اور آسانی کر دیں گے ۝۷ اور جس نے

مَنْۢ بَخِلَ وَاسْتَغْنٰىۙ ۝۸ وَكَذَّبَ

بخیلی کی اور لاپرواہی کی ۝۸ اور نیک بات کو

بِالْحُسْنٰىۙ ۝۹ فَسَنُيَسِّرُهٗ لِلْعُسْرٰىؕ ۝۱۰

جھٹلاتا رہا ۝۹ پھر تو ہم اُس کو دھیرے سے تنگی میں دھکیل دیں گے ۝۱۰

وَمَا يُغْنِىْ عَنْهُ مَالُهٗۤ اِذَا تَرَدّٰىؕ ۝۱۱

اور جب وہ تباہی کے گڑھے میں گرے گا تو اُس کا مال اُس کے کچھ کام نہ آئے گا ۝۱۱

اِنَّ عَلَيْنَا لَلْهُدٰىؗ ۝۱۲ وَاِنَّ لَنَا لَلْاٰخِرَةَ

بے شک ہدایت کی راہ بتا دینا ہمارے ذمے رہا ۝۱۲ اور آخرت بھی ہماری اور

وَالْاُوْلٰى ۝۱۳ فَاَنْذَرْتُكُمْ نَارًا تَلَظّٰىۚ ۝۱۴

دنیا بھی ہماری ہے ۝۱۳ پھر میں نے تمہیں بھڑکتی ہوئی آگ سے ڈرایا ۝۱۴

لَا يَصْلٰىهَاۤ اِلَّا الْاَشْقَىۙ ۝۱۵ الَّذِىْ كَذَّبَ

بڑا بدبخت ہوگا جو اُس میں جا پڑے گا ۝۱۵ جس نے سچی بات کو جھٹلایا اور حق سے

وَتَوَلّٰى ؕ ﴿۱۶﴾ وَسَيُجَنَّبُهَا الْاَتْقَى ۙ ﴿۱۷﴾

منہ پھیرا ﴿۱۶﴾ اور جو اللہ سے بہت ڈرنے والا ہوگا وہ اُس آگ سے بچالیا جائے گا ﴿۱۷﴾

الَّذِىْ يُؤْتِىْ مَالَهٗ يَتَزَكّٰى ۚ ﴿۱۸﴾ وَمَا لِاَحَدٍ

وہ اپنا مال اللہ کی راہ میں دیتا ہے؛ تاکہ گناہوں سے پاک ہوجائے ﴿۱۸﴾ حالانکہ اُس پر

عِنْدَهٗ مِنْ نِّعْمَةٍ تُجْزٰٓى ۙ ﴿۱۹﴾ اِلَّا ابْتِغَآءَ

کسی کا کوئی احسان نہیں تھا جس کا بدلہ دیا جاتا ﴿۱۹﴾ مگر اپنے بلند اور اعلیٰ رب کی رضامندی

وَجْهِ رَبِّهِ الْاَعْلٰى ۚ ﴿۲۰﴾ وَلَسَوْفَ يَرْضٰى ع ﴿۲۱﴾ ع ۲۱ ۱۷

چاہنے کے لیے ہی دیتا ہے ﴿۲۰﴾ یقین رکھو! ایسا شخص عنقریب خوش ہوجائے گا ﴿۲۱﴾

(سورۂ ضحیٰ مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۱۱) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (۱۱) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۳) نمبر پر ہے اور سورۂ فجر کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۴۰) کلمات ہیں | بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ | اس میں (۱۷۲) حروف ہیں

وَالضُّحٰى ۙ ﴿۱﴾ وَالَّيْلِ اِذَا سَجٰى ۙ ﴿۲﴾

قسم ہے روزِ روشن کی ﴿۱﴾ اور رات کی جب وہ چھا جائے ﴿۲﴾

مَا وَدَّعَكَ رَبُّكَ وَمَا قَلٰى ؕ ﴿۳﴾ وَلَلْاٰخِرَةُ

آپ کے رب نے آپ کو نہ چھوڑا اور نہ وہ بیزار رہا ﴿۳﴾ اور یقیناً

خَيْرٌ لَّكَ مِنَ الْاُوْلٰى ۝۴ وَلَسَوْفَ
آخرت آپ کے لیے دنیا سے بہتر ہے ۝۴ اور جلد ہی

يُعْطِيْكَ رَبُّكَ فَتَرْضٰى ۝۵ اَلَمْ يَجِدْكَ
اللہ آپ کو دے گا پھر آپ راضی ہو جاؤ گے ۝۵ کیا اللہ نے آپ

يَتِيْمًا فَاٰوٰى ۝۶ وَوَجَدَكَ ضَآلًّا
کو یتیم نہیں پایا پھر ٹھکانہ دیا ۝۶ اور آپ کو بے خبر پایا پھر اُس

فَهَدٰى ۝۷ وَوَجَدَكَ عَآئِلًا فَاَغْنٰى ۝۸
نے راہ دکھائی ۝۷ اور آپ کو مُفلِس پایا پھر آپ کو غنی کر دیا ۝۸

فَاَمَّا الْيَتِيْمَ فَلَا تَقْهَرْ ۝۹ وَاَمَّا
اِس لیے آپ کسی یتیم پر سختی نہ کیجیے ۝۹ اور کسی

السَّآئِلَ فَلَا تَنْهَرْ ۝۱۰ وَاَمَّا بِنِعْمَةِ
سوال کرنے والے کو نہ جھڑکیے ۝۱۰ اور البتہ اپنے رب کی

رَبِّكَ فَحَدِّثْ ۝۱۱ ع
نعمت بیان کیجیے ۝۱۱

ع ۱۱ ۱۸

(سورۃ الشرح مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (۸) آیتیں اور (۱) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے
(۱۲) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (۹۴) نمبر پر ہے اور سورۃ ضحیٰ کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (۲۷) کلمات ہیں	بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ	اس میں (۱۰۳) حروف ہیں

اَلَمۡ نَشۡرَحۡ لَكَ صَدۡرَكَ ۙ﴿۱﴾ وَوَضَعۡنَا

(اے پیارے نبی) کیا ہم نے آپ کا سینہ کشادہ نہیں کیا؟ ﴿۱﴾ اور ہم نے

عَنۡكَ وِزۡرَكَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِیۡۤ اَنۡقَضَ

آپ پر سے بوجھ بھی اُتار دیا ﴿۲﴾ جس نے آپ کی کمر کو

ظَهۡرَكَ ۙ﴿۳﴾ وَرَفَعۡنَا لَكَ ذِكۡرَكَ ؕ﴿۴﴾

توڑ رکھا تھا ﴿۳﴾ اور ہم نے آپ کا ذِکر بلند کیا ﴿۴﴾

فَاِنَّ مَعَ الۡعُسۡرِ يُسۡرًا ۙ﴿۵﴾ اِنَّ مَعَ

بلاشبہ ہر مشکل کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے ﴿۵﴾ اور بے شک ہر مشکل

الۡعُسۡرِ يُسۡرًا ؕ﴿۶﴾ فَاِذَا فَرَغۡتَ

کے ساتھ آسانی بھی ہوتی ہے ﴿۶﴾ تو جب فارغ ہو جایا کرو تو (عبادت

فَانۡصَبۡ ۙ﴿۷﴾ وَاِلٰى رَبِّكَ فَارۡغَبۡ ﴿۸﴾ ع ع ۸ ۱۹

میں) محنت کیا کرو ﴿۷﴾ اور اپنے پروردگار کی طرف متوجہ ہو جایا کرو ﴿۸﴾

(سورۂ تین مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، اس میں (٨) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (٢٨) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٩٥) نمبر پر ہے اور سورۂ بروج کے بعد نازل ہوئی ہے)

اس میں (٣٤) کلمات ہیں | بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ | اس میں (١٠٥) حروف ہیں

وَالتِّيۡنِ وَالزَّيۡتُوۡنِ ۙ‏ ﴿۱﴾ وَطُوۡرِ سِيۡنِيۡنَ ۙ‏ ﴿۲﴾

قسم ہے انجیر کی اور زیتون کی ﴿١﴾ اور طورِ سینین کی ﴿٢﴾

وَهٰذَا الۡبَلَدِ الۡاَمِيۡنِ ۙ‏ ﴿۳﴾ لَقَدۡ خَلَقۡنَا

اور اِس امن والے شہر کی ﴿٣﴾ یقیناً ہم نے

الۡاِنۡسَانَ فِىۡۤ اَحۡسَنِ تَقۡوِيۡمٍ ۡ‏ ﴿۴﴾ ثُمَّ

انسان کو بہترین صورت میں پیدا کیا ﴿٤﴾ پھر

رَدَدۡنٰهُ اَسۡفَلَ سٰفِلِيۡنَ ۙ‏ ﴿۵﴾ اِلَّا الَّذِيۡنَ

اُسے نیچوں سے نیچا کردیا ﴿٥﴾ لیکن جو لوگ

اٰمَنُوۡا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ فَلَهُمۡ اَجۡرٌ غَيۡرُ

ایمان لائے اور (پھر) نیک عمل کیے تو اُن کے لیے ایسا اجر ہے جو کبھی

مَمۡنُوۡنٍ ؕ‏ ﴿۶﴾ فَمَا يُكَذِّبُكَ بَعۡدُ بِالدِّيۡنِ ؕ‏ ﴿۷﴾

ختم نہ ہوگا ﴿٦﴾ پس تجھے اب روزِ جزا کے جُھٹلانے پر کون سی چیز آمادہ کرتی ہے ﴿٧﴾

اَلَيْسَ اللّٰهُ بِاَحْكَمِ الْحٰكِمِيْنَ ع ﴿٨﴾ ع ٨ ٢٠

کیا اللہ (سب) حاکموں کا حاکم نہیں ہے؟ ﴿٨﴾

سورۂ علق مکہ مکرمہ میں نازل ہوئی، یہ سورۃ مکہ مکرمہ میں باعتبارِ نزولِ قرآن کے پہلی سورۃ ہے، اِس میں (١٩) آیتیں اور (١) رکوع ہے، نازل ہونے کے اعتبار سے (١) نمبر پر ہے لیکن تلاوت کے اعتبار سے (٩٦) نمبر پر ہے)

اس میں (٩٢) کلمات ہیں	بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ	اس میں (٢٨٠) حروف ہیں

اِقْرَاْ بِاسْمِ رَبِّكَ الَّذِیْ خَلَقَ ج ﴿١﴾

اپنے رب کے نام سے پڑھیے جس نے پیدا کیا ﴿١﴾

خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ عَلَقٍ ج ﴿٢﴾ اِقْرَاْ

اُس نے انسان کو جمے ہوئے خون سے پیدا کیا ﴿٢﴾ پڑھیے

وَرَبُّكَ الْاَكْرَمُ لا ﴿٣﴾ الَّذِیْ عَلَّمَ بِالْقَلَمِ لا ﴿٤﴾

اور آپ کا رب بڑا کریم ہے ﴿٣﴾ وہ ذات جس نے قلم کے ذریعے سے علم سکھایا ﴿٤﴾

عَلَّمَ الْاِنْسَانَ مَا لَمْ يَعْلَمْ ط ﴿٥﴾

اُس نے انسان کو وہ علم سکھایا جو وہ نہیں جانتا تھا ﴿٥﴾

كَلَّآ اِنَّ الْاِنْسَانَ لَيَطْغٰٓی لا ﴿٦﴾ اَنْ

سچ مچ انسان تو یقیناً آپے سے باہر ہو جاتا ہے ﴿٦﴾ اِس بنا پر کہ وہ

رَّاٰهُ اسْتَغْنٰى ۝۷ؕ اِنَّ اِلٰى رَبِّكَ
خود کو بے پروا سمجھتا ہے ۝۷ بے شک آپ کے رب ہی کی طرف

الرُّجْعٰى ۝۸ؕ اَرَءَيْتَ الَّذِىْ يَنْهٰى ۝۹ۙ
واپسی ہے ۝۸ کیا آپ نے اُسے دیکھا جو منع کرتا ہے ۝۹

عَبْدًا اِذَا صَلّٰى ۝۱۰ؕ اَرَءَيْتَ اِنْ كَانَ
ایک بندے کو جب وہ نماز پڑھتا ہے ۝۱۰ بھلا دیکھ تو اگر

عَلَى الْهُدٰۤى ۝۱۱ۙ اَوْ اَمَرَ بِالتَّقْوٰى ۝۱۲ؕ
وہ (بندہ) ہدایت پر ہو ۝۱۱ یا تقوے کا حکم دیتا ہو ۝۱۲

اَرَءَيْتَ اِنْ كَذَّبَ وَتَوَلّٰى ۝۱۳ؕ اَلَمْ يَعْلَمْ
